UNIVERSAL
LIBRARY
OU_224727
UNIVERSAL
LIBRARY

زیر سرپرستی عالیجناب نواب مسعود جنگ بہادر

انجمن اساتذہ حیدرآباد دکن کا

سلسلۂ رسائل

حیدرآباد پیپر

مرتبہ

سید ندیم الحسن رضوی بی اے

دفتر انجمن اساتذہ بلدہ واقع صدر مہتمی تعلیمات سے شایع ہوا

مطبوعہ دائرۃ المطبع سرکار عالی

اعتذار

عین وقت پر ایک ناگہانی دشواری اور مجبوری
کی وجہ سے اشاعت ہذا میں بعض اہم مضامین غور و
تصحیح طلب رہ گئے، اس قسم کے تلخ واقعات موقت الشیوع
رسائل کو عموماً پیش آیا کرتے ہیں جو ہر طرح قابل نظر اندازی ہیں

مدیر

شبیه اقدس واعلیٰ حضور سلطان العلوم خلداللہ ملکہ وسلطنتہ

سال و فال و مال و حال و اصل و نسل و بخت و تخت:

بادت اندر هر دو گیتی بر قرار و بر دوام



سال خرم، فال نیکو، مال وافر، حال خوش،
اصل ثابت، نسل باقی، تخت عالی، بخت رام
آمین یا الٰہ العالمین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

خسروی

در مدح خلد اللہ ملکہ و سلطنتہ

عثمان علی بفرشہی بے ہمال باد
روشن بہ رائے ثاقب او ہر کمال باد

سرمست بادۂ طرب اعوان او مدام
بدخواہ ملک روسیہ و پائمال باد

آنانکہ زو عوائد آمال یافتند
انجام کار جملہ بحسن و مآل باد

لب تشنگان بزم امل را بہ دور او
سیرابیٔ تمام ز جام زلال باد

سرسبز باد ملک بہ یمن حمایتش
وز ہمتش عروس جہان را جمال باد

پیشینیان او ہمہ ممتاز بودہ اند
فرزند حسن شاہ فزون از خیال باد

دادار دارد ش صد و سی سال برقرار
وز دست او تقاطر ابر نوال باد

تا تیغ خاکسار چہ آرد بجز دعا
یارب جہان نثار شہ خوش خصال باد

ندیم الحسن تاثیر

عطیہ

(نواب مسعود جنگ بہادر بی۔ اے (آکسن) بیرسٹرایٹ لا ناظم تعلیمات ممالک محروسہ سرکار عالی)

بہترین طریقہ کسی قوم کے درجۂ فضل و کمال کی تحقیق کا یہ ہے کہ اُس نے اپنے بے کس و بے بس افراد یعنی لڑکوں، عورتوں اور معذوروں کی بہتری کے واسطے جو کچھ کیا ہے اسے معلوم کر لیا جائے لیکن اگر ہندوستان پر ہم اس اُصول کا اطلاق کریں تو مجھے اندیشہ ہے کہ دنیا کے فاضل اقوام میں جو درجہ ہمارا قرار پائیگا وہ کچھ زیادہ وقیع نہ ہوگا!

میں تو اس طبقے سے ہوں جسکا ایقان ہے کہ آج ہندوستان میں کوئی شخص اُن افراد سے بڑھ کر ملک کو نفع نہیں پہنچا رہا ہے جنہوں نے معلمی کے شریف پیشہ کو اپنا شعار بنایا ہے اسلئے کہ نوخیز نسلوں کی سیرت کے ڈھالنے کا اہم کام سوسائٹی کیطرف سے اگر کسی کو تفویض کیا گیا ہے تو وہ اساتذہ ہی ہیں چنانچہ فی الحقیقت دنیا کے دیگر ممالک کیطرح ہمارے ملک میں بھی طبقۂ اساتذہ پر من حیث الجماعت ایک بڑی زبردست ذمہ داری عائد ہوتی ہے! دیکھنا یہ ہے کہ کیونکر یہ حضرات اس ذمہ داری سے کمال و عزت کیساتھ عہدہ برآ ہو سکتے ہیں۔

کئی برس کا تذکرہ ہے کہ میں ایک مدرسہ کا صدر تھا اور روزانہ طلبہ سے سابقہ رہا کرتا تھا، اس زمانہ میں بطور ایک ذاتی تجربہ کے مجھے اس حقیقت کا اعتراف کرنا پڑا کہ جس امر پر میں خود پوری پوری دسترس نہیں رکھتا اسے طلبہ تک پہونچانا میرے امکان سے خارج ہے؛ یہ حقیقت، جسمانی اور روحانی دونوں امور پر یکساں صادق آتی ہے، مجھ پر منکشف ہوا کہ اگر طلبہ کو قوی کرنا مقصود ہے تو پہلے میرا قوی ہونا پُر ضرور ہے اور اگر میں چاہتا ہوں کہ اُن میں حب وطن پیدا ہو تو میرا محبّ وطن ہونا لازمی ہے۔

یوں مجھے اس نہایت ہی اہم عمل کا وقوف ہوا جو معلمین کی شخصی سیرت اور جذبات سے اُن ہستیوں پر مترتّب ہوتا ہے، جو طلبہ کی حیثیت سے اُنسے متعلق رہتی ہیں۔

پس اولین فرض ایک معلم کا جو اپنی خدمت کمال کے ساتھ انجام دینا چاہتا ہے اس کی تحقیق کرنا ہے کہ جن نقائص کو وہ طلبہ کی سیرت سے رفع کرنے کی کوشش کرتا ہے، آیا خود اپنے وجود سے انکو مرتفع کرنے میں وہ کامیاب ہوا ہے؟ تاوقتیکہ یہ نہ ہو، وہ بندشیں جو معلم کو متعلمین سے مربوط رکھتی ہیں بالکل قدر ڈھیلی اور فضول رہیں گی، جسقدر ہمارے ملک کے اکثر مدارس میں مجھے اندیشہ ہے کہ اسوقت موجود ہیں۔

زمانۂ قدیم میں جبکہ "چیلا" اپنے "گرو" کے گھر کے ایک فرد کی حیثیت سے رہتا تھا معلم کو بہ نسبت آجکل کے بہت زیادہ فرصت ملتی تھی کہ وہ طلبہ کو صرف ادبی تعلیم ہی نہیں

بلکہ ان کی سیرت کے ڈہالنے کا ناگزیر کام بھی انجام دے لیکن نئی زمانا گو معلم کو وقت تو قلیل ملتا ہے مگر اس کے مفوضہ فرض کی اہمیت علی حالہ ہے؛ اس صورت میں اس کے لئے چارۂ کار کیا ہے؟ میں اسکا یہ جواب دونگا کہ اسکو چاہئے کہ جن اوصاف وجذبات کی بالیدگی وہ اپنے طلبہ میں چاہتا ہے ان کو اولاً اپنے اندر اس شکل میں نشو ونمو دے کہ مقابلتاً وہ قدیم "گرو" کے اوصاف سے قوی تر ہوں یا چاہئے کہ عقیدہ کی طاقت، جس پر کل علم قائم کی بنیاد ہے اور خلوص کی قوت جو انسانی تعلقات سے کذب وریا کو قطعی فنا کر دیتی ہے اس کے لئے بدرقہ عمل ہوں یہی امور ہیں جنمیں ہمارے اساتذہ کو اُن متعدد مسائل کا حل ملیگا جن سے وہ آج دوچار ہیں۔

دی حیدرآباد ٹیچر

(از جناب مولوی سید علی اکبر صاحب۔ صدر مہتمم تعلیمات بلدہ وضلع اطراف بلدہ)

انجمن اساتذہ بلدہ کو قائم ہو کر سوا سال سے زیادہ عرصہ ہوتا ہے۔ اس کے قیام کی غرض و غایت یہ تھی کہ بلدہ کے مختلف مدارس کے اساتذہ میں اتحاد عمل پیدا کیا جائے اور تعلیمی امور میں ان کو تبادلۂ خیالات اور ایک دوسرے کے تجربوں سے فائدہ اٹھانے کا موقع ملے۔ انجمن سے جو توقعات وابستہ کیگئی تھیں وہ بتدریج پوری ہوتی جارہی ہیں

اصول نیز فن تعلیم سے واقفیت مدرس کیلئے ایک اساسی ضرورت ہے لیکن ہمارے ہاں کے مدارس میں ٹرینڈ اساتذہ کے مقابلہ میں غیر ٹرینڈ اساتذہ کی تعداد بہت زیادہ ہے، انجمن اساتذہ کے ذریعہ سے نہ صرف غیر ٹرینڈ مدرسین کو ان کے پیشہ کے متعلق مفید معلومات حاصل ہوتی ہیں بلکہ ٹرینڈ مدرسین کو بھی اپنی معلومات تازہ رکھنے کا موقع ملتا ہے اور اسطرح سے مدارس میں طرز تعلیم کی اصلاح میں بہت بڑی مدد ملتی ہے مزید براں اساتذہ میں اتفاق پیدا کرکے انجمن انکی قوت، پوزیشن اور اثر کو ترقی دینے کا ایک زبردست آلہ بن سکتی ہے۔

اسوقت تک انجمن کا کام نہایت خاموشی سے ہوتا رہا حتیٰ کہ انجمن کی شاخوں میں کسی شاخ کو یہہ معلوم کرنے کا کوئی ذریعہ نہ تھا کہ دوسری شاخوں میں کیا کام ہو رہا ہے اس لئے ہر شاخ کی کارروائیوں سے جملہ اراکین و دیگر اشخاص کو جو تعلیمی امور سے دلچسپی رکھتے ہیں باخبر رکھنے اور ملک کی مختلف مفید تعلیمی تحریکوں کو باہم مربوط کرنے کیلئے یہ رسالہ جاری کیا گیا ہے ہمکو پوری امید ہے کہ اس رسالہ کے اجرا کے بعد انجمن کا دائرہ اثر پہلے سے زیادہ وسیع اور مفید ہو جائیگا۔

تعلیمی دیانت

از سید ندیم الحسن رضوی۔ بی۔ اے۔ (عثمانی)

ایک صحیح اور باقاعدہ معلمانہ کریکٹر میں جو شے سب سے زیادہ اہم ہوتی ہے وہ "دیانت" ہے جس میں صداقت، خلوص، فرض شناسی اور ایثار نفس کی عمدہ صفات شامل ہیں، وہ ہستی جو کافی طور پر معلمانہ دیانت کا احساس نہیں کرتی یا اسکو پورے طور پر عمل میں نہیں لاتی کبھی معلمی کے عظیم اور مہتم بالشان فرائض کا بار نہیں اٹھا سکتی ہر چند معاملات کے اعتبار سے ہر فرد انسانی دیانت پر عامل ہونے کا ادعا رکھتا ہے لیکن معلمانہ حیثیت سے یہ صفت نہایت قیمتی اور بیش بہا ہوتی ہے، حتیٰ کہ آجکل بھی جبکہ فن معلمی نے اپنے قدیم روایات اور امتیاز کو تلف کر دیا ہے، جہاں کہیں بھی یہ صفت کسی صورت اور کسی مقدار میں جلوہ نما ہے، وہاں تعلیم نے اپنے حقیقی مقصد کو حاصل کر لیا ہے۔

فن معلمی کو جو تعلق دیانت کے ساتھ ہے اسکی تفصیل سے پیشتر دیانت کے مفہوم کا واضح کرنا ضروری معلوم ہوتا ہے۔ تدین کا بہترین پہلو یہ ہے کہ معلم اپنے فرائض کو بہ احسن وجوہ انجام دے اور محض درس و تدریس ہی نہیں بلکہ اپنے ہر فعل کو

دیانت کے لحاظ سے دوسروں کیلئے ایک کامل نمونہ بنانے کی کوشش کرتے تاکہ اور لوگ
اسکی پیروی کا شوق ہو معلمانہ فرائض کی کماحقہ انجام دہی کیلئے دیانت کی جسقدر ضرورت
ہے وہ محتاج بیان نہیں۔ کیونکہ گروہ اساتذہ پر ایک پوری قوم۔ نسل اور عہد
کی کامل تربیت اور درستی کی ذمہ داری ہوتی ہے جسکا اسکو خاص لحاظ رکھنا پڑتا ہے

تعلیم کا مقصد یہ ہے کہ طلبہ قابل لائق، نیک رویہ اور تندرست و توانا بنیں،
بڑے ہوکر عملی دنیا میں ثابت قدم ہوں اور قومی و ملکی افراد بن سکیں مگر اکثر دیکھا جاتا ہے کہ
محض کامیابی امتحان کو تعلیم کی غایت سمجھ لیا گیا ہے اور طلبہ کے دماغ اور اخلاق
کو ایسی تربیت نہیں دیجاتی کہ وہ آئندہ چلکر دنیاوی جد وجہد میں کامیابی حاصل کرین
اور قوم و ملک کے کام آئین، اس نقص کا سب سے بڑا سبب "معلمانہ کیریکٹر" کی کمی
موجودگی ہے جس کا اثر راست متعلمین کے کیریکٹر پر پڑتا ہے! اور ان دونوں کیریکٹروں کا
مشترکہ نقص تعلیم کے مقاصد حاصل نہیں ہونے دیتا، کیا یہ واقعہ نہیں ہے کہ ہمارے معلمین
متعلمین کے اخلاق کو نہ صرف انسانی بلکہ قومی حیثیت سے اعلیٰ اور پختہ بنانے کی
طرف کماحقہ توجہ نہیں فرماتے حالانکہ یہ اکتساب سے ضروری اور اہم فرض ہے۔
ان کے متعلمین کے سامنے بجز ڈگری یا طلب ملازمت کے کوئی دوسری غایت
تعلیم پانے کی نہیں ہوتی، تعلیم کی غایت اس سے کہیں بلند ہے اور ہمارا فرض ہے کہ
تعلیم کی حقیقی غایت اور آئیڈیل کو ہر وقت طلبہ کے پیش نظر رکھیں اور محض مقررہ
نصاب کے پڑھا دینے پر اکتفا نہ کرین بلکہ ہر ممکنہ طریقہ سے ان کی عام معلومات

میں وسعت پیدا کرنے کی کوشش کریں اور اطوار اور صحت کی درستی کا خیال رکھیں۔

متعدد امور ایسے ہیں جن کو ایک معلم جماعت کے اندر ہی انجام دے سکتا ہے مثلاً وقت کی پابندی، سبق کی طرف توجہ، آداب درجہ کا لحاظ، جماعت کی حاضری، مگر جماعت کے باہر بھی نہایت اہم فرائض اس کے ذمہ باقی رہ جاتے ہیں جن کی نسبت قانوناً دریافتاً تو غالباً کوئی گرفت نہیں کیجا سکتی مگر اخلاقاً اور مذہباً ان فرائض کا انجام نہ دینا درحقیقت تعلیم کے جملہ مقاصد کو فوت کر دیتا ہے، طلبہ کی اخلاقی حالت کا معائنہ، ان کی عام معاشرت کا لحاظ، ان کے خیالات و رجحانات کو ایک صحیح راستے پر لگا دینا، ان کے رویہ کے متعلق تحقیقات اور اسی قسم کے دیگر امور ایسے ہیں جن کا سرانجام بخوبی کسی طرح جماعت کے اندر نہیں ہو سکتا

ہندوستان کی قدیم معلمانہ شخصیت نہایت متدین اور صفات مذکورہ کی جامع ہوتی تھی وہ لوگ فن معلمی اور تحصیل علم کو نہایت مقدس و محترم خیال کرتے تھے اور اس کو ذریعۂ تجارت یا ذریعۂ آمدنی بنانے کا خیال بھی ان کو نہیں پیدا ہوتا تھا، وہ مجسم عمل صالح ہوتے تھے اور حاضر و غائب اپنی معلمانہ سیرت کو نہایت سختی کے ساتھ ملحوظ رکھتے تھے طلبہ میں بہترین انسانی اور قومی خصائل پیدا کر دینا اپنی زندگی کا مقصد خیال کرتے تھے اپنے متعلمین میں خفیف سا بھی اخلاقی عیب پایا جانا ان کو زندگی سے بیزار کر دیتا تھا، خلاصہ یہ ہے کہ معلمانہ حیثیت سے دیانت پر پورا پورا عمل کرتے تھے اور طلبہ پر بھی فطرتاً اسکا اثر نہایت ہی عمدہ پڑتا تھا، اور اگرچہ اس زمانہ میں مدرسین کی تربیت

(ٹریننگ) کا کوئی مخصوص انتظام نہ تھا تاہم وہ اپنی دلچسپی اور ہمدردی اور تعلیمی تدبر کی وجہ سے بہ نسبت آجکل کے مدرسین کے عموماً بہتر نتائج پیدا کرتے تھے۔

بہرکیف معلمانہ دیانت کا تقاضہ ہے کہ ہم نہایت خلوص، صدق، جوش اور ایثار و بے نفسی کے ساتھ اپنے فرائض کو ہاتھ میں لیں، ہمارے پیش نظر بجز اس کے اور کوئی مقصد نہ ہو کہ متعلمین کے مطمح نظر کو بلند اور ان کی سیرت کو نہایت اعلیٰ بنادیں، ہماری ہر حرکت اور عمل اسی کے حصول کی طرف ایک اور قدم ہو طلبہ کی دماغی نشوونما و ترقی کو اپنی محنت کا بہترین ثمر سمجھیں اور ان کے سنوارنے میں اپنی ہستی کو اسقدر محو کردیں کہ جبتک مقصد تعلیم پورا پورا نہ حاصل ہو جائے اپنے کو ادائیگی فرائض سے قاصر سمجھتے رہیں۔

معلمانہ ضمیر کا اقتضا یہ ہے کہ ہم تدریس سے پہلے اسباق کی طیاری نہایت مکمل کرلیں اور بہ وقت تعلیم ہمہ تن دلچسپی کے ساتھ تعلیم دیں جس کے بغیر طلبہ پر وہ اثر ہرگز نہیں پڑ سکتا جو غایت درس ہے۔ نیز طلبہ کی معلومات میں غیر معمولی اضافہ کیا جائے، متعدد دیگر تحریکات مثلاً فن تقریر یا اجتماعی طور پر طلبہ میں کسی کام کے متعلق سرگرمی پیدا کرنے کی بنیاد رکھی جائے ان کے والدین سے اس غرض کے مدنظر ربط ضبط بڑھایا جائے کہ ان کی صحت، رویہ اور عام اخلاقی حالت اور صحبت کے متعلق مفصل معلومات حاصل ہو تاکہ ان کی نسبت ایک صحیح رائے قائم کرنے کا موقع ملے علاوہ بریں والدین کو بھی ان کی بہبودی کے لئے حسب ضرورت مسلسل

توجہ دلائی جائے جس کے بغیر تعلیم کا تکملہ نہیں ہو سکتا۔ یہ خیال کہ ہمارا فرض اسکول کی پابندئ قواعد کے ساتھ ہی ختم ہو جاتا ہے قابل ترمیم ہے۔ تا وقتیکہ طلبہ کی بہبودی کی غرض سے ان کے سرپرستوں کے ساتھ اتحاد عمل نہ کیا جائے گا اور تا وقتیکہ تعلیم و تدریس کو منشائے ملازمت سمجھنے کے بجائے منشائے زندگی نہ قرار دیا جائے گا ہمارے ملک کی حالت تعلیم کے لحاظ سے کوئی عمدہ نتیجہ نہیں پیدا کر سکتی۔

حقیقی معنوں میں معلم بننے کے لئے بہت ضروری ہے کہ طلبہ کے ساتھ کھیلوں اور پلے گرونڈ پر مساویانہ شریک رہ کر ان کی سوسائٹی کا آزاد اور بے تکلف پہلو دیکھنے کی کوشش کیجائے تاکہ ان کے عام رجحانات اور کمزوریوں کا پتہ لگ سکے جس سے انکی ہر قسم کی اصلاح ممکن ہو، طلبہ کے ہر قول اور فعل پر نہایت سختی کے ساتھ ایک مخصوص معیار کے مطابق تنقید کیجائے، مذہبی پابندی میں کسی قسم کا تساہل جائز نہ رکھا جائے اور ادنیٰ سی اخلاقی کمزوری کا بھی پورا پورا تدارک کیا جائے اس کے علاوہ غیر مستطیع اور آوارہ بچوں کی تعلیم کا بندوبست نہایت ضروری سمجھا جائے۔

تعلیمی دیانت کو پورے طور پر ملحوظ رکھنے کے بعد ہی ہم علانیہ اس کا احساس کرینگے کہ ایک معلم کسقدر عظیم الشان شخصیت، کیسی اہم طاقت اور کتنا زبردست اثر رکھتا ہے! اس کا ادنیٰ نتیجہ یہ ہوگا کہ جتنی تحریکیں طلبہ کی بھلائی کے لئے اسوقت منتشر طور پر جاری ہیں مثلاً بوائے اسکاوٹ، ورزش جسمانی، قومی تعلیم وغیرہ وہ سب بہ یک وقت ایک ہی عمل کا نتیجہ قرار پاکر باہم مربوط ہو جائینگی اور پیشۂ معلمی کو وہی وقار اور

تقدس حاصل ہو جائے گا جو علم و فضل کے اعتبار سے اس پیشہ کے روایات کا رکن رکین رہا ہے اور جو مختلف وجوہ کی بنا پر ہم میں سے بتدریج اسطرح زائل ہو گیا تھا کہ نہ ہم کو احساس رہا تھا کہ ہمارے پیشہ کی روح نکل چکی ہے اور نہ عزت و وقار کو اسکی اطلاع تھی کہ پیشہ علمی میری شرکت کے بغیر قالب بے روح ہے ۔

مخاطبات

مولوی سید محمد مرتضیٰ صاحب مرحوم کا سانحۂ وفات ملک کا بہت بڑا علمی حادثہ ہے جو پچھلے دنوں واقع ہوا ۔ اس زمانۂ قحط الرجال میں مرحوم کی ہستی ملک کی تعلیمی تحریکوں کی سرسبزی کے لئے بڑا مغتنم تھی اور ہم کو اُس ذات سے بڑی بڑی امیدیں تھیں جس کو موت نے یکایک ہم سے جدا کر لیا اس غم والم میں اگر کوئی صدائے تسلی سنائی دیتی ہے تو وہ، وہ پیغامات اور مجالس تعزیت ہیں جو ملک کے اطراف و جوانب سے مرحوم کے متعلق شایع ہوئے جن سے ایک طرف اگر عام بیداری و احساس کا پتہ چلتا ہے تو دوسری طرف ملک میں اکابر کی قدر شناسی کا بھی کافی ثبوت ملتا ہے !

انجمن اساتذہ کی ملحقہ شاخوں کو آیندہ سے جلسوں اور تقریروں کی سہ ماہی رپورٹ جنرل سکرٹری کے پاس روانہ کرنی چاہیئے تاکہ رسالہ ہذا کی سہ ماہی اشاعت میں ان کے متعلق اذراجات ہوسکیں۔ رپورٹیں اختصار کے ساتھ لکھی جائیں اور ان کے ساتھ ایسی تقاریر بھی منسلک کیجائیں جو معتمد صاحب شاخ متعلقہ کی رائے میں قابل اشاعت ہوں۔ نیز ہر مبحث کے متعلق اراکین جلسہ عام طور سے جس نتیجہ پر پہنچیں اس کا اور نمونہ کے اسباق کا ذکر بھی ضرور کیا جائے۔

گذشتہ حیدرآباد ایجوکیشنل کانفرنس کے اجلاس سالانہ کے موقع پر نواب مرزا یار جنگ بہادر میر مجلس کا خطبۂ صدارت کئی پہلوؤں سے نہایت اہم ہے جس میں متعدد تعلیمی مسائل پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ سب سے پہلے تعلیمی پالیسی کی بنیاد تین باتوں پر رکھی گئی ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ تعلیم ایسی دی جانی چاہیئے جس سے کسب معیشت میں سہولت ہو، موجودہ معیار سے بلند تر معیار قایم ہوجائے اور ہم کو اپنے ہمسایوں کے ساتھ امن وسکون اور خوشی سے زندگی بسر کرنے کا موقع ملے فی الحقیقت اس تقسیم میں کسب معیشت کے سوال کو مقدم رکھا جانا نہایت ضروری تھا کیونکہ حصول معاش کی طرف سے بیفکری ہوجانے کے بعد ہی بہ اطمینان دوسرے امور کیطرف توجہ کیجا سکتی ہے، ہر چند کسب معیشت کی نیت سے حصول علم ہمارے قدیم تعلیمی روایات کے برعکس ہے تاہم موجودہ حالات کے لحاظ سے بہت کچھ مجبوریاں پیدا ہوگئی ہیں جن کی وجہ سے اس قدیم نظریہ کو بدلنا

ضروری ہے۔

اکتساب معاش کے مدنظر موجودہ تعلیم دو قسموں پر منقسم کی گئی ہے۔ دیہی تعلیم اور شہری تعلیم دیہی تعلیم کے ضمن میں اہل دیہات کو ہل چلانے میں مشغول رکھنا ملک کی بہبودی کے لئے ضروری ثابت کیا ہے۔ اس میں شک نہیں کہ دیہی آبادی کو اس کے آبائی فن میں مصروف رکھنا بہت مناسب ہے مگر اس کے ساتھ کچھ نہ کچھ ایسی تعلیم بھی دیجانی چاہیئے جو ان لوگوں کو خود ان کے پیشہ کے متعلق زیادہ واقف بنا سکے، زراعت کی ترقی بغیر کافی تعلیم کے نہیں ہو سکتی اور چونکہ بقول مغز متقرر کے آبادی کا کثیر حصہ اہل دیہات پر مشتمل ہے اس لئے نہایت احتیاط اور پورے غور کے ساتھ ان لوگوں کی مخصوص تعلیم کا انتظام ہونا چاہیئے جس کا اثر یہ ہو کہ وہ اتفاقات زمانہ مثلاً ژالہ باری، باڑھ کی غیر معمولی کمی یا زیادتی نیز وبا اور امراض مویشی وغیرہ کا سنجیدگی سے مقابلہ کر سکیں اور اپنی منفعت کے پہلو سوچ سکیں۔

شہری تعلیم کے ضمن میں جناب صدر نے مدارس کی تین منزلیں قرار دی ہیں ستحانیہ یعنے ایلیمنٹری وابتدائی فوقانیہ یعنے ہائی اسکول جامعہ یعنے یونیورسٹی، اس تقسیم میں غالباً سہو سے ایک تعلیمی منزل یعنے منزل وسطانیہ جو ہائی اسکول کی تعلیم کا ایک لازمی زینہ ہے ترک ہوگئی ہے۔

بہرکیف شہری تعلیم کے اس عظیم الشان مسئلہ پر کہ تعلیم مذکور محض ملازمت کی غرض سے حاصل کیجاتی ہے اس خطبہ میں کافی بحث کیگئی ہے اور شہری تعلیم کے

افسوس ناک نتیجہ کو جس کی وجہ سے فارغ التحصیل طلبہ ملازمت کو اپنا نصب العین بنا لیتے ہیں اور ملازمت نہ ملنے کی صورت میں سوسائٹی کا عضو معطل بنکر رہ جاتے ہیں تبلاتے ہوے اور اس ضمن میں اپنے دردناک تجربہ کا اظہار کرتے ہوے معزز مقرر نے اسکا بھی وہی دفعیہ تجویز کیا ہے جو مختلف صورتوں میں پیشتر بھی ہمارے سامنے آچکا ہے یعنے دستکاری اور صنعت وحرفت کی تعلیم کا فی طور پر رائج کرنا اور ملازمت کے خیال کو طلبہ کے دماغ سے نکالنا؛ ہم کو اس سے کامل اتفاق ہے اس لئے کہ ملازمت کا شوق ہر صورت اصلاح طلب ہے جس سے تعلیم کا اصل مقصد بالکل فوت ہوجاتا ہے جس کے لحاظ سے اس امر کی ازبس ضرورت ہے کہ زراعت۔ تجارت اور صنعت وحرفت وغیرہ کے ذریعہ سے وسائل معاش کو وسعت دی جائے لیکن معزز مقرر کی یہ رائے کہ "ادبی اور صنعتی تعلیم کے مصارف کا پلہ باہم ادہر سے اودہر بدل دیا جائے" ناقابل عمل معلوم ہوتی ہے اسلئے کہ اسطرح کے ناگہانی انقلاب سے ادبی اور صنعتی دونوں مقاصد کے خلط ملط اور تلف ہوجانے کا اندیشہ ہے فی الوقت ابتدائی تعلیم نہایت ضروری ہے خصوصاً جبکہ قابل تعلیم اطفال کی ایسی کثیر تعداد پیشتر سے موجود ہے جو زیر تعلیم نہیں ہے پس سب سے بڑی ضرورت جو تمام دیگر ضرورتوں پر مقدم ہے ابتدائی تعلیم کی توسیع اشاعت ہے جس کے بغیر ملک کے کسی فرد میں کوئی صلاحیت نہیں پیدا ہوسکتی۔

البتہ تعلیم صنعت وحرفت کے لئے مصارف کا سوال نہایت اہم ہے۔ ابتک جو کچھ صنعت وحرفت پر صرف کیا جاتا رہا وہ بقول معزز مقرر صاحب کے مقابلتاً

ضرورت سے بہت کم رہا مگر اس کے انتظام کے لئے بجائے پلہ ادھر سے اودھر کر دینے کے جس سے رجعت عمل (Re-action) پیدا ہو جانے کا اندیشہ ہے، یہ زیادہ مناسب ہوگا کہ فی الوقت مدارس صنعت و حرفت کے قیام کے بعد اسکی کوشش کیجائے کہ ان کے مصارف کا بیشتر حصہ خود ان کی آمدنی سے پیدا کر لیا جائے؛ ابتداءً ایسے مدارس کے لئے مصارف کی ضرورت یقینی ہے مگر وہ اسطرح رفع کیجا سکتی ہے کہ عام و مروجہ اعلیٰ تعلیم کے مصارف میں کمی کر دیجائے اور جو رقم اسطرح بچ جائے وہ مدارس مذکور کے قیام میں صرف کیجائے اس لئے کہ اعلیٰ تعلیم بجز اُن افراد کے جو فی الحقیقت کوئی علمی رجحان اور کمال رکھتے ہوں، ہر طالبعلم کے لئے رسماً قایم کر دینا بالکل بیکار ہے چنانچہ یورپ کے ترقی یافتہ ممالک میں بھی گو ابتدائی تعلیم کو ہر فرد ملک کے لئے لازمی سمجھا جاتا ہے مگر اعلیٰ تعلیم کا حلقہ اصولاً نہایت محدود کر دیا گیا ہے اور گورنمنٹ اسپر مقابلتاً کم صرف کرتی ہے کیا وجہ ہے کہ ہمارے ملک میں، درانحالیکہ ضرورت بھی ہے، اس اصول کی پیروی میں اعلیٰ تعلیم کو مخصوص و محدود نہ کر دیا جائے۔ اس سے صنعتی مدارس کے لئے ایک حد تک گنجائش نکل سکتی ہے، اس ضمن میں یہ نکتہ بھی فراموش نہ کرنا چاہئے کہ محض صنعتی مدارس کا قائم کر دینا ہی کافی نہیں ہے بلکہ اس کے ساتھ خود صنعت و حرفت کی ترقی اور مختلف مصنوعات کے کارخانوں کا قیام لازمات سے ہے ورنہ کسب معیشت اور بیکاری کی جو دقت اسوقت قائم ہے وہ بدستور باقی رہے گی۔

فوقانی اور جامعاتی تعلیم کے فرق کے ضمن میں معزز مقرر کی یہ رائے نہایت صائب ہے کہ فوقانی منزل میں کسی پیشہ کی تعلیم کو لازمی کر دیا جائے، یہاں بھی ثانوی اور فوقانی تعلیم کو غالباً سہو سے باہم مترادف کر دیا گیا ہے حالانکہ ان دونوں مدارج تعلیم میں عام و خاص کا فرق ہے، بہرصورت اس خصوص میں طالبعلم کے رجحان کا لحاظ رکھنا نہایت ضروری ہے ورنہ ہمارا مقصد کلیتہً فوت ہو جائے گا کسب معیشت کا مسئلہ حل کرنے میں یہ خیال رکھنا چاہئے کہ تعلیم کی حقیقی غایت فوت نہ ہونے پائے یا محض پیشہ ورانہ زندگی ہی تعلیم کا عام معیار قرار نہ پا جائے نیز جیسا کہ پہلے لکھا جا چکا ہے یونیورسٹی کی تعلیم میں صرف ایسے طلبہ کو حصہ لینا چاہئے جو اسکی صلاحیت رکھتے ہوں اور جن کو کسی مخصوص فن یا علم کی مہارت و کمال کے لئے طیار کیا جاتا ہو۔

شہری تعلیم کے شمول میں صنعت و حرفت کی ابتدائی تعلیم کا تذکرہ کرتے ہوئے معزز مقرر نے مشورتاً لندن کے بورڈ آف ایجوکیشن ۱۹۱۰ء اور کونٹی کونسل ۱۹۱۲ء کا کچھ اقتباس دیکر ہندوستان کے مدارس کے لئے بھی صنعتی تعلیم کو جبری کر دینا مناسب سمجھا ہے بیشک اس قسم کی تعلیم کو ابتدائی تعلیم کے نصاب میں شامل کرنا نہایت مفید ہے مگر اس ضمن میں دستکاری اور صنعت و حرفت کے بین فرق کو نظر انداز کر دیا گیا ہے دستکاری (مینول ٹریننگ) کا منشاء یہ ہے کہ طلبہ کی آنکھ اور ہاتھ میں چستی و مہارت پیدا ہو اور ابتدا ہی سے وہ دستی کام کے عادی ہو جائیں، اسمیں دلچسپی لیں اور بجائے معیوب سمجھنے کے باعث عزت خیال کریں جس کا راست نتیجہ

یہ ہوگا کہ عام طور پر صنعتی تعلیم کا مذاق پیدا ہوجائے گا اور آیندہ صنعت وحرفت کی تعلیم میں سہولتیں نمایاں ہوجائیں گی چنانچہ شہری تعلیم کے تحتانی اور ایک حد تک وسطانی نصاب میں دیگر مضامین کے ساتھ صرف دستکاری کو شریک کیا جاسکتا ہے لیکن صنعتی تعلیم کے لئے مختص الفن مدارس کی شدید ضرورت ہے صرف مدارس وسطانیہ وفوقانیہ میں صنعتی تعلیم کا انتظام مفید نہیں ہوگا البتہ یہ ہوسکتا ہے کہ صنعتی مدارس قائم کئے جائیں اور تعلیم صنعت وحرفت کے ساتھ ساتھ ان میں حسب ضرورت ادبی تعلیم بھی دیجائے تاکہ صنعت وحرفت کے اصول اور اختراع وترقی کے پہلو طلبہ کے ذہن میں آسکیں ہماری رائے میں ان طلبہ کے لئے جو فوقانی تعلیم کے بعد ہی دنیا میں قدم رکھنا چاہتے ہیں ازبس ضروری ہے کہ فوقانی نصاب کے اختیاری مضامین کے دائرہ میں ایسے مضامین ضرور داخل کئے جائیں جو طالبعلم کو فوقانی منزل طے کرنے کے بعد ہی پیشہ کے انتخاب اور ان کو کامیاب شہری بننے میں مدد دیں، اس غرض کے لئے تجارت یا کیمیائے عملی وغیرہ کا شامل نصاب کرنا مناسب ہوگا

مسئلہ تعلیم نسوان کے متعلق جو کچھ معزز مقرر نے فرمایا نہایت درست ہے، اگر غور سے دیکھا جائے تو تعلیم ذکور کے مقابلہ میں تعلیم اناث کا مسئلہ کہیں زیادہ اہم اور نازک ہے طالبات کا نصاب لڑکوں کے نصاب سے بالکل جدا ہونا چاہئے ہرچند کہ فی الحال فوقانی منزل تک موجودہ نصاب میں اسکا لحاظ رکھا گیا ہے برنہیم مزید ترمیم کی بہت گنجائش ہے اس لئے کہ ابتدائی خرابیاں جو ہمارے

طلباء کے نصاب میں شروع تعلیم سے داخل ہوگئیں (جن میں تعلیم کا انگریزی زبان زبان میں دیا جانا بھی شامل ہے) اتنک اپنے نتائج اور اثرات دکھلا رہی ہیں لہذا بہت ضروری ہے کہ مدارس فوقانیہ نسوانیہ میں اس کا خاص لحاظ رکھا جائے کہ ذریعۂ تعلیم اردو ہو۔

اپنے دوسرے خیال کے تحت میں معزز مقرر نے ملکی زبان میں تعلیم کے متعلق جن درخشان خیالات کا اظہار فرمایا ہے وہ درحقیقت قوم وملک کے جذبات کی عین ترجمانی ہے اصولاً زبان ہی کا مسئلہ بنیادی مسئلہ ہے اور آج اتنا زمانہ گذر جانے کے بعد بھی تعلیم کی ناکامی کا اصلی باعث یہی ہے کہ ابتدا ہی سے غیر زبان میں تعلیم دیجانے لگی اگر اب بھی زبان کے مسئلہ کی خاطر خواہ اصلاح ہو جائے تو ہم کہتے ہیں کہ ننانوے فیصدی تعلیمی نقائص قطعاً دور ہو جائیں گے آگے چلکر جسمانی تربیت کے ضمن میں معزز مقرر نے اسکولوں میں فوجی تعلیم کا لازمی کر دیا جانا مناسب خیال فرمایا ہے بلاشک جسمانی تربیت دماغی تربیت کی جڑ ہے لیکن جسمانی تربیت بغیر فوجی تعلیم کے بھی ممکن ہے۔ علاوہ بریں یہ امر بھی ظاہر ہے کہ موجودہ حالات کے دیکھتے ہوئے فوجی تعلیم میں طرح طرح کی عملی دقتیں ہیں اور اس کے لازمی کر دئے جانے کی صورت میں اس پر عمل کرنا ہی مشکل ہوگا البتہ یہ ہو سکتا ہے کہ موجودہ جسمانی تربیت کو اس طرح ترقی دیدیجائے کہ اس سے بہ وجہ احسن وہ منشاء پورا ہو جائے جو اسکول میں فوجی تعلیم سے متصور ہے۔

اس کے بعد امور متعلقہ دارالاقامہ پر معزز مقرر نے بحث فرمائی ہے، بورڈنگ لائف کے برکات ظاہر ہیں، ہماری مشرقی روایات کے لحاظ سے تو مسجدوں کے حجرے بورڈنگ لائف کا پورا نمونہ تھے لیکن اسوقت لفظ طالب علم کا مفہوم بالکل دوسرا تھا آجکل ہمارے سامنے بورڈنگ لائف کا کوئی مفید نمونہ اور معیار نہیں ہے جس کا نتیجہ یہ ہے کہ غیر تربیت یافتہ بچے جو مختلف مقامات سے مختلف ماحول کا اثر لئے ہوئے ایک جگہ مجتمع ہو جاتے ہیں وہ بجائے اس کے کہ قومی اور علمی کیریکٹر کا نمونہ بنیں محض تقلید پر اُتر آتے ہیں اور ان کی سیرتوں میں خامیاں رہ جاتی ہیں، ہمارے ہاں دارالاقاموں کی قلت ہے اور صحیح ملکی اصول پر دارالاقاموں کے قیام کی ضرورت ہے

اپنے تیسرے خیال کے ضمن میں معزز مقرر نے ہند و مسلم اتحاد کے عظیم الشان مسئلہ پر تعلیمی پہلو سے بحث کی ہے، واقعہ یہ ہے کہ یہ مسئلہ اسقدر سیاسی نہیں ہے جتنا تعلیمی ہے لیکن رفتہ رفتہ سیاسی ہوتا جا رہا ہے، اس شمول میں معلمانہ مساوات اور طلبہ میں اتحاد و اخوت کے لئے ایک ابتدائی معاہدہ اور تحریر کا مشورہ دیا گیا ہے، ہماری رائے میں لڑکی یا لڑکے کو آغاز تعلیم سے اگر کسی خاص اقرار و الفاظ کا پابند کیا جاتا رہا تو قطع نظر اس کے کہ رفتہ رفتہ اس اقرار کے مخالف پہلو پر بھی اس کی نظر پڑے گی، بار بار ایک ہی اقرار کو دہرانے کی وجہ سے اس کی حقیقی روح بالکل زائل ہو جائے گی، اس کے لئے بہترین چیز موقع کی تلاش ہے: اگر ماحول اور فضا کی مناسبت

کے لحاظ سے اتحاد کی خوبیاں ذہن نشین کیجائینگی تو اس کا اثر طلبہ کے دلوں پر کسی باقاعدہ اور لفظی اقرار سے کہیں زیادہ پڑیگا، علاوہ برین یہ ضروری ہے کہ خود مدرسین اپنے برتاؤ کے ذریعہ سے طلبہ کے سامنے حقیقی اتحاد و اخوت کا نمونہ پیش کریں جس کا اثر طلبہ کے قلوب پر ابتدا ہی سے ایسا زبردست ہو کہ وہ اپنی عملی زندگی میں اپنے اساتذہ کی کامل پیروی کریں اور کسی مزید اتحاد کی تبلیغ کی ضرورت باقی نہ رہے۔

اختتام پر معزز صدر نے تمام دنیا میں ایک بین الجامعاتی تجویز کا ذکر کیا ہے اسکی اہمیت ظاہر ہے، نوع انسان کی بہت بڑی خوش قسمتی ہوگی اگر رنگ، قوم، زبان اور مذہب کے موانعات و تعصبات سے قطع نظر کرکے ایک پشت میں بھی یہ تجاویز عمل میں آجائیں اور تعلیم کا نصب العین ایک مشترک سطح پر لایا جاسکے۔

آخر میں ہم یہ کہنا چاہتے ہیں کہ خطبۂ مذکور ہر حیثیت سے نہایت جامع اور فائدہ بخش و قابل دید ہے اور جس محنت و جانکاہی سے طیار کیا گیا ہے۔ وہ قابل ستائش ہے ہمارے ملک میں اس قسم کے خیالات کی جیسے کہ خطبہ میں ظاہر کئے گئے ہیں نہایت ضرورت ہے، معزز مقرر نے حتے الامکان تعلیم کا کوئی پہلو نظر انداز نہیں فرمایا ہے اور ملکی ضروریات اور مقتضیات کے لحاظ سے ہر امر پر نہایت روشن خیالی اور وسعت کے ساتھ نظر ڈالی ہے جس کی بنا پر یہ کہنا پڑتا ہے کہ ملک کے مذاکرات تعلیمی کی تاریخ میں یہ اپنی قسم کا غالباً پہلا ہی خطبہ ہے جو ہماری ایجوکیشنل کانفرنس کی کونسلوں اور نواب مرزا یار جنگ بہادر کے قابل دماغ سے ہمارے سامنے آیا ہے۔

ہم کو افسوس ہے کہ عدم گنجائش کی وجہ سے اس نمبر میں سجز رپورٹ کے اور کوئی تقریر انجمن اساتذہ کے جلسونکی نہ شایع کیجاسکی آیندہ اشاعت میں اس کی تلافی ہوسکیگی ۔ اس کی ساتھ ہی ہم قارئین و مقررین کو اس امر کی طرف بھی توجہ دلانا چاہتے ہیں کہ رسالہ میں عموماً اسی معیار کے مضامین شایع کئے جائین گے جس کا نمونہ اشاعت ہذا کی صورت میں ناظرین کے سامنے ہے، اقتباسی اور ترجماتی یا مال مضامین کا اندراج نہ صرف ضوابط رسالہ کے خلاف ہے بلکہ ہمارے ناظرین کی عمیق دلچسپی بھی غالباً اس کو پسند نہ کرے ۔

انجمن کی رپورٹ

اوائل امرداد ۱۳۳۳ف میں دفتر صدر مہتمی تعلیمات بلدہ میں مفاد اساتذہ کے مدنظر ایک کمیٹی منعقد ہوئی جسمیں انجمن اساتذہ کا قیام ضروری سمجھا گیا چنانچہ ۱۹ امرداد ۱۳۳۳ف کو بشمول پرنسپل صاحبان دارالعلوم و نارمل اسکول بلدہ و صدر مدرسین صاحبان مدارس وسطانیہ شاہی وغیرہ جلسہ چودہ حضرات کے سامنے مسودہ قواعد انجمن پاس ہوا اور ۲۸ امرداد ۱۳۳۳ف کو بغرض منظوری صدر میں بھیجا گیا جسکی منظوری بذریعہ مراسلہ نشان (۳۵۷) مورخہ ۱۹ ماہ الٰہی ۱۳۳۴ف محکمہ سرکار سے صادر ہوئی چنانچہ قواعد طبع ہوئے اور انجمن کا افتتاحی جلسہ ۷ اسفندار ۱۳۳۴ف کو مدرسہ وسطانیہ رزیڈنسی میں زیر صدارت جناب مولوی سید علی اکبر صاحب بی۔ اے۔ صدر مہتمم تعلیمات مستقر بلدہ منعقد ہوا جناب مولوی احمد حسین صاحب بی۔ اے پرنسپل مدرسہ دارالعلوم نے مقاصد انجمن پر بزبان انگریزی روشنی ڈالی اور جناب صدر جلسہ نے اہمیت و ضرورت انجمن پر بزبان اردو نہایت صراحت سے تقریر فرمائی۔

آغاز انجمن کے وقت (۱۰) مراکز قرار دئے گئے تھے مگر ختم ۱۳۳۴ف پر بلحاظ ضرورت اضافہ ہوکر حسب ذیل (۱۵) مرکز قائم ہوئے:۔

(۱) مدرسۂ فوقانیہ عثمانیہ دارالعلوم (۲) مدرسہ وسطانیہ شاہ علی بنڈہ (۳) مدرسہ وسطانیہ دارالشفاء (۴) مدرسہ وسطانیہ رزیڈنسی (۵) مدرسہ فوقانیہ نام پلی (۶) مدرسہ وسطانیہ

گولکنڈہ ۔ (۷) مدرسہ وسطانیہ شاہ گنج ۔ (۸) مدرسہ تعلیم المعلمین بلدہ ۔ (۹) مدرسہ فوقانیہ انگریزی چادرگھاٹ ۔ (۱۰) مدرسہ وسطانیہ گوشہ محل (۱۱) مدرسہ وسطانیہ مستعدپورہ ۔ (۱۲) مدرسہ وسطانیہ خیلگوڑہ ۔ (۱۳) آ۔ وی اسکول بلارم (۱۴) اسلامیہ ہائی اسکول سکندرآباد ۔ (۱۵) محبوب کالج سکندرآباد ۔

چونکہ از روئے قواعد جملہ مدارس شاہی امدادی و لوکلفنڈ واقع بلدہ کے مدرسین کیلئے اس انجمن کی رکنیت لازمی ہے ، اس لئے جملہ اراکین انجمن کی تعداد ایکہزار سے زیادہ ہے اور من ابتدائے بہمن لغایۃ آخر آبان ۱۳۳۴ف جملہ چندہ وصول شدہ سے ضروری مصارف کی ادائی کے بعد ختم سال پر مبلغ (۱۱۷۶/۱۴ہ) روپیہ سکہ عثمانیہ سلک موجود تھی ہر شاخ اور معتمد عمومی اور خزانچی صاحب کے دفتروں کے حسابات کی تنقیح بذریعہ دو مستند اراکین انجمن کرائی گئی ۔

۱۳۳۴ف کے لئے علاوہ ان حضرات کے جو بحیثیت عہدہ رکن انتظامی ہیں جناب صدر مدرس صاحب مدرسہ ویوک وردھنی و جناب منگیشور راؤ صاحب مدیر گاؤ مدرسہ آل سینٹس اور جناب صدر مدرس صاحب گرامر اسکول و صدر مدرس صاحب مدرسہ مفید الانام رکن انتظامی منتخب ہوئے ۔

جناب مولوی احمد حسین خاں صاحب بی ۔ اے پرنسپل دارالعلوم اور جناب پرنسپل صاحب مدرسہ تعلیم المعلمین نائب میر مجلس اور سید محمد شریف صاحب شہدی معتمد عمومی منتخب ہوئے ۔

سنہ ۱۳۳۵ف کے لئے علاوہ اراکین انتظامی بحیثیت عہدہ کے جناب منیجر صاحب مدد گار مدرسہ آل سنیٹس وجناب صدر مدرس صاحب مدرسہ مفید الانام اور نفاذ رائن رضا رکرٹر مدرسہ آل سنیٹس اور جناب ریورنڈ ڈوالی منصرم پرنسپل گرامر اسکول رکن انتظامی منتخب ہوئے جناب ایم مکیتھال صاحب پرنسپل چادر گھاٹ ہائی اسکول اور جناب مولوی احمد حسین خانصاحب پرنسپل مدرسہ فرقانیہ دار العلوم بلدۂ نائب میر مجلس اور سید محمد شریف صاحب مشہدی معتمد عمومی مقرر ہوئے اواخر سنہ ۱۳۳۴ف میں حسب ذیل موازنہ انجمن مقرر کیا گیا جس کا نفاذ آغاز سنہ ۱۳۳۵ف سے کیا گیا:-

آمدنی | جملہ آمدنی سالانہ تقریباً الماہ ۔ روپیہ سکہ عثمانیہ

خرچ | (۱) صادر سال تمام (۱۶) دفاتر بحساب ماہ سالانہ ایک دفتر سے ششماہی جملہ سالانہ ماہ

جملہ سالانہ ماہ
- ۲۔ الاونس اہلکار دفتر صدر مہتمی ماہ سالانہ
- ۳۔ " چپراسی دفتر معتمد عمومی ماہ
- ۴۔ " ۱۴ چپراسیان شاخہائے انجمن بحساب ماہ سالانہ فی کس ماہ سالانہ ۱۶۸

۵۔ برائے مصارف کانفرنس جملہ آمدنی کا (۲۵) فیصدی یا سالانہ : ہمار

۶۔ برائے مصارف اجرائی میگزین برائے ابتدائی دو سال سالانہ : الہمار

مد محفوظ ..... سالانہ ماہ

جملہ ..... الماہ

ختم سال پر مصارف مقررہ میں سے جو رقم بچ رہے گی وہ بھی بد محفوظ میں منتقل ہوگی
چنانچہ ۱۳۳۴ف کی سالک مندرجہ مد (۱۲۱۴ بیلنس) مد محفوظ میں منتقل کیگئی ہے۔
قیام انجمن سے ابتک جس قدر ماہواری جلسے قرار پائے ہیں ان کی تفصیل حسب ذیل ہے
ماہ فروردی ۱۳۳۴ف "مدرس کے فرایض وذمہ داریان"
" اردی بہشت ۱۳۳۴ف "مقصد تعلیم"
" خورداد
" تیر
" امرداد
بوجہ تعطیل ماہ صیام و موسم گرما و امتحانات سالانہ کوئی جلسہ نہیں ہوا۔
"شہریور ۱۳۳۴ف "تعلیم تاریخ معہ نمونہ کا سبق: ماہ مذکور میں شاخ چاہ رگھاٹ ہائی اسکول میں اس مضمون پر مسٹر ہمنت راؤ پروفیسر نظام کالج کا لکچر ہوا تھا
ماہ مہر ۱۳۳۴ف :- " سزا "
" آبان " انتظام جماعت"
" آذر ۱۳۳۵ف :- "طلبہ سے تحریری کام لینے کا طریقہ"
" دے ۱۳۳۵ف :- "جغرافیہ کی تعلیم معہ سبق نمونہ"
" بہمن ۱۳۳۵ف :- "ورزش جسمانی کے تعلیمی فوائد"
" اسفندار ۱۳۳۵ف "حساب کاروزمرہ کے کاروبار سے تعلق"

ماہ فروردی ۱۳۳۵ف - "مضمون نویسی کی تعلیم"

" اردی بہشت ۱۳۳۵ف "تعلیم حفظان صحت" بوجہ قرب ماہ صیام ماہ اردی بہشت کا جلسہ ملتوی کیا گیا، شاخ چادرگھاٹ ہائی اسکول نے بواے سکاؤٹنگ پرمٹ کامٹ کے ایک لکچر کا خاص انتظام کیا سالانہ کانفرنس اور اس کے ساتھ نمایش تعلیمی کا انعقاد، عرس کوہ شریف کی تعطیلات میں تجویز ہوا تھا مگر حضرت منجھلی صاحبزادی صاحبہ کی وفات حسرت آیات کی وجہ سے ملتوی کرکے تعطیلات عید الضحیٰ میں منعقد کرنے کا تصفیہ ہوا ہے جس کے متعلق انتظامات ہو رہے ہیں

مراسلات

(کشکول تجارب)

(از جناب مولوی ریاض الدین خان صاحب بی۔اے۔ بی۔ٹی صدر مدرس مدرسہ وسطانیہ گوشہ محل)

میں سمجھتا ہوں کہ ہر صدر مدرس کو مختلف داخلی و خارجی مشکلات سے سابقہ پڑتا ہے اور اکثر ایسے انتظامی مسائل پیش آتے ہیں جنکے حل کرنے میں دل و دماغ اور وقت صرف ہوتا ہے۔ اس لحاظ سے یہ ری رائے میں مناسب ہوگا اگر رسالہ ہذا کے ذریعہ سے عنوان مذکور کے تحت میں اس قسم کے ذاتی تجربات بنظر واقفیت و استفادہ شایع ہوتے رہیں۔ اسمیں شک نہیں کہ فن معلمی کے متعلق بکثرت نظریات و تجربات بآسانی دستیاب ہو سکتے ہیں مگر یہ عموماً غیر ممالک کی کتابوں کے تراجم کا نتیجہ ہوتے ہیں اور اکثر و بیشتر ہمارے ماحول سے موافقت نہ رکھنے کی وجہ سے ممکن ہے کہ عملاً کچھ زیادہ مفید ثابت نہ ہوں لیکن عنوان مذکور کے تحت میں جو مضامین درج ہونگے وہ ملک کے مقامی ماحول کے لحاظ سے زیادہ نتیجہ خیز ہوں گے مجھے امید ہے کہ اس تجویز میں دلچسپی لیجائیگی۔

انجمن اساتذہ مستقر بلدہ حیدرآباد دکن
کی
پہلی سالانہ کانفرنس

بصدارت عالیجناب نواب حیدر نواز جنگ بہادر صدر المہام فینانس سرکار عالی
بمقام سٹی کالج حسب ذیل تاریخوں میں منعقد ہوگی:۔

اجلاس اول ۔ پنجشنبہ ۱۹ امرداد ۱۳۳۵ف افتتاح نمائش تعلیمی کے بعد پونے دس بجے صبح سے ساڑھے بارہ بجے تک ہوگا اس میں عالیجناب صدر نشین صاحب کی افتتاحی تقریر اور مولوی سید مرتضیٰ صاحب مرحوم کی بے وقت وفات پر اظہار افسوس کی تحریک کے بعد اکثر مدارس کو اصول حفظان صحت کے مطابق تعمیر کرنے اور مدارس کے معائنہ طبی کے متعلق تحریکیں پیش کیجاوینگی

اجلاس دوم پنجشنبہ ۱۹ امرداد ۱۳۳۵ف سہ پہر ۲ بجے سے ۴ بجے تک:۔

ڈالٹن کے طریقۂ تعلیم پر جناب مولوی محمد عثمان صاحب بی اے اول مددگار نارمل اسکول بلدہ) اور حفظ الاطفال پر جناب مولوی سید محمد حسین صاحب بی۔ اے نائب ناظم تعلیمات) کی تقریروں کے علاوہ ہائی اسکول لیونگ سرٹیفکیٹ کے نصاب کی اصلاح اور

امتحانات ہائی اسکول لیونگ سرٹیفکیٹ و عثمانیہ میٹرک کے ممتحنین و
ماڈرے ٹرس (موازنین) میں مدرسین کی کافی تعداد کو شریک کرنیکی تحریکیں
پیش ہونگی ۔ ۵ سے ۶ تک اسکاوٹ کا اجتماع (Scout Rally)
ہوگا بعد ازاں عالیجناب نواب مسعود جنگ بہادر ناظم تعلیمات جاپان
پر بذریعہ میجک لینٹرن لیکچر دینگے ۔

اجلاس سوم ۔ جمعہ ۲۰ امرداد ۱۳۳۵ف ۹ تا ۱۱ ساعت ۔ تعلیم اخلاق اور نظم
و نسق مدرسہ وغیرہ پر تقریروں کے علاوہ مڈل کے نصاب میں تبدیلی
کرنے کی تحریک پیش کی جائیگی ۔

اجلاس چہارم ۔ جمعہ ۲۰ امرداد ۱۳۳۵ف ۲ تا ۳ ساعت ۔ جغرافیہ کی تعلیم ۔
تعلیم ورزش جسمانی کے متعلق تقریریں اور عثمانیہ میٹرک کی مدت
تعلیم بجائے دو سال کے تین سال مقرر کرنے کی تحریک پیش ہوگی
اس کے بعد تقسیم انعامات نمائش عالیجناب صدر نشین صاحب کی
آخری تقریر اور شکریہ و دعا ۔ فقط

(از جنرل سکریٹری صاحب انجمن)

Obituary

At the time when we go to the press we hear of the sad death of Nawab Imadul Mulk Bahadur. We hope to publish a life sketch of the late lamented scholar and statesman in our next issue.

The First Annual Conference of The Teachers' Association

THE 1st Annual Conference of the Teachers' Association, Hyderabad-Deccan, will be held at the City Collegiate School on the 24th and 25th June, 1926 under the presidentship of Nawab Hydar Nawaz Jung Bahadur, Sadrul Moham, Finance. The programme includes a lantern lecture on Japan by Nawab Masood Jung Bahadur, Director of Public Instruction; a lecture on Child Welfare by Mr. Syed Mohamed Husain, Deputy-Director; a lecture on Physical Education by Mr. S. M. Hadi, Director of Physical Education and resolutions recommending a three years' course for the Osmania Matriculation Examination; modifications in the High School Leaving Certificate course and the Middle School curriculum.

MOHAMMAD SHARIF,

General-Secretary.

Divisional Inspector of Schools, who presided on the occasion, emphasised the need for preparation of lessons on the part of the teacher and explained the value and importance of the use of maps, black-board illustrations, pictures and coins for making the subject vivid and interesting to the boys.

Residency. "The Advantages of Physical Training" attracted a large number of members on the 30th Bahman. It was unanimously agreed that Drill and Games have a very valuable place on the School time-table for the physical and moral development of our boys. At the meeting on the 29th Isfandar, the subject discussed was "The Relation of Arithmetic with Daily Life." Much more could be done for the popularity amongst boys of this very important subject by a proper and more sympathetic attention to it in the lower standards.

Shah-ali-Banda. Comparisons between the physical Education of the East and the West were made during the discussion on "Physical Culture" at this branch. A good case was made out for the national and inexpensive games of India as aids towards physical development.

"Written Work" was also discussed and the exactness that writing makes and develops was stressed by more than one speaker.

Shahganj. Some difficulty was early experienced in obtaining lecturers and speakers; but thanks to the energies of the Secretary, Mr. S. Fakhrul Hasan, nine meetings were successfully carried through. Speeches in verse on the topics discussed have become a feature of the branch. We recommend the notion to other versifiers.

Three more branches, *viz.*,Chanchalgudda, Gosha Mahal and Mustaidpura have come into existence quite recently. We trust that the Local Secretaries concerned will try and make them a success.

been given to the branch by Mr. Ahmed Husain Khan, Mr. Shareef-ul-Hasan Burney and Mr. Shastri.

Darusshifa. A map prepared by the students of the Government High School was a special feature of the model lesson given by Mr. Riazuddin Ali in Bahman on the "Vegetable Produce of India." The usefulness of map-making by the students themselves was very successfully demonstrated.

Golconda. The year's work included lectures on "Teaching", "History" "Geography" and "Physical Culture." We commend the noble sentiments expressed by a lecturer at this branch to all teachers. "The aims of Education should be," he said, "to develop brain faculties, to make a man religious and pure in ideas, and a fit servant of his nation."

Islamiah High School. Eight meetings of the branch took place during the year. All were well attended. The subject that created most interest was on "Rewards and Punishments."

Mahboob College. In all ten meetings have been held beginning on February 25th 1925 when Mr. L. Edwards, B.A., Principal, Wesleyan High School, spoke on "The Duties and Responsibilities of a Teacher" and office bearers for the year were elected. At a later meeting when the subject was "The Teaching of Geography", Mr. K. Ayar, B.A. gave a model lesson on "Tundras and Animal Life." The meetings have been well attended and are rousing interest.

Nampalli High School. This branch has been doing excellent work. The attendance at all the meetings has been satisfactory. Model Lessons were given on the teaching of history, arithmetic and geography. The most successful meeting was the one at which the subject of teaching of history was discussed. Mr. Syed Ali Akbar

Branch Reports.

ALL the branches of the association report an interesting year's work. We regret that lack of space compels us to condense the reports as here.

Asafia. This young branch has made a fine start. "Arithmetic in Relation to Daily Life" was discussed at its first meeting. Excellent contributions to the discussion were delivered in Urdu and in English.

Bolarum. In spite of many draw-backs in the beginning, the year's work, on the whole, was quite successful. An appeal by the Secretary to the Central Association for access to a good reference library, and a plea for closer co-operation between the branches of the Association, speak well for the enthusiasm of the members.

Chaderghat. Mr. Abdul Latif of the Jagirdars' College delivered an instructive lecture on the "The Teaching of Geography" on the 10th Bahman. The lecturer pleaded for a more comprehensive lesson such as is given in Western countries at the present time. Professor Qazi Muhammad Husain of the Osmania University lectured on "The Teaching of Mathematics" at the Isfandar meeting. His advice was excellent, but subsequent speakers pointed out that it was a big handicap to have to keep one eye on ideals and the other on examination results.

Dar-ul-uloom. "Geography", "Physical Training" and "Arithmetic" were enthusiastically discussed at the meetings of the above branch. Very generous service has

Different Types of Boys.

There are four types of boys—the bright, the slow, the dull, the shirker. It is difficult to treat them individually, though A and B assignments or what is called the differentiated assignments may be of some help. This system has been described in the Twentyfourth Yearbook. It is in vogue at Wisconsin High School.

(*To be continued.*)

first introduced some pupils ran away before the daily session of the school was over. " To remedy this defect, " says Mr. Collins, " No penal measures really were taken. The culprits soon stopped it when they found it did not pay. At first they thought they would get new assignments every month, whether they finished the old assignment or not. When they found they did not, they gave up leaving early. Some teachers got out a departure register only for those who were behind with their work. Such boys could leave any time. But they had to enter the time of their departure, so that later it could be pointed out if necessary that their habitual early departure was responsible for their being in arrears."

DIFFICULTIES EXPERIENCED

Assignments.

1. *The Reproduction.* No good work can be done unless assignments are printed and distributed. Hence hectographed assignments are proposed to be discontinued at Armenitola.

2. *The Construction.* Teachers not experienced find it difficult to draw up assignments. This difficulty may be removed by standardised printed assignments. The value of the assignments is increased by arrangements for self-correction. If there is no provision for self-correction the amount of written work to be corrected by the teacher will be inordinately large. The remedy is a set of answers to exercises printed and distributed. The danger of copying may be removed partly by supervision and checked by monthly tests : The difficulty of correction of written work is a problem which has not yet been solved at Armenitola.

The existing text-books are not found suitable for working the plan.

(2) *Absence of Cram.* It is not always true. The average pupil gives very little time to the subject he likes least and just crams the thing he needs to.

(3) *Spirit of Co-operation.* There seems to be very little of this between pupils and pupils, though there is co-operation between pupils and teachers. At Armenitola duel desks are used, so two pupils are always together and this makes co-operation or partnership between pupils so much emphasised by McMunn possible. " Not only are there duel desks," says Mr. Collins, " but they are grouped so that 4 or 6 boys can co-operate and study-together, also a less number." There must be some arrangements under which backward pupils may obtain help from their bright friends.

(4) *Good Discipline.* Mere quietness and show of work do not ensure discipline for which there is so much scope in the Dalton plan. But as the sense of responsibility develops through the correct enjoyment of freedom allowed, discipline is bound to improve. This is ensured by good assignments. They secure interest to work and devotion to it. Discipline must improve with these conditions. Mr. Collins observes, "The Dalton Plan encourages self-discipline. There is little need for the other kind, as boys have freedom. I think, discipline is a much over-valued thing. Discipline is needed when numbers have to act under orders of a superior. The greater the number the stricter the discipline. In the class system discipline was absolutely essential. The success was in proportion to the discipline just as in an army. Discipline is necessary for an army. Military discipline is generally regarded as very good. But if there was no army, there would be no need of the discipline for the individual. Soldiers who are models in the army are the weakest individuals when they leave it. Self-discipline is the thing and the Dalton method developes this. There is little need for class discipline ". At Armenitola when the scheme was

the boys. It's nearly very little trouble for them to mark up their own. The reason we don't use them is (1) They are expensive. We have not got the money. These graphs must be fairly strong cards, and they must be printed and ruled. (2) We did not like to leave the responsibility on the boys till we discovered how far they were trustworthy. When after a year or so a proper atmosphere is created, we shall probably entrust boys with their own. At first the risk was too great. I don't refer to every boy but to a certain number."

(5) Test is indispensable. On no account should a pupil be allowed to begin the next month's contract without finishing the one in hand and without having it passed by the tutor. Sloppy work, if rejected, must have to be done over again.

(6) Formal lessons are useful and should not be discontinued altogether.

(7) The parents and guardians of pupils should be kept in touch with the useful features of the plan so that their sympathy may be ensured for the success of the plan. At Armenitola the Headmaster has met parental objections. But these are the results of misunderstandings. Objections are reduced to a minimum and support obtained in an increasing degree through parent-teacher meetings, lectures and articles in newspapers.

(8) "The right method", "the right atmosphere" and "the right attitude" (sympathy, patience and a smile in failure as also in success) are essential. The right method implies a class-room technique which ensures more supervision and less talk.

Criticism of Certain Advantages claimed.

(1) *Development of Initiative.* Not true for all pupils, because a pupil can be dishonest if he chooses to. There is no scope for competition, a strong incentive, though it is not an unmixed blessing.

Nothing can yet be said with accuracy about the results and possibilities of the experiment, but the following points seem to emerge from it so far :

(1) The school follows a mixed Time-table, that is, Dalton for the top four classes and traditional class methods for the lower four classes. But the Dalton seems to be popular for the following reasons :—

(*i*) the measure of freedom it allows ;
(*ii*) the domination of masters it eliminates ;
(*iii*) the extent to which it enables the pupils to advance at their own rate ;
(*iv*) the activity it ensures to the pupils ;
(*v*) the new spirit it introduces without scrapping the old machinery.

The comparative results of the Half Yearly Examinations under the traditional and Dalton schemes with the same set of pupils seem to be in favour of the latter.

(2) Much depends upon the specialists. Their wholehearted interest and co-operation are the first essential for the success of the plan. It cannot be denied that the scheme is a strain on honest workers.

(3) The most difficult thing is to prepare assignments. These should prove of interest to pupils and should be so designed as to be finished in the time allotted. Constant modifications in the light of experience must always be made. The individual pupils must progress from task to task instead of term to term.

(4) The record system must be simple and not complicated and the task of keeping the record should at least at the initial stage of the experiment devolve upon teachers and not pupils. Miss Parkhursts' graphs are too many and too complicated. Mr. Collins makes the following remarks about graphs at Armenitola, " I think it is slightly too strong to say the graphs overburden

optional subjects the classes are very small. The Pandit takes Bengali in the morning and Sanskrit in the afternoon. There are very few boys reading Persian in the school, so the Maulvi has very little to do.

It will be evident from the work of the specialists that they take the extra subject in their special laboratory. Thus boys move to him to his Laboratory for the extra subject, though there is a laboratory for that subject in charge of some other teacher. For example, the Geography teacher takes English in his Geography Laboratory.

Assignments.

The Contract is for a month or for 95 hours covered by periods of 35 minutes to 50 minutes through 45 minutes. The monthly contract in each subject is divided into units to be done in the fixed time. A unit of work roughly corresponds to what a pupil is likely to do daily in a subject. A pupil must have to finish his assignment before he is allowed to proceed to the next. The units imply actual working days ; absence is not counted.

Checks.

There are simple devices called Checks or graphs to measure up pupils' work. These Checks or graphs give an idea of progress of the pupils and the pupils themselves can visualise their positions. It is for the specialists to fill these graphs. The pupils are not entrusted with this work. The graphs serve as incentives.

Tests.

There are arrangements for monthly tests which are compulsory. A member of the staff of the College sets Tests and corrects them. These tests are of course based upon monthly contract sheets.

Thus for these subjects $9\frac{1}{2}$ hours are available every week for *Free-study.*

Division III. 3·30—4 P.M. Reserved for formal lessons and drill for five days a week.

Thus there is provision for Free study of $23\frac{3}{4}$ hours every week. Formal lessons are notified when need is felt for them.

At the West Green School, Tottenham, as in other Dalton schools, ordinarily allocation of time is made to different subjects. Thus at the West Green school 15 hours are devoted to Free study three hours a day, for five days a week. The time is thus distributed-

English	.. 9 hours	
Mathematics	.. 3 do	
History, Geography, Drawing.	.. 3 do	(one hour for each subject.)
Total	.. 15 hours.	

This allocation, it is pointed out, is of value as showing the importance of subjects and giving the idea of subject values to children. But at Armenitola distribution of time is not made subject by subject, because, as Miss Parkhurst points out, the "Time-set" should not be put in the hands of pupils for fear of depriving them of the opportunity of learning to budget their time to better advantage.

Laboratories and Specialists.

Each laboratory is in charge of a specialist. This teacher takes his special subject of the Dalton classes and in addition one optional subject. Thus the teacher of English takes Hygiene, the teacher of Mathematics additional Mathematics (the same subject in this case). The teacher of Geography however takes the English of one class in the morning and his special subject in the afternoon. It should however be remembered that for

the old forms in accordance with the new spirit. The main point that has been kept in view in carrying out the investigation is to instruct children *en masse* and at the same time reach each individual effectively.

Organisation.

The first top four classes VII-X have been Daltonised in—

(1) English Literature and Formal English,
(2) Mathematics,
(3) Vernacular,
(4) History,
(5) Geography and
The Optional subjects allowed in the Matriculation.

The Time-Table.

The Plan does not really abolish the time-table for classes retained, but it does not for this reason follow it rigidly. Enough freedom is allowed within certain definite limits. Thus for *Free Study* the following distribution is available.

The daily session of the school has three divisions—

Division I for English, Mathematics and Vernacular.
For six days of the week.

(*a*) Mondays to Thursday : 10–45 to 1–15 or 2½ hours divided into *three* periods of 50′ each.
(*b*) Fridays : 10–45 to 12–30 or 1 hr.–45′ minutes divided into two periods.
(*c*) Saturdays : 10–45 to 1–15 or 2½ hours divided into three periods of 50′ each.

Thus for these subjects 14¼ hours are available every week for *Free Study*.

Division II for History, Geography and Optional subjects.
For six days of the week.

Mondays to Fridays 1·45—3·30 or 1 hour, 45′ minutes divided into *two* periods.

Saturday 1·45—2·30 or 45 minutes.

The Dalton Laboratory Plan at Armenitola, Government High School, Dacca

BY

G. BHATTACHARYA,

Professor, Training College, Dacca.

History.

THE Plan as described below has been in operation for about 9 months. It has been modified and adapted to suit the condition of the School and the city. It was tentatively tried in 1924 in a part of the school to ascertain its suitability for Bengal schools and to discover its strong and weak points. The present experiment is based upon the results of observations carried out in 1924.

The scheme is based upon the principle of auto-education. This auto-education is not to be confused with self-government in schools by Courts and Councils so much emphasised by Emancipationists. The principle of auto-education or self-determination in this case only touches the intellectual side principally. "The scheme of formal Self-government," says Dr. O'Brien, "with the paraphernalia of Chairman, Secretary, etc. will be rendered useless, if not unnecessary, where the healthy mind of the young child grows up in a right environment in an atmosphere of intellectual freedom with the wise co-operation of the teachers." Thus the Plan tries to do without scrapping the old machinery as much as possible. It merely puts the old machinery to new uses or re-shapes

where the material rewards are greater. But, emphatically, there is no profession of more weighty service to the State, the country and humanity ; there is no profession in which more unselfish devotion, patience and intelligence are required and generally found ; there is no profession more deserving of respect, and of respectful hearing than that of men who are earnestly working for the future of the country through the education of its youth. *The Hyderabad Teacher* is intended first of all for the teachers to be a place for the discussion of their aims and difficulties. But it also cannot fail to be of interest to everyone in these Dominions who cares for the great cause of education, which our sovereign has so much at heart. The magazine is beginning in a small way ; the space we can as yet afford is narrow. So we must advise contributors to make their contributions short and pithy, rather than diffuse—we have no room for lengthy dissertations—and to the point, which is the present need of education. We trust that it may prove of interest, and use to teachers, and may grow in time to be of real value to the State and public.

The Hyderabad Teacher

BY

M. PICKTHALL,

Principal, Chadderghat High School.

THE Hyderabad teacher has become a power in the land owing to the enlightened policy of His Exalted Highness by which education has advanced by leaps and bounds in these dominions in the last few years, but he has till now been inarticulate and isolated. By the formation of the Teachers' Association he has gained a corporate existence and now, by the foundation of this magazine, he has acquired a voice which will be heard throughout the country. There are problems of education which can be solved only by the authorities, but there are others, and a greater number, which the teachers alone are in a position clearly to understand, and which can therefore be solved only where the teacher's voice is heard. It is with a view to the discussion of such problems that it has been decided to found first the Hyderabad Teachers' Association, and now this magazine, designed to be the organ of the said association and therefore called *The Hyderabad Teacher*. In India, in old days, the teacher was paid no salary ; he was supported by gifts from the parents of his scholars ; but on the other hand, he was treated with immense respect and reverence. In these days he is paid a salary, but because the salary is generally small and it is the custom to judge everything by the standard of rupees, annas and pies, people nowadays are apt to regard the teaching profession as inferior to some other professions,

THE HYDERABAD TEACHER

CONTENTS

	PAGES
THE HYDERABAD TEACHER BY M. PICKTHALL, PRINCIPAL, CHADDERGHAT HIGH SCHOOL	1
THE TEACHER'S PART, I BY NAWAB MASOOD JUNG BDR., B.A., (OXON.), BAR.-AT-LAW, DIRECTOR OF PUBLIC INSTRUCTION	3
Do do II BY M. PICKTHALL . .	5
EDUCATIONAL NOTES	8
ESSENTIAL EDUCATION. FUNCTION OF UNIVERSITY. THE TEACHING OF ENGLISH. A SERMON FOR TEACHERS. HOW GOOD TEACHERS ARE FORMED.	
WORDS BY PROFESSOR E. E. SPEIGHT, B.A. . . .	12
ART IN THE CLASS-ROOM BY THE REV. FATHER PAUL RYAN, RECTOR, ALL SAINTS' INSTITUTION . . .	19
ADULT EDUCATION BY SYED ALI AKBAR, B.A., (CANTAB.), DIVISIONAL INSPECTOR OF SCHOOLS, HYDERABAD DECCAN .	25
THE DALTON LABORATORY PLAN AT ARMENITOLA, GOVERNMENT HIGH SCHOOL, DACCA BY G. BHATTACHARYA, PROFESSOR, DACCA TRAINING COLLEGE . .	38
BRANCH REPORTS	42
THE ANNUAL CONFERENCE OF THE TEACHERS' ASSOCIATION	45

Vol. I.] Amardad 1335 Fasli [No. 1.

Under the Patronage of
Nawab Masood Jung Bahadur,
Director of Public Instruction

The Hyderabad Teacher

Quarterly Magazine of The Teachers' Association,

Hyderabad-Deccan

Editorial Staff :—
M. PICKTHALL
FATHER PAUL RYAN
SYED NADEEMUL HASAN

HYDERABAD-DECCAN
GOVERNMENT CENTRAL PRESS
1926

(رجسٹری شدہ پٹہ سرکار عالی نمبر ۴۷)

زیر سرپرستی عالیجناب نواب مسعود جنگ بہادر

حیدرآباد ڈیجسٹ

انجمن اساتذہ حیدرآباد دکن کا سہ ماہی رسالہ

(مرتبہ)

سید ندیم الحسن تاثیر رضوی بی۔ اے (عثمانیہ)

اعظم سٹیم پریس چارمینار حیدرآباد میں طبع ہو کر دفتر انجمن اساتذہ واقع صدر مہتممی تعلیمات سے

شایع ہوا

غایات

(۱) طبقۂ اساتذہ کے احساس معلمی کو بیدار کرنا۔

(۲) طبقۂ اساتذہ کے مخصوص انفرادی تجربات معلمی کو شایع کرنا۔

(۳) فن معلمی پر نفسیاتی حیثیت سے نقد و نظر۔

(۴) انجمن اساتذہ کے مفید مضامین کی اشاعت۔

(۵) انجمن اساتذہ کے مقاصد و اغراض کو ملک کے طول و عرض میں مکمل طور پر پھیلانا۔

اصول

(۱) رسالہ کا نام "حیدرآباد ٹیچر" ہوگا اور ہر سہ ماہی پر صدر دفتر انجمن اساتذہ سے شایع ہوگا۔

(ب) رسالہ کی سالانہ قیمت بہ تفصیل ذیل ہوگی:۔

(۱) اندرون ممالک محروسہ کارعایہ: ۲ سکہ عثمانیہ سالانہ و ۱۲ سکہ عثمانیہ فی نسخہ معہ محصول ڈاک

(۲) بیرون ممالک محروسہ کارعایہ: ۳ سکہ انگریزی سالانہ و ۱۲ سکہ انگریزی فی نسخہ علاوہ محصول ڈاک

(ج) رسالہ نصف انگریزی و نصف اردو ہوگا جس میں حسب صوابدید تغیر بھی ہوسکیگا۔

(د) صرف وہی مضامین درج ہوسکینگے جو تعلیم و تعلم سے متعلق ہوں اور جسمیں ملک کے مفاد تعلیمی کے لحاظ سے ندرت اور جدت ہو۔

(ہ) رسالہ کا حجم باعتبار مفاد و دلچسپی رہے گا رسالہ اپنے کو کسی خاص حجم کا پابند اس لئے نہیں کرتا کہ غیر مفید یا اقتباسی و ترجماتی مضامین کی بھرتی اس کا مقصد نہیں ہے۔

(و) اشتہارات کا نرخ حسب صفحہ (۴۰) اشاعت ہذا رہیگا۔

فہرست مضامین

جلد (۱)	بابتہ ماہ آبان سنہ ۱۳۳۵ ف	نمبر (۲)

نمبر	مضمون	صاحب مضمون	صفحہ
۱	مخاطبات	مدیر	۱
۲	طلبہ کی کامیابی	مولوی حسام الدین صاحب فاضل	۲۰
۳	تاریخ پر جغرافیہ کا اثر	جناب آرچاری صاحب	۳۱
۴	ارتقائے عمل تعلیم	مسٹر گنیش چندبی۔ اے	۳۵
۵	متفرقات		۴۰

تصحیح تسامح

قارئین کرام اس امر کو نظر انداز نہ فرمائیں کہ مخاطبات کے ضمن میں صفحہ ۳ سطر ۴ کے شروع میں کلمہ "پہلی نشست" نیز صفحہ ۱۲ سطر ۱۶ کے شروع میں کلمہ "چوتھی نشست" سہو کتابت سے نظر انداز ہوگیا ہے جو اگرچہ نفس بحث پر اثر انداز نہیں ہے۔ تاہم ترتیباً ہونا انسب تھا جس کی تلافی بذریعہ تصحیح ہذا کی جاتی ہے فقط

خاکسار

مدیر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مخاطبات

ہماری پہلی سالانہ کانفرنس

عام حالات انجمن اساتذہ بلدہ کی پہلی سالانہ کانفرنس کا انعقاد ۱۹ و ۲۰ امرداد ۱۳۵۵ف کو بمقام سٹی کالج عمل میں آیا۔ کثرت سامعین اور غیر معمولی دلچسپی و سرگرمی کے لحاظ سے یہ پہلی سالانہ کانفرنس نہایت کامیاب کہی جاسکتی ہے اور جن اہم اغراض کے مدنظر خود انجمن کی تاسیس اور اس کے بعد اسکا اجلاس عمل میں آیا تھا وہ بہمہ وجوہ جلسہ میں نمایاں رہے جس کا عملی اعتراف و اظہار جلسہ کی کارروائیوں اور ان تقریروں اور جوش و خروش سے ہوتا ہے جو مختلف تجاویز کی ضمن میں منجانب حاضرین عمیق دلچسپی کی صورت میں کی گئیں۔ بانیان جلسہ کی جو غایت

اس جلسہ سے تھی یعنی انجمن کے اغراض و مقاصد کا بحیثیت مجموعی اعلان اور انجمن کی حقیقی زندگی کی ملک میں اشاعت، بحمدہٖ یہ دونوں امور بوجہ احسن نہ صرف اندرون ملک بلکہ ایک حد تک بیرون ملک میں بھی انجام پائے اور ہم کو امید ہے کہ رسالۂ ہذا کی اشاعت کے بعد سے اور بھی اسمیں وسعت ہوتی جارہی ہے، جلسہ کے انعقاد سے پیشتر تک انجمن محض نود جود تھی مگر جلسہ میں اس کی شان ایک قدیم انجمن کی سی معلوم ہوتی تھی۔

خصوصیات نواب مسعود جنگ بہادر کا پرمغز لکچر جو مختصر "حالات جاپان" پر پہلے روز کی شام کو ہوا بلحاظ جامعیت، بلاغت اور دلچسپی کے اپنی نظیر آپ ہی تھا۔ نواب صاحب موصوف نے جاپان کے اخلاق، معاشرت رسوم و عادات اور بادشاہ پرستی اور عام صفائی و نفاست و پاکیزگی وغیرہ پر نہایت دلچسپ پیرایہ میں روشنی ڈالی اور فرمایا کہ باہمی تنازعات اور چھوٹے چھوٹے جھگڑوں کا جاپانی لوگ نام بھی نہیں جانتے، سامعین کی تعداد کثیر تھی، لکچر کے بعد میجک لینٹرن کے ذریعہ سے نواب صاحب موصوف نے جاپان کے مختلف مناظر اور مواقع نیز مجالس بھی دکھلائے جو معلومات اور دلچسپی کے لحاظ سے بے نظیر تھے۔ (نواب صاحب موصوف کے لکچر کا اردو میں ترجمہ ہوگیا ہے) بوائے اسکاؤٹس کا اجتماع بھی خاص دلچسپی کی شئے تھی اور دنیائے عمل کے مختلف امور میں جس چستی اور احساس فرض کا اظہار ہونا چاہیئے وہ سب بوائے اسکاؤٹس ریلی (اجتماع بوائے اسکاؤٹس) میں دکھایا گیا تھا۔

اور "ڈائمنڈ تھیف" کا منظر نیز فرسٹ ایڈ کا سماں بھی مکمل طور پر نہایت خوبی سے دکھایا تھا۔

جلسونکی کارروائی سب سے پہلے جناب صدر نے "نمائش تعلیمی" کا افتتاح فرمایا۔ جس میں طلبہ کی دستی صنعت اور صفائی کے کامل اور خوشنما نمونے موجود تھے اور نہایت ترتیب اور سلیقہ کے ساتھ رکھے ہوئے تھے جس سے ظاہر ہوتا تھا کہ طلبہ نے علاوہ تعلیم کے ہاتھ اور نگاہ کے استعمال میں کس قدر ترقی کی ہے۔ نمائش کے انعامات کی تفصیل اپنے موقع پر شایع ہوگی۔

افتتاح نمائش کے بعد باقاعدہ آغاز اجلاس کا انتظام عمل میں آیا اور سب سے پہلے قرآن مجید کی تلاوت اور بزبان سنسکرت حمد خوانی عمل میں آئی اس کے بعد محمد پکتھال صاحب صدر مجلس استقبالیہ نے اپنے تقریری ایڈریس میں ملک کے مختلف اجتماعی مجامع کا تذکرہ کرتے ہوئے نواب حیدر نواز جنگ بہادر صدر جلسہ کی تعلیمی دلچسپی پر بوضوح روشنی ڈالی اور فرمایا کہ وہ صرف ایک بہت بڑے ماہر مالیات ہی نہیں بلکہ ایک اعلیٰ ماہر تعلیم بھی ہیں اور ان ہی میں بہ حیثیت ماہر تعلیم ہونے کے ساتھ ماہر مالیات ہونے کی صفت بھی موجود ہے اور ہمیشہ انہوں نے حضرت علی علیہ السلام کے اس مقولہ پر عمل کرتے ہوئے کہ "علم حاکم ہے اور مال محکوم" اپنی تعلیمی دلچسپی کو مالیاتی دلچسپیوں پر مقدم رکھا ہے۔

اس کے بعد معزز مقرر نے عماد الملک بہادر مرحوم کا بھی ذکر کیا اور فرمایا کہ مرحوم نہایت مفید تحریکات کے بانی تھے اور ان کی ذات سے ملک کے

بیحد فوائد حاصل ہوئے۔ اِس کے بعد صاحب موصوف نے عام طور پر اساتذہ کی تنخواہوں اور ان کی تعلیمی دلچسپی نیز طلبہ و اساتذہ کے مابین تعلقات کا تذکرہ کرتے ہوئے فرمایا کہ جب تک اساتذہ میں باہم اتحاد عمل نہ ہوگا تعلیم کا منشا پورا نہیں ہوسکتا اور اسی غایت کو تکمیل تک پہنچانے کے لئے انجمن اساتذہ وجود میں آئی ہے اور اسی اعتبار سے رفتہ رفتہ ہم اندازہ کرسکیں گے کہ ہم نے بحیثیت استاد کہاں تک کامیابی حاصل کی ہے۔

اس تقریر کے بعد انجمن کے معتمد صاحب عمومی نے انجمن کی سالانہ رپورٹ پڑھکر سنائی جو سنہ ۱۳۳۴-۳۵ف پر حاوی تھی اور جس میں انجمن کے آغاز و بنیاد سے لے کر اب تک کا مجمل حال تھا۔

رپورٹ کے بعد جناب صدر نواب حیدر نواز جنگ بہادر کا قابلانہ ایڈریس ہوا جس میں آپ نے فرمایا کہ تعلیمی مقاصد کی ترقی میرا سب سے پہلا فرض رہی ہے۔ نیز آپ نے انجمن اساتذہ کی اہمیت اور اس کی عملی جدوجہد پر بھی زور دیا اور تعلیمی غایات کے حصول میں جو اہم حصہ نواب عماد الملک بہادر مرحوم اور مولوی سید محمد مرتضیٰ صاحب مرحوم نے لیا اس کا بھی تذکرہ کرتے ہوئے فرمایا کہ بمقابلہ چند سال پیشتر کے تعلیم نے آجکل ہر طرح سے ترقی کی ہے جیسا کہ اعداد و شمار سے صاف صاف ظاہر ہے۔ از انجملہ جامعہ عثمانیہ کا قیام ہے جس کے اندر کلیتہً ہندوستان کے تعلیمی مسائل کا حل پوشیدہ ہے۔ معزز مقرر نے موجودہ ترقیوں اور عام تعلیمی جدوجہد کا تذکرہ کرتے ہوئے فرمایا کہ مسئلہ تعلیم کے لئے باہمی رواداری اور اخوت

بہت ضروری ہے، مسئلہ تعلیم میں فرقہ واری خصوصیات کو داخل کرنا ہمارے تعلیمی روایات کے برخلاف اور تعلیم کے لئے نقصان رساں ہے، تعلیم کے مفاد میں ہندوستان کے کل فرقوں کو متحد ہوکر کوشش کرنا چاہیئے اور فرقہ واری مدارس کو معدوم کرکے ہر تعلیم گاہ کا دروازہ ہندوستان کے تمام مذاہب اور فرقوں کے لئے یکساں طور پر کھلا رہنا چاہیئے، اس میں کسی فرقہ واری امتیاز کو مطلق دخل نہ ہونا چاہیئے، بعد ازاں معزز مقرر نے اساتذہ کی اہم ہستی پر زور دیتے ہوئے فرمایا کہ دکن کا مستقبل تمامتر اساتذہ ہی کے ہاتھوں میں ہے۔ اور اس اعتبار سے اساتذۂ دکن کی مختلف حیثیتیں ہیں، مثلاً اساتذہ کی عزت و وقار، اساتذہ کی خودداری، اساتذہ کی شخصیت، اساتذہ کی جدید پوزیشن بمقابلہ قدیم پوزیشن کے، اُن کی عمیق دلچسپی اکل سوسائٹی کا جزو لاینفک ہونا، اپنے اُنکا آئیڈیل بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ معلمی محض ایک پیشہ ہی نہیں ہے بلکہ اس کو غایت کی رفعت کے لحاظ سے ایثار اور قربانی کا مکمل نمونہ ہونا چاہیئے، نیز اساتذہ کے لئے لازمی ہے کہ وہ اپنے مقاصد تعلیمی پر نظر کرتے ہوئے بالکل آزاد اور بے لوث زندگی بسر کریں، آپ نے نصیحت فرمائی کہ تعلیم کو مذہبی اختلافات سے الگ رکھنا نہایت ضروری ہے جس کے بغیر عام اتحاد عمل نہیں ہوسکتا، نیز طلبہ کی ورزش اور اُن کی صحت پر بھی خاص زور دیا۔

خطبۂ صدارت کے بعد نواب عماد الملک بہادر مرحوم اور مولوی محمد مرتضےٰ صاحب مرحوم کے متعلق اظہار غم و تعزیت کے رزولیوشن منجانب

صدر پیش ہو کر پاس ہوئے، بعد ازاں مجوزہ رزولیوشنوں کا سلسلہ شروع ہوا جن میں سب سے پہلے سید ذوالفقار علی حقانی صاحب کا رزولیوشن مدارس کے لئے موزوں بازیگاہوں اور مناسب عمارات کے متعلق تھا جس میں گورنمنٹ سے ہر دو امور مذکورہ کی جانب توجہ کرنے کے لئے درخواست کی گئی تھی، رزولیوشن کو پیش کرتے ہوئے معزز مقرر نے حسب ذیل امور پر خاص زور دیا:۔ (۱) عمدہ عمارت کے فوائد (۲) طلبہ کی دلچسپی کے لحاظ سے بازیگاہوں کی ضرورت (۳) بازیگاہوں کا باعثِ ترقی تعلیم ہونا نیز ان کے جسمانی اور دماغی اثرات (۴) طلبہ کی صحت پر ان کا عام اثر۔ (۵) موجودہ حالت مدارس باعتبار مکانات (۶) موصوف کا ذاتی تجربہ بہ حیثیت صدر نارمل اسکول اور اس کے بعد بلحاظ صدر مہتمم ہونے کے نیز دیگر ذاتی تجربات۔ (۷) زائد مصارف کا مسئلہ (۸) باوجود مصارف کرایہ وغیرہ کے مقاصد کا حاصل نہ ہونا۔

تجویز مذکور کی تائید مسٹر رگھون کی طرف سے ہوئی جنہوں نے فرمایا کہ بہت کم مدارس ایسے ہیں جن کی عمارتیں ضروریات مدرسہ کو پورا کر سکتی ہوں نیز یہ کہ ہر مدرسہ کے لئے اپنی ذاتی عمارت ہونا چاہیئے۔

تحریک و تائید کے بعد معزز صدر نے سامعین کو تجویز مذکور پر خامہ فرسائی کی اجازت دی اور مولانا سید محمد مہدی صاحب زبیری نے اسٹیج پر تشریف لا کر تجویز کی کچھ تائید کچھ تردید کرتے ہوئے فرمایا کہ یہ صرف گورنمنٹ ہی کا فرض نہیں ہے کہ عمدہ عمارت اسکول کے لئے فراہم کرے بلکہ خود پبلک کو

بھی اس خصوص میں اپنے فرائض کو محسوس کرنا چاہیئے۔

تجویز مذکور باتفاق آرا پاس ہوئی، اس کے بعد مسٹر آر چاری نے یہ تجویز پیش کی کہ مدارس کا باقاعدہ طبی معائنہ ہونا چاہیئے جس کو پیش کرتے ہوئے مسٹر موصوف نے طلبہ کی عام صحت پر روشنی ڈالی اور اُن کی جسمانی و دماغی کمزوریوں کے اسباب کو واضح فرماتے ہوئے باقاعدہ طبی معائنہ کی ضرورت و اہمیت جتائی

جناب ڈاکٹر لطیف سعید صاحب نے تجویز مذکور کی تائید کرتے ہوئے مغربی ممالک کے معائنہ طبی کے اعداد بیان فرمائے نیز انگلستان کی رپورٹ کا تذکرہ بھی فرما کر ہندوستان کے اعداد و شمار سے اس کا مقابلہ فرمایا، آپ نے طلبہ کی خرابیٔ صحت کے تین اسباب بیان فرمائے اول تو خود اُن کی بے احتیاطی، دوسرے موروثی اثرات، تیسرے ہمسایوں کے تعلقات، طلبہ کی عام صحت کا تذکرہ کرتے ہوئے آپ نے فرمایا کہ پرہیز علاج سے بہتر ہے۔ نیز یہ کہ مدارس کی بیماریوں کے رفع کے متعلق پبلک پر بھی بہت بڑی ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔

تجویز مذکور کی تائید مزید مولوی عبدالقیوم صاحب ہیڈ ماسٹر گنٹور گورنمنٹ ہائی اسکول نے کی اور فرمایا کہ معائنہ کی سخت ضرورت ہے اور طلبہ کی صحت کی ذمہ داری زیادہ تر اساتذہ یا والدین پر عائد ہوتی ہے۔ طبی معائنہ کے متعلق آپ نے یونانی ڈاکٹری اور ویدطریقوں کا تذکرہ کرتے ہوئے فرمایا کہ جس اصول پر آج کل برٹش انڈیا میں معائنہ کیا جاتا ہے ان میں بہت کچھ کمی ہے یعنی ڈاکٹر صرف معاوضہ سے بحث رکھتا ہے اور مدرسہ نیز طلبہ کی سہولت

سے زیادہ اپنی سہولت کو پیش نظر رکھتا ہے جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ایک ہی ماہ میں سیکڑوں طلبہ کا معائنہ طبی ہو جاتا ہے جس کے بکثرت نظائر موجود ہیں، صاحب موصوف نے اسی ضمن میں کہا کہ گھوڑے کی سواری۔ تیز نا چہل قدمی کرنا، کھیلنا کودنا تندرستی کے بقاو قیام کا باعث ہیں اور ایک قوم کو قوم بنانے میں تندرستی کو بہت بڑا دخل ہے۔

اس کے بعد مولوی وہاج الدین صاحب نے بطور ایک مذبذب موید کے (اس لئے کہ آپ نے صریح طور پر نہ تو تائید کی اور نہ مخالفت) فرمایا کہ محض رسمی طور پر معائنہ کرنے سے کوئی فائدہ نہیں بلکہ ہم کو عملی اور واقعی مشکلات کا احساس کرنا چاہیئے اور والدین کو طلبہ کی صحت کی طرف متوجہ کرنا چاہیئے، تحریک بغلبۂ آرا منظور ہوئی اور پہلی نشست ختم ہوئی۔

دوسری نشست | دو بجے سے شروع ہوئی اور سب سے پہلے مولوی محمد عثمان صاحب بی۔ اے۔ بی۔ ٹی کالکچر ڈالٹن پلین پر ہوا۔ ڈالٹن پلین کی تفصیل کے ضمن میں آپ نے خاص طور پر بلحاظ رجحان طالب علم کی حالت کے لحاظ سے تعلیم کو مخصوص کرتے ہوئے فرمایا کہ محض ضبط اوقات کی پابندی کرانا اور مقررہ مضامین کا پڑھا دینا ہی کافی نہیں ہے بلکہ ہر طالب علم کے رجحان اور خاص دلچسپی کے مضامین پر بھی غور کرنا لازمی ہے جس کی تکمیل بذریعہ ترسیمات مقررہ کے ہونی چاہیئے جس کے لئے مخصوص معمل یا دار التجربہ ہونا ضرور ہے۔ نیز فرمایا کہ مضامین کی تقسیم اور تدریج بھی بہت ضروری ہے اور ڈالٹن پلین ان ہی اصول و قواعد کی بنا پر

عمل میں آیا ہے' بعدازاں مسٹر ہری ہرایر نے ہائی اسکول لیونگ سارٹیفکٹ کے امتحان میں سہولت پیدا ہونے کے لئے تین تجویزات کے ساتھ تحریک پیش کی جس کی تائید مسٹر ہنمنت راؤ پرنسپل محبوب کالج نے کی اور اور مسٹر بھانو مورتی نے بھی اسی موضوع پر تقریر کی مسٹر سید محمد اعظم صاحب نے تحریک کی مخالفت کرتے ہوئے موجودہ امتحانات اور گورنمنٹ کی مشکلات کو بیان فرمایا کہ اس قسم کی تحریکات کا عملی پہلو سب سے پہلے پیش نظر رکھنا چاہیئے' صاحب موصوف نے ایک تجویز پیش کی کہ گورنمنٹ کے سامنے اس مسئلہ کو پیش کرنے سے قبل اس پر ہائی اسکول لیونگ سرٹیفکیٹ بورڈ کو غور کرنا چاہیئے' جناب مجوز نے اپنی تحریک کے الفاظ کو بدل دیا۔ اور تحریک مذکور ترمیم شدہ صورت میں پاس ہوگئی۔

اس کے بعد سید مہدی حسن صاحب زبیری کا لکچر "تعلیم جغرافیہ" پر ہوا جسمیں جناب مقرر صاحب نے اس امر پر زور دیا کہ جغرافیہ کو بطور مضمون اختیاری۔ ایف۔ اے اور بی۔ اے کے نصاب میں شریک کرنا چاہیئے' ازاں بعد مولوی وہاج الدین صاحب نے تحریک کی کہ اسکول لیونگ سارٹیفکٹ اور عثمانیہ میٹرک کے بورڈ امتحانات میں مدارس کی تعلیم کے اصلی تجربہ رکھنے والوں کو بالضرور بحیثیت موازنین داخل کرنا چاہیئے۔ اس کی تائید مسٹر شاستری بی۔ اے۔ بی۔ ٹی نے فرمائی اور اس تجویز پر بہت گرم تقریریں ہوئیں جو آخر میں بغلبۂ آرا پاس ہوئی۔

اس کے بعد بوائے اسکاؤٹس کا اجتماع ہوا اور سٹی کالج کے میدان میں متعدد دلچسپ مناظر دکھلائے گئے جس کا تذکرہ اوپر ہوا۔ بوائے اسکاؤٹس کے

اجتماع کے بعد مولوی عبد السلام صاحب ناظر گلبرگہ کے تحت میں دیسی کھیل دکھائے گئے جس سے حاضرین بہت محظوظ ہوئے۔ شام کو ساڑھے سات بجے نواب مسعود جنگ بہادر کا لکچر خاص حالات جاپان پر ہوا جس کا تذکرہ اوپر گذرا اور جو اردو زبان میں بھی پورا ترجمہ ہو چکا ہے۔ لکچر کے بعد صاحب موصوف نے میجک لینٹرن کے ذریعہ سے جاپان کے قابل دید قدرتی مناظر اور مصنوعی نظارے حاضرین کو دکھلائے۔

تیسری نشست تیسری نشست میں سب سے پہلے مسٹر محمد حسین جعفری بی۔ اے (اکسن) کا لکچر "حفاظت اطفال" کے مبحث پر ہوا جس میں صاحب موصوف نے نہایت قابلیت سے حفظ اطفال کے اصول، خوبیاں، اور نتائج بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ یہ تجویز ایک مکمل اسکیم کی طالب ہے جس کے لئے پبلک اور حکومت دونوں کو ملکر کام کرنا چاہیئے مثلاً بمبئی میں اس مقصد کے لئے گورنمنٹ نے (۱۵۰۰۰) اور پبلک نے (۲۰۰۰) روپیہ دیا۔ آپ نے فرمایا کہ مہذب ممالک نے اس تحریک کی سرسبزی کے لئے مختلف طریقے اختیار کئے ہیں، مثلاً تندرست بچوں کی ایک فہرست تیار رکھنا، حفظ اطفال کا ہفتہ منانا، تصاویر اور سنیما کے ذریعہ سے تشویق دلانا۔ آپ نے فرمایا کہ سب سے بڑی ضرورت اس کی ہے کہ نہ صرف والدین بلکہ پبلک بچوں کی صحت و سلامتی کو اپنا فرض سمجھے۔ بلدہ میں ایک مرکز حفظ اطفال قایم کئے جانے کی ضرورت جتاکر آپ نے فرمایا کہ بچوں کی کثیر تعداد خصوصاً دیہات میں پیدا ہوتے ہی مرجاتی ہے اور انکی عمدہ نگہداشت نہیں ہوتی۔ تقریر کے بعد صاحب موصوف نے

حفظ اطفال کے متعلق متعدد مفید چارٹس (مرتبات) دکھائے جن میں پیدائش سے لے کر نشو و نما اور بڑھنے تک کے جملہ منازل دکھلائے گئے تھے۔

ازاں بعد مسٹر چندر راو اکربی اے نے امتحان مڈل کے اضافی مضامین کے معیار کو بلند کرنے کے متعلق تحریک پیش کی جس کی تائید مولوی محمد سلطان صاحب نے فرمائی تجویز مذکور قدرے رد و قدح کے بعد باتفاق آرا پاس ہوئی۔

اس کے بعد مولوی احمد حسین خاں صاحب نے تفریحات تعلیمی (اکول اکس کرشن) پر ایک پر مغز تقریر پڑھی جس میں نہایت وسعت کے ساتھ اس قسم کے تفریحات کے عملی پروگرام کو بیان فرمایا جس کے بعد مولوی آغا محمد احسن صاحب نے اساتذہ اور والدین کے مابین تعلقات پر ایک قابلانہ خطبہ پڑھا آپ نے فرمایا کہ بچوں کی ترقی و تنزل ہی پر پوری قوم کی ترقی و تنزل کا انحصار ہے۔ مگر افسوس ہے کہ والدین ان جواہرات کو ضایع کر دیتے ہیں جن کی صورتیں یہ ہوتی ہیں کہ لڑکے کو غیر رجحانی یا موروثی پیشہ کی تعلیم دلائی جاتی ہے آپ نے فرمایا کہ شرعاً عقلاً قانوناً عرفاً والدین ہی بچہ کی تعلیم و تربیت کے بہت بڑے ذمہ دار ہیں جو اسوقت تک پوری نہیں ہو سکتی۔ جب تک اساتذہ کے ساتھ حقیقی اتحاد عمل نہ کیا جائے تربیت کے متعلق آپ نے فرمایا کہ مکان سے بہتر نہ کوئی مدرسہ ہے اور نہ ماں سے بہتر کوئی استاد اس اعتبار سے جب تک مکان اور مدرسہ میں تعاون نہ ہو اس وقت تک تعلیم اپنے حقیقی معنی میں ناممکن ہے اس تعاون کے لئے آپ نے چار تدابیر نہایت مفید و قیمتی بیان فرمائی ہیں مثلاً والدین کو مدرسہ میں

مختلف تقریبات کے ضمن میں مدعو کرنا یا والدین کے مکانات پر جا کر ملنا نیز بچہ کی تعلیمی حالت سے والدین کو وقتاً فوقتاً مطلع کرتے رہنا۔

اس لکچر کے بعد مولوی محمد حسام الدین صاحب کی تقریر تلقین اخلاق پر ہوئی جو نہایت دلچسپ اور پر از معلومات تھی آپ نے شرح وبسط کے ساتھ موجودہ تعلیم وتعلم اور طلبار کی اخلاقی حالت کا خاکہ کھینچتے ہوئے فرمایا کہ موجودہ تعلیم میں طلبا کی اخلاقی آرائش و زیبائش کا کوئی انتظام نہیں کیا گیا ہے یا یہ کہ جو بھی اہتمام کیا جاتا ہے وہ ناقص ثابت ہوتا ہے؛ اس کے بعد آپنے نہایت پُر لطف اور ناقدانہ انداز میں موجودہ طرز تدریس اور مفہوم معلمی پر روشنی ڈالی اور فرمایا کہ مدرس کو کبھی یہ نہ سمجھنا چاہیئے کہ مدرسہ کے بعد اس کا فرض ختم ہوگیا بلکہ جہاں کہیں بھی اس کا متعلم ملے یہی سمجھ لے کہ گویا مدرسہ ہی میں ہے نیز یہ کہ مدرسی کو بلحاظ ملازمت نہیں بلکہ قومی خدمت سمجھکر بجالانا چاہیئے اور یہ کہ جو تعلیم اخلاق کی ہم اپنے طلبہ کو دینا چاہتے ہیں وہ نمونتاً اول اپنے میں پیدا کریں آپ کا لکچر مختلف قصص حکایات کی وجہ سے مفید ہونے کے ساتھ دلچسپ بھی تھا اور اس کا اندازہ تقریر کو دیکھنے اور سننے ہی سے ہو سکتا ہے۔

اس کے بعد چونکہ مولوی حسام الدین صاحب سابق میں تقریر فرما چکے تھے اور صاحب موصوف کا وقت بچ گیا تھا اس لئے باجازت صدر نشین صاحب جناب سید محمد مہدی صاحب مددگار ناظم انجمن ہائے اتحادی نے تحریک امداد باہمی اور تعلیمی تحریکات سے اس کے تعلق پر ایک پُر مغز تقریر فرماتے

ہوئے فرمایا کہ مہذب ممالک میں ان دونوں کا تعلق نہایت گہرا ہوتا ہے نیز یہ کہ انجمن ہائے امداد باہمی ملک کے ارتقائی مدارج کے حاصل کرنے کی شاہراہ میں چھوٹی چھوٹی منازل ہیں۔ اس ضمن میں آپ نے متعدد تجاویز بیان فرمائے جو ہر حیثیت سے عملاً نہایت قیمتی اور مفید ہیں۔ بعد ازاں مولوی وہاج الدین صاحب کا لکچر ہوا جس میں آپ نے صدر مدرسین مدارس تحتانیہ کو تعلیم و تعلم کے نفسیاتی پہلو پر توجہ دلانے کے بعد فرمایا کہ ہر انسان موجودہ حالت میں خلاصۂ نسل ہوتا ہے۔

اس کے بعد مسٹر پرکاش راؤ نے یہ تحریک پیش کی کہ عثمانیہ میٹرک کا کورس بجائے دو سال کے تین سال کا کر دیا جائے۔ جس کی تائید مسٹر پٹواری نے فرمائی۔ اس تحریک پر موافق و مخالف متعدد تقریریں ہوئیں جن میں مخالف کا حصہ زیادہ تھا۔ بالآخر رائے لئے جانے پر یہ تحریک ۱۸ ووٹوں کی زیادتی سے مسترد ہوگئی۔ اس کے بعد سید محمد ہادی صاحب بی۔ اے (کنٹب) ناظم تعلیم جسمانی نے تعلیم جسمانی پر اپنا لکچر پڑھا جو اپنی طرز میں بالکل نئی چیز تھا۔ اور جس میں تاریخی اور مقامی حیثیتوں سے تعلیم جسمانی کے مدارج، قواعد اور امکانات پر روشنی ڈالی گئی تھی اور اس میں جو نقائص و کوتاہیاں رہ گئی ہیں ان کو مشرح طور پر بیان فرمایا گیا تھا۔

اس کے بعد مولوی عبد السلام صاحب ناظر گلبرگہ کی تقریر دلچسپ دیسی کھیلوں پر ہوئی جس سے حاضرین نہایت محظوظ ہوئے۔

اس کے بعد نمائش کے انعامات منجانب صدر محترم عطا و تقسیم ہوئے۔

ازاں بعد جناب صدر محترم اختتامی تقریر کے لئے استادہ ہوئے اور ایک بلیغ اور جامع خطبہ دیا جو کانفرنس کی تمام کارروائیوں پر ایک خاص تبصرہ کی صورت رکھتا تھا۔

آپ نے فرمایا کہ مجھے ہر قسم کی تعلیمی تحریکوں سے دلچسپی اور ہمدردی ہے اور مجھے یقین ہے کہ میری یہ ہمدردی ہر چند کہ متعدد مشکلات پیدا ہوں ہمیشہ قایم رہیگی اس لئے کہ یہ خالص علمی حیثیت رکھتی ہے۔ اس کے بعد جناب معزز نے تجاویز کانفرنس پر تبصرہ فرماتے ہوئے فرمایا کہ صحت طلبہ کے لئے مدارس کی عمارتیں خاص طور پر صحت بخش ہونا چاہئیں۔ مگر مصارف کا سوال غور طلب ہے، امتحانات کے بارے میں فرمایا کہ اس خصوص میں حکومت کی امداد ضروری ہے، آپ نے فرمایا کہ جس وقت ہم عثمانیہ میٹرک کا نصاب ابتدائی مرتب کر رہے تھے اس وقت یہ بحث چھڑی تھی کہ آیا نصاب کی مدت دس سال رکھی جائے یا بارہ سال۔ اس وقت اکثریت اسی فیصلہ کی جانب تھی کہ معمولی اور رائج مدت مقررہ سے ایک سال کم مدت رکھی جائے۔ میٹرک کی مدت تین سال اس صورت میں مناسب ہوگی جبکہ معیار کو بلند کر دیا جائے ورنہ مدت کا سوال کسی نہ کسی شکل میں برابر پیدا ہوتا رہیگا، اور مدارس کی نظیر اس موقع پر ذرا دشواری ہی سے صادق آسکتی ہے کیونکہ روز بروز اس یونیورسٹی کا اسٹینڈرڈ بھی پست ہوتا چلا جائیگا۔ چنانچہ آثار یہی کہہ رہے ہیں

اور کالج کی تعلیم کی جو کہیے تو میں عرض کرونگا کہ طلبائے کالج کو چاہیئے کہ اپنی تمام تر توجہ بجائے انگریزی ادب پر مبذول کرنے کے خود جدید انگریزی زبان کی تحصیل میں صرف کریں۔

بعد ازاں آپ نے علم جغرافیہ کے متعلق اظہار خیالات کرتے ہوئے فرمایا کہ روز بروز جغرافیہ کی اہمیت بڑھتی جاتی ہے چنانچہ انڈین سول سروس امتحان کے نصاب میں بھی اسکو بطور ایک مستقل مضمون کے جگہ دی گئی ہے۔

زاں بعد آپ نے مولوی حسام الدین صاحب اور مولوی سید محمد ہادی صاحب نیز دیگر مقررین کی تقاریر کے متعلق اظہار تحسین و آفریں فرماتے ہوئے انجمن اساتذہ کے قیام کو حیدرآباد کی تعلیمی تحریکوں کے لئے بہت کچھ حوصلہ افزا فرمایا۔ اور ایک پر مغز نظم کے ساتھ اپنی تقریر کو ختم کیا۔

بعد ازاں مولوی سید علی اکبر صاحب بی۔ اے (کنٹب) صدر مہتمم تعلیمات بلدہ نے اپنی تقریر میں جناب محترم کا خاص شکریہ ادا کرتے ہوئے فرمایا کہ جناب صدر نے باوجود اپنی گوناگوں مصروفیتوں اور انہماک کے اجلاس انجمن کی صدارت کو قبول فرمایا جو انجمن ہذا کے لئے خاص طور پر باعث فخر و امتیاز ہے۔ زاں بعد آپ نے مولوی محمد اعظم صاحب پرنسپل سٹی انٹرمیڈیٹ کالج کی دلچسپی کا جو صاحب موصوف نے انعقاد انجمن میں لی شکریہ ادا کرکے مکرر حاضرین کی تشریف آوری پر اظہار تشکر فرما کر اپنی اختتامی تقریر کو ختم فرمایا۔

زاں بعد دعا پڑھی گئی اور جناب صدر کے حکم سے اجلاس کانفرنس کا اختتام عمل میں آیا۔

انجمن اساتذہ کے زیر سرپرستی جناب ڈاکٹر لطیف سعید صاحب کا لکچر

"صحت مدارس و امداد اولیں"

پر

بحسن و خوبی بتھڈست بوائز اسکول کے اسمبلی ہال میں زیر صدارت جناب مولوی سید علی اکبر صاحب بی۔ اے (کنیٹب) صدر مہتمم تعلیمات بلدہ غرہ مہر ۳۵ف کو شام کے چار بجے ہوا انجمن کے اراکین نیز دیگر حضرات بہ تعداد کثیر ڈاکٹر صاحب موصوف کی تقریر کو سننے کے لئے جمع ہوئے تھے اور پورا لکچر نہایت مفید تھا جو بغرض افادۂ ناظرین درج ذیل ہے۔

ڈاکٹر صاحب موصوف نے تقریر کا آغاز کرتے ہوئے تمہیداً فرمایا کہ حیدرآباد میں بکثرت انجمنیں آئے دن قائم اور فنا ہوتی رہتی ہیں از انجملہ انجمن طبیہ (ڈیکل ایسوسی ایشن) بھی ہے جو حالت نزع میں دم توڑ رہی ہے۔ بہرنہج میں امید کرتا ہوں کہ انجمن اساتذہ انشاء اللہ ضرور اپنے مدنظر مقاصد کو حاصل کر کے رہیگی!

اس کے بعد چونکہ وقت کم تھا اور مضمون کی وسعت بہت بڑی تفصیل کی طالب تھی اس لئے معزز مقرر نے صرف سبجکٹ کے اہم نقاط کو واضح فرمانے پر اکتفا کی۔ چنانچہ آپ نے انسانی نشو و نما اور ارتقا کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ عصر موجودہ میں انسانی ترقی انتہائے عروج پر پہنچ گئی ہے۔ حتیٰ کہ انفرادی احتیاط و حفاظت اور ترقی کا خیال کرتے کرتے اب ہر امر میں اجتماعی سفاد کا

خیال پیش پیش ہے اور یہ سمجھ لیا گیا ہے کہ ہماری ترقی دوسروں کی ترقی سے وابستہ ہے اس کے بعد آپ نے جسم انسانی کی نازک و پیچیدہ ترکیب کے ضمن میں فرمایا کہ خفیف سی غفلت یا کاہلی بھی نظام جسمانی کو درہم برہم کر سکتی ہے چنانچہ صحت نام ہی اس کا ہے کہ جسم انسانی فطری تقاضوں کے مطابق کام کرے اور مطلق کوئی بے اعتدالی پیدا نہ ہو۔ جو بیماریاں ہم میں پیدا ہوتی ہیں وہ ہمارے ہی انفرادی و اجتماعی نقائص کا نتیجہ ہوتی ہیں۔ آپ نے فرمایا کہ مغربی ممالک نے فن "توریث" میں ملکہ حاصل کر کے ملیریا، طاعون، چیچک، پیچش، اور تپ محرقہ وغیرہ امراض کا بالکل استیصال کر دیا ہے حالانکہ یہ بیماریاں ابتک ایشیا کے ممالک میں پھیلی ہوئی ہیں۔

بیماریوں کے اسباب کی تفصیل میں آپ نے فرمایا کہ بیماریاں اول تو خرابئ خون سے پیدا ہوتی ہیں مثلاً طاعون، ملیریا، چیچک وغیرہ۔ دوسرے ان جراثیم کی پیدا کردہ ہوتی ہیں جو حلق یا ہوا کی گذرگاہوں یا خوش میں پیدا ہو جاتے ہیں مثلاً نمونیا، انفلوئنزا وغیرہ۔ تیسرے کثیف پانی دودھ یا دیگر متاثر غذاؤں کے استعمال سے پیدا ہوتی ہیں مثلاً ہیضہ یا تپ محرقہ وغیرہ چوتھے جلدی بیماریاں۔ پانچویں چند ایسی بیماریاں جو اعضائے انسانی کی بد استعمالی سے پیدا ہوتی ہیں۔

بعد ازاں مقرر موصوف نے طلبہ کو مذکورہ بیماریوں سے محفوظ رکھنے کے ضمن میں فرمایا کہ اول تو خود طلبہ کو قدرے حفظان صحت کے اصول سے واقف ہونا چاہیئے۔ دوسرے یہ کہ افسران مدارس کو بھی عمارت مدرسہ میں

ہوا، روشنی، کشادگی، اور بازیگاہوں کا پورا پورا خیال رکھنا چاہیئے۔

آپ نے فرمایا کہ طلبہ کو حسب ذیل امور پر عمل کرنا چاہیئے:۔

اوّل یہ کہ پوشاک صاف ستھری ہو۔ اور روزانہ غسل کیا جائے۔ دوسرے یہ کہ سُبک لباس پہنیں۔ تیسرے یہ کہ مقام سکونت میں ہوا اور روشنی کے آمد و شد کے راستے برابر کھلے رہیں۔ چوتھے یہ کہ بوقت مطالعہ میز پر جھک نہ جائیں بلکہ سیدھے بیٹھے رہیں۔ پانچویں یہ کہ ردی کاغذات یا کوڑا کرکٹ چند مخصوص ظروف میں جو اسی غرض کے لئے رکھے گئے ہوں ڈالتے جائیں۔ چھٹے یہ کہ اگر بوقت مطالعہ آنکھ یا سر میں درد محسوس ہو تو کسی ماہر حشیم ڈاکٹر کے پاس رجوع ہوں۔ ساتویں یہ کہ روزانہ کوئی نہ کوئی ورزش ضرور کریں۔

اس کے ساتھ ہی صاحب موصوف نے وہ امور بھی بیان فرمائے جن سے طلبہ کو پرہیز واجب ہے۔ پہلے یہ کہ غیر ضروری اور فضول یا چست و تنگ پوشاک نہ پہنیں۔ دوسرے یہ کہ تھوکنے کی عادت ترک کردیں۔ تیسرے یہ کہ کسیکے منہ پر کھانسیں کھنکاریں نہیں۔ چوتھے یہ کہ کثیف یا آلودہ پانی نہ استعمال کریں اور بازاری شربتوں اور مٹھائیوں سے پرہیز کریں پانچویں یہ کہ حالت بیماری میں مدرسہ نہ جائیں۔ چھٹے یہ کہ تکان کے عالم میں ورزش یا گیم وغیرہ سے پرہیز کریں۔ ساتویں یہ کہ معمولی زخم کا بھی خاص توجہ سے فوری اندمال کریں۔

بعدازاں مقرر صاحب نے امداد اولین (فرسٹ ایڈ) کے متعلق کہا کہ زخم آنا۔ غش آنا۔ دورہ ہونا۔ کچل جانا۔ جل جانا۔ نیش زدنی یا گزیدگی نیز

مختلف بیماریوں کے ناگہانی حملے وغیرہ ایسی چیزیں ہیں جن کے لئے فرسٹ ایڈ کی ضرورت پڑتی ہے اور مجھے امید ہے کہ طلبہ کو اس ضروری امر کی طرف بالضرور متوجہ کیا جائیگا۔

آخر میں معزز مقرر صاحب نے فرمایا کہ تعلیم کے تین مقاصد ہوتے ہیں :-

اول یہ کہ صحیح اور غلط میں امتیاز کیا جائے - دوسرے یہ کہ راست کو دروغ سے متمائز کیا جائے - تیسرے یہ کہ حُسن کو پسند کیا جائے اور قبح سے نفرت کیجائے بلا وقت آگیا ہے کہ صحت کی پوری نگہداشت کرکے بیماری کو جڑ سے اکھاڑ دیا جائے -

آپ کے بعد جناب مولوی سید علی اکبر صاحب صدر جلسہ نے ڈاکٹر صاحب موصوف کا شکریہ ادا کرنے کے بعد فرمایا کہ محکمہ تعلیمات کو عمدہ اور موزوں بازیگاہوں اور مدارس کے لئے اچھے قطعات زمین نہیں دستیاب ہوتے - آپنے فرمایا کہ حفظان صحت مدارس تحتانیہ کے نصاب میں داخل ہے - اور اگرچہ ابھی اس مضمون کے ماہر پڑھانے والے نہیں ملتے تاہم چونکہ اب اس طرف مدارس تعلیم المعلمین میں خاص توجہ کیجارہی ہے اس لئے امید ہے کہ عنقریب یہ دقت رفع ہوجائیگی -

جناب صدر نے فرمایا کہ طلبہ میں پاکیزگی اور صفائی کی عادت پیدا کرنا بھی بہت ضروری ہے - بحالت موجودہ مدارس میں عموماً اس کا بہت کم خیال رکھا جاتا ہے -

طلبہ کی کامیابی

(اثر خامہ مولوی محمد حسام الدین صاحب فاضل ادیب و مولوی فاضل)

(ہم نہایت مسرت سے مولوی صاحب موصوف کا مضمون شایع کرتے ہیں، ہر چند کہ عنوان سے خیال ہو سکتا ہے کہ مضمون طلبہ سے متعلق اور طبقۂ متعلمین سے مخصوص ہوگا مگر اس میں ایک بہت بڑا نکتہ بلیغ یہ پنہاں ہے کہ متعلم کی ہر حرکت والدین اور متعلم کی سیرت کا پرتو اور "تابع مہمل" ہوا کرتی ہے پس اس کلیہ کے مدنظر کہ متعلم کی غایت زندگی ہی یہ ہے کہ متعلم کی زندگی کو مکمل و مرتب کرے نہایت ضروری ہے کہ مضمون ہذا کو ہم علمانہ نقطۂ نظر سے دیکھیں اس لئے کہ اس میں ایثار و جانفشانی کے وہی خط و خال نمایاں ہیں جو مولوی صاحب موصوف کی قابل تقلید عملی زندگی کا اہم عنصر رہے ہیں)

تعلیمی سال کا آغاز ہے، امتحانات کے نتائج شایع ہو رہے ہیں، ہر مدرسہ میں اس وقت عجیب کیفیت ہے، طلبہ کی چہل پہل، جدید و قدیم طلبہ کا اژدہام عجب سماں پیدا کر رہا ہے، شریک امتحان طلبہ کی حالت خاص کر قابل دید ہے، ان میں دو گروہ ہیں (۱) کامیاب (۲) ناکام، کامیاب طلبہ کا یہ حال ہے کہ خوشی سے پھولے نہیں سماتے۔ جس طرف جاتے ہیں شاد شاد نظر آتے ہیں۔ کبھی ہم جماعت کامیاب طلبہ سے مسرت آمیز گفتگو میں مشغول ہیں کبھی اپنے اساتذہ سے اظہار عقیدت کرنے میں مصروف، مڈل کامیاب طلبہ مدرسہ فوقانیہ کے تصور سے بے حد شاداں و فرحاں ہیں، فوقانیہ کے بامراد طالب علم کالج کی شرکت کے خیال سے دل ہی دل میں بے انتہا مسرور اور اپنی قسمت پر نازاں، اسی زمرہ میں ایک پراگندہ دل کثیر جماعت کے افراد یعنے ناکام طلبہ بھی نظر آتے ہیں جو سراسیمہ و حیران پھر رہے ہیں، ان کے دل پژمردہ ہیں، ان کے چہرے افسردہ،

ان کی صورت تصویر غم بنی ہوئی ہے، ان کی گفتار سراپا درد و الم معلوم ہوتی ہے، اپنے ہم جماعت و ہم خیال کامیاب طلبہ سے میل جول کرتے ہوئے یہ شرمائے جاتے ہیں، اپنے شفیق اساتذہ سے چار آنکھ ہوتے ہی پسینہ پسینہ ہوئے جارہے ہیں، غرض کامیاب طلبہ ع لبوں پر مسرت تو رخ پر بہار، کے مصداق بنے ہوئے ہیں اور ناکام زبان حال سے گویا ہیں ع درد مندیم خبر مپرس ہدا از سوز دروں، اگرچہ ان کی سرگردانی و پریشانی قابل رحم ہے، درحقیقت ان کی پریشانی کا الزام انہیں کے سر ہے۔ شیخ سعدی علیہ الرحمہ دنیا کی زندگی میں نیک عمل نہ کرکے آخرت میں بروز قیامت سرگرداں و پریشان بدکاروں کے متعلق ارشاد فرماتے ہیں ؎

بہل تا بدنداں گزد پشت دست　　تنورے چنیں گرم نانے نہ بست

یہی حال سوائے بعض ناکام طلبہ کے جو باوجود محنت سوء اتفاق سے کامیاب نہ ہو سکے عام ناکام طلبہ ہے کہ انہوں نے وقت کی قدر نہ کی، تعلیم سے دلچسپی نہ لی، اساتذہ کی محنت و قابلیت سے فائدہ نہ اٹھایا، والدین پر اخراجات کا بار ڈالا، اور باوجود علم کی دولت نہایت ارزاں ہونے کے کچھ نہ کمایا، الحاصل ان کی پریشانی توجہ کے قابل نہیں کہ ع خود کردہ را علاجے نیست، یہ سب کچھ صحیح لیکن آخر ہیں تو یہ طالب علم اور نوعمر یا نوجوان طالب علم، ابھی وہ دور اندیشی و عزیز اوقات کی قدر دانی ان میں کہاں، زمانہ کے نشیب و فراز کی انہیں کیا خبر، ناکام نہ ہونے تک ناکامی کی دلخراش مصیبت سے انہیں کیا آشنائی، نامرادی کی جانکاہ تکلیف سے انہیں کیا روشناسی، پس

ضرور ہوا کہ اسباب کامیابی پر چند ناچیز خیالات قلمبند کئے جائیں اور عزیز طلبہ کو چند مفید مشورے دئے جائیں؛ کامیابی کے لئے حسب ذیل امور ضروری ہیں:-

(۱) نیک نیتی (۲) مطالعہ (۳) پابندی اوقات (۴) انہماک (۵) طلب صادق (۶) حفاظت وقت (۷) حفاظت صحت (۸) دور اندیشی (۹) عمل صحیح (۱۰) اطاعت و احترام والدین و اساتذہ (۱۱) درستی اخلاق و عادات (۱۲) ہمدردی ملک و قوم۔

نیک نیتی ہر کام کا بہترین نتیجہ اسی صورت میں نکل سکتا ہے کہ کام کرنے والے کی نیت بخیر ہو۔ خاص کر علم و فضل جیسی لازوال نعمت سے وہی لوگ بہرہ ور ہو سکتے ہیں جن کی نیتیں اچھی اور جن کے مقاصد نہایت بلند ہوں اگر اس پر کافی غور و تدبیر سے کام لیا جائے کہ کثیر التعداد طلبہ کے امتحانات میں ناکام ہونے کے کیا اسباب ہیں تو ایک بڑا سبب یہ بھی معلوم ہوگا کہ طلبہ میں نیک نیتی تقریباً مفقود ہے علم کی غرض و غایت عام طور پر بہت ہی ادنیٰ چیز یعنے ذاتی منفعت اور حصول دولت قرار دی گئی ہے تحصیل علم سے عام طلبہ کو قومی ترقی، ملکی منفعت، مذہبی خدمات، ہمدردی، تہذیب نفس، ایثار و قربانی حق و باطل کی تمیز، بہت کم مقصود ہے حالانکہ علم و کمال کے حقیقی اغراض یہی امور ہیں ورنہ ذاتی اور شخصی منفعتیں بغیر علم کے بھی کسی نہ کسی طرح بہدست ہو سکتی ہیں۔ چنانچہ جانور بھی اپنے اغراض کی تکمیل خاطر خواہ کر لیا کرتے ہیں؛ اگلے زمانہ کے تقریباً تمام علماء کے پیش نظر علم کے ذریعہ صرف مال و دولت کا کمانا یا اپنے آپ ہی کو فائدہ پہنچا لینا ہرگز مقصود نہیں رہا ہے؛ اس کا یہ مطلب نہیں کہ اہل علم دولت حاصل ہی نہ کریں یا اپنی

ذات کو کچھ فائدہ ہی نہ پہنچائیں۔ ظاہر ہے کہ ایسا نہیں ہو سکتا کہ ع قدر مرد بہ علم است و قدر علم بہ مال؛ مقصد یہ ہے کہ تحصیل علم سے طلبہ کے مطمح نظر مستذکرہ اوصاف حمیدہ رہیں اور یہ کہ علم و کمال کو صرف علم و کمال کی حیثیت سے حاصل کریں اور مال و منال ضمناً مقصود ہوں، مال و دولت بری چیز نہیں مگر اپنی عزیز زندگی کو صرف مال و دولت ہی کے لئے وقف کر دینا نہایت معیوب ہے، اور علم جیسی نفیس چیز کو حصول دولت ہی کے لئے حاصل کرنیکی تجویز سخت جہالت؛ پہلے زمانہ کے علماء کرام کے حالات تفصیل سے دیکھ ڈالئے تو ایک عالم بھی شاید ایسا نہ ملیگا جس نے علم صرف اس لئے سیکھا ہو کہ اس کو اپنی معاش کا ذریعہ بنائے یا اپنے علم و کمال کے وسیلہ سے بڑا مالدار بن جائے آپ کو اُن علماء میں جن پر علم و فضل کو ناز ہے ایسی سیکڑوں ہستیاں ملینگی جنہوں نے باوجود کمال علم و فضل کے معمولی سے معمولی پیشے اختیار کئے اور نہایت قناعت گزینی سے اپنی مبارک زندگی گزار دی مگر اپنے فضل و کمال سے زمانہ کو زندہ کر دیا بلکہ بجائے اس کے کہ علم کو دولت یا ملازمت کے لئے حاصل کریں یا فراغ التحصیل ہونے کے بعد ملازمت کے لئے سرگرداں رہیں؛ اعلیٰ عہدوں کے قبول کرنے پر وہ مقدس لوگ مجبور کئے جاتے تھے۔ بعض تو مخلوق خدا کی نفع رسانی کے خیال سے خواہ مخواہ منظور کر لیتے تھے بعض ایسے بھی بلند خیال ہوتے تھے کہ عہدے نہ قبول کرنے سے سزائے قید پاتے چنانچہ امام اعظم حضرت ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے لئے خلیفہ منصور نے قضاء کا عہدہ جلیلہ تجویز کیا۔ امام صاحب نے انکار کر دیا، منصور نے قسم کھا کر کہا کہ میں تم کو قاضی مقرر کرونگا۔ امام صاحب نے بھی قسم کھائی کہ

میں اس عہدے کو ہرگز قبول نہیں کرونگا۔ خلیفہ نے ان کو قید خانہ بھیجدیا اور حالت محبوسی ہی میں اس ایک عالم کے امام نے وفات پائی' امیر سلیمان ابن علیؓ نے مقام اہواز سے ایک قاصد' امام ادب خلیل نصیری کے پاس بھیجا اور ان کو امیرزادہ کی تعلیم کے لئے طلب کیا۔ ایلچی کی خبر پاکر وہ ادیب بے مثل باہر آیا۔ سوکھی روٹی کا ایک ٹکڑا ہاتھ میں تھا' وہ ٹکڑا قاصد کو دیا اور کہا کہ تو میرے پاس تو یہی حاضر ہے' اور جب تک کہ یہ موجود ہے خلیل کو سلیمان کی پروا نہیں!! ابو غالب لغوی نے جب اپنی کتاب فن لغت میں تصنیف کی تو امیر مجاہد نے ایک ہزار اشرفیاں ان کے پاس بھیجیں اور یہ فرمائش کی کہ کتاب مذکور کے دیباچہ میں یہ الفاظ درج کردیں کہ اس کتاب کو ابو غالب نے امیر مجاہد کے لئے تصنیف کیا ہے' ابو غالب نے عطیۂ شاہی کو واپس کردیا اور کہلا بھیجا کہ اگر ساری دنیا بھی مجھکو دی جائے تو بھی میں جھوٹ بولنا روا نہ سمجھونگا میں نے یہ کتاب خاصکر امیر کے واسطے تالیف نہیں کی ہے بلکہ عام نفع کے خیال سے لکھی ہے؛ عثمان غنیؓ ابن مسلم محدث انصاری کو ایک دفعہ دس ہزار اشرفیاں اس غرض سے دی گئیں کہ فلاں شخص کی نسبت وہ قاضی کی عدالت میں جرح و تعدیل نہ کریں مگر انہوں نے فرمایا کہ میں کسی کے حق کو باطل نہیں کرسکتا اور یہ کہکر اشرفیاں واپس کردیں۔

پہلے کے اہل علم کا یہ حال تھا؛ اب کے طلبہ کی یہ کیفیت ہے کہ ابتدار ہی سے اپنے ذہن میں ناقص تخیلات جمائے ہوئے رہتے ہیں' میں نے بارہا متعدد طلبہ سے سوال کیا ہے کہ تعلیم کس لئے پا رہے ہو' اس کے جوابات

جو مختلف عمر و لیاقت کے طلبار نے دئے ملاحظہ ہوں:۔ منصف و تعلقدار ہونے
انجنیر و ڈاکٹر بننے، وکالت یا کوئی نہ کوئی ملازمت اختیار کرنے، یہ جوابات کسیقدر
درست ہو سکتے، اگر یہیں تک ہوتے کیونکہ اس میں ایک پہلو عدل و انصاف
کی عہدہ صفت سے متصف ہونے اور قومی خدمات بجالانے کا موجود تھا مگر طلبہ
کے دل و دماغ میں ان عہدوں اور ان خدمات سے یہ غرض بھی نہیں کیونکہ
جب ان سے پوچھا گیا کہ منصف یا وکیل بننا تمہیں کیوں مقصود ہے تو جواب
ملا مال و دولت کمانے کے لئے، کہا گیا کہ دولت کی کیوں ضرورت ہے تو کہا
ناز و نعمت میں بسر کرنے کے واسطے! پس سب کا خلاصہ یہ ہوا کہ علم صرف
اس لئے سیکھا جا رہا ہے کہ مال و دولت افراط سے کمائیں۔ کھائیں۔ پئیں
عیش و عشرت میں بسر کریں۔ بعض طلبار نے تو سوال کے ساتھ ہی صاف صاف
کہدیا کہ تعلیم سے ہمیں صرف دولت کمانا اور پیٹ پالنا مقصود ہے، الغرض
چونکہ طلبہ کی نیتیں خیر پر مبنی نہیں ہیں۔ اس لئے علم کی حقیقی روشنی سے یہ بہت
کم منور ہوتے ہیں اور باوجود محنت بھی بسا اوقات علم و کمال بدرجہ اتم یہ حاصل
نہیں کر سکتے، اکثر ایسا ہوتا ہے کہ ایک ایک امتحان کی کامیابی کے لئے کئی کئی
سال ضایع جاتے ہیں اور اگر بعض طلبہ کامیاب بھی ہو جاتے ہیں تو ذہنی اور
علمی ترقی سے کافی طور پر دوسروں کو فائدہ نہیں پہنچا سکتے، بلکہ ایسی نظیریں
بھی موجود ہیں کہ کامیابی کے ساتھ ساتھ انہوں نے پڑھا پڑھایا ہوا بھی بھلا دیا،
خوش قسمتی سے کہیں کے مدرس ہو گئے تو صرف اپنے مفوضہ مضامین حاضر فی الذہن
رکھے باقی کا خدا حافظ چنانچہ بعض فارغ التحصیل اشخاص سے کسی عبارت کا

مطلب پوچھا جاتا ہے تو جواب ملتا ہے کہ اب علمی شغلہ باقی نہ رہا برسوں ہوئے کہ مطالعہ چھوٹ گیا ہے الحاصل اگر علم کو علم وفضل کی حیثیت سے سیکھا جاتا تو اس جوہر بے بہا کی بیحد حفاظت کی جاتی اور برسوں میں کمائی ہوئی لاثانی دولت کو اس طرح بے پروائی سے برباد نہ کیا جاتا' چونکہ علم کو ایک معمولی چیز کے حصول کا ذریعہ سمجھکر حاصل کیا گیا تھا اس لئے اصل مقصود پر دسترس ہوتے ہی علم اور علم کے اعلیٰ مقاصد سے قطع تعلق کر لیا گیا ع وائے نادانی ما حیف بہ دانائی ما؛

میرے عزیز طالب علمو! شفیق دوستو! انما الاعمال بالنیات کے باطمت زرین فعل کو نہ بھولو اور جو کچھ سیکھو اور جو علم حاصل کرو نیت بالخیر رکھو اگر نیت اچھی رکھوگے تو اپنے علم وہنر سے دینی و دنیاوی بہبودیاں حاصل کرسکوگے اور دارین میں کامیاب رہوگے۔

مطالعہ مدرسہ آنے سے پہلے اپنے آئندہ اسباق کا مطالعہ ضرور کرلینا چاہیئے عام اس سے کہ مضمون ہماری سمجھ میں آئے یا نہ آئے' ہمارے سامنے ایک اجنبی شخص آتا ہے اور ایک وہ بھی جس کو ہمنے پہلے کبھی دیکھا ہے ظاہر ہے کہ اجنبی کے بہ نسبت اس شخص کو بہت جلد پہچان لینگے اور اب جتنے معلومات جسقدر وقت میں اسکے متعلق ہمیں حاصل ہونگے پہلے شخص کے متعلق ہمیں حاصل نہیں ہوسکتے اسلئے کہ ابھی تو اسے پہچاننا باقی ہے یہی حال مطالعہ کئے ہوئے اور نہ کئے ہوئے اسباق کا ہے۔ مطالعہ کے باعث گویا اس سبق سے ایک حد تک آشنائی ہوچکی اب جب استاد صاحب پڑھائینگے تو اسکی باریکیاں بہت جلد سمجھ میں آجائینگی بغیر مطالعہ جو سبق لیا جائیگا پہلے اسکی نوعیت ذہن نشین کرنی پڑیگی اسکے بعد اسکی لطافتوں کیطرف ذہن متوجہ ہوسکیگا۔

اکثر طلبہ نے مطالعہ کو بالکل غیر ضروری خیال کرلیا ہے چنانچہ آئندہ اسباق کا مطالعہ تو درکنار نئی درسی کتاب کے اوراق جو قلم تراش سے علٰحدہ کئے جانے کے قابل ہیں طلبہ کو اتنی بھی فرصت نہیں ہوتی کہ کتاب خریدتے ہی انہیں ایک دوسرے سے وقت واحد میں قطع کر رکھیں کہ پڑھائی کے وقت جب ورق اُلٹانے پڑیں تو قلمتراش کی محتاجی نہ ہو یا بے احتیاطی سے چاک کرنے میں کتاب ناقص نہ ہونے پائے۔ اکثر دیکھا جاتا ہے کہ استاد صاحب انہیں درس دینے میں مشغول ہیں اور یہ ایک صفحہ سے دوسرے صفحہ تک پہنچنے کے لئے اوراق چاک کرنے میں مصروف۔ غور فرمائیے کہ جب کتاب سے ورق ہی اب تک نہ الٹے گئے تھے تو مطالعہ کیا خاک ہوا ہوگا۔ اگر ہر سبق کو کم از کم ایک بار سرسری اور دوسری مرتبہ گہری نظر سے دیکھ لیا جائے اور مشکل الفاظ کے معانی حتی المقدور لغات سے حل کرلئے جائیں نیز مضامین متعلقہ پر پہلے پہل غور کرلیا جائے تو ہر سبق بہت اچھی طرح سمجھ میں آجائیگا۔ پھر ایک دوبار اس کو پڑھ لینے سے کافی طور پر ذہن نشین ہو جائے گا لیاقت بڑھے گی کامیابی یقیناً ہو کر رہیگی اس وقت جو مطالعہ اور کتب بینی کی عادت ڈالی جاتی ہے آئندہ چل کر بڑے کام آتی ہے دل و دماغ مضامین آفرینی کے عادی ہو جاتے ہیں ذرا ذرا سی بات میں استادوں کی محتاجی نہیں رہتی اگر مطالعہ سے بے پروائی کا یہی حال رہا جو طالب علمی کے زمانہ میں ہے تو یاد رہے کہ معلومات محدود رہینگے اور آئندہ زندگی میں جب کبھی کوئی کتاب ہاتھ میں آئیگی۔ بہت ممکن ہے کہ ہر ہر فقرے پر اسکے سمجھانیوالے کی ضرورت دامنگیر رہے۔ کیونکہ بچپن ہی سے دماغ کاہل الوجود بنا رکھا ہے اگر کسی بچہ کو ابتداء سے ایک ہی جگہ بیکار بیٹھا رہنے دیں اور اسکی تمام ضروریات اوروں کے ذریعہ پوری کرتے رہیں تو ظاہر ہے کہ یہ لڑکا بڑا ہوگا تو ہاتھ پاؤں کا

ناکارہ اور بالکل اپاہج رہیگا۔ پس جسطرح کسی لڑکے کے لئے کم عمری ہی سے محنتی بنانا اور اپنا کام آپ انجام دینے کی عادت ڈالنا مفید ہے اسی طرح دل و دماغ کو شروع ہی سے محنتی بنانا اور سوچنے سمجھنے کا مادہ ان میں پیدا کرنا نہایت کار آمد ہے تاکہ آئندہ اُن سے اعلیٰ قابلیت کے کام لے سکیں اور بات بات میں دوسروں کے محتاج نہ رہیں کیونکہ ع مزد آں گرفت جان برادر کہ کار کرد۔

پابندی اوقات جہاں کہیں انسان کے لئے سیکڑوں اچھے اخلاق و عادات کی ضرورت ہے وہیں پابندی اوقات کی عمدہ صفت کا اس میں پیدا ہونا نہایت ضروری ہے۔ اوقات کی پابندی کے بغیر دنیا کا کوئی کام باحسن الوجوہ انجام نہیں پا سکتا، عالم کے تمام کاروبار قادر لایزال نے نہایت منضبط رکھے ہیں، آفتاب کا طلوع و غروب، چاند کا بڑھنا گھٹنا، رات اور دن کا ظاہر ہونا، بہار و خزاں کا وجود غرض کائنات کا ذرہ ذرہ پابندی اوقات کا نہایت دلدادہ ہے، اور اپنا اپنا مفوضہ کام وقت مقررہ پر پورے انہماک سے انجام دینے کا عادی۔ افسوس ہے اس اشرف المخلوقات کہلانے والے انسان پر کہ یہ اپنے وقت کا اپنے وعدہ کا بہت کم پابند رہا کرتا ہے، اپنے بڑے بڑے عیوب اس کی نظر میں نہیں آتے، یہ کسی محرابی گھڑی کی آواز سنتا ہے کہ چار گھنٹے بجانے کے عوض اس نے بارہ بجا دئے فوراً استعجاب سے سر اٹھا اٹھا کر اسے دیکھنے لگتا ہے کہ اپنے وقت اور اپنے وعدے (صحت اوقات) کی پابندی کیوں نہیں کرتی ہے، مدرسہ طالب علموں کے لئے ہر قسم کی عمدہ تربیتوں کا کفیل ہے بشرطیکہ طلبہ اُس کے قوانین کی پابندی کریں خصوصاً پابندی اوقات پر طلبہ کو خاص طور پر متوجہ ہونا چاہیئے کہ اگر طالب علمی کے زمانے سے پابندی اوقات کی عادت ہوگی تو آئندہ بھی ہر کام وقت پر

ہوگا۔ طالب علم آگے چل کر خواہ کچھ ہی زندگی کیوں نہ اختیار کرے ہر صورت میں اُس کو اوقات کی پابندی کی سخت ضرورت ہے اور اس کے بغیر اس کا کوئی کام تکمیل نہیں پاسکتا پس جو طلبا اوقات مدرسہ کے پابند ہیں وقت پر حاضر ہوجایا کرتے ہیں گویا وہ اپنی آئندہ زندگی کے لئے بہترین سرمایہ جمع کر رہے ہیں اس کے علاوہ اگر اوقات کی پابندی نہ کیجائے تو تحصیل علم میں بڑی بڑی رکاوٹیں پیدا ہوجاتی ہیں۔ کاہلی۔ بے ادبی۔ بے پروائی۔ بدشوقی کا ثبوت عدم پابندی اوقات میں مضمر ہے۔ جو لڑکا دیر حاضری کا عادی ہے عنقریب غیر حاضر بھی ہونے لگیگا۔ غیر حاضر طالب علم امتحان میں کامیاب ہوجائے تو تعجب ہے۔ دیر حاضری سے قطع نظر اس کے کہ کتابچہ حاضری میں غیر حاضری پڑیگی، استاد کی لعنت ملامت ہوگی، صدر مدرس صاحب سے سزا ملیگی، یہ کتنی بُری بات ہے کہ جو سبق استاد تمہارے حاضر ہونے تک پڑھا چکا ہے اس کی تلافی کس طرح ہوگی، اکثر ایسا ہوتا ہے کہ پہلے مضمون سے بعد کا مضمون متعلق رہتا ہے: ایک دوسرے کے بغیر سمجھ میں نہیں آسکتا۔ پس اس دیر کی وجہ سے بسا اوقات کامل سبق ادھورا رہجائیگا اور ممکن ہے کہ اس کے بعد کے بھی دو چار سبق اسی طرح ذہن نشین ہونے سے قاصر رہیں، جب عدم پابندی وقت کے باعث اسباق پر یہ اثر پڑیگا تو امتحان کی کامیابی خواب و خیال ہوجائیگی اس لئے ہونہار طلبہ کا فرض ہے کہ مستعدی کے ساتھ وقت کے پابند رہیں مدرسہ کے مقررہ اوقات کا اپنے ذہن میں ایک آدھ گھنٹہ قبل ہونا معین کرلیں اور اسی اعتبار سے اپنے گھر سے حاضر مدرسہ ہونے کے لئے نکل کھڑے ہوں۔ مثلاً مدرسہ کا وقت دس بجے سے ہو تو اپنے خیال میں حقیقی طور پر ساڑھے نو بجے قرار دے لو اور اسی معینہ وقت پر حاضر ہونیکی

سختی سے پابندی کرو تاکہ کم از کم مقررہ وقت پر پہنچ سکو اور دیر حاضر ہو کر استاد صاحب سے یہ کہنے کے بجائے کہ آج ضروری کام کیوجہ سے دیر ہوگئی، اس ضروری کام ہی سے ہاتھ اٹھاؤ۔ مثلاً یہ کہدو کہ مجھے وقت پر مدرسہ حاضر ہونا بہت ضروری ہے، وقت پر بلکہ وقت سے کچھ پہلے آؤ گے تو راستہ چلنے کی تکان اترنے تک اطمینان سے بیٹھ سکو گے آرام ملیگا۔ پھر جب سبق شروع ہوگا تو اول سے آخر تک توجہ کے ساتھ سن اور سمجھ سکو گے، مضامین اچھی طرح یاد ہونگے، مدرسہ آنیکی غرض پوری ہوگی، امتحان میں کامیابی میسر ہوگی، دیر حاضر لڑکے نہ صرف اپنا نقصان کر لیتے ہیں بلکہ غیر وقت آنے اور اپنی اپنی نشست پر بیٹھنے کے وقت حاضر باش اور پابند طلبہ کی توجہ کو بھی منتشر کرنیکا باعث ہوتے ہیں اور اُن کے سبب سے استاد کا بھی کچھ وقت ہر ایک دیر حاضر لڑکے سے وجہ دیر رسی پوچھنے میں ضایع ہوئے بغیر نہیں رہتا، معلوم ہوا کہ دیر حاضری ایک متعدی مرض ہے جس کا نقصان دیر حاضری سے گذر کر اوروں تک پہنچتا ہے۔ پس ایسی مضر چیز سے پرہیز نہایت ضروری ہے۔

قطع نظر اوقات مدرسہ کی پابندی کے طالب علم کا فرض ہے کہ اپنے گھر پر بھی خاص ضبط الاوقات کا نقشہ بنالے جس کی پوری پابندی کرے تاکہ مدرسہ کے باہر اور اندر ہر طرح پابندی اوقات کا عادی رہے۔

(باقی)

تاریخ پر جغرافیہ کا اثر

(اثر خامہ جناب آچاری صاحب)

جغرافیہ بمنزلہ جسم اور تاریخ اس کی روح ہے جس طرح روح کیلئے جسم کی ضرورت ہے اور اس کی تمام ترقی اور اہمیت کا انحصار جسم پر ہے اسی طرح کسی ملک کی تاریخ کا انحصار بہت کچھ اس کی جغرافیائی حالت پر ہے۔ مثلاً صحرائے اعظم جیسے قطعہ کی تاریخ جہاں کی جغرافیائی حالت نہایت خراب اور زبون ہے اتنی بہتر اور شاندار نہیں ہو سکتی جتنی کسی ایسے ملک کی جہاں کی سرزمین کو قدرت نے زرخیز بنا کر مختلف معدنیات اور خوش گوار موسموں سے مالامال کر دیا ہو۔ مذکورۂ بالا حالات کا اثر نتائج پر نہایت اہم اور قابل لحاظ ہوتا ہے۔ اس کو اچھی طرح سمجھنے کے لئے ہم اپنے ملک کو مثالاً لینگے اور دیکھینگے کہ اس کی جغرافیائی حالت نے اس کی تاریخ پر کیا اثر کیا

پہلے ہم اپنے ملک کے مظاہرات طبعی یا خارجی شکل کو لیتے ہیں۔ ہندوستان زرخیز اور پُرفضا میدانوں کا ملک ہے جس کے شمال میں ہمالیہ کے سربفلک پہاڑ کھڑے ہیں اور جن کو شرق مغرب اور جنوب میں بحر ہند گھیرے ہوئے ہے اگر صرف ہمالیہ کو لے لیا جائے تو ہم دیکھینگے کہ اس کا کچھ کم اثر ہماری تاریخ پر نہیں پڑا۔ اچھا خوشگوار موسم بارش کی کثرت، زمین کی زرخیزی، شمال شرق میں بیرونی حملہ آوروں سے حفاظت، یہ سب باتیں ہمالیہ ہی کے وجہ سے حاصل ہوئی ہیں؛ تاہم شمال مغرب کی جانب سے حملہ آور اہل ہند کو پریشان کرتے رہے؛ اگر ہندوستان کے شمال مغرب میں

درے اور راستے بند ہوتے تو آج یہاں کی تاریخ کچھ اور ہی ہوتی، سمندر نے بھی ہماری اس وقت تک بخوبی حفاظت کی۔ جب تک کسی انسان کو ادھر عبور کی قدرت حاصل نہ ہوئی چنانچہ فن جہاز رانی کی ترقی کے ساتھ ساتھ پرتگیزی، ولندیزی، فرانسیسی اور انگریز ہندوستان کے ساحل پر تاجروں کی حیثیت سے آ بسے ایک عرصہ تک ان اقوام یورپ میں پہلے پہل مقابلۂ تجارت اور پھر ہندوستان میں ایک انہی مستقل حکومت قایم کرنے کے لئے باہم کش مکش رہی لیکن آخر کار دوسری قوموں کو اُس قوم نے شکست دی جس کو بحری قوت میں فوقیت حاصل تھی اور جو اس کو اس کے ملک کی جغرافیائی حالت یعنے جزیرہ ہونے سے ہوئی۔ یہاں کے میدانوں کی شادابی، جہاں ایک طرف اہل ہند کے لئے رحمت الٰہی ہے وہی وہاں دوسری طرف بیرونی حملوں کی وجہ قرار پائی؛ ان حملوں نے اہل ہند کو سخت مصائب میں مبتلا کیا، یہی زرخیزی اہل ہند کی کمزوری اور انحطاط جسمانی کا سبب ہوئی۔ کیونکہ جس زمین کو قدرت نے اپنے دین سے مالا مال کر دیا ہے وہاں کے لوگ محنتی نہیں ہوتے بلکہ آرام طلب بن جاتے ہیں۔ برخلاف اس کے جہاں قدرت نے فیاضی سے کام نہیں لیا ہے وہاں کے باشندوں کو اپنا پیٹ پالنے کے لئے سخت محنت کرنی پڑتی ہے جس سے وہ مضبوط اور توانا ہو جاتے ہیں۔ اسی وجہ سے ہندوستان میں پہلے آنیوالی قوموں نے ہمیشہ بعد میں آنیوالی قوموں سے شکست کھائی ہے !!؟

بندھیاچل، ست پڑا اور مغربی گھاٹوں نے بھی ہماری تاریخ کی تشکیل کی ہے، یہ انہی دو پہاڑ کوہ بندھیاچل اور ست پڑا کی سنگین دیواروں کا نتیجہ تھا کہ

جس وقت شمالی ہند میں بدامنی اور شورش پھیلی ہوئی تھی اس وقت جنوبی ہند میں کامل امن و امان تھا اور لوگ اطمینان سے زندگی بسر کر رہے تھے مغربی گھاٹوں کی سرزمین نے سیواجی جیسے قزاق کو ایک علیحدہ سلطنت قایم کرنے اور اپنے وقت کی عظیم ترین قوت سے بغاوت کرنے کا موقع دیا' آج ہم دیکھتے ہیں کہ بمبئی کلکتہ اور رنگون جیسے شہروں کی ترقی کا باعث زیادہ تر اُن کا محل وقوع ہوا ہے' ان کا خشکی اور تری کے درمیان واقع ہونا اور اس کا سرسبز و شاداب ہونا دونوں امور ان کی ترقی کے باعث ہوئے ہیں' اب ہم چین اور جاپان کو مثالاً لیتے ہیں اور دیکھتے ہیں کہ ان ممالک کی جغرافیائی حالت نے ان کی تاریخ پر کیا اثر ڈالا ہے' قدرت نے چین کے ممالک کو دوسرے حصص سے بذریعہ بے آب و گیاہ صحراؤں اور سربفلک پہاڑوں کے بالکل علیحدہ کر دیا ہے جس کی وجہ سے اہل چین اپنی قدیم روایات اور رسوم کو اب تک قایم رکھ سکے ہیں' دوسری طرف ہم کو اہل جاپان نظر آتے ہیں جن کو یورپ اور امریکہ کے ملاحوں سے ملنے جلنے کا اتفاق ہوا ہو ممالک غیر کو گئے وہاں علوم و فنون حاصل کئے اور واپس آ کے اپنے ملک اور قوم کی حالت کو درست کیا یہی حالت ہم کو یورپ میں بھی نظر آئیگی۔ مثلاً مینچسٹر لیورپول لنین گریڈ اور برلن جیسے شہروں کے تمول اور بزرگی کا باعث ان کی جغرافیائی حالت ہوئی ہے' قسطنطینہ اور دردانیال کا محل وقوع سہولت کے لحاظ سے اکثر لڑائیوں کا محرک ہوا' اقوام یورپ کی تاریخ نو آبادیات میں بھی انہی وجوہ کو بہت کچھ دخل ہے' طمع زر امریکہ جزائر غرب الہند افریقہ اور اسٹریلیا کے دریافت کی باعث ہوئی' کوئلہ اور لوہے کی کانوں نے تجارت میں ایک انقلاب عظیم پیدا کر دیا' ان

مثالوں سے یہ صاف ظاہر ہوتا ہے کہ ہر ملک کی تاریخ کی ساخت میں وہاں کی جغرافیائی حالت کو بہت کچھ دخل ہوتا ہے، تاریخ کے طالب علم اپنے مضمون کو نہایت دلچسپ پائینگے اگر وہ تاریخ کا مطالعہ اور اُس کے واقعات کا مقابلہ وہاں کی جغرافیائی حالت سے کرتے جائیں۔ چنانچہ ہمارے لئے یہ بہت ضروری ہے کہ ہم جغرافیہ کی تعلیم پر جدید طور سے توجہ کریں۔

انجمن اساتذہ بلدہ کے پہلے سالانہ جلسہ کی

مفصل رُوئداد

زیر طبع ہے۔ اور سب ذیل پتہ سے مل سکتی ہے:۔

خازن انجمن اساتذہ بلدہ
دفتر صدر مہتمی تعلیمات
حیدرآباد دکن

قیمت عہ سکہ ثمانیہ

ارتقائے عملِ تعلیم

(از مسٹر گنیش چند بی۔ اے)

مقصد تعلیم طریقۂ تعلیم اور نصاب تعلیم کا انحصار زیادہ تر مقصد تعلیم پر ہے اس لئے سب سے پہلے یہ معلوم کرنا چاہیئے کہ تعلیم کا مقصد کیا ہے ؟

تعلیم کے مقاصد متعدد ہیں۔ بعض کا خیال ہے کہ صرف بسر بر د کے لیے تعلیم حاصل کی جاتی ہے بعض کی رائے ہے کہ تعلیم کا مقصد صرف علمی معلومات میں معتدبہ اضافہ کرنا ہے ؛ بعض اشخاص تعلیم کا مقصد اخلاق کی درستی بتلاتے ہیں، لیکن امریکہ کے چند مشہور مخصوصین تعلیم نے مذکورہ مقاصد تعلیم کو پیش نظر رکھکر تعلیم کا مقصد یہ بتلایا ہے کہ سوسائٹی کا بہترین رُکن پیدا کیا جائے۔ انسان سوسائٹی کا بہترین رُکن اسی وقت بن سکتا ہے جب وہ اپنی اور اپنے خاندان کی پرورش شائستہ اور عمدہ طریقہ سے کر سکے، اس کے اخلاق اس قدر وسیع ہوں کہ سوسائٹی اس کو پسند کرے ؛ نیز اُن کے معلومات اس قدر کافی ہوں کہ مسائل معاشرت پر نظر غائر ڈال سکے۔ تعلیم کا یہ مقصد نہایت بسیط اور جامع ہے !

لیکن انگلستان کے بعض مخصوصین تعلیم نے اس مقصد پر یہ اعتراض کیا ہے کہ اس میں انسان کی انفرادیت کو اتنی اہمیت نہیں دی گئی ہے جتنی کہ سوسائٹی کو کیونکہ ظاہر ہے کہ انسان سوسائٹی کے لیے اس وقت تک کسی طرح کارآمد نہیں ہو سکتا جب تک کہ اولاً اس کے ذاتی انفرادی نشو و نما نہ ہو، پس بقول ان، انفرادی ارتقاء

زندگی کا نصب العین ہے۔

مذکورہ مقاصد کو پیش رکھکر مقصد تعلیم کی بہترین تعبیر یہ ہوسکتی ہے کہ تاوقتیکہ انسان خود کی تربیت نہ کرے اسکی ہستی سوسائٹی کے لئے کسی طرح کارآمد اور مفید نہیں ہوسکتی لیکن ساتھ ہی اس کی تربیت ایسی ہونی چاہیئے کہ وہ آخرکار سوسائٹی کا مفید رکن بن سکے یعنی یہ کہ انسان کی تربیت ایک ساتھ ذاتی اور سوشیل ہو اس مقصد کو پیش نظر رکھکر یہ معلوم کرنا چاہیئے کہ تعلیم کے خارجی اجزار کیا ہیں؛ تعلیم کے چار عناصر ہیں۔ اول مرکز تعلیم۔ دوم متعلم۔ سوم معلم۔ اور چہارم طریقہ تعلیم[1]

مرکز تعلیم تعلیم کی پہلی تعلیم گاہ مدرسہ نہیں ہے بلکہ گھر ہے یہ وہ مقام ہے جہاں بچہ دیگر ممبران خاندان کی مدد سے اپنے ماحول سے واقف ہوتا ہے اس لئے مکان کی تعلیم بچہ کی آئندہ تعلیم کا سنگ بنیاد ہے چنانچہ اکثر مصلحین تعلیم نے ماں کی تربیت پر بیحد زور دیا ہے۔

لیکن مدرسہ کی اہمیت کسی طریقہ سے کم نہیں ہوسکتی کیونکہ مدرسہ کی تعلیم ایک باضابطہ صورت اختیار کرتی ہے دوسرے مراکز تعلیم میں اس کے معلومات اتفاقی اور موقتی ہوتے ہیں لیکن مدرسہ اول تو محصلہ معلومات میں اضافہ کرتا ہے۔ دوسرے یہ کہ ان کو باضابطہ اور تنظیم یافتہ شکل میں پیش کرتا ہے اور تیسرے یہ کہ ان نقائص کو دور کرتا ہے کہ جن کا بچہ مکان دیگر مقامات میں عادی ہوگیا ہے۔

---

[1] نصاب تعلیم بھی عناصر مذکورہ میں نہایت اہمیت رکھتا ہے اور مذکورہ ہر چہار عناصر میں مشترک اور ان پر حاوی ہے۔ (ایڈیٹر)

The next thing deserving particular mention is the lantern lecture on Japan by Nawab Masood Jung Bahadur. It was indeed a rare privilege to listen to the impassioned outflow of the Nawab's eloquence in that beautiful auditorium on that night. With his stalwart figure dressed all in black, with a face beaming with a real appreciation and admiration of the Japanese life and ideals, delivering his speech with a rhythm and a dignity all his own, he captivated the audience and carried them away to the land where Buddha, though dead, was still alive. The Nawab spoke for an hour and a half, illustrating his speech at the end by a number of slides. He impressed upon the audience the qualities which had made the Japanese people what they are to-day—their impassioned loyalty to the Emperor, their spirit of self-sacrifice, their appreciation of the beauties of Nature, their scrupulous cleanliness and their courage, courtesy and industry. The secret of their success, he said, lay in the fact that they had not allowed themselves to come under the influence of any one country.

Association, and concluded by reminding all those present of the debt of gratitude which they owed to His Exalted Highness the Nizam whose enlightened policy had resulted in an intellectual awakening in the Dominions as shown in the establishment of the Osmania University and the enormous increase in the number of schools and pupils.

The General Secretary's Annual Report disclosed the vast amount of useful work done by the Association during the first year of its existence and its sound financial position. After listening to this report and watching the proceedings of the Conference, one felt doubly sure that this organization had come to stay and was full of promise for the future.

The Presidential Address of Nawab Hydar Nawaz Jung Bahadur constitutes a valuable contribution to educational literature, being full of noble sentiments, high ideals and practical suggestions. To my mind, four points in his address deserve particular attention, namely, his remarks on the position of the teacher, on the canker of communalism, on the physical education of boys, and on the co-operative credit movement. The Nawab exhorted the teachers to realize the dignity of their profession and not to go seeking for favours from officer to officer and begging from door to door. He wanted the teacher to stand on a pedestal of his own where others should come to him. He placed before the teacher the ideal of self-sacrifice. He then pointed out with great insight that the teacher could do much to remove the communal discord in India. He condemned, and quite rightly, institutions and activities intended exclusively for particular communities. He laid great emphasis on the physical well-being of the people and showed how necessary it was that the teacher should pay special attention to the physique of his pupils in the school. He believed in the Boy Scout movement as an effective means to this end and wished it every success.

quality, variety and classification of the exhibits, one found it hard to believe that this was the first exhibition organized by the Hyderabad Teachers' Association. Verily this Conference had brought out a great deal of hidden enthusiasm and talent of the Hyderabad teachers ; and when it is seen that the President, in spite of his very onerous duties as the Finance Minister, was present throughout the Conference and conducted its proceedings with unusual interest and zeal, and when one considers also that Nawab Akbar Yar Jung Bahadur, Home Secretary, Nawab Masood Jung Bahadur, Director of Public Instruction and nearly all the important officers of the Education Department were among the distinguished visitors, some of them like the Director and Deputy Director of Public Instruction taking an active part in the Conference, one can assert without hesitation that the future of education in the Hyderabad State is assured and that the Hyderabad youth are, indeed, very fortunate in those that guide their educational activities. During the two days that the Conference lasted one felt that one moved in an atmosphere surcharged with a spirit of educational activity ; and the whole thing was indeed a very refreshing and stimulating experience for the teachers.

In his eloquent welcome address Mr. Marmaduke Pickthall, the Chairman of the Reception Committee, paid a warm tribute to the services which Nawab Hydar Nawaz Jung Bahadur had rendered to the cause of education. The Nawab, he said, had always subordinated financial considerations to the needs of education. Mr. Pickthall referred also to the splendid work done by the late Nawab Imadul Mulk Bahadur as the Director of Public Instruction. Speaking of Nawab Masood Jung Bahadur, he remarked, that the Nawab acted not only as the administrative head of the Educational Department but as the inspirer of it. He referred in fitting terms to the indefatigable zeal of Mr. Syed Ali Akbar, B.A., (Cantab.), the President of the

Impressions of the First Annual Conference of The Hyderabad Teachers' Association

BY

G. S. P.

THE First Annual Conference of the Hyderabad Teachers' Association was held at the City College on the 24th and 25th June, 1926, under the distinguished presidency of Nawab Hydar Nawaz Jung Bahadur, Sadr-ul-Moham of Finance. An educational exhibition was also organized on the occasion, and a number of prizes and certificates were awarded for the best exhibits. At the close of the second sitting, a Scout Rally was held, after which Nawab Masood Jung Bahadur, Director of Public Instruction, delivered a lantern lecture on Japan. The conference sat in four sessions during which those present listened to ten lectures of immense educational value and discussed six resolutions of great importance bearing on the existing educational needs in the Dominions. Besides these, there were the address of the Chairman of the Reception Committee, the Annual Report of the Association by the General Secretary, the opening and the closing addresses of the President and a few miscellaneous items.

The arrangements for the Conference had been made with great care and thoroughness. The college premises were tastefully decorated with a variety of festoons and buntings. The exhibition was held in two spacious halls on the ground floor. When one observed the quantity,

to a pos tion in which they themselves exacted service. I can remember hearing an old gentleman of comparatively small importance say, when the name of a famous peer who had been several times Prime Minister was mentioned: "He was my fag at Eton, and we used to call him Dirty Dick." Whenever I hear an Englishman in India bawling: "Bo-o-oy!" I remember the same cry at Harrow which always made the fags on duty run as if their lives depended on it.

This is a side of English Public School education, which has never, so far as I know, been faithfully reflected in the schools of any other country, however much enamoured of English methods of education. It can hardly be reflected in a land of day schools, where the boarders form a small minority of the students in any school. Yet it has its value. No boy was despised for being a fag to another, because everybody knew that that other had himself been a fag, and that every boy who came to the school must be a fag for some time. And no man in England who has been to a Public School—which means no member of what is called "the ruling class"—can be completely without sympathy for servants, can despise manual labour, or feel helpless if a servant happens not to be at hand to do things for him.

Schools are chosen by the class of people who can best afford to pick and choose in the matter of their children's education.

And how is that social training given ? Not by pampering the student, not by supervision of the masters, but by leaving him to rough it at the mercy of the other boys. The school is a self-governing institution quite apart from the masters, who have to respect its old traditions and observe them. Every new boy is furnished on arrival with a set of rules by which his conduct must be governed-rules framed not by masters but by boys, and not by boys of the present generation but by boys of long forgotten generations of the past. Every new boy is—and must submit, under pain of corporal punishment, to be—not only the subject but the actual servant of the Sixth Form boys, and must show a certain measure of respect to everyone above him in the school. In some schools the system of personal service still obtains, and a small boy is allowed as a fag to every Sixth Form boy to fetch and carry, run his errands, cook his breakfast, clean his boots if so commanded. In my old school we had a different system by which two boys of the Lower School in every House must always be on duty to answer the calls of their superiors. The fag might be a duke's son and the boy at whose command he ran might be the son of a successful tradesman. The social values of the outer world were altogether superseded by school social values ; and the school traditions were more honoured than the laws of Church and State. A certain number of lower boys were told off every evening in the summer term to fag for members, or would-be members, of the school cricket team who practised batting at the nets ; and woe betide the luckless fag who missed a catch or failed to throw up promptly to the bowler.

Thus, through service so severe as to crush out all conceit and all idea of self-importance boys struggled to a position where no service was exacted from them, and on

" Public School " Education

BY

MARMADUKE PICKTHALL,

Principal, Chaderghat High School.

I HAVE heard the English " Public School " mentioned as a desirable model for the Indian High School. They seem to me to belong to two different worlds of ideas. The English Public Schools (which are anything but public in the common sense of the word) were designed for the training-ground of a close aristocracy ; they were never meant to cater for the struggle for existence nor to meet the strain of competition ; they were regarded as successful if they turned out fairly cultivated, genial and large-minded men to fill secure positions which were theirs by birth. But as a well-bred aristocracy has characteristics which every man of wealth would like his children to possess, every parvenue was eager to send his son to a Public School so that the old and famous Public Schools have lost a good deal of their exclusive character, while new Public Schools on the same lines, but cheaper, have sprung up all over England to meet the growing demand. The great Public Schools are still a preserve for the children of quite rich people, for the cost of education there is such as would appal the wealthiest of Indian parents, accustomed to the old Eastern notion that education should be free for rich and poor alike. And the actual instruction in those schools is much less scientific and efficient than that given in the Government secondary schools. It is therefore less for earning than for social training that the Public

epoch-making administration, the Residency School deserves an honoured place as having been largely an outcome of private enterprise." Mr. Menon concluded his speech by expressing gratification at the present flourishing condition of the school and paying a tribute to the work done by Mr. Chandawarkar and Mr. Ali Akbar.

Mr. Ali Akbar proposed a vote of thanks to the chairman, and the proceedings came to an end after Mr. S. M. Hadi, Director of Boy Scouts, had invested the scouts of the school with badges.

ADVERTISING EDUCATION

"THE London Education Committee has just awarded three prizes (£20, £10, and £5) to students in its own art schools for picture poster designs to be used during the session 1926-27 to advertise the facilities provided by the Council for continued education. We think the object and the method are entirely praiseworthy. We doubt whether there are now left many austere-minded persons who object to the advertisement of educational activities. The evidence of our own eyes tells us, however, that there are still too many devotees of the dull and heavy educational "ad." Let no one imagine that we favour the flamboyant and garish forms of broadside publicity. The London County Council itself has set an example of what is possible on right lines. During each of the last two years Mr. Herrick's "Achievement" posters have been among the most notable things on the London hoardings. They were dignified,appealing, and of outstanding artistic merit. The L. C. C. has developed also an advertising technique, expressing itself in literary pamphlets, attractive leaflets, aud well-displayed posters, comparable with the best anywhere else in the world. Even our friendly rivals, the educational publicity experts of New York City, have praised ungrudgingly what they have seen in London. This is most satisfactory. Every Local Education Authority consider the question of publicity for its educational facilities. It seems right and appropriate that the form of all advertisements should be worthy of the subject."

The Schoolmaster, London.

Nizam's Government during the Directorship of Nawab Imadul Mulk Bahadur. Mr. Chandavarkar then showed how under Mr. Syed Ali Akbar the school had made progress in various directions. Its two great needs were increasing the accommodation and raising the school to the status of a High school. Its present strength was 400. After distributing the prizes, Mr. Menon made a very interesting speech, in which he referred to the intimate connection which had always existed between the school and the Chairman of the Residency Bazars Committee. " The institution," he said, " is a good index to the beneficent results of co-operation not merely between the public and the Government, but also between the State and the Residency." Proceeding, he remarked that the school " was *the* pioneer of education in the Residency Bazars, and one of the pioneers of education in the whole State. Not that there was no education in the State before the middle of the 19th century. History shows that under the Bahmani Kings education had flourished in the Deccan; that students were lodged, fed and clothed at the expense of the State ; and that learned moulvies and pundits were engaged from Hindustan, Persia, Bokhara and other celebrated Mussalman centres of learning. Even to-day Mohamed Gavan's splendid ' Madrassa ' at Bidar is a standing monument of this ' Golden Age of Education in the Deccan.' But evil days followed. The Maharattas desolated and the Pindaris plundered the State from one end to the other, the sword became mightier than the pen and kings

" Pinned their faith upon
The holy text of pike and gun."

Education, especially organized education, was neglected. It was not until Sir Salar Jung appeared on the scene that modern education can be said to have begun in Hyderabad ; and among the institutions that arose during his

School for instituting a suitable memorial of the principalship of Mr. Shawcross. It is conducted by the Hyderabad Athletic Association and is open to the high sections of all the High Schools in His Exalted Highness the Nizam's Dominions. Seven teams competed this year, the result being as follows :—



At the close of the final match, Mr. S. M. Hadi, Honorary Secretary of the Athletic Association, made a brief speech in which he gave a short history of the tournament and emphasized the need for cultivating the spirit of sportsmanship in the schools. Nawab Akbar Yar Jung Bahadur then gave away the shield to the winners.

On the 17th August, 1926, the Diamond Jubilee of His Exalted Highness the Nizam's Governnment Residency Middle School was celebrated under the Presidentship of Mr. K. P. S. Menon, M.A., I.C.S., Under-Secretary to the Honourable the British Resident. Mr. G. A. Chandavarkar, B.A., read a long report tracing the history of the institution and explaining its present condition and needs. The school was opened in 1866 and was the result of cooperation between the Residency officials and the general publ c. Its early founders were Raja Kandaswamy Moodliar and Moulvi Amenuddin Khan, while Sir Salar Jung the Great gave a generous donation for the construction of the school building. Till 1894 the school was managed by a committee presided over by the Superintendent of the Residency Bazars. In that year it was handed over to the Education Department of His Exalted Highness the

lecture on Japan, which proved the most popular item in the Conference programme; the kindness of Mr. S. M. Azam, Principal of the City Collegiate School, in allowing us the use of his magnificent school premises and giving us so hospitable a welcome; the spirit of friendly collaboration and goodwill among the members; and last, but not least, the indefatigable and most tactful work of Mr. Syed Ali Akbar, President of the Association, who may fairly be called the founder of the Conference.

Many interesting discussions took place, and some important resolutions were passed. But it is not on account of the work actually done on this occasion that we congratulate the President and all the membes so warmly on the success of the first Conference. It is on account of the work which the Conference has still to do, and which it has shown itself capable of doing well and thoroughly. We are convinced that a great and highly useful future is before our Annual Conference.

Since the beginning of the current academical year, the Hyderabad Normal School has been raised to the status of a college under the name of the Osmania Training College. Under the new scheme, provision has been made for training teachers who have passed the Intermediate Examination, while at the same time, by cutting down subjects of general education, the period of training for Middle passed teachers and matriculates has been reduced to one year. We feel sure that the increase in the number of trained teachers, which these arrangements will bring about, will add much to the efficiency of our schools.

The Shawcross Football Tournament was concluded successfully on the 12th August, 1926. The tournament owes its origin to the subscriptions collected from the staff and the present and past students of the Chaderghat High

Notes and News

WE regret our inability to publish, as promised, a short sketch of the late Nawab Imadul Mulk Bahadur's life, but we hope to be able to do so in our next issue.

A census of boys between 6 and 12 years of age residing within the Hyderabad Municipal limits was taken during the last summer vacation. The work was done by over 300 teachers, belonging to the various schools at the Head-quarters. The census statements show that the total number of boys between 6 and 12 years of age living within the said area is 20,005, of whom 8,584, *i.e.*, 42·9 per cent. are actually under instruction, 7,401 in public and 1,183 in private schools. Of the 11,421 boys who are not receiving any education, 5,378 are Mohammadens, 322 Brahmins, 3,602 non-Brahmins, 2,008 Pariahs, 107 Christians and 4 Parsis.

The first Annual Conference of the Hyderabad Teachers' Association has been held, and everyone who was present at its sessions must agree that it was an unqualified success. The success is due, like all success, to a number of causes in conjunction. Chief among them one may mention the sincere and earnest interest in the whole proceedings of the Conference taken by the distinguished President, Nawab Hydar Nawaz Jung Bahadur, who thus has added to the large debt of gratitude which the teaching community of Hyderabad already owed him; the active help and presence of the Director of Public Instruction, Nawab Masood Jung Bahadur, and his memorable evening

THE HYDERABAD TEACHER

CONTENTS

PAGES

NOTES AND NEWS 47

ADVERTISING EDUCATION 51

"PUBLIC SCHOOL" EDUCATION BY MARMADUKE PICKTHAL, PRINCIPALL, CHADERGHAT HIGH SCHOOL. . 52

IMPRESSIONS OF THE FIRST ANNUAL CONFERENCE OF THE HYDERABAD TEACHERS' ASSOCIATION BY G. S. P. 55

THE CRITIC REBUKED 61

SCHOOL HYGIENE AND FIRST AID: A LECTURE BY DR. LATHEEF SAYEED, M.B., (EDIN.) 62

WORDS BY PROFESSOR E. E. SPEIGHT, B.A. 67

THE NEED FOR SCOUTING BY T. N. SIVAN, ASSISTANT, ALL SAINTS' INSTITUTION 72

THE DALTON LABORATORY PLAN AT ARMENITOLA GOVERNMENT HIGH SCHOOL, DACCA BY G. BHATTACHARYA, PROFESSOR, TRAINING COLLEGE, DACCA . . 76

مُلک سرکار عالی کا

تاریخی و جیاگرفیکل اٹلس اُردو

اس اٹلس میں مُلک سرکار عالی اور اسکے جملہ اضلاع و نیز پائیگاہوں اور ستانات و ملک براڑ کے نقشہ جات نہایت صحت کے ساتھ طبع ہوئے ہیں اور ہر نقشہ کے محاذی پورے صفحہ پر اسکے متعلقہ جغرافی معلومات بالتفصیل درج کئے گئے ہیں ناظرین اٹلس مذا کو آئندہ ہر ایک حصہ ملک کے ضروری جغرافی حالات معلوم کرنے کے لئے کسی مزید جغرافیہ کے ملاحظہ کی ضرورت داعی نہ ہوگی یہ پہلا موقع ہے کہ اس اہتمام کے ساتھ ہمارے ملک کا اٹلس طبع ہو کر پیش ناظرین ہو رہا ہے۔

توقع ہے کہ مُلک کے قدردان اصحاب اور مدارس کے طلبار و مدرسین' اس نادر تحفہ کے طلب کرنے میں عجلت سے کام لیں گے تاکہ موجودہ نسخے ختم ہونے پر انہیں طبع ثانی کا انتظار نہ کرنا پڑے۔ اس اٹلس کی قیمت صرف عہ دو روپے آٹھ آنہ سکہ عثمانیہ

المشتہر

سید عبدالغفار تاجر کتب و پبلشر حیدرآباد دکن

Regtd. Asafia No. 47.

Vol. I.] Aban 1335 Fasli [No. 2.

Under the Patronage of
Nawab Masood Jung Bahadur,
Director of Public Instruction

The Hyderabad Teacher

Quarterly Magazine of The Teachers' Association, Hyderabad-Deccan

Editorial Staff:—
M. PICKTHALL
FATHER PAUL RYAN
SYED NADEEMUL HASAN

HYDERABAD-DECCAN
GOVERNMENT CENTRAL PRESS
1926

رجسٹری شدہ پیہ سرکار عالی نمبر ۴۰

زیر سرپرستی عالیجناب نواب مسعود جنگ بہادر

چیدہ آباد ڈیجسٹ

انجمن اساتذۂ حیدرآباد دکن کا سہ ماہی رسالہ

(مرتبہ)

سید ندیم احسن تاثیر رضوی بی اے (عثمانیہ)

اعظم اسٹیم پریس حیدرآباد میں طبع ہو کر دفتر انجمن اساتذہ واقع صدر مہتمی تعلیمات سے شائع ہوا

غایات

(۱) طبقۂ اساتذہ کے احساس معلمی کو بیدار کرنا۔
(۲) طبقۂ اساتذہ کے مخصوص انفرادی تجربات معلمی کو شایع کرنا۔
(۳) فن معلمی پر نفسیاتی حیثیت سے نقد و نظر۔
(۴) انجمن اساتذہ کے مفید مضامین کی اشاعت۔
(۵) انجمن اساتذہ کے مقاصد اغراض کو ملک کے طول و عرض میں مکمل طور پر پھیلانا۔

اصول

(ا) رسالہ کا نام "حیدرآباد ٹیچر" ہوگا اور ہر سہ ماہی پر صدر دفتر انجمن اساتذہ بلدہ سے شائع ہوگا
(ب) رسالہ کی سالانہ قیمت بہ تفصیل ذیل ہوگی۔

(۱) اندرون و بیرون ممالک محروسہ سرکار عالی ۳ روپیہ معہ محصول ڈاک سالانہ (سکہ رائجہ
" " " " " " ۱۲ر علاوہ محصول ڈاک فی پرچہ "

(ج) رسالہ نصف انگریزی نصف اردو ہوگا جس میں حسب صوابدید تغیر بھی ہو سکیگا۔
(د) صرف وہی مضامین درج ہو سکیں گے جو تعلیم و تعلم سے متعلق ہوں اور جن میں ملک کے مفاد تعلیمی کے لحاظ سے ندرت اور جدت ہو۔
(و) اشتہارات کا نرخ حسب صفحہ (۴۲) ٹائیٹل انگریزی اشاعت سابق رہے گا۔

فہرست مضامین

جلد (۱)	ماہ بہمن ۱۳۳۶ف مطابق ماہ دسمبر ۱۹۲۶ء	نمبر (۳)

نمبر شمار	مضمون	صاحب مضمون	صفحہ
۱	مخاطبات	مدیر	۱
۲	شاخہائے انجمن اساتذہ بلڈ کی مختصر روئداد	〃	۵
۳	تعلیم (نظم)	مولوی محمد محسن خانصاحب	۸
۴	طلبا کی کامیابی	مولوی حسام الدین صاحب فاضل	۹
۵	ارتقاء عمل تعلیم	مسٹر گنیش چند. بی۔ اے. بی۔ ٹی	۲۰
۶	نمونہ نیک	مولوی فخر الحسن صاحب ملا بی اے	۲۶
۷	اسکاؤٹنگ	مولوی ولایت علی صاحب. بی۔ اے	۲۹
۸	متفرقات		۳۸
۹	مراسلات		۴۱

ملک سرکار عالی

کا

تاریخی و جیاگرفیکل اٹلس اردو

اس اٹلس میں ممالک محروسۂ عام اور اس کے جملہ اضلاع و نیز پائیگاہوں اور سمستانات و ملک برار کے نقشہ جات نہایت صحت کے ساتھ طبع ہوئے ہیں اور ہر نقشہ کے محاذی پورے صفحہ پر اس کے متعلقہ جغرافی معلومات بالتفصیل درج کئے گئے ہیں ناظرین اٹلس ہذا کو آیندہ ہر ایک حصہ ملک کے ضروری جغرافی حالات معلوم کرنے کے لئے کسی مزید جغرافیہ کے ملاحظہ کی ضرورت داعی نہ ہوگی یہ پہلا موقع ہے کہ اس اہتمام کے ساتھ ہمارے ملک کا اٹلس طبع ہو کر پیش ناظرین ہو رہا ہے۔

توقع ہے کہ ملک کے قدردان اصحاب اور مدارس کے طلباء و مدرسین اس نادر تحفہ کے طلب کرنے میں عجلت سے کام لیں گے تاکہ موجودہ نسخے ختم ہونے پر انہیں طبع ثانی کا انتظار نہ کرنا پڑے۔ اس اٹلس کی قیمت صرف (بیرنگ) دو روپیہ آٹھ آنہ سکہ عثمانیہ ہے۔

الملتمس ناشر

سید عبدالقادر تاجر کتب و پبلشر چاپنا حیدرآباد دکن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مخاطبات

ہم اپنے معزز معاصرین کے ممنون ہیں جنہوں نے رسالہ کی نسبت اپنی قیمتی اور مخلص راؤں کا نیک نیتی سے اظہار فرمایا۔ ہر چند کہ ہمارے ادب میں "تنقید" اپنے اندر افراط و تفریط کی گوناگونی اور بوقلمونی عجیب و غریب وسعت کے ساتھ پنہاں کئے ہوئے ہے بر ہم جو کچھ ہے مستحق تشکر و امتناں ہے

رسالہ ہذا کے ۱۶۰ نسخے منجانب گورنمنٹ افادۂ مدارس کے لئے منظور فرمائے گئے ہیں ہم اس قدر دانی اور حوصلہ افزائی کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔

اس نمبر میں "طلبا کی کامیابی" اور "ارتقائے عمل تعلیم" کی دوسری قسطیں شائع ہوئی ہیں جو اگرچہ اقساط ہیں مگر اپنی نوعیت میں مستقل ہیں "نمونہ نیک" اور "اس کا دھنگ" پر مضامین اور جناب متین صاحب کی "تعلیم" پر نظم نہایت مفید اور دلچسپ ہیں اور ہم کو مسرت ہے کہ مضمون نگار صاحبان نے رسالہ کے اصولی معیار کو قائم اور بلند رکھنے کی

پوری سعی فرمائی ہے ورنہ ظاہر ہے کہ رطب و یابس مضامین سے صفحات کو پُر کر دینا درحقیقت رسالہ کو اپنی حیثیت سے گرا دینا ہے۔

متعدد دیگر مفید مضامین بھی ہمارے پاس پہونچے ہیں جو بتدریج انشاء اللہ درج رسالہ ہوتے رہیں گے

طاعون کی وجہ سے سررشتۂ تعلیمات کو اپنی خاص اور اہم نوعیت کی وجہ سے جو مشکلات پیش آتی ہیں شاید کسی اور سررشتہ کو پیش نہیں آتیں۔ ہر سال یہ مرض منحوس ملک کی تعلیمی ترقی میں سخت رکاوٹیں پیدا کرتا ہے چنانچہ اس کی وجہ سے اکثر مدارس کی سالانہ تعلیم پوری نہیں ہوتی اور نصاب تکمیل کو نہیں پہونچتا جس کا اثر طلبا پر دوسرے سال بھی اس طرح پڑتا ہے کہ اگر بسبب خالی نصاب ان کو ترقی نہ دی جائے تو اُن کا وقت ضایع ہوتا ہے اور اگر دے دی جائے تو جماعت کی اہلیت نہیں رکھتے۔ زیادہ تر افسوسناک پہلو یہ ہے کہ جب مدارس کی حالت کسی قدر سنبھلنے لگتی ہے اور تعلیمی و انتظامی امور اپنی معمولی روش پر آجاتے ہیں یکایک پھر طاعون نمودار ہو جاتا ہے چنانچہ بلدہ میں ۱۳۳۴ف و ۱۳۳۵ف میں ایسا ہی ہوا نیز اضلاع گلبرگہ بیدر اور عثمان آباد کے اکثر اور اضلاع ناندیڑ اور نلگنڈہ کے بعض مدارس بسبب طاعون کچھ عرصہ سے مسدود ہیں اور بلدہ بھی محفوظ تصور نہیں کیا جا سکتا۔ ایک زمانہ تھا کہ سرزمین دکن اس مرض منحوس سے پاک تھی لیکن اب تو یہ داخل معمولات ہو گیا ہے۔ چونکہ آج کل محض رسمی انسدادات سے کوئی نمایاں مدافعت اور کمی اس مرض کی نظر نہیں آتی لہذا ہماری رائے میں اس امر کی سخت ضرورت ہے کہ ماہرین فن طب اور مخصوصین طاعون کی ایک کمیٹی مقرر کر کے انسداد طاعون کی قطعی اور حتمی تدابیر اختیار کی جائیں اور اس مرض کے فوری باقاعدہ اور حقیقی ازالہ کے لیے جس قدر بھی رقم کی ضرورت ہو اس کے عطا کرنے میں گورنمنٹ دریغ نہ فرمائے

یہ امر باعث مسرت ہے کہ پختہ عمروں کی تعلیم کی ضرورت کو حیدرآباد کی پبلک بتدریج محسوس کرنے لگی ہے چنانچہ حال ہی میں مدرسۂ انوار العلوم نام پلی (امدادی) مدرسہ غربا بازار گھانسی (امدادی) میں نیز مدرسۂ تحتانیہ کلثوم پورہ میں منجانب انجمن بہبود الادب شبینہ تعلیم گاہوں کا قیام عمل میں آیا ہے اور عنقریب سکندرآباد میں بھی ایک شبینہ جماعت کا افتتاح ہونے والا ہے پس ہم کو قوی امید ہے کہ چند ہی سال میں حیدرآباد کے ہر محلہ میں پختہ عمروں کی تعلیم کا انتظام ہو جائے گا اور بتدریج اضلاع میں بھی اس کا عام رواج ہو جائے گا۔ ہماری رائے میں قیدیوں کے لئے بمقام سنٹرل جیل ایک مدرسہ قائم کرنے کی شدید ضرورت ہے تاکہ ایام قید میں ان کے اخلاق کی درستی ہو اور رہائی کے بعد وہ سوسائٹی کے مفید فرد بن سکیں۔ محبس کے علاوہ کارخانہ جات کے کارکنوں نیز پولیس اور فوج میں پختہ عمروں کی تعلیم نہایت مفید و ضروری اور آسان ہے شبینہ جماعتوں کے ساتھ دارالمطالعہ اور کتب خانہ کا افتتاح بھی ضروری ہے تاکہ نصاب مقررہ کی تکمیل کے بعد بھی بالغ العمر اشخاص کو مفید معلومات اور مطالعہ کا موقع مل سکے۔

انجمن اساتذہ بلدہ کی مرکزی انتظامی کمیٹی کے لئے سال حال وہی اراکین اور عہدہ دار منتخب ہوئے جنہوں نے سال گزشتہ اسی حیثیت سے کام کیا تھا کمیٹی مذکور نے یہ تصفیہ کیا ہے کہ امسال بھی سالانہ کانفرنس انجمن اساتذہ کا دوسرا اجلاس تعطیلات عید الاضحی میں منعقد کیا جائے

مدرسۂ فوقانیہ امبیلی کی دوسری سالگرہ کا جلسہ ۲۸ مہر ۱۳۳۵ف بروز جمعہ صبح کو آٹھ بجے بصدارت نواب اکبر یار جنگ بہادر ہوم سکرٹری سرکار عالی منعقد ہوا جناب صدر کی افتتاحی تقریر کے بعد مدرسۂ مذکور کے صدر مدرس صاحب نے سالانہ رپورٹ پڑھی دو حضرات نے علمی نظمیں سنا کر سامعین کو محظوظ فرمایا اس کے بعد چند منتخب اسپورٹس (ورزشی کھیل) ہوئے جو

بہت دلچسپ تھے، طلبار کو انعامات تقسیم کرنے کے بعد جناب صدر محترم نے ایک برجستہ اور مفید تقریر فرمائی جو قیمتی خیالات سے لبریز تھی ازاں بعد جناب مولوی سید علی اکبر صاحب مہتمم تعلیمات بلدہ نے ایک مختصر تقریر میں مدرسہ کی ضروریات کو بیان فرماتے ہوئے جناب صدر مدرس صاحب کی ترقی آفرین سیماب وشی اور ولولہ انگیز اضطراب کو مدرسہ کے مستقبل کے لئے مفید بتلایا اور اسی پر کامیابی کے ساتھ جلسہ کا اختتام عمل میں آیا۔

مدرسہ وسطانیہ شاہ گنج کا سالانہ جلسہ بصدارت جناب مولوی سید علی اکبر صاحب صدر مہتمم صاحب تعلیمات بلدہ ۱۵ آبان ۱۳۳۵ف کو منعقد ہوا۔ مولوی عظمت اللہ خانصاحب مددگار ناظم تعلیمات دکن اساتذۂ مدارس بلدہ کے علاوہ طلبائے مدرسہ شاہ گنج کے والدین اور سرپرستوں کی ایک کافی تعداد بھی شریک جلسہ تھی۔ مولوی فخر الحسن صاحب بی۔ اے صدر مدرس مدرسہ وسطانیہ شاہ گنج نے اپنے مدرسہ کے حالات دلچسپ پیرایہ میں بیان کئے اور طلبا کے مدرسہ سے غیر حاضر ہونے اور ایک مدرسہ کو چھوڑ کر دوسرے مدرسہ میں شریک ہونے کے نقصانات بتائے، مولوی حسام الدین صاحب مددگار مدرسہ فوقانیہ دار العلوم نے اساتذہ اور والدین طلبا کے تعلقات پر ایک نہایت بامحل اور برجستہ تقریر فرمائی اور مثالوں کے ساتھ اس امر کو واضح کیا کہ تاوقتیکہ والدین گھر پر بچہ کی نگرانی نہ کریں اور اس کی خواندگی و تربیت میں دلچسپی نہ لیں، مدرسہ کی تعلیم مکمل نہیں ہوسکتی، آخر میں جناب صدر جلسہ نے بلدہ کی موجودہ تعلیمی حالت پر روشنی ڈالی اور تعلیم کی اشاعت اور مدارس کی ترقی کے لئے پبلک کی امداد کی ضرورت خاص طور ظاہر فرمائی نیز ورزش جسمانی کے فوائد بیان کرتے ہوئے مدرسۂ مذکور میں کسی موزوں بازی گاہ کے نہ ہونے پر افسوس ظاہر کیا۔

حال میں مدارس وسطانیہ کھمم میٹھ، مٹھواڑہ اور نرمل کو فوقانیہ اور مدارس شمسانیہ راجوڑہ

اور سررشتہ کو وسطانیہ کا گریڈ عطا کیا گیا ہے۔

گذشتہ آذر میں صدر مدرس صاحب مدرسہ تحتانیہ معظم شاہی بلدہ نے مع اپنے مددگاروں کے اپنے طلبا کو قلعہ گولکنڈہ اور اس کے حوالی کی تعلیمی سیر کرانے کا موقعہ بہم پہونچایا۔ سیر کا مقصد طلبا میں مشاہدہ کی قوت پیدا کرانا اور ان کی معلومات کو وسعت دینا تھا۔ فی الحقیقت اس قسم کی تفریح دراصل ایک عمدہ عملی تعلیم ہے جو بچوں کے قوائے دماغی کے لئے بیحد مفید ہے۔ صدر مدرس صاحب موصوف کی رپورٹ سے معلوم ہوتا ہے کہ طلبا کی یہ تفریح، تاریخ، اثریات اور سوانح کے مختلف مناظر کے مشاہدہ پر کامیابی کے ساتھ ختم ہوئی۔ ہم کو امید ہے کہ رپورٹ میں جو امور اس مشاہدہ کی تفصیلات کے درج ہیں وہ ضرور بچوں کے ذہن نشین کرائے گئے ہوں گے اور بچوں کو ان کے وطنی اور قومی کھنڈرات دکھا کر ماضی کو حال سے ربط دینے کی کوشش کی گئی ہوگی۔

جس کفایت، احتیاط، حفظ، وقت اور نظم کے ساتھ یہ تفریح عمل میں لائی گئی وہ قابل تحسین اور مفید عملی تعلیم کا ایک بہترین نمونہ ہے۔

شاخہائے انجمن اتحاد بلدہ کی روئیداد مختصر

بابتہ سہ ماہہ آخرین ۱۳۳۵ف

۱۳۳۵ف کے سہ ماہہ آخرین میں جو شہریور، مہر، اور آبان پر حاوی تھا جلسہ شاخوں کی صحت مدارس، اتحاد عمل مابین اساتذہ و ادبیائے طلبا اور تعلیم فن ڈرائنگ پر اظہار خیالات آراکر

جن میں سے بحث اول پر ایک عمومی لکچر زیر صدارت جناب مولوی سید علی اکبر صاحب بی اے صدر مہتمم تعلیمات بلدہ بمقام اسمبلی ہال مے نھڈست بوائز اسکول ہوا جس کی مفصل روئداد اشاعت گذشتہ میں درج ہوئی نیز اسی بحث پر ایک عام لکچر بہ مقام محبوب کالج سکندرآباد عمل میں آیا جن میں شاخہائے متعلقہ کے اراکین نے حصہ لیا۔

بقیہ آخر الذکر ہر دو مباحث پر منفرداً ہر شاخ نے کارروائی کی از انجملہ اے دی ہال اسکول بلارم چادرگھاٹ ہائی اسکول اور دارالعلوم ہائی اسکول نے ہر دو مباحث میں بہت پرجوش حصہ لیا چادرگھاٹ ہائی اسکول میں مسٹر ڈوڈی پرنسپل سینٹ جارج گریمر اسکول نے اولیائے طلبار کے لئے ایک رسالہ کے اجرار کی ضرورت جتلائی نیز مسٹر فادر رائن نے بھی ایک مضمون پڑھا جو ملخصاً اشاعت ہذا کے حصہ انگریزی میں درج ہیں دارالعلوم ہائی اسکول میں بحث اول پر دلچسپ تقریریں ہوئیں اور طے پایا کہ ملحقہ شاخوں کے اراکین چند تجاویز نمونتاً عمل میں لائیں تعلیم میں ڈرائنگ کے متعلق وہ طرز عمل قابل تقلید بتلایا گیا جو شاخ تحتانیہ مدرسہ مذکور میں باعتبار فن ڈرائنگ دیگر مضامین اختیار کیا گیا ہے۔ شاخ وسطانیہ دارالشفا میں تعلیم فن ڈرائنگ کے متعلق یہ تجویز پیش کی گئی کہ ممالک محروسہ سرکار عالی میں بھی بمبئی کے جے جے اسکول آف آرٹس کی قسم کا ایک مدرسہ کھولا جائے۔ شاخ وسطانیہ گولکنڈہ میں اس کمی پر افسوس کا اظہار کیا گیا جو والدین اور اساتذہ کے مابین تعلقات کے اعتبار سے پائی جاتی ہیں شاخ وسطانیہ گوشہ محل میں مسٹر عبدالحکیم و مسٹر غظیم الدین و مسٹر تراب علی نے اپنے تقریروں میں اس امر کو واضح کیا کہ تعلیم کا مقصد اُسوقت تک حاصل نہیں ہوسکتا جبتک خود والدین اپنے بچوں کی تعمیر سیرت میں حصہ نہ لیں تعلیم ڈرائنگ پر مولوی غیاث الدین صاحب و مولوی غلام محبوب صاحب کی دلچسپ تقریریں ہوئیں جن میں بتلایا گیا کہ ڈرائنگ کو کیونکر دلچسپ بنایا جاسکتا ہے شاخ اسلامیہ نوتیا سکندرآباد میں یہ تجویز پیش کی گئی کہ کم از کم دو مرتبہ ہر سال میں والدین طلبار اور اساتذہ کے درمیان تبادلۂ خیالات کا موقعہ پیدا کیا جائے۔ تقریریں ہر چند اردو و انگریزی و تلنگی میں ہوئیں مگر اردو تقریروں نے جلسوں کی کامیابی میں خاص حصہ لیا۔ شاخ محبوب کالج سکندرآباد میں صحت مدارس کے بحث پر زیر صدارت

میجرام۔ جی نائیڈو ڈاکٹر ایم بھراطان صاحب کا ایک عمومی اور مفید لکچر ہوا۔ شاخ وسطانیہ مستعد پورہ میں ہر دو مباحث پر نتیجہ خیز تقریریں ہوئیں مسٹر جمیل الدین نے رائے دی کہ اولیائے طلبا کو مدرسہ میں آنے اور اپنے بچوں کی حالت مشاہدہ کرنے کی ترغیب و موقعہ دیا جائے۔ فن ڈرائنگ پر مسٹر عبدالواحد ڈرائنگ ماسٹر مدرسہ مذکور نے تقریر کرتے ہوئے اس امر کو واضح کیا کہ کیونکر فن ڈرائنگ کی ترقی سے دوسرے فنون کی ترقی وابستہ ہیں۔ شاخ فوقانیہ نام پلی میں اولیاء اساتذہ کے تعلقات پر مسٹر کے آر چاری صاحب صدر مدرس نے زور دیتے ہوئے فرمایا کہ والدین کو اپنی ذمہ داری پورے طور پر محسوس کرنے کی ضرورت ہے۔ شاخ وسطانیہ رزیڈنسی میں ہر دو مباحث پر دلچسپ تقریریں ہوئیں اور مبحث اول کو عملی صورت میں لانے کے لئے متعدد تجاویز مثلاً جلسہ تقسیم انعامات اور طلبا کی ترقی کی رپورٹیں وغیرہ پیش کی گئیں شاخ وسطانیہ شاہ علی بنڈہ میں فن ڈرائنگ کے متعلق بتلایا گیا کہ تجارت میں اس کو خاص دخل ہے شاخ وسطانیہ شاہ گنج میں فن ڈرائنگ کے ضمن میں بتلایا گیا کہ سلطنت عظمی مغلیہ کے زمانہ میں اس نے کافی ترقی کی تھی۔

شاخ وسطانیہ چنچلگوڑہ میں مبحث اول پر کافی سرگرم تقریریں ہوئیں اور چند تجاویز کو عملی صورت میں لانے کا تصفیہ کیا گیا تعلیم فن ڈرائنگ پر مسٹر نصیح الدین صدر مدرس تحتانیہ رین بازار نے ایک پر از معلومات تقریر پڑھی نیز مولوی نورالدین صاحب نے تعلیم ڈرائنگ پر ایک مبسوط تحریر کے ذریعہ سے سامعین پر فن ڈرائنگ کے نکات واضح کئے اور تختہ سیاہ کے ذریعہ سے اس کی توضیح کی جلسہ مبحث اول کے نتیجہ کے طور پر اکابر محلہ چنچلگوڑہ کی ایک انجمن "ارباب علم" کا قیام اثنائے تعطیلات کو اڈریگلر مینجر میں عمل میں آیا جس کے مقاصد مختصراً یہ قرار پائے۔

(۱) منتخب اولیائے طلبا کی ایک کمیٹی کا قیام جو ماہانہ مدرسہ میں آکر طلبا کے متعلق اپنا اطمینان کرے گی۔

(۲) آوارہ اور غریب بچوں کی مفوری شرکت مدرسہ کا انتظام۔

(۳) نادار بچوں کے لئے ایک پور فنڈ کا قیام۔

(۴) مدرسہ شبینہ کا قیام۔ ..... (۵) محلہ میں ایک عام دارالمطالعہ اور کتب خانہ کا قیام۔

تعلیم

(از محمد محسن خاں صاحب متین مدرس فارسی مدرسہ وسطیٰ شاہ گنج)

شمع ہدایت تعلیم ہی ہے　　خضر طریقت تعلیم ہی ہے
کان شرافت تعلیم ہی ہے　　دریائے حکمت تعلیم ہی ہے

تہذیب پائی اس سے جہاں نے
اخلاق سیکھے پیر و جواں نے

نام جہالت اس نے مٹایا　　بھٹکے ہوؤں کو رہ پر لگایا
سوتے ہوؤں کو اس نے جگایا　　مُردہ دلوں کو زندہ بنایا

گریہ نہ ہوتی بزم جہاں میں
اندھیر ہوتا کون و مکاں میں

جب کہ عرب میں تھی جاہلیت　　دنیا میں ہر سو تھی بربریت
باقی کہاں تھا جوش حمیت　　کب نظم عالم میں تھی سوئیت

دشت عرب کا پہلا معلم
جو سارے عالم کا ہے منظم: سلی اللہ علیہ وسلم

اُس کا سبق تھا پہلا یہ ہم کو　　تعلیم پاؤ گر چین میں ہو
اصلاح اپنی گر چاہتے ہو　　تعلیم سیکھو! تعلیم سیکھو!!

ہے اس میں مضمر راز ترقی
ہے یہ ہی چارہ ساز ترقی

جاپان کیا تھا ایک حصۂ چیں — اس کی ترقی ہے حیرت آگیں
اُس کو ملی ہے وہ شان و تمکین — ہوتی ہے جسکی توصیف تحسیں

اس کا سبب ہے صرف اسقدر ہی
تعلیم نے دی اُس کو ترقی

یورپ ہے کیوں آج اوج فلک پر — کیوں اس کی قسمت ہے آج یاور
کیوں آج اُس کا رتبہ ہے برتر — اس کو ملا کیوں بخت سکندر

تعلیم نے دی اس کو فضیلت
تھا ورنہ وہ بھی غرقِ ذلت

اس سے یہ ہم کو نکتہ ملا ہے — تعلیم سے ہی اپنی بقا ہے
کہنہ مرض کی اس میں شفا ہے — بیمار قوموں کی یہ دوا ہے

بس ہے متین اب اس کا سہارا
چھوڑو نہ دامن اس کا خدارا

طلبا کی کامیابی

از مولوی حسام الدین صاحب فاضل ادیب و مولوی فاضل

(پیوستہ)

انہماک | یکجہتی و دل جمعی بھی عجیب چیز ہے اِس کے بغیر ہمارا کوئی کام سود مند ہو ہی نہیں سکتا، ایک پریشان حال و پریشان خیال طالب علم جس کا دل ٹھکانے نہیں ہے، اپنی کتاب کے

صفحے کے صفحے الٹ جاتا ہے مگر ایک لفظ بھی سمجھ نہیں سکتا کیونکہ دل قابو میں نہیں ہے
اس لئے دماغ بھی بیکار سا ہو گیا ہے ایک ریاضی داں کسی حساب یا جیومٹری کے سوالات
پراگندہ دلی سے حل کرتا جا رہا ہے سو سو دفعہ عمل کرتا جاتا ہے مگر اس کی سمجھ میں کچھ بھی نہیں آتا
اور معمولی معمولی غلطیوں نے ناک میں دم کر رکھا ہے اس لئے کہ دل مطمئن نہیں ہے غرض
اطمینان قلب بغیر کوئی کام اچھے اصول پر انجام نہیں پا سکتا اور دلی اطمینان کا حاصل
ہونا اکثر و بیشتر خاص توجہ اور پورے انہماک بغیر ممکن نہیں پس اگر ہمیں مقصود ہے کہ
ہم اپنی محنت سے خاطر خواہ فائدہ اٹھائیں تو ضرور ہے کہ کارگزاری کے وقت اپنی توجہ کو
برقرار رکھیں اور ایک اچھے کام کی انجام دہی میں پورے انہماک سے کام لیں کیونکہ
جہاں کام کرنے والے کی توجہ منتشر ہوئی کہ کارگزاری میں بھی فرق آگیا مثلاً انجن ڈرائیور
اگر اپنی توجہ ریل گاڑی کی طرف کافی طور پر مبذول نہ کرے تو نہ معلوم کیا کیا نقصانات
اُسے اور تمام مسافروں کو برداشت کرنے پڑیں ایک شکاری کسی شکار کو اپنے دام میں
اُسی وقت لا سکتا ہے کہ ہمہ تن متوجہ ہو کر تاک میں بیٹھا رہے علم کو بھی اپنے قبضہ میں لانے کے لئے
بیحد توجہ کی ضرورت ہے کوئی مضمون کوئی مسئلہ خاص انہماک بغیر ذہن نشین ہو ہی نہیں سکتا
طلباء کی یہ حالت ہے کہ مدرسہ میں دست بکار دل بیار کے مصداق بنے بیٹھتے ہیں اِدھر سبق ہو رہا ہے
اُدھر اپنے خانگی لاطائل معاملات دل و دماغ میں طے ہوئے جا رہے ہیں یہاں استاد صاحب
سر کھپا کھپا کر عمدہ اور مفید مضامین کی تفہیم فرما رہے ہیں اور طالب علم ہے کہ برخاستِ مدرسہ کے
بعد کی تنسیخ اوقات والی اسکیم دل ہی دل میں مرتب کر رہا ہے کوئی اپنے جلیس سے گفتگو میں مشغول ہے
کوئی اپنے سے دور بیٹھے ہوئے طالب علم سے اشارۃً پوچھ رہا ہے کہ گھڑی میں کیا وقت ہے
کوئی موجودہ درس چھوڑ کر گذشتہ غیر متعلقہ سبق یاد کرنے میں مصروف ہے تو کوئی آنے والے
گھنٹہ کے لئے سبق یاد کر رہا ہے استاد صاحب نے تنبیہ کی تو کسی قدر متوجہ ہو گئے ورنہ پھر وہی
کج رفتاری ہے اور قابل ترک بیکاری۔ خیال ہوگا کہ اثنائے درس میں اگر کسی دوسرے سبق

کی طرف توجہ کی گئی تو کیا برائی ہے بہرحال علم تو حاصل کرتے رہے۔ یہ صحیح ہے مگر ہر کام کا ایک وقت ہوتا ہے بھوک کی وقت لذیذ آب سرد یا تشنگی کی وقت عمدہ غذائیں تسکین بخش نہیں ہوسکتیں بعض طلباء ایسے بھی رہتے ہیں کہ بظاہر استاد صاحب کی طرف متوجہ ہیں مگر ان کے دل کسی اور طرف لگے رہتے ہیں اب علم آئے تو کس طرح کامیابی ہو تو کیونکر۔ عزیز طالب علم تم حساب جانتے ہو تم سے میرا ایک بالکل معمولی سوال ہے فرض کرو ایک حوض ہے اور اس میں پانی بھرنے کے لئے دس نل لگے ہوئے ہیں اور ایک خزانہ آب سے ان تمام نلوں کے ذریعہ اس حوض میں پانی جمع ہوتا ہے اب بتاؤ کہ یہ حوض پانی سے بہت جلد کس صورت میں بھرے گا آیا حوض میں ایک نل سے پانی آنے میں یا دو چار یا دس کے دس نلوں کے ذریعہ پانی پہونچنے میں ظاہر ہے کہ نل جتنی زیادہ تعداد میں کام میں لائے جائیں گے حوض اتنی ہی جلد پانی سے لبریز ہوگا پس سمجھ لو کہ تمہارا دماغ وہ خالی حوض ہے جسے علم کے صاف و شفاف پانی سے بھرنا منظور ہے تمہارے حواس خمسۂ ظاہری یعنے باصرہ۔ سامعہ۔ ذائقہ۔ شامہ لامسہ اور حواس خمسۂ باطنی یعنے حس مشترک۔ خیال۔ متصرفہ۔ واہمہ۔ حافظہ یہ سب دس نل ہیں استاد کا قابل دماغ علم کا خزانہ آب ہے جس سے تم مستفیض ہونا چاہتے ہو فرض کرو ایک طالب علم بوقت تدریس چھالیہ چبا رہا ہے گویا قوت ذائقہ کو کام میں لانے کی وجہ سے اس نے ایک نل بند کردیا ہے کوئی بجائے اپنے استاد کو یا درس سے متعلقہ چیز وں کیطرف دیکھنے کے دوسری جانب نظریں دوڑا رہا ہے اس نے بھی ایک نل کو بیکار کردیا ہے اسی طرح استاد کی آواز کے عوض دوسری آوازوں کو بغور سننے والا یا اپنے دست و پا سے بیکار حرکتیں کرنے والا خزانہ آب سے پانی لینے میں کمی کررہا ہے یہی حال ان طلبا کا بھی ہے جو پڑھتے وقت دوسرے خیالات میں لگے ہوئے ہیں یا کسی وہم و تفکر میں پڑے ہوئے نتیجہ یہ ہوگا کہ ہمہ تن متوجہ طالب علم کے دل و دماغ تو علم و کمال سے بہت جلد معمور ہوجائیں گے اور بدشوق طلباء اپنی اپنی بے توجہی کے لحاظ سے علم کے آب حیات سے محروم رہیں گے

یا نسبتاً کم سیراب ہوں گے۔

طلباء کی بے توجہی کا یہ حال ہے کہ ذرا سی آہٹ اُن کو اُستاد سے اپنی طرف متوجہ کر لیتی ہے اس کا اثر یہ ہوتا ہے کہ اگر سبق سنتے ہیں تو سمجھتے نہیں سمجھ لیتے ہیں تو یاد رکھنا مشکل ہو جاتا ہے مدرسہ آنے کی غرض تحصیل علم ہے اُستاد سے درس لینے کا مقصد علم میں باکمال ہونا ہے نہ کہ ع

ہم بھی لہو لگا کے شہیدوں میں مل گئے

کے مصداق حاضر باشوں میں نام مگر غیر حاضروں کے سے کام۔ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ تدریس کے وقت طالب علم اپنی غیر ضروری دُھن میں لگا رہتا ہے اور اُستاد صاحب سبق کے کسی فقرے کا مطلب شرح و بسط سے بیان فرما چکتے ہیں سمجھا دینے کے بعد جب آگے بڑھنا چاہتے ہیں تو ہمارے کوتہ اندیش طالب علم کو اپنی غفلت کا احساس ہوتا ہے اور اپنی کم فہمی کا اظہار کر کے اُستاد صاحب کو بار دیگر اپنی جانب اور پڑھائے ہوئے سبق کے طرف رجوع کر لیتا ہے اور نہ صرف اپنا وقت ضائع کرتا ہے بلکہ تمام جماعت کی تضیع اوقات کا باعث بنتا ہے بسا اوقات اس بے موقع سوال کی ذلت سے بچنے یا اپنے تغافل کے ظہور کے خیال سے اصل مضمون ہی کے سمجھنے سے دست بردار ہو جاتا ہے اور عین دریا میں پیاسا رہ جاتا ہے۔ طالب علم کا تو یہ فرض ہے کہ اگر یہ خارج مدرسہ اوقات میں دوسرے کاروبار میں بھی مشغول رہے تو اُس کا دل علم ہی کی طرف لگا رہے۔

اے میرے عزیز طالب علمو! اپنا گھر اپنا آرام چھوڑ کر مدرسہ صرف علم سیکھنے اور اُستاد سے مستفید ہونے آئے ہو ہمہ تن متوجہ ہو کر بیٹھو غور سے پڑھو مدرسہ آنے سے قبل تمام ضروریات سے فارغ ہو جاؤ اپنے دل کو جہاں تک ہو سکے ہر ایک اندیشہ سے خالی کرو جن چیزوں کی اثنائے درس میں ضرورت لاحق ہوا کرتی ہے پہلے ہی سے اُن کی تیاری کر لو مثلاً پنسل کی درستگی یا سیاہی کاغذ وغیرہ غرض مدرسہ میں تحصیل علم کے لئے ایسے مستعد ہو کر بیٹھو کہ سبق شروع

ہونے کے بعد کوئی چیز تمہیں اپنی جانب متوجہ نہ کر سکے۔ طالب علم جماعت میں اپنی نشست گاہ اختیار کرتے وقت اکثر ایسے طالب علم کے نزدیک بیٹھنا چاہتا ہے جس سے اس کی طبیعت مانوس ہے اس ہمدم و انیس کی ہمنشینی سے کوئی معتدبہ فائدہ تو نہیں پہونچتا البتہ یہ ضرور ہوتا ہے کہ اثنائے درس میں باہمی گفتگو کا موقع مل جاتا ہے جس میں ہر دو کا نقصان متصور ہے کبھی اُستاد سے سنا ہوا مضمون ان دونوں میں سے کوئی ایک نہیں سمجھتا ہے تو بجائے اس کے تشفی ہونے کیلئے اُستاد صاحب سے پوچھے اپنے قریب کے دوست طالب علم سے سوال کرتا ہے ایک دوسرے کی تفہیم میں یہ اِدھر مصروف رہتے ہیں اُدھر اُستاد صاحب آگے بڑھ جاتے ہیں اگر تعلیم کے تمام وقت میں ایک دفعہ بھی یہ غلطی ہو جاتی ہے تو بہت دیر تک اس کا خمیازہ بھگتنا پڑتا ہے گذشتہ مضمون کے سمجھنے تک موجودہ مضمون بھی رفت و گزشت ہو جاتا ہے یہی حال ہر مسئلہ کا ہوتا ہے ان ہر دو طلبا کی دوستی نے یہ اثر کیا کہ جو سبق ایک قابل اُستاد سے سمجھا جا سکتا تھا ایک ہم جماعت سے غلط سلط سمجھنا پڑا اس کے سوائے بوقت درس گفتگو کرنے پر استاد کی سرزنش علیحدہ ہوئی پس میرے دوستو تمہاری نشست ہم رنگ و ہم خیال طالب علم کی بجائے ایسے کے قریب زیادہ مناسب ہے جس سے تمہارا زیادہ خلا ملا نہیں ہے تاکہ سبق کے وقت تمہاری یکجہتی میں فرق نہ آسکے۔

تمہیں کبھی نہ کسی سفر کا اتفاق ہوا ہوگا جب تم ریل پر سوار ہونے کے لئے اسٹیشن پہونچکر ٹکٹ وغیرہ لینے کے بعد ریل کی آمد آمد کے منتظر رہتے ہو یکایک گھنٹی بجتی ہے اس وقت تمہاری پوری توجہ ریل کی طرف مبذول ہو جاتی ہے اِدھر ریل آئی اور تم گویا سب سے بے خبر ہو جاتے ہو صرف سوار ہونے کی دھن رہتی ہے مدرسہ آنے کے بعد کم از کم اُستاد کی آمد کے بھی اسی طرح منتظر رہو جب مدرس صاحب جماعت میں تشریف فرما ہو جائیں تو تمہیں صرف تحصیل علم ہی کا خیال رہے اور بس اور سبق شروع ہونے کے ساتھ ہی تم اس کے سمجھنے میں ایسے منہمک ہو جاؤ کہ دنیا و مافیہا کی تمہیں خبر نہ رہے اب جو علم تم سیکھو گے

اچھی طرح ذہن نشین ہوگا مشکل سے مشکل مضامین بسہولت سمجھ میں آجائیں گے قابلیت بڑھے گی لایق ہوگے امتحانات میں اعلیٰ نشانات ضرور پاؤ گے۔

طلب صادق | ایک مفلس شخص کا دولتمند ہوجانا، ایک فقیر حقیر کا امیر کبیر بننا، ایک سیاہ کار کا ولی کامل ہوجانا، ایک جاہل کا علامہ دہر کہلانا۔ ناممکن سا معلوم ہوتا ہے لیکن ان سب میں اگر طلب صادق اور شوق کامل کا ملکہ کافی طور پر موجود ہے اور یہ اس سے کام لے رہے ہیں تو یہ سب کچھ ممکن الوقوع ہے تاریخ عالم پر نظر ڈالئے ہزاروں مثالیں اس قسم کی ملیں گی کہ طالب صادق کو اپنے مطلوب پر کسی نہ کسی طرح دسترس ہو ہی گئی ہے۔ ؎

مور مسکین ہوسے داشت کہ در کعبہ رسید　　پائے در دست کبوتر زد و ناگاہ رسید

بعض طالب علم کہا کرتے ہیں کہ ہماری کوشش رائگاں گئی محنت ٹھکانے نہ لگی امتحان دیا کامیاب ہوسے مگر انہیں یاد رکھنا چاہئے کہ محنت رائگاں نہیں جاتی کوشش ضرور کارآمد ہوتی ہے شرطیکہ ان کی طلب سچی ہو ان کا شوقِ علم کامل ہو۔ کامیابی کیسے ہوگی جب کہ غور سے پڑھا نہیں مضامین علیہ کس طرح حاضر فی الذہن رہیں گے جب کہ دلی شوق سے علم سیکھا نہیں۔ اسی رح کا دل پر اثر ہوتا ہے جو بطیب خاطر انجام دیا جائے وہی باتیں دلنشین ہوتی ہیں جنہیں ل شوق سے سنا جائے بہتیرے واقعات ہمارے گوش گزار کئے جاتے ہیں مگر ہم کو صرف ں لئے یاد نہیں رہتے کہ ہم نے انہیں شوق و رغبت سے نہیں سنا ہے ظاہر ہے کہ مدرّس کے ابا قی شوق طلبار کے ذہن نشین کیونکر ہوسکیں گے بعض طلبار مدرسہ آتے ہیں تو صرف ماں باپ کے ر یا اُستاد کے خوف سے تعلیم پاتے ہیں تو بادلِ ناخواستہ۔ اثر یہ ہوتا ہے کہ کسی مضمون سے ں دلچسپی نہیں ہوتی، وقت کاٹنا منظور ہوتا ہے یہ تو ٹل جاتا ہے مگر جہالت کی مصیبت سر سے ٹلنے نہیں پاتی۔ طلبار کی بدشوقی کا یہ عالم ہے کہ کوئی صرف اس وجہ سے زیر تعلیم رہنا پسند رتا ہے کہ وظیفہ تعلیمی پر اثر نہ پڑنے پائے، کوئی اس لئے بار بار ناکام ہونا تک پسند کرتا ہے کہ الدا جد تنگ آکر تعلیم دلانے ہی سے دست بردار ہوجائیں کوئی عمداً اس واسطے غیر حاضر

ہوتا ہے کہ بعلت غیر حاضری مدرسہ سے نام خارج ہو جائے اور کچھ نہ کچھ زمانۂ بیکاری میسر آسکے کوئی اپنے والدین سے اساتذہ یا مدرسہ کی بیجا شکایتیں اس لئے کرتا ہے کہ کسی نہ کسی طرح مدرسہ سے پیچھا چھڑائے۔ ان کی ناہنجاریوں کے باعث اگر اُستاد کی توجہ ان پر زیادہ مبذول نہ رہنے لگی تو یہ باغ باغ ہو گئے والدین نے اگر ان گستاخیوں کے سبب ان سے روگردانی کرلی اور نگرانی میں کمی کردی تو یہ پھولے نہ سمانے لگے، ع

بریں عقل و دانش بباید گریست

تحصیل علم کو ایک مشغلۂ بیکاری بنا رکھا ہے، اگر تمام کاروبار غیر ضروری سے وقت بچگیا تو اِدھر کچھ توجہ ہوگئی ورنہ ہر کام کو تعلیم و تعلم پر ترجیح حاصل ہے، مدرسہ سے رخصت کا لے لینا یا غیر حاضر ہو جانا ان کے نزدیک بالکل معمولی بات ہے، اسباق کا ناغہ ہو جانا یا ہم جماعت طلباء سے اسباق میں پیچھے رہ جانا کچھ بھی قابل افسوس نہیں، بلکہ وہ طلبار جنہوں نے امتحانی سوالات کے کچھ بھی جوابات نہیں دیے اور صرف نام اور رجسٹر نمبر لکھنے پر اکتفا کی امتحان گاہ سے ایسے شاد و خرم نکلتے ہوئے پائے گئے کہ گویا کوئی تمغۂ امتیاز حاصل کر کے تشریف لا رہے ہیں، بعض طلبار سے پوچھا جاتا ہے کہ کیا کامیاب ہو تو وہ اپنے کسی امتحان میں فیل ہونے کا اظہار اس پر فخرانہ انداز سے کرتے ہیں کہ گویا کوئی بڑا کام انجام دیا ہے، جن کے پاس ناکام ہونے کی ذلت، ذلت ہی نہ رہی ہو اگر وہ بات بات پر مدرسہ سے رخصتیں نہ لیں یا غیر حاضر نہ ہوں تو تعجب ہے، بدشوقی اور تحصیل علم سے بے پروائی کا یہ حال کہ والدین کے پاس اگر کوئی مہمان آگیا کہ یہ مدرسہ سے غیر حاضر ہو گئے، اگر ان کے سرپرست کہیں مہمان گئے تو بھی مدرسہ آنا مشکل ہو گیا، سر میں خفیف سا درد ہوا کہ درخواست رخصت بھیجدی، کسی عزیز کی شادی ٹھیری کہ ہفتوں غیر حاضر ہو گئے، کسی دن بروقت کھانا تیار نہ ہوا کہ مدرسہ سے غیر حاضری لازمی سمجھ لی، لطف یہ ہے کہ سبق یاد نہ کیا تو رخصت، دیر حاضری کا احتمال ہوا تو بھی رخصت، اگر کثرتِ غیر حاضری کے باعث مدرسہ سے نام خارج ہو گیا تو بھی ان کی مراد

پوری ہوگئی اگر نہ ہوا تو بھی ماں باپ کو یہ باور کرا کے خارج مدرسہ ہو گئے کہ ہم سبق طلبا بہت آگے بڑھ گئے ہیں ان کے ساتھ چلنا مشکل ہے اب اگلے سال ابتدا ہی سے خاص طور پر محنت شاقہ سے کام لیا جائے گا سُبحَانَ اللہ

علم اور تعلیم گاہ سے ہماری یہ کنارہ کشی حضرات معلمین سے ہماری یہ بے اعتنائی اور گذشتہ زمانہ کے طلبار کے شوق علم اور طلب صادق کی یہ حالت کہ امام اسمٰعیل نے اپنی سترہ برس کی عمر میں جب محمد بن ایوب رازی کی خبر وفات سنی تو روئے چیخے اور کپڑے پھاڑ ڈالے ان کی پریشانی دیکھکر گھر والے جمع ہو گئے سبب پوچھا تو انہوں نے دل گیر ہو کر کہا کہ تم لوگ مجھکو سفر سے روکتے رہے آخر محمد ابن ایوب وفات پا گئے اب میں ان کو کہاں پاؤں گا آخر گھر والوں نے انہیں تسلی دی اور کسی شہر میں دوسرے شیخ وقت کی خدمت میں بھیج دیا۔ جہاں انہوں نے تحصیل علم کی۔

عزیز طالب علمو۔ سچی طلب اور شوق علم میں تم بھی کمال پیدا کرنے کی کوشش کرو علم و فضل سے خاص محبت رکھو۔ مدرسہ اور مدرسین سے دلی اُنس پیدا کرو کتاب کو بہترین ہم نشین سمجھو مدرسہ کی حاضری کو ہر قسم کی مہمانی سے زیادہ عزیز جانو مسائل علمیہ اور ان کے نکات کے سمجھنے میں دعوتوں اور ضیافتوں سے بڑھ کر لذت حاصل ہونے کی کوشش کرو اپنے دوستوں سے حتی الامکان علمی مسائل کا تذکرہ کرتے رہو غرض ہر وقت علم و فضل کو اپنا مطمح نظر رکھو اگر تم ان اصول پر عمل کرنے والے بنو گے تو نہ صرف امتحان میں کامیاب ہو گے بلکہ ہر حیثیت سے فائز المرام رہو گے۔

حفاظت وقت اگر کسی باغ کی بہار خزاں سے مبدل ہو تو کچھ عرصہ کے بعد پھر نئی بہار آسکتی ہے کوئی قیمتی گوہر شکستہ ہو جائے تو پھر معدن میں اس قسم کے جواہر پیدا ہو سکتے ہیں کوئی چیز گم ہو جائے تو پھر وہی یا اس کے مشابہ کوئی اور ہمدست ہو سکتی ہے غرض تقریباً بھی اشیار کا بدل بلکہ نعم البدل ممکن ہے مگر اگر تلافی نہیں ہو سکتی ہے تو گئے

وقت کی جا کر نہیں آسکتی ہے تو عزیز عمر چنانچہ مال و دولت عزیز ہے اس لئے کہ اس سے لطف زندگی نصیب ہوتا ہے عزت و شہرت پسندیدہ ہے کہ اس سے بڑے بڑے فوائد حاصل ہو سکتے ہیں ریاضت و عبادت بہترین چیز ہے کہ اس سے نجات اخروی میسر ہوتی ہے مگر ان میں سے ہر ایک اور ان کے سوا بہتری چیزوں کا دستیاب ہونا وقت منحصر ہے وقت کو کام میں لایا گیا تو سب کچھ ہو سکتا ہے اس کو ضایع کیا کہ ہر قسم کی برباد کا سامان مہیا ہو گیا معلوم ہوا کہ ہر ایک ترقی کی جان دارین کی بہبودی کی روح رواں وقت ہے اور بس۔ وقت کی قدر کرو جملہ خوبیاں خود بخود حاصل کر لو گے

میرے شفیق طالب علمو! تمہارا معمولی سا نقصان ہوتا ہے تو تم پریشان ہو جاتے ہو مثلاً تمہاری کوئی ادنیٰ سی چیز گم ہو جاتی ہے تو بیحد تلاش کرتے ہو ایک ایک سے پوچھتے افسوس کرتے ہو تلافی مافات کی فکر میں لگ جاتے ہو یہ کیا غضب ہے کہ اوقات جیسی عزیز ترین چیز اکثر و بیشتر بیکاری میں صرف ہو جاتی ہے مگر بہت کم ہیں ایسے طالب علم جو اس نایاب شئے کے ضائع ہونے پر کچھ افسوس کرتے ہوں یا تلافی مافات کی فکر میں لگے رہتے ہوں حالت تو یہ ہے کہ عمر کی عزیز گھڑیاں فراخ دلی کے ساتھ بیکاری میں صرف کی جاتی ہیں سوائے چند مستعد طلبا کے اکثر کی زندگی کا نظام العمل جہاں تک معلوم ہے تقریباً حسب ذیل ہے صبح سات یا آٹھ بجے خواب غفلت سے بیداری (چنانچہ مدارس جب صبح کے رہتے ہیں تو دیر حاضر طلبا کی تعداد بڑھ جاتی ہے جس کا حقیقی سبب دیر سے بیدار ہونا ہے) پھر ضروریات سے بسہولت و کاہلی تمام فراغت پا کر حضوری مدرسہ بعد از ان مغرب سے ایک آدھ گھنٹہ پیشتر کچھ پڑھ لیا اور بعجلت تمام کچھ درس خانگی استاد کے خوف سے کر لئے پھر محو خواب ہو گئے اگر نہ بھی سوتے ہوں تو دوسرے بیکار مشاغل میں رات کا قریباً نصف حصہ گزار دیا جاتا ہے آرام پلنگ میں بیجا تاخیر صبح میں دیر سے بیدار ہونے پر مجبور کر دیتی ہے قابل غور یہ ہے کہ جن طلبا کے کئی کئی گھنٹے بستر راحت پر کروٹیں بدلنے میں یا دوست احباب کے ساتھ

غیر ضروری گفت و شنید میں گذر جاتے ہوں ان کے دل و دماغ علم و فضل سے کس طرح معمور ہوں گے اس کا یہ مطلب نہیں کہ تفریح نہ کی جائے یا خورد و خواب کے لئے کوئی وقت نہ دیا جائے اس کے متعلق حفاظتِ صحت کے عنوان میں آیندہ مفصل بحث کی جائیگی اب صرف اس قدر سمجھا دینا کافی ہے کہ ہر چیز میں افراط و تفریط ہر دو مضر ہیں اور بے موقع کام کا ترک کر دینا ضروری ہے تفریح کیجئے آرام پائیے مگر ان سب سے مقصود با لذات علم ہو اور یہ سب چیزیں اس کے حصول کا ذریعہ سمجھی جائیں

یاد رہے کہ بعض دوست خواہ ہم جماعت ہوں یا ہم مدرسہ ہم وطن ہوں یا ہم عمر تضیع اوقات کے خاص اسباب رہا کرتے ہیں ایسے احباب سے حتی المقدور کنارہ کشی نہایت ضروری ہے مثلاً ایک طالب علم مدرسہ آنے کے لئے وقت پر گھر سے نکلتا ہے اگر یہ تنہا آتا تو بروقت مدرسہ پہونچتا اور راہ روی کے وقت اپنے سبق کے متعلق کچھ غور و تدبیر کرتا ہوا آسکتا یا کم از کم ایسے دوست کے ساتھ آتا جو راستہ میں طے مسافت کے وقت علمی تذکرہ میں اس کا شریک رہتا مگر ہوتا تو یہ ہے کہ ایک دوست مدرسہ آتا ہوا دوسرے کے گھر پر حاضر ہوتا ہے اگر وہ کسی بیکار مشغلہ میں مصروف ہے تو یہ بھی اس کا شریک کار ہو جاتا ہے اگر کسی وجہ سے وہ دیر حاضر ہونا چاہتا ہے تو یہ بھی اس کی خاطر سے دیر حاضری کو پسند کر لیتا ہے اور مدرسہ آتے وقت بجائے اس کے کہ آپس میں درس یا علمی تذکرہ کرتے ہوئے آتے لاطائل گفتگو میں قطع مسافت کر لیتے ہیں دوستی کا نتیجہ یہ ہوا کہ عزیز وقت کا کافی حصہ بیکاری میں گزر گیا۔ ؎

ہر متاعے کہ خریدیم باوقات عزیز بود اگر یوسف مصری نہ خریدن بہ بود

یہ حالت تو اُن ایام کی ہے جن میں مدارس کھلے رہتے ہیں تعطیل کے دنوں میں وقت کی تباہی نئے انداز سے کی جاتی ہے کوئی طالب علم کسی عزیز کے گھر تعطیل کا دن بڑی بیکاری میں گزار دیتا ہے کوئی اِدھر اُدھر گشت لگا کر اوقات ضائع کر دیتا ہے۔ سالانہ امتحان کے بعد

اگر طویل تعطیلات ہو گئے تو کتابیں بالائے طاق کر دی گئیں گویا قسم کھالی ہے کہ اس اثنا میں کسی قسم کا علمی کاروبار انجام نہ دیں گے کیونکہ برس بھر تعلیم پاتے پاتے بیحد تھک گئے ہیں اگر کہا جاتا ہے کہ کتابوں کا مطالعہ کیا کیجئے جواب ملتا ہے کہ پڑھی ہوئی کتابیں پڑھنا بیکار ہے رفت و گذشت ہو گئیں اور آیندہ کورس کی کتابیں اس لئے شروع نہیں کی جا سکتیں کہ ممکن ہے جو امتحان دیا ہے اس میں ناکام ہو جائیں اور پھر وہی پڑھی ہوئی کتابیں پڑھنے کی نوبت آئے بعض علم دوست ماں باپ بھی اس نرالی منطق کی کنہ سمجھنے سے قاصر رہتے ہیں اور طالب علم کے خیال کی تائید کرنے پر مجبور ہو جاتے ہیں اگر سالانہ امتحان کا نتیجہ تعطیلات سے پہلے ہی شائع ہو چکا ہے تو ناکام طلبا یہ کہدیتے ہیں کہ پڑھی ہوئی کتابیں کیا پڑھا کریں کامیابی غدر کر بیٹھتے ہیں کہ آیندہ نصاب کی کتابیں خریدی گئی ہیں نہ ان کی تعلیم شروع ہوئی ہے ابھی سے ان کا مطالعہ کس طرح کیا جا سکتا ہے اسی حاصل نتیجہ امتحان برآمد ہو کہ نہ ہو سالانہ امتحان میں یہ کامیاب رہیں یا نہ رہیں بہر حال کسی درسی کتاب کا مطالعہ اپنے لئے مناسب خیال نہیں کر سکتے نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ طویل تعطیل کے بیش بہا ایام صرف بیکاری کے نذر ہو جاتے ہیں اگر علمی مشغلہ کسی نے جاری بھی رکھا تو صرف اس حد تک کہ طلسم ہوش ربا کا دورہ کر لیا یا عشقیہ ناول یا دیگر افسانے دیکھ ڈالے جن سے اخلاقی و علمی فائدہ ملا جتنا ملا مگر نقصان یہ ہوا کہ عزیز اوقات ناقص یا کم سے کم ادنی شغل میں گذر گئے۔

دوستو۔ طالب علمی کا زمانہ بہترین زمانہ ہے کہ اہل و عیال کے جھگڑے ساتھ ہیں نہ ملازمت وغیرہ کے بکھیڑے زمانہ کے نشیب و فراز کی پروا ہے نہ انکارات دنیوی سے سابقہ آیندہ عمر میں اس زمانہ کو اور ان بیفکر ایام کو یاد کرو گے اور پچتاؤ گے۔

صاحبو۔ اگر تم بھی علم میں باکمال بننا چاہتے ہو تو ع

جو دم ہے وہ ہے بسا غنیمت۔

پر عمل پیرا رہو لمحہ لمحہ کا اپنے دل میں حساب رکھو سوائے فائدہ بخش تفریح اور لابدی ضروریات

زندگی کے ذرا غور کرو کہ چوبیس گھنٹوں میں کتنے گھنٹے ضروری کام میں بسر ہوئے اور کتنے بیکاری یا مضرت بخش کاروبار میں گذرے دوسرے دن پہلے کی نسبت غیر ضروری اشغال میں کمی کردو اس طرح اپنی اصلاح آپ کرتے جاؤ اگر حفاظت وقت میں سرگرمی سے کام لوگے تو علمی ترقی میں خاطر خواہ اضافہ پاؤگے امتحان میں اعلیٰ کامیابی کے ساتھ فائز المرام رہوگے

(باقی)

ارتقائے عمل تعلیم

از مسٹر گنیش چندر بی اے۔ بی ٹی مدرس مدرسہ فوقیا دارالعلوم

(پیوستہ)

تاریخی تعلق ہر ملک کی تعلیمی حالت اس کی تاریخ سے وابستہ ہوتی ہے لہذا یہ معلوم کرلینا ضروری ہے کہ انگلستان کی تاریخ کیونکر تبدیلی طرز تعلیم کی محرک ہوئی دو اہم واقعات جن سے یورپ و امریکہ کی سیاسی و تمدنی زندگی میں غیر معمولی کایا پلٹ ہوئی وہ "انقلاب صنعتی" اور جمہوریت کی ترقی" ہیں گو ہندوستان اس قسم کے انقلابات سے تا حال متاثر نہیں ہوا۔ لیکن کیا عجب ہے کہ جلد تر ہمارا ملک موجودہ زمانہ کی ضروریات کے مدنظر ان معرکۃ الآرا انقلابات کو طوعاً و کرہاً قبول کرلے

کوئی ڈیڑھ دو سال قبل انگلستان کی حالت ہندوستان کی موجودہ حالت کی سی تھی، وہی تعلیمی مسائل جو آج ہندوستان میں زیر غور ہیں، اس وقت یوروپی مجالس تعلیم کے خاص مبحث تھے مثلاً۔ والدین کی خواہش تھی کہ ان کی اولاد اپنے آبائی پیشوں ہی میں درجۂ کمال حاصل کرے لیکن جب صنعتی انقلاب کی وجہ سے ملک کی دولت چند بڑے سرمایہ داروں کے ہاتھ میں آگئی تو عوام اپنے آبائی پیشوں کے اختیار کرنے پر راغب نہ رہے اور ایک معتدبہ

تعداد اطفال کی کارخانوں میں کام کرنے لگی۔ جس کا لازمی نتیجہ یہ ہوا کہ حکومت کو ان کی تعلیم کی فکر پیدا ہوئی۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ اس کی وجہ سے مکان پر اور دیہات میں انفرادی تعلیم کا طریقہ مفقود ہو گیا۔ لیکن حسب ذیل مفید اثرات لازماً پیدا ہوئے۔ اول یہ کہ مدارس کے قیام کا خیال پیدا ہوا دوسرے یہ کہ تعلیم کا مقصد صرف حصول علم ہی نہ رہا۔ بلکہ عوام اس امر پر غور کرنے لگے کہ اپنے روزانہ کاروبار کے بعد وہ فرصت کے گھنٹوں کو تعلیمی مشاغل سے کس طرح دلچسپ بنا سکتے ہیں چنانچہ اس کا فوری نتیجہ اخبارات کی ترویج اور ناولوں کی زیادتی ہوا تیسرے یہ کہ صنعتی مدارس کا قیام لازمی قرار پایا تاکہ طلباء ابتدائی تعلیم کے ساتھ ساتھ اپنے پیشے سے بھی واقف ہو جائیں۔

صنعتی انقلاب سے زیادہ انقلاب آفرین واقعہ "جمہوریت کی ترقی" ہے جس سے مساوات کا زرین اصول یورپ میں رائج ہو گیا۔ اس کے پہلے تعلیم صرف چند خوش قسمت اشخاص کا حصہ تھی لیکن رفتہ رفتہ یہ خیال واضح ہو گیا کہ ہر شخص میں انسان ہونے کی حیثیت سے تعلیم پانے کی قابلیت موجود ہے اور نفسیات نے یہ ثابت کر دیا کہ ہر بچہ میں کئی متعدد خوبیاں مضمر ہیں۔ چنانچہ معلم کا یہ فریضہ ہوا کہ وہ اپنی ذاتی دلچسپی سے مستتر خوبیوں کی بہترین طریقہ سے نشو و نما کر سکے۔

جمہوریت کی ترقی سے یہ اثرات مترتب ہوئے کہ (۱) موجودہ زمانہ کی تعلیم ایک خاص عمر اور خاص قابلیت کے طلباء کو یکجا کر کے اس اصول کو عملی جامہ پہنا رہی ہے (۲) ابتدائی تعلیم پر زور دیا جا رہا ہے۔ تاکہ طالب علم ابتداً عام اور ضروری تعلیم حاصل کرنے کے بعد کسی پیشہ کو اختیار کرے۔ (۳) ہر جمہوری حکومت میں ہر منفرد یا نتیجے کا یہ فریضہ ہے کہ وہ ملکی معاملات میں حصہ لے جس کے خوب لینے کے لئے یہ لازمی ہے۔ کہ وہ ملکی دستور کو بخوبی سمجھے۔ لیکن یہ اس وقت ممکن ہو سکتا ہے۔ جب کہ وہ تعلیم یافتہ ہو۔ چنانچہ رفتہ رفتہ انگلستان اور امریکہ میں سوسائٹی اور حکومت کے مفاد کے مدنظر سرکاری مدارس

قائم ہو گئے تاکہ ہر بچہ تعلیم سے بہرہ اندوز ہو سکے (۴) بالآخر یہ کہ ہر جمہوری ملک کی یہ خصوصیت قرار پائی کہ تمام افراد ملک انتہائی ملکی مفاد کو پیش نظر رکھ کر ملکی انتظام کو اس خوبی اور اس ترتیب سے ڈھالیں کہ ملک کو بحیثیت مجموعی ہر فرد ملک کی خوبیوں سے استفادہ کا موقعہ ہاتھ آئے۔ اور یہ اسی وقت عمل پذیر ہو سکتا ہے جب کہ ملک کے باشندے صحیح طرزِ زندگی سے واقف ہو جائیں اور صحیح طرزِ زندگی کے لئے لازم ہے کہ صحیح اصول سے تعلیم دی جائے۔ پس مصلحانِ تعلیم مختلف تجارب سے اصول تعلیم معلوم کرنے کیلئے کوشاں ہیں۔

جنگ یورپ سے پیشتر ی مصلحین تعلیم اس ٹوہ میں تھے کہ موجودہ کو دفع کیا جائے جنگ عظیم نے ثابت کر دیا کہ ہمارے تعلیمی نقایص باہمی جنگ و جدل نفاق اور بدامنی کی جڑ ہیں پس اگر ایسے طریقہ تعلیم کو رائج کیا جائے جو ہمکو اپنے ذاتی و قومی مسائل پر صحیح طور سے غور و فکر کرنے میں مدد دے اور یہ فکر صحیح عمل صحیح پر منتج ہو۔ تو لازماً ہم جنگ و جدل اور بدامنی کے مصائب سے چھٹکارا پا جائیں گے اس غیر معمولی تعلیمی دلچسپی کا نتیجہ یہ ہوا کہ مخصوصین تعلیم نے جماعت کی توجہ اصول تنظیم مدرسہ نصاب تعلیم اور متعلم کی ذاتی دلچسپیوں کے متعلق غور و فکر کیا۔ چنانچہ اسی بنا پر ٹریننگ کالج وغیرہ کو فروغ دینے کا خیال پیدا ہوا۔

دورِ ماضی | یہ غیر صحیح ہے کہ "نئی تعلیم" ایک جداگانہ انقلابی حیثیت رکھتی ہے۔ اور ازمنہ گذشتہ کے آثار تعلیم سے بری ہے۔ "نئی تعلیم" ان آثار تعلیم قدیم کی تین طریقوں سے متاثر ہوئی۔ اولاً یہ کہ تعلیم جدید میں علم النفس کا اشتراک پایا جاتا ہے۔ ثانیاً یہ کہ تعلیم کا رجحان سائنٹیفک (علمی) ہے۔ ثالثاً یہ کہ تعلیم اور سوسائٹی کا تعلق گہرا ہے۔ اور یہ جملہ امور نتیجہ افکار ماضیہ ہیں۔ پس قدیم و جدید کا فرق ظاہر ہے۔

یہ بتلا دینا ضروری ہے کہ "نئی تعلیم" میں چند باتیں ایسی مشترک پائی جاتی ہیں کہ مصلحین مابعد نے جن کے مفید اور بہترین اصول تعلیم کی تفصیلی اپنی تصنیفات میں کر دی ہے۔

ابتداءً "طالب علم کی فطرت" پر کسی نے تفصیلی بحث نہ کی تھی۔ حتی کہ کہا جاتا تھا کہ

طالب علم کی تعلیم ایسی ہونا چاہئے کہ اس کے فطرتی جذبات دب جائیں۔ مگر بعد کو یہ ثابت کر دیا گیا کہ طالب علم کی فطرت کا خاص لحاظ مدرس کو تعلیم میں کرنا چاہئے طالب علم کی فطرت کا تعلق نفسیات سے ہے اس لئے اس کو اس زمرہ میں لیا جا سکتا ہے چنانچہ یہ ثابت ہو گیا کہ نصاب تعلیم و طریقۂ تعلیم کو اس قدر اہمیت نہیں جس قدر کہ طالب علم کی ذاتی دلچسپیوں کو ہونی چاہئے۔ بچہ ایک ایسا حیوان ہے جو ہمیشہ مائل بہ نشو و نما رہتا ہے بچہ کی فطرت ہے کہ وہ اپنے ماحول سے واقفیت حاصل کرنے کی طبعی کوشش کرے پس بہترین مدرس وہ ہے جو سچے رہنما کی طرح بچہ کی اس کام میں امداد کرے۔ بچہ کو اس حوالے بری رکھنا چاہئے جس سے اسے کچھ فائدہ نہ ہو۔ اس کا ماحول ایسا ہونا چاہئے کہ مدرس بآسانی یہ معلوم کر سکے کہ بچہ کا میلان طبع کیا ہے۔ اور اسی کی نشو و نما کرنا چاہئے مختصر یہ کہ طالب علم کی فطرت، اس کی تعلیم کی اساسی بنیاد ہونی چاہئے۔ تعلیم ایسی ہو کہ بچہ کو ذاتی سعی و اکتساب کے جانب راغب کرے۔ بچہ خود بخود آس پاس کی چیزوں سے واقف ہونے کی کوشش کرتا ہے ہر چیز کو وہ دیکھتا، سونگھتا، چھوتا، اور کسی نہ کسی طرح استعمال کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ مدرس کی تعلیم بھی اسی نہج کی ہونی چاہئے۔ مدرس طلبار کے صرف حواس بصارت و سماعت کو ہی کام میں نہ لائے بلکہ حتی الوسع کوشاں ہو کہ طالب علم اپنے تمام حواسوں کو جداگانہ یا متفقہ طور پر استعمال کر سکے۔ مثلاً اگر مثلث کی شکل سے بچے کو واقف کرانا ہو۔ تو مدرس اس کو تختۂ سیاہ پر کھینچکر خاموش نہ ہو جائے۔ بلکہ اس کو کاغذ دیکر یہ کہدے اسی قسم مثلث کاغذ سے کاٹے۔

مذکورۂ بالا نظریات تعلیم کے لحاظ سے بچہ کی شخصیت پر زور دینے سے اس قسم کے حسب ذیل نتائج مترتب ہوتے ہیں کہ مثلاً بچہ کی طبیعت سے واقف ہونے لئے یہ ضروری ہے کہ مدرس علم النفس کے اصول سے واقف ہو

یا یہ کہ گو بچہ میں کئی ذاتی تمدنی و قومی خصائل پائے جاتے ہیں لیکن وہ فطرتاً ایسا شخص ہے

جو مجموعی طور پر جسمانی و نفسیاتی خوبیاں رکھتا ہے۔ چنانچہ دیکھا جاتا ہے کہ ہر طالب علم کی ترقی دوسرے طالب علم کے مقابل ہوتی ہے۔ بس "نئی تعلیم" نے اس امر پر زور دیا کہ مدرس کو جماعت کی طرف مجموعی حیثیت سے ہی نظر نہ ڈالنی چاہیئے۔ بلکہ ہر متنفس کی تعلیم کی طرف جداگانہ طور پر بھی متوجہ ہونا چاہیئے اور اخلاقیات کا یہ نظریہ کہ ہر متنفس میں بہترین کام کرنے کی قوت مضمر ہے مذکورہ بالا امر کو اور بھی تقویت پہونچاتا ہے۔ نہ صرف مدرسہ کے ہر طالب علم کے حقوق و قابلیتوں کا لحاظ مدرس کو کرنا چاہیئے بلکہ اس کا فریضہ ہے کہ اپنے طریقہ تعلیم کو وقتاً فوقتاً بلحاظ ضرورت جماعت تبدیل کرتا رہے۔ یہ غلطی اکثر ٹرینڈ مدرسین سے ہوتی ہے جو یہ تصور کرتے ہیں کہ چند عام اصول ہر وقت اور ہر صورت میں اس کے درس کو کامیاب بنا سکیں گے لیکن مدرسین کو یہ بات معلوم رکھنی چاہیئے کہ ان کے ذمہ دنیا کی زندہ ہستیوں کی تعلیم سپرد ہے نہ کہ کسی بیجان مشین کی جو ہمیشہ ایک طور پر چلتی رہے تعلیم کا کوئی اصول باقاعدہ (خواہ وہ کیسا ہی مکمل کیوں نہ ہو) ہمیشہ ناکامیاب رہے گا اگر مدرس اس کو بلا سوچے سمجھے وقت بے وقت کام میں لائے۔

جماعت کو صرف انتظامی نقطہ نظر سے تصور کیا جانا چاہیئے۔ نہ کہ تعلیمی چنانچہ ڈالٹن پلین اسی عمل کی توضیح کرتا ہے۔

علمی رجحان تعلیم تعلیم کا مقصد یہ بتلایا گیا ہے کہ وہ زندگی کو کامل کردے پس علی الترتیب حسب ذیل علوم کی تعلیم پر زور دیا جانا لازمی ہے اولاً وہ علوم جو انسان کے بقائے ذات کے لئے ضروری ہیں مثلاً علم طبعیات، علم الکیمیا، حفظان صحت وغیرہ دوسرے وہ علوم جو بالواسطہ ذاتی تحفظ کے لئے ضروری اور معاشی اور تمدنی ضروریات میں ممد ہوں۔ تیسرے وہ علوم جو عیال و اطفال کی تعلیم و تربیت میں مدد دیں۔ چوتھے وہ علوم جو ہماری معاشرتی اور سیاسی زندگی میں کارآمد ہوں پانچویں فنون لطیفہ وغیرہ اس اعتبار سے نئی تعلیم نے نصاب کو وسیع کرایا اور نئی بحث یہ پیدا کردی کہ آیا تعلیم محض حصول علوم عامہ کے لئے دی جائے

یا طالب علم کے افادہ کے لئے اس ضمن میں وہ مضامین شامل نصاب کئے گئے جو نسل آئندہ کو آبا و اجداد کے پیشوں کو اختیار کرنے میں مدد دیں اور تعلیم پیشہ ورانہ نقطہ نظر سے دیکھی جانے لگی۔ تیسرے اس کا فوری نتیجہ یہ ہوا کہ سائنس مدارس ثانویہ کے نصاب میں فی الفور داخل کر لی گئی۔

معاشرتی پہلو سے تعلیم سوسائٹی کی بہبودی اور استحکام کا ایک زبردست ذریعہ ہے پس نصاب کا انتخاب ایسا ہونا چاہئے کہ وہ ہر متنفس کو بہترین معاشرت پیدا کرنے میں مدد دے تاکہ سوسائٹی کا ہر فرد تعلیم سے فیض یاب ہو سکے۔ انیسویں صدی کے سیاسی حلقوں میں یہ خیال موجزن ہوا کہ سیاسی و قومی ارتقا کیلئے تعلیمی مناسبت پیدا کرنا ضروری ہے یعنی یہ کہ جمہوری حکومت کا قیام عوام کی تعلیم پر منحصر ہے۔ یہی خیال جبری طریقہ تعلیم کا محرک ہوا۔ انیسویں صدی میں تعلیمی اصلاحات سوشیل و سیاسی تبدیلیوں کے دامن گیر رہیں۔ تعلیم کی تعبیر سوشیل نقطہ نظر سے حسب ذیل طریقوں سے ہوئی۔ اولاً یہ کہ تعلیم علم کی اشاعت کا ذریعہ تصور کی گئی۔ ثانیاً یہ کہ تعلیم انضباط معاشرت کا باعث ہوئی۔ قدیم زمانہ میں سوسائٹی کا انحصار راست حکومت پر تھا۔ اور بالواسطہ مذہب پر۔ لیکن موجودہ زمانہ میں تعلیم بالواسطہ انضباط معاشرت کا ذریعہ ہو گئی ہے اور وہ اس طرح سے کہ تعلیم آنے والی نسلوں کے خیالات کو موجودہ ضروریات کے مدنظر خاص طور سے متشکل کرتی ہے۔ نیز ان کے خیالات کی اصلاح اور ان کی معاشرت میں تبدیلی پیدا کرتی ہے۔ گویا یہ کہنا چاہئے کہ تعلیم ہمارے خیالات کو متغیر کرتی ہے اور یہ تبدیلی ہماری معاشرتی اصلاح کا باعث ہوتی ہے۔ ثالثاً یہ کہ تعلیم سوشیل خیالات کے ایک نسل سے دوسری نسل تک منتقل ہونے کا باعث ہوتی ہے۔ اور یہی وجہ ہے کہ انسان فطرتاً اپنے تجربات، اپنے روایات معاشرت، خیالات، رسم و رواج کو وراثتاً منتقل کرتا چلا آیا ہے۔ پس تعلیم سوشیل خیالات کی منتقلی کا زبردست ذریعہ ہے۔

خلاصہ یہ کہ تعلیم سوشیل ارتقا کا باعث ہے، ارتقاء انسانی کے معنی یہ ہیں کہ انسان

خود کو بحیثیت مجموعی اپنے ماحول کے اعتبار سے سدھارتا چلا جائے مناسب تو یہ ہے کہ بجائے قدرتی ماحول کے سوشل ماحول ہماری نسلوں کی تعلیم کا مرکز بنے۔ تاکہ سوشیل بیداری سوشیل ترقی کا باعث ہو۔ پس تعلیم سوشیل دنیا سے واقفیت کا ذریعہ ہے۔ بالآخر اس امر کی توضیح ضروری ہے کہ "نئی تعلیم" نے ہر قسم کے مختلف تعلیمی رجحانات کو یکجا کر دیا۔ اور ان کو ایک نئی وضع میں ڈھالا جس کا فوری نتیجہ یہ ہوا کہ اولاً ہمارا نصاب تعلیم وسیع و ہمہ گیر ہو گیا اور ثانیاً یہ نئی تعلیم" نے مروجہ تعلیم کے اساسی سنگ بنیاد پر ایک شاندار عمارت کھڑی کر دی۔

نمونۂ نیک

از جناب مولوی سید فخر الحسن صاحب ملا بی اے صدر مدرس مدرسہ وسطانیہ گنج

روزمرہ کے مشاہدات حکماء کے اقوال اور عقلمندوں کے تجربات سے یہ بات پایۂ ثبوت کو پہونچ گئی ہے کہ انسان جس قسم کے لوگوں سے ملتا جلتا ہے۔ جن کے ساتھ اٹھتا بیٹھتا ہے اس کی عادتیں اور اطوار وہ بہت جلد سیکھ لیتا ہے صالحین کا فیض صحبت بد اطواروں کو نیک نہاد بنا دیتا ہے لیکن بدوں کی ہمنشینی سے بہت کم ایسے ہیں جو حکیم لقمان کی طرح نیکی و خدا ترسی کا سبق لیکر نکلیں اسی لئے کہا جاتا ہے دوستوں کے انتخاب میں خوب جانچ پرتال سے کام لینا چاہئے کیونکہ ہر شخص کے اطوار و عادات اس کے دوستوں اور ہمنشینوں کے اطوار و عادات سے جانچے جاتے ہیں" انسان اپنے دوستوں اور ہم مشربوں کے اثر سے اس قدر متاثر ہو جاتا ہے کہ اس کا دل و دماغ، اس کے عادات و خصائل، اس کے جذبات و رجحانات سب اسی رنگ میں رنگ جاتے ہیں ہمنشینی کا اثر یوں تو ہر عمر کے انسانوں پر کم و بیش پڑتا ہے مگر انسانی زندگی کا

وہ سادگی اور بھولے پن کا زمانہ جسے لڑکپن کہتے ہیں گویا اثر پذیری ہی کے لئے بنایا گیا ہے قدیم زمانہ کے معلمین اس حقیقت سے بخوبی آگاہ تھے اس خاصہ طبعی کے جملہ پہلوؤں پر عبور رکھتے تھے اور خوب سمجھتے تھے کہ اس کے طرز عمل پر بہت سی زندگیوں کے مستقبل کا انحصار ہے ان کا مقصد حیات یہ تھا کہ وہ خوبیوں اور نیک عادتوں کا ایسا عمدہ نمونہ پیش کر دیں جو چھوٹی چھوٹی ہستیوں میں غیر معلوم طور پر مضبوطی کے ساتھ سرایت کر جائے ان کے ایثار و کسر نفسی ان کے زہد و تقویٰ اُن کی راست بازی و راست گفتاری کی زندہ مثالیں بڑی اثر رکھتی تھیں اُن کی شخصیت میں مقناطیسی کشش تھی۔ اُن کے ہاتھ جس کو چھوتے سنگ پارس کی طرح طلائے خالص بنا دیتے ان کا ہر عمل شاگردوں کے واسطے ایک سبق ہوتا تھا اُن کا ہر عمل طلبار کے لئے ایک قانون اخلاق، ان کی بات بات میں حکمت، ان کا نقطہ نقطہ کلید معارف، وہ آفتاب تھے جس کی گرمی و روشنی سے تمام عالم مستضئی و مستنیر ہوتا تھا ابر نیساں تھے جن سے قومی غنچوں کی آبیاری ہوتی تھی۔ اِن بزرگواروں کے فیض صحبت نے ایسے ایسے صاحب کمال پیدا کئے جن کے علمی کارنامے صفحۂ روزگار پر زرین حروف میں تحریر ہیں "ان حصیر کہنہ" پر بیٹھنے والوں نے "بے سجادہ رنگیں کن" کا وہ سبق دیا جس نے ساری دنیا میں علم و فضل کے ساغر چھلکا دئے۔

دور حاضرہ کے مدرسین جو انہیں رہنمایان علم و فضل کے جانشین ہیں ایک بڑے نام کے سایۂ محض ہیں۔ کہلاتے تو مدرس ہیں مگر حقیقت یہ ہے کہ مدرسی کو بھی دوسرے سررشتوں کی نوکری کی طرح پیسہ کمانے کا ایک ذریعہ تصور کرتے ہیں۔ ان کی پستی و نکبت کا یہی کافی ثبوت ہے کہ آئے دن گشتیاں نکلتی ہیں۔ احکام صادر ہوتے ہیں دستور المعلمین میں دفعات قائم کئے جاتے ہیں کہ "مدرس اخلاق حمیدہ سے آراستہ ہو کر خود نیک نمونہ بنے تاکہ لڑکے اس کی صحبت نیک سے عمدہ اخلاق اچھی عادتیں سیکھیں" مگر ان کے کان پر جوں نہیں رینگتی۔ ذاتی حظ نفس اور ہیجان حیوانیت کی مدہج پر قومی معاشرت

تہذیب کو نہایت بیرحمی سے قربان کر ڈالتے ہیں۔ افسران اعلیٰ کی تاکیدیں لاپروائی سے سنی جاتی ہیں۔ ان کے احکام دفتری کارروائی سے زیادہ پراہمیت نہیں تصور کئے جاتے، اور کبھی اپنی قلب ماہیت کا احساس نہیں کرتے کاش ہمارے یہ حضرات دیکھتے کہ انہوں نے کس قدر اہم کام کا بیڑا اٹھایا ہے۔ اُن کے ہاتھ میں ملک و قوم کی باگ ڈور ہے اُن کی تحویل میں اُن نونہالان قوم کی ساخت و پرداخت ہے جو کل قوم بنیں گے مگر یہاں تو ؎

ہے علی قدر مراتب سب کو عشق　　تھوڑا تھوڑا ہر کوئی دیوانہ ہے

کے سیلاب میں سب بہے چلے جاتے ہیں۔

ہم مدرسین سمجھتے ہیں کہ چھ گھنٹہ اگر مقررہ مضامین کی تعلیم دیدی گئی تو بس ہمارا فرض ختم ہو گیا مدرسہ کے باہر ہم پر کوئی ذمہ داری نہیں ہے۔ مگر یہ خیال غلط ہے۔ ہم جہاں اور جس حالت میں ہوں یاد رکھنا چاہئے کہ چھوٹی چھوٹی نگاہیں ہمارے عمل کی جاسوسی کر رہی ہیں، ہمارے ہر فعل کا غور سے مطالعہ کر رہی ہیں، ہمارے ہر لفظ پر ان کے کان کھڑے ہوتے ہیں۔ ہمارا ہر فقرہ ان کے سادہ دلوں میں نقش کالحجر ہو جاتا ہے یہ معصوم ہستیاں معلمین کو نیکی و بھلائی، علم و کمال کا مجسمہ سمجھتی ہیں۔ اور ان کے قدم بہ قدم چلتی ہیں پھر یہ سلسلہ چھ گھنٹے اُستاد کی صحبت و نگرانی میں رہتی ہیں اور ان کو اُستاد کے عادات و خصائل سے متاثر ہونے کے لئے کافی وقت ملتا ہے، یہ خیال کرنا کہ طلبا، اُستاد کے عادات و اطوار سے متاثر نہیں ہوتے صحیح نہیں ہے۔ تعمیر عادات و خصائل کا ایک زبردست عنصر ماحول ہے۔

پس ہمارا فرض ہے کہ ہم اپنے نیک نمونہ عمل سے اپنے شاگردوں کی اخلاقی و علمی رہنمائی کرتے رہیں۔ راستبازی کا سبق دینے کے لئے سراپا صداقت ہو جائیں ایثار کی تعلیم کے لئے اپنے مفاد کی قربانیاں کریں۔ محنت و مشقت کے عمدہ نتائج بتانے کے لئے

جانفشانی اور جگر کاوی کے مجسمے بن جائیں، نیز علم و قوم ملت اور وطن کے صحیح مفہوم سمجھیں اور سمجھائیں اگر ہم صرف الفاظ سے نہیں بلکہ اپنے عمل سے تلقین کریں گے تو بچے اخلاق و صیانت کے پتلے اور حقیقی معنوں میں ہمارے بچے (؟) بن جائیں گے۔ اور صرف اسی طرح، صرف نیک نمونہ عمل پیش کر کے ہم اپنے شاگردوں کو تعلیم دے سکتے ہیں اور صرف اسی طرح ہم اپنی اہم ذمہ داریوں سے سبکدوش ہو سکتے ہیں، خوب یاد رکھنا چاہئے کہ ہم اشاعت علوم کے علمبردار ہیں، ہم امانت کبریٰ کے حامل ہیں، ہم آیہ کنتم خیر امت اخرجت للناس کے مخاطب صحیح ہیں، ہم نعرۂ لا تخف انك انت الاعلی کے منادی ہیں، ہم اجلال لا تھنو و لا تحزنو کی تفسیر ہیں، ہم اقوام عالم کو سبق دے چکے ہیں، تہذیب و روشنی کے بانی ہیں، ہماری کل تاریخ درحقیقت تعلیم و تعلم ہی کی تاریخ ہے اور استاد ازل کے حقیقی شاگرد ہم ہی ہیں جو پیغام درس دیکر بھیجے گئے ہیں پھر کیا سبب ہے کہ ہمارے اسلاف کی حرارت برودت ہو کر رہ گئی ہے اور ہم صرف شمع خموش کی صورت میں فراق صحبت شب کا جلا ہوا داغ بنکر رہ گئے ہیں!!!

اسکاؤٹنگ

از جناب مولوی لایت علی صاحب بی اے صدر مدرس مدرسہ وسطیٰ شاہ علی نڈہ

اس مختصر سے مضمون میں میں اس عالمگیر تحریک کی تمام خصوصیات اور فوائد وغیرہ پر نہ تو بحث کروں گا اور نہ کر سکتا ہوں۔ اس مضمون سے میرا مطلب یہ ہے کہ اس عالمگیر تحریک کو ان حضرات کے گوش گزار کروں جن کی نظروں میں اسکاؤٹنگ محض ایک کھیل ہے

جس میں کم سن اور بڑی عمر کے طلبا رخاکی وردی پہنے۔ شملہ باندھے۔ ہاتھ میں لٹھ یا جھنڈی لئے اِدھر اُدھر تفریح طبع کے لئے اور اپنے لباس کی شان دکھانے کے لئے گشت لگاتے ہیں۔ اِن حضرات کا یہ خیال کہ اس کا ؤٹنگ ایک کھیل ہے۔ درست ہے۔ حقیقت میں اسکاؤٹنگ ایک کھیل تو ہے مگر اس کے ساتھ ہی وہ ایک ایسا کھیل ہے جو ایک باقاعدہ تعلیم سے کہیں زیادہ مفید نتائج ملک و مالک کے سچے بہی خواہوں کی صورت میں پیدا کرتا ہے۔ جو ملکی ترقی کا باعث ہوتے ہیں۔ اور جن کی اب ملک کو سخت ضرورت ہے اگر دنیا کی موجودہ تہذیب کی برق رفتاری پر نظر ڈالی جائے تو پتہ چلے گا کہ عہد موجود نے اپنی ایجاد سمجھ کر بہت سے کام دنیا کے سامنے پیش کئے اور کر رہا ہے مگر ان میں سے اکثر زمانہ قدیم میں موجود تھے اور ایک معمولی دماغ کی محنت کا نتیجہ سمجھے جاتے تھے۔ زمانہ قدیم کے بعض دستوروں پر ہم اب تک ہنستے ہیں مگر جوں جوں زمانہ ترقی کرتا جاتا ہے باریک بینوں اور موجدوں کو یہ دیکھکر بڑی پشیمانی ہوتی ہے کہ جن چیزوں کو وہ اپنے دماغ کی ان تھک محنتوں کا نتیجہ سمجھتے تھے وہ پہلے ہی سے موجود تھیں۔ ہم نے دنیا میں آکر کوئی نیا کام نہیں کیا بلکہ ہم نے جو علوم و فنون نئے ایجاد کئے وہ پہلے تھے بلکہ آج سے زیادہ اچھی حالت میں تھے جو ہماری غفلت شعاری اور سہل انگاری کا شکار ہو کر کتم عدم میں پنہاں ہو گئے اور اب یکے بعد دیگرے ایجادات کی صورت میں ظاہر ہو رہے ہیں۔

اسکاؤٹنگ کو عام طرز زندگی سے ممتاز اور ارفع و اعلیٰ ثابت کرنے کے لئے اس میں بہت سی خاص باتیں اختیار کی گئی ہیں چنانچہ اسکاؤٹ لڑکوں کا ایک خاص لباس ہے ان کا سلام جداگانہ ہے۔ اِن کے ہاتھ ملانے کا طریقہ بھی انوکھا ہے۔ مگر اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی خیال رہے کہ لباس۔ سلام۔ اور ہاتھ ملانے کے طریقے جو جدا کر لئے گئے ہیں وہ صرف خصوصیت کی خاطر نہیں۔ بلکہ ان میں بھی کئی فوائد ہیں۔ اسکاؤٹس کا شملہ ان کی قمیصوں کی

بڑی بڑی جیبیں ان کا بلٹ۔ ان کی رسّی۔ سیٹی۔ چاقو۔ یہ کئی کاموں میں مفید ثابت ہوتے ہیں
ان کا سلام اسکاؤٹنگ کے بڑے "تین" وعدوں کو یاد دلاتا ہے۔ اور اس قسم کا سلام
اس وجہ سے رائج کیا گیا تاکہ ایک اسکاؤٹ اپنے دوسرے بھائی اسکاؤٹ کو فوراً
تمیز کرلے اور اس کے ساتھ ساتھ یہ فائدہ بھی ہے کہ کسی چیز کی ہمیشہ کی یاد دہانی ضرور
پائدار اثر رکھتی ہے۔ اگر پتھر پر پانی کی بوند روزانہ ایک ہی جگہ گرا کرے تو وہ بھی باوجود
اپنی بے بضاعتی کے اثر کئے بغیر نہیں رہتی۔ اور اس کے متواتر اور مکرر گرتے رہنے کی وجہ سے نتیجہ
ہوتا ہے کہ وہ تھوڑے دنوں کے بعد پتھر جیسی چیز میں سوراخ کر دیتی ہے۔ یہی حالت اسکاؤٹس کے
سلام کی ہے، روزانہ اگر کسی شخص کو کسی خاص وعدہ کی طرف یا کسی قسم کی پابندی کی طرف
اشارۃً و کنایۃً متنبہ کیا جائے تو اس کا ضرور اثر ہوتا ہے۔ چنانچہ ہند میں بعض اقوام
اب تک ایسی ہیں جن کے سلام معمولی آپ کے ہمارے سلام نہیں ہوتے۔ بلکہ ان کے
سلام میں اِن وعدوں کا اور ارادوں کا اعادہ ہوتا ہے جو کئی صدی قبل اس قوم کے
گروہ نے کئے تھے۔ اور جس کا پورا کرنا ہر شخص پر فرض ہوتا ہے، اس تحریک سے پہلے کی
دوسری اس سے زیادہ اہم تحریکوں کے نتیجہ خیز۔ عبرت انگیز۔ انجام کو دیکھکر یہ بات
اختیار کی گئی کہ اس تحریک میں ایسی باتیں داخل کی جائیں جو اس میں خصوصیت پیدا کرکے
اُس کو ایک خاص چیز بنالیں۔

اسکاؤٹنگ کی تاریخ سب سے پہلے جنہوں نے ۱۸ یا ۱۹ سال قبل اس تحریک کو دنیا میں
پیش کیا وہ سر رابرٹ بیڈن پاول ہیں۔

صاحب موصوف کو جب کہ وہ افریقہ کے ایک مقام مینیکنگ پر کپتان تھے بور
قوم نے گھیر لیا۔ اس زمانہ میں ان کو پیغام رسانی اور دوسرے کاموں کے لئے آدمیوں کی
قلت کی وجہ سے سخت تکلیف ہوئی۔ صاحب موصوف نے گاؤں کے بچوں کو پیغام رسانی
اور دیگر اہم امور کی تربیت دی۔ انہوں نے اس تربیت کو بیحد کارآمد پایا۔ جب وہ وہاں سے

واپس آئے تو انہوں نے اس تحریک و تربیت کو امن کے زمانہ میں پھیلانے کی کوشش کی۔ اس غرض کے لئے انہوں نے تجرتاً ۱۹۰۷ء میں جزائر برآون میں ایک اسکاوٹ کیمپ ڈالا جس میں انہوں نے کامیابی حاصل کی۔ چنانچہ اس کے بعد انہوں نے اس فن پر پہلی کتاب ۱۹۰۸ء میں لکھی تاکہ دوسرے لوگ بھی اس سے واقف ہوں۔ اس کتاب نے جادو کا اثر کیا اور اہل ملک نے ان کی صدا کو لبیک کہا۔

امریکہ کے باشندوں کا یہ خاصہ رہا ہے کہ پہلے وہ کسی چیز کو نہایت باریکی اور تعمق سے سیکھتے ہیں اور سیکھنے کے بعد اس میں اتنی گلکاریاں کرتے ہیں اور ایسی ترقی دیتے ہیں کہ وہ چیز بالکل ان کی ہو رہتی ہے۔ انگلستان کے بعد امریکہ نے اس کی طرف توجہ کی۔ چکاگو کے باشندے ڈبلیو ڈی۔ بائس جب کہ وہ انگلستان میں مقیم تھے۔ ایک دفعہ راستہ بھول گیا ہوں وہ ایک سڑک پر پریشان کھڑے تھے کہ ان کی طرف ایک کم عمر بچہ بڑھا اور اس نے ان سے ان کی پریشانی کی وجہ دریافت کی جس پر صاحب موصوف نے فرمایا کہ میں راستہ بھول گیا ہوں بچہ نے اُن سے پتہ دریافت کیا اور لندن کی پیچ در پیچ گلیوں میں سے ہو کر اُن کو ان کے گھر پہونچا دیا۔ مسٹر بائس کو اس کم عمر لڑکے کی خدمت اور جبارت بیحد پسند معلوم ہوئی گھر پہونچنے پر صاحب موصوف نے انعام دینے کی خاطر جیب میں ہاتھ ڈالا جس کا عام طور یورپ کے ممالک میں رواج ہے۔ لڑکے نے نہایت باقاعدگی سے سلام کیا اور انعام لینے سے انکار کیا مسٹر بائس نے اس کی وجہ دریافت کی۔ اس لڑکے نے کہا کہ وہ ایک اسکاوٹ ہے۔ اور یہ کہ انسانی ہمدردی کی خاطر یہ کام کیا کسی انعام کے لالچ کی خاطر نہیں اس پر مسٹر بائس نے اسکاوٹنگ کے متعلق دریافت کرنا شروع کیا کہ وہ کیا چیز ہے، وہ لڑکا ان کو اسکاوٹس کے صدر دفتر پر لے گیا۔ جہاں سے انہوں نے بہت سی کتابیں اس تحریک کے متعلق حاصل کیں۔ اور ان کتابوں کو وطن لے جا کر صاحب موصوف نے اہل ملک کو اس سے آگاہ کیا اہل ملک نے اس تحریک کو سر آنکھوں پر لیا۔ اور اس طرح سے اس کا رواج

امریکہ میں سنہ ۱۹۱۰ء میں ہوا گزشتہ دس سال کے عرصہ میں ہندوستان میں اسکاؤٹنگ کی کافی اشاعت ہوگئی ہے۔

اسکاؤٹنگ کی حقیقت و مقاصد اسکاؤٹنگ ایک ایسا کھیل ہے جس میں کھیل کے ذریعہ ملک کی نوجوان ہونہار پود کو اچھے باشندے بننے اور ملک و قوم کی خدمت اور مالک کی وفاداری کے سبق نہایت لطیف اور دلچسپ پیرایہ میں دیے جاتے ہیں اس تحریک نے ملک پر بڑا زبردست احسان کیا۔ اس لئے کہ جو تعلیم مدرسوں کے گندے اور تاریک حجروں میں دی جاتی ہے اس سے اتنے مفید نتائج نہیں برآمد ہو سکتے۔ جتنے کہ اس تربیت سے ہوتے ہیں تمام لوگ اس سے واقف ہیں کہ زمانۂ قدیم کے بڑے بڑے معلم افلاطون۔ جالینوس۔ لقمان ارسطو وغیرہ اپنے طالب علموں کو کسی حجرہ میں تعلیم نہیں دیتے تھے بلکہ ان کی تربیت و تعلیم سبزہ زاروں میں۔ ہرے بھرے جھاڑوں کے نیچے ہوتی تھی۔ اسی اصول کو اسکاؤٹنگ میں بھی اختیار کیا گیا یہ ایک ایسی تحریک ہے جو کسی خاص مذہب اور سیاست سے بالکل بری ہے اس کا مقصد مخلوق خدا کو آرام پہونچانا اور اپنے آپ کو ہر طرح سے اچھی حالت میں رکھنا ہے چنانچہ ایک اسکاؤٹ کو اس زمرہ میں داخل ہونے کے قبل قسم کھانی پڑتی ہے کہ وہ خدا۔ بادشاہ اور ملک کے فرایض ادا کرے گا۔ اسکاؤٹ کے قوانین کی پابندی کرے گا۔ اور ہر ذی روح کی مدد کرے گا اور اس کے ساتھ ساتھ وہ اپنی اخلاقی۔ دماغی اور جسمانی حالت کو بھی اچھی حالت میں رکھے گا۔

اسکاؤٹنگ کے چار زبردست اصول ہیں۔ (۱) اخلاق کی درستی (۲) خدمت (ملکی اور قومی) (۳) صناعی تعلیم (۴) جسم کی حفاظت۔ یہ چاروں باتیں جس شخص میں پائی جاتی ہیں وہ "اچھا باشندہ" کہلانے کا مستحق ہے۔

طلبا میں افعال سیئہ سے گریز اور اعمال حسنہ سے انس پیدا کرنا اسکاؤٹنگ کا سب سے پہلا فرض ہے۔ یہ خوبیاں طلبہ میں کئی طرح سے پیدا کی جاتی ہیں تمام اخلاقی برائیوں کو

دفع کرنے کے لئے اسکاؤٹنگ میں سب سے اعلیٰ قسم کا اور سب سے مفید حربہ کھیل سمجھا گیا ہے اس لئے کہ بچپن کے کھیلوں میں جو خراب جذبات بچوں کی طبیعتوں میں راسخ ہو جاتے ہیں۔ وہی جذبات آگے چلکر جوانی کے زمانہ میں اس بچہ کی طبیعت ثانیہ بن جاتے ہیں اور ایسی صورت میں ان کا دفعیہ تقریباً ناممکن ہو جاتا ہے۔ انگریزی میں ایک مثل مشہور ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ جوانی کے زمانہ میں انسان میں وہی خصوصیات اور جذبات پائے جاتے ہیں جو اس میں لڑکپن سے ہوتے ہیں۔ بچوں میں اچھے جذبات پیدا کرنے کی خاطر مختلف قسم کے کھیل سکاؤٹنگ میں کھلائے جاتے ہیں اور ان کھیلوں کے ذریعہ سے طلبا کی دماغی تربیت ہوتی ہے۔ اور جسمانی حالت کا درست ہونا تو لازمات سے ہے۔ انہیں کھیلوں کے ذریعہ سے طلبا کو بردباری تحمل، غصہ کا ضبط کرنا۔ حسد کا مادہ دور کرنا اور رشک کا مادہ پیدا کرنا۔ غرض اسی قبیل کی اور اچھی عادتوں کا عادی بنایا جاتا ہے۔ اسکاؤٹنگ کے کھیل خاص خاص قواعد اور اصول پر مبنی ہیں جن سے مندرجہ بالا اعمال حسنہ کی ترغیب ہوتی ہے۔

اسکاؤٹنگ میں تمام کھیل ایسے کھلائے جاتے ہیں جن کی وجہ سے طلبا میں اتفاق و اتحاد پیدا ہو۔ اس کے تمام کھیل ایسے ہوتے ہیں جس میں کوئی طالب علم خاموش نہیں رہتا بلکہ ہر ایک طالب علم کچھ نہ کچھ ضرور کرتا رہتا ہے۔ ایسے کھیلوں کے ذریعہ بچوں میں قومیت کی روح پھونکی جاتی ہے اور ان سے خود غرضی کا مادہ دور کیا جاتا ہے۔ ہر بچہ کے دل میں یہ جذبات پیدا کئے جاتے ہیں کہ وہ مخالف کی کمزوریوں سے فائدہ نہ اٹھائے اور اس کے ساتھ ساتھ یہ خیال بھی اس کے دل میں پیدا کیا جاتا ہے کہ وہ اپنے کالج یا اسکول کے لئے کھیل رہا ہے صرف اپنی خاطر نہیں۔

یہی جذبات آگے چلکر ترقی کرتے کرتے انسان کے دلوں میں اپنے ملک اور اپنی قوم کی محبت اور ہمدردی اور ایثار کا مادہ پیدا کرتے ہیں بعض کھیل ایسے کھلائے جاتے ہیں جس میں ایک جماعت کو دوسری جماعت کا پتہ چلانا پڑتا ہے۔ جو جماعت پہلے جاتی ہے

وہ اپنے راستہ پر نشان بناتی جاتی ہے مگر اس کے ساتھ ساتھ دوسری جماعت کو غلط راستہ پر لگانے کے لئے بعض جگہ ایک سے زیادہ راستوں پر نشانات بناتی جاتی ہے۔ جو جماعت بعد میں ان کی تلاش میں جاتی ہے اس کے افراد کو نہایت احتیاط سے جانا پڑتا ہے اور ان نشانات اور علامات کو دیکھنے بھالنے میں غور کی ضرورت لاحق ہوتی ہے اور اس کے ساتھ ساتھ بعض دفعہ ان کو چھپ کر جانا پڑتا ہے کہ کہیں دوسری جماعت جو ان کے گھات میں چھپی بیٹھی رہتی ہے ان کا پتہ نہ چلالے۔ غرض اسی طرح کے سینکڑوں کھیل ہیں جن سے بچوں کی جسمانی دماغی اور اخلاقی تربیت ہوتی ہے ایک اسکاؤٹ رات دن ملکی خدمت کے لئے تیار رہتا ہے۔ یہ اس کا فرض اولین ہے کہ کسی اہم قومی یا ملکی ضرورت کے موقع پر کسی کے بلانے کا یا آدمی بھیجنے کا انتظار نہ کرے بلکہ بلا کسی طلب کے موقع پر پہونچ کر قوم اور ملک کی مدد کرے اور ایسے مواقع پر اسکاؤٹ جو مدد کرے گا۔ وہ عام لوگوں کی مدد سے زیادہ سودمند اور باقاعدہ ہوگی۔

ممکن ہے کہ بعض حضرات یہ فرمائیں کہ ہم بھی ملکی خدمت کرتے ہیں۔ بیماروں کی دیکھ بھال کرتے ہیں مصیبت زدہ لوگوں کی مدد کرتے ہیں۔ مگر افسوس ہے کہ ایسے حضرات کی مدد بعض دفعہ ناداں کی دوستی ثابت ہوتی ہے جو بجائے فائدے کے نقصان پہونچاتی ہے ہم اکثر یہ واقعات دیکھتے ہیں کہ سڑکوں پر اگر کوئی سیکل سوار سیکل سے گرتا ہے یا اور کوئی حادثہ ہوتا ہے تو ایسے وقت میں اکثر ہمدرد حضرات آ دیدہ ہو کر متضرر کے آس پاس جمع ہو جاتے ہیں اور آپس میں مشورے ہوتے رہتے ہیں کہ اب کیا کرنا چاہئے۔ مگر بدقسمتی سے کوئی ان کو عملاً کام میں نہیں لاتا یہاں تک کہ اکثر دفعہ یہ دیر مریض کے لئے نہایت مہلک ثابت ہوتی ہے اگرچہ ان حضرات نے ہمدردی کی مگر ان کی ہمدردی نے اس مریض کے لئے زہر ہلاہل کا کام کیا۔

اس کے برخلاف ایک اسکاؤٹ ایسے موقع پر کبھی اس قسم کی لیت ولعل میں نہیں پڑ سکتا

سب سے پہلے وہ مریض کو کھلی ہوا میں پہونچانے کی کوشش کرے گا اس لئے کہ تمام امراض میں کھلی ہوا اکثر دواؤں سے زیادہ مفید کام کرتی ہے۔

اس کے بعد وہ مریض کے زخموں کو دیکھے گا اور جو خطرناک زخم یا ضربات ہوں گے اپنے اسکارف کی مدد سے جو ہمیشہ اس کے گلے میں پڑا رہتا ہے۔ ان کو باندھنے کی کوشش کرے گا۔ اس کے ساتھ ساتھ اگر مریض کے جسم سے خون جاری ہو تو وہ فوراً ایک نظر میں پہچان لے گا کہ آیا مریض کی شریانوں کو صدمہ پہونچا ہے یا ورید کو ان تمام باتوں کے کرنے کے بعد وہ مریض کو ایسی حالت میں بٹھا دے گا یا لٹا دے گا جو اس کے لئے آرام دہ ہو اور اس کے بعد وہ فوراً اس کو رجوع شفاخانہ کر دے گا۔ اسی قسم کی سینکڑوں مثالیں پیش کی جا سکتی ہیں کہ ایک معلومات رکھنے والے شخص کی مدد نے بہ نسبت دوسرے غیر معلومات والے حضرات کی بے اصول ہمدردی کے زیادہ لوگوں کو فائدہ پہونچایا ان تمام مفید باتوں کے ساتھ ساتھ اسکاؤٹنگ میں تمام پیشے سکھائے جاتے ہیں تاکہ ایک اسکاؤٹ غربت اور عدم ملازمت کی وجہ سے ملک اور قوم پر بار نہ ہو۔ نجاری۔ معماری۔ بوٹ سازی۔ جالی بننا۔ رنگ سازی غرض اس قسم کے اور بہت سے پیشے سکھائے جاتے ہیں۔ ان کو پیشے میں کامیاب ہونے کے بعد تمغہ جات دیئے جاتے ہیں۔

لندن کے ایک اسکاؤٹس لیڈر کے پاس جوتے کے کام کا بیج دیکھا گیا۔ لوگوں نے اس سے وجہ دریافت کی کہ دوسرے اچھے پیشے چھوڑ کر تم نے یہ پیشہ کیوں اختیار کیا اس نے جواب دیا کہ میرے پٹرول کے تمام لڑکے غریب ہیں ان کے والدین کے پاس اتنا پیسہ نہیں کہ کہیں شہر سے باہر جانے کے لئے وہ ٹرام کا کرایہ دے سکیں اور نہ ان کے والدین ان کو ہفتہ کے روز باہر جانے کی اجازت دیتے ہیں اس لئے کہ خدشہ ہے کہ کہیں ان کے بچوں کے جوتوں کے تلے گھس کر جلد نہ پھٹ جائیں۔ ان مشکلوں کو رفع کرنے کی خاطر اور ان بچوں کے جوتوں کو ٹھیک کرنے کی خاطر میں نے یہ پیشہ اختیار کیا اگر میں ایسا نہ کرتا تو میرے کام میں مجھے کامیابی

امید نہ تھی اس مثال کو دیکھکر یہ کہا جا سکتا ہے کہ جب کم سنی میں اپنی جماعت کی اتنی محبت ہے تو ایسی ہستی کے بڑھنے کے بعد اس سے ملک اور قوم کو کتنا فائدہ پہنچ سکتا ہے۔

ایک اسکاؤٹ کے فرائض میں ہے کہ وہ اپنے بادشاہ۔ اپنے لیڈر۔ اور اپنے ماں۔ باپ۔ کی اطاعت اور خدمت کرے جس کے سبق اور جس کی یاد دہانی ایسے روزانہ کام شروع ہونے کے قبل کرائی جاتی ہے۔

کام شروع ہونے کے قبل تمام اسکاؤٹ اپنے ملک کے جھنڈے کے اطراف جمع ہوتے ہیں۔ اور جب وہ جھنڈا کھولا جاتا ہے تو اُن کا فرض ہے کہ وہ اس کو سلام کریں اسی طرح جب کبھی وہ جھنڈا اتارا جاتا ہے تو اُن کا فرض ہے کہ وہ اس وقت بھی سلام کریں

ایک اسکاوٹ کو ادنیٰ سے ادنیٰ کام کرنے کے لئے عار نہیں ہو سکتا بشرطیکہ وہ قوم ملک اور افراد قوم کے فائدہ کا ہو۔ اگر کسی شرک کی مہری بند ہو گئی ہو جس سے خلق اللہ کی صحت کو نقصان پہونچنے کا اندیشہ ہو تو ایک اسکاوٹ لیڈر اپنی جماعت کو لیکر اس کی صفائی میں مصروف ہو جائے گا۔ اگر لوگ اس پر ہنستے ہیں تو وہ اس کی کبھی پرواہ نہ کرے گا اس لئے وہ ایک اہم قومی مفاد کا کام کر رہا ہے۔ اور جو لوگ ہنستے ہیں وہ نادان ہیں اور نادان آدمی قابل معافی ہوتے ہیں۔ اگر کبھی میلہ یا کوئی اور مذہبی جلسہ ہو تو اس اسکاوٹ پارٹی کا جو اس حصہ سے قریب ہو فرض ہوگا کہ وہ موقع پر پہونچ کر وہاں کے لوگوں کی جان و مال کی حفاظت کرے۔ جو بچے گم ہو جائیں۔ ان کو ان کے ماں باپ کے پاس پہونچائے اور جن لوگوں کی چیزیں چھوٹ گئی ہوں ان کو ان کے مالکوں تک پہونچائے۔

یہ ایک ایسا وسیع مضمون ہے جس پر کئی کتابیں لکھی جا چکی ہیں اور ابھی اس میں اتنا مواد ہے کہ اس پر اور کتابیں لکھی جا سکتی ہیں یہ مضمون اس غرض سے لکھا گیا ہے کہ وہ حضرات جو اسکاؤٹنگ سے واقف نہیں ان کو اس کے متعلق سرسری معلومات ہو جائیں

متفرقات

موجودہ تعلیمی ضرورتیں تعلیمی عمر کے ہر بچہ کو بلا استثنا کسی نہ کسی تعلیم گاہ میں داخل ہو جانا پر ضرور ہے اور اس جانب پوری پوری توجہ بیحد سرگرمی کے ساتھ کی جانی چاہئے بلکہ اگر مناسب ہو تو مصارف کا سوال حل کرنے کے لئے فرید ٹیکس بھی لگایا جا سکتا ہے تاکہ آیندہ نسل کے لئے ابتدائی تعلیم کا ایک بہترین لائحہ عمل تیار کرایا جا سکے۔ اس غرض سے اگر ۵ پیسہ فی روپیہ وصول کیا جائے تو ایک عمدہ اسکیم بروئے عمل لائی جا سکتی ہے۔ ابتدائی عام تعلیم کے ساتھ ساتھ ایک مخصوص زراعتی نصاب کی بھی سخت ضرورت ہے جس کے بغیر اہل فلاحت پوری طور پر اپنی حرفت سے متمتع نہیں ہو سکتے اور دیہاتی حصۂ آبادی کا سخت نقصان ہوتا ہے۔

اس ضمن میں طبقۂ معلمین کی باقاعدہ محنت نیز ان کی ہمت افزائی کی بھی بہت بڑی ضرورت ہے عمدہ اساتذہ کے بہم پہونچانے میں اکثر تنخواہ کا سوال پیدا ہو جاتا ہے اور تا وقتیکہ معقول تنخواہ نہ ہو عمدہ مدرسین کا ملنا علی الخصوص آج کل دشوار بھی ہے۔ اساتذہ کی مختلف انجمنوں کا انعقاد بھی مجتمعاً تعلیمی مسائل پر غور کرنے اور ان کا حل سوچنے کے لئے بہت ضروری ہے اس قسم کی انجمنوں سے باہمی مشورہ کا بہت موقعہ مل سکتا ہے نیز عملۂ مدرسین میں بھی یہ خیال پیدا ہو جانا چاہئے کہ جہاں تک ہو انتظامی امور میں سہولت پیدا کر کے صدر مدرسین کو تعلیمی امور پر توجہ کرنے کا موقعہ دیں اور ایسی فضا پیدا ہونی چاہئے جس میں کشیدگی یا تعلقات کی ناخوش گواری پائی جاتی ہو۔ خانگی مدارس کی کامیابی کے لئے ان امور کے علاوہ اس امر کی بھی ضرورت ہے کہ انتظامی کمیٹی صدر مدرس کو ادائے فرائض میں ہر طرح کی سہولت بہم پہونچا دے۔

تعلیم نسواں کے متعلق جہاں تک اعلیٰ تعلیم کا تعلق ہے یہ سمجھ لینا چاہئے کہ نسوانی و غیر نسوانی تعلیم میں کوئی خاص فرق نہیں ہے جنسی اعتبار سے جو تفریق کی جاتی ہے وہ نہایت سطحی ہے کیونکہ عورت

کے لئے تعلیم کا مقصود یہ قرار دینا کہ وہ ایک صرف عمدہ خانہ دار عورت بن سکے نہایت تنگ نظری پر مبنی ہے تعلیم کا نفع اور برکات عام ہیں جن میں جنسی تفریق حائل نہیں ہو سکتی

(ماخوذ از خطبہ صدارت پروفیسر ستی شادری اجلاس سوم انجمن صدر مدرسین و اساتذہ) احاطہ بیدی

نفس تعلیم اہم ترین سوال یہ ہے کہ آیا ہماری تعلیمی یونیورسٹیاں کوئی "تعلیم" بھی دیتی ہیں؟ اس کے جواب کے لئے اولاً تعلیم کی تعریف معین کرنا ہوگی۔ اے جی سی لاس شاہ اسپارٹا کا مقولہ تعلیم کی نسبت یہ ہے کہ "وہ ایک مکمل انسان بنا دینے کا مادہ رکھتی ہو" لیکن انسانی مقاصد حیات کے اعتبار سے تعلیم کے تین حصے کرتا ہے اول یہ کہ خود شناسی اور دنیا شناسی کی قابلیت پیدا ہو دوسرے یہ کہ وہ مسرت و خرمی کا باعث بنے تیسرے یہ کہ اپنی اور دنیا کی اصلاح و تعمیر کرے دیکھنا یہ ہے کہ آیا ہندوستان کی موجودہ یونیورسٹیاں ایسے طلبا پیدا کرتی ہیں جو جسماً توانا، اخلاقاً قابل، اور ذہناً تیز ہوں، ہر چند کہ ہماری یونیورسٹیوں نے چند لایق فایق ہستیاں ضرور پیدا کر دی ہیں مگر زیادہ تر ایسے ہی لوگ ہیں جو ملازمت یا وکالت پیشہ ہیں اور ظاہر ہے کہ یہ دونوں امور تعلیم کا مقصد نہیں قرار پا سکتے حقیقت یہ ہے کہ جدید ضروریات کے لحاظ سے تعلیمی روش پر کلیتاً از سر نو غور کرنے کی ضرورت ہے مزید براں واسطہ اجرائی تعلیم بھی آج تعلیمی ہندوستان کا نہایت اہم مبحث ہے۔ مختلف ممالک میں تعلیم و تعلم کے جو مباحث اور طریقے اختیار کئے گئے ہیں ان پر غور و تبصرہ بیکار ہے البتہ ایک امر متفقاً طے پا گیا ہے یعنی ذریعہ تعلیم اپنی زبان ہونا چاہئے۔ ہم عطایائے فطرت سے اسی وقت متمتع ہو سکتے ہیں جبکہ اس کے قوانین کی متابعت کریں نہ کہ مخالفت۔ ابتدائی تعلیم کے متعلق تو ذریعہ تعلیم کا مادری زبان میں ہونا مسلم اور ضروری سمجھ لیا گیا ہے البتہ یونیورسٹی کی تعلیم میں بھی یہی ذریعہ قائم رہنا قدرے تامل طلب ہے کتب نصابیہ کی عدم موجودگی، کچھ یوں میں غیر وطنی زبان کا مروج ہونا وطنی زبانوں میں علمی مواد کی بے بضاعتی اور سب سے بڑھ کر متعدد وطنی زبانوں کا موجود ہونا

اس مسئلہ کے حل ہونے میں سدراہ ہیں۔

یونیورسٹی کی تعلیم کے متعلق دو اور بھی نہایت اہم مسائل ہیں اول تو خصوصی تعلیم کا مسئلہ ہے۔ ہماری یونیورسٹیوں میں طلبار کو کسی فن یا علم کی مہارت خصوصی کے لئے تیار نہیں کیا جاتا اور ان کا جلہ زمانۂ تعلیم مختلف مضامین کے مطالعہ کے نذر ہو جاتا ہے جن میں ان کا کمال ناقص رہجاتا ہے گویا مہارت و کمال کو تنوع اور بوقلمونی کی قربانگاہ پر چڑھا دیا جاتا ہے اسی امر کو سر آشوتوش مکرجی انجہانی نے بیس سال قبل ان الفاظ میں بیان کیا ہے کہ تا وقتیکہ ہماری یونیورسٹیاں متحققین اور متخصصین فن طلبار اور پروفیسر نہ پیدا کریں اس وقت تک وہ حقیقی معنوں میں درس گاہ نہیں کہلائی جاسکتیں۔ دوسرا اس سے بھی بڑھکر مسئلہ اتحاد کی تعلیم کا ہے اس قسم کی تعلیم سے جو بے اعتنائی کی جارہی ہے وہ ایسے ناگفتہ بہ نتائج پیدا کرے گی جو ہماری معاشرتی بنیادوں تک کو کھوکھلا کردیں گے اتحاد و رواداری تعلیم کا سب سے پہلا اور بہترین ثمرہ ہے ہمارے طلبار کو باہمی اخوت کا خالص نمونہ بننا چاہئے اور اپنے طرز عمل کا ہر قدم ملک کی ترقی کی جانب بڑھانا چاہئے۔ اگر تعلیم کا ملخص یہی قرار پاگیا کہ مذہب کے نام سے ہر قسم کی تنگ نظری کوتاہ بینی "لامذہبی" کا ارتکاب کرکے حیوانیت کے بدترین مظاہر کا تماشہ دنیا کو دکھلایا جائے تو ہمارے نوجوانوں سے مادر وطن کو کوئی امید نہیں رکھنا چاہئے۔ ہمارے نوجوانوں کو ہر قسم کے نفاق بدظنی اور تعصب کو کچل دینا چاہئے یہی حاصل تعلیم ہے

ماخوذ از تقریر جناب سلطان احمد صاحب (کانووکیشن آف مسلم یونیورسٹی علیگڑھ)

مراسلات

پونہ کی زراعتی نمائش

ناظرین رسالۂ ہذا غالباً باخبر ہوں گے کہ حکومت بمبئی کی جانب سے ایک زراعتی نمائش حال ہی میں بمقام پونہ منعقد ہوئی تھی۔ میں تعلیمی نقطۂ نظر سے مجملاً وہاں کے حالات بیان کرنیکے بعد اُن خیالات کو جو اس عظیم الشان نمائش کو دیکھنے سے میرے دل میں جاگزیں ہوئے پیش کرنا چاہتا ہوں۔ پونہ کے زراعتی کالج کے میدان میں نمائش کے مختلف شعبوں کے مظاہرات کا علیحدہ علیحدہ انتظام کیا گیا تھا مثلاً میدان نمائش آبرسانی، میدان نمائش آلات کشاورزی، میدان نمائش اتحاد باہمی میدان نمائش نیشکر وغیرہ

جو حضرات نمائش میں آئے تھے اُنمیں یا تو وہ لوگ تھے جو بطور خاص آئے تھے اور جن کو سبز رنگ کے علامتی نشانات دیئے گئے تھے یا وہ حضرات تھے جو محض تفریحاً چلے آئے تھے البتہ اہم طبقہ وہاں پر ملک کے مزارعین اور کسانوں کا تھا جن کو سرخ رنگ کا نشان دیا گیا تھا اور وہ ماہرین زراعت کے ہمراہ نمائش کی سیر مفت کر سکتے تھے۔

سب سے پہلی بات جو ایک دلدادۂ تعلیم کو اس نمائش میں گرانقدر زراعتی آلات کے دیگر ملحقات کو دیکھکر اپنی طرف متوجہ کر سکتی تھی وہ یہ تھی کہ آیا یہ تمام باتیں صرف نمائش ہی نمائش ہیں یا واقعی اس سے کسی فائدہ کی امید ہے۔ اس لئے کہ جب تک اُن قیمتی زرعی آلات کے دیہات میں پہونچانے اور ان کے بہ سہولت وارزاں فراہم کرنے کا انتظام نہ کیا جائے گا اس قسم کی عملی نمائش کا قاعدہ نہایت محدود رہے گا میں سمجھتا ہوں کہ اس کے لئے بہترین طریقہ یہ ہوگا کہ اس قسم کے آلات کرایہ پر بہم پہونچانے کا انتظام کیا جائے جیسا کہ بڑودہ میں رائج ہے

اس کے بعد ہی یہ وقت باقی رہجاتی ہے کہ زراعت پیشہ طبقہ میں ان آلات کے صحیح استعمال اور فن زراعت کے جدید ترین مذاق کو کیونکر پیدا کیا جائے جس کی بہترین صورت یہی ہو سکتی ہے کہ ایک مخصوص زراعتی اور دیہاتی نصاب کی تدوین کی جائے جو معمولی نوشت وخواند کے ساتھ ہی جدید زراعتی معلومات اور عملی ضرورتوں کو اپنے اندر لئے ہوئے ہو۔

از ڈنکر اراین صاحب بی۔ اے

صدر مدرس مدرسہ وسطانیہ دارالشفا

رسید

اجلاس حالیہ انجمن اساتذہ گلبرگہ کی مفصل سالانہ رپورٹ رسالہ کے دفتر میں موصول ہوئی ہے اسپر آیندہ تبصرہ کیا جائے گا

نرخ اشتہارات حیدرآباد ٹیچر حسب ذیل ہے

مقدار	سال بھر	۶ ماہ	فی اشاعت
پورا صفحہ	۵	۸ ؍	۱ ؍
نصف صفحہ	۳ ؍	۱۲ ؍	۸ ؍
ربع صفحہ	۱۸ ؍	۶ ؍	۱۲ ؍
فی سطر	۱۰ ؍	۸ ؍	۶ ؍

this nature, Sir Atul Chatterjee is confident that its students who propose to proceed out of India for further study will find their chances of admission to a good University and securing a degree there considerably improved, whilst they will be in a much better position to utilize opportunities and facilities open to all students in Europe and America.

[*Extract from an article contributed by* DR. HADFIELD, *London, to the WOMAN TEACHER of September 1926.*]

Education is no longer a system by which the child sits quietly while information is poured into its mind. Education now means the giving of opportunities and the bringing out of energies latent in the child's mind and directing them to right ends.

Education is not only an intellectual process. The true and highest education must deal not merely with the child's mind, but with the whole personality. Mental health means the full development of all impulsive tendencies directed towards a common end.

[*Extract from an article written by* PROF. COMPAGNAE *of Liverpool University to THE TEACHERS' WORLD of September 1926.*]

THE PURPOSE OF EDUCATION.

If you ask me what is the purpose of education I would say that it is to be expressed in words you have known from childhood. It is to be in the world but not of it, to be concerned in its activities, to be aware of its life, to contribute to its interests, to be quick and responsive, to be in it but to escape from it, not to be held by it, to be able to shed it, to drop it and let it go, and still to preserve what the world can neither give nor take away—your own integrity, your own hope, your own vigour, your own belief that, come what will and go what may, the good things will prevail.

life. The difficulty becomes specially acute in the large number of instances where an Indian student as a recognition of his Indian degree is allowed to shorten his course for a degree in this country by one or more years.

5. Apart from the question of securing good degrees at British Universities it is hardly necessary to emphasise that for Indian students who come to Europe for Western instruction in such subjects as Science, Economics, Education, etc., a reading knowledge of French or German, or preferably both, is essential if they are to return to India adequately equipped with a competent knowledge of modern European developments and trends of thought. There is evidence to show that Indian students are now coming in increasing numbers to work under well-known authorities in their special subjects, not only in this country but also in France and Germany, and it has been found that even Indian graduates with distinguished records at their own Universities have been obliged to take up the elementary study of French or German after their arrival in Europe.

6. The High Commissioner had no accurate knowledge of the facilities at present available at the Indian Universities for learning modern European languages, but he hopes that the authorities of Indian Universities will give due consideration to this matter. It is suggested that if no facilities exist at present, arrangements might possibly be made for special classes in one or more of the modern European languages such as French or German being provided for students who intend eventually to come to Europe for further study. Students who attend these classes and satisfactorily pass such tests as the University consider it desirable to impose may perhaps be furnished with an official certificate, definitely testifying to an adequate reading knowledge of the selected language or languages for submission to the British or European Universities to which admission is desired. If the Universities of India find it practicable to adopt a system of

At the Scottish Universities a test of the candidate's ability to translate from French and German is included as part of the Honours examination, whilst all students who look forward to reading for Honours or to engaging in research are very urgently recommended to acquire at as early a period in their course as possible such a knowledge of French and German as will enable them to read scientific works in these languages with ease.

In the University of Wales, French or German is required for the Honours examination in Pure Science.

3. These particulars have been given in some detail in order to emphasise the fact that a knowledge of at least one modern European language is required by practically every British University from students reading for degrees in various subjects.

It may also be pointed out that the Preliminary examinations of the various professional bodies (Medicine, Law, Accountancy, etc.) in this country similarly involve a knowledge of at least one modern language.

The second session of the Institute was held in the Stanley Girls' High School October 6th to 13th. Much effort was put forth to make the programme practical, helpful and inspiring. Two divisions were conducted simultaneously, one for teachers of Middle and High Schools and the other for Primary Teachers, including therein all classes from the Kindergarten to the fourth standard.

Miss Elizabeth J. Wells, Principal of the Stanley Girls' High School, has kindly sent us the following account of the recent Poona Agricultural Exhibition for publication :—

The Poona Agricultural Exhibition.

The Poona Agricultural Exhibition was a great educational centre, not only to farmers and land-owners but to school children as well. Probably many are led to wonder what benefit teachers and girls would derive from a visit to such a place, but those who went from the Stanley Girls' High School felt well repaid for the trip. While it would be impossible to enumerate all the benefits, a few salient points may be mentioned.

Their knowledge of the geography and physical features of their own land has been increased. Poona and the Bombay Presidency are no longer mere parts of the map of India.

They have received a new vision of the importance of agriculture in India.

The agricultural implements made a strong impression on their minds and when one day there was a choice between that and another place, they chose to go to the machinery court and learn more about the wonderful things that could be done by the engines, tractors, reapers, threshing machines, etc., displayed there.

While the range of animal exhibits was disappointing, yet the two classes which were well represented, *viz.*, cattle and poultry were interesting and instructive.

The care of milk and its products proved to be a fascinating study and the students took notes on the displays and comparisons which they saw. The value of milk as a diet had been studied many times in Domestic Science classes, but when they saw before them a pint bottle of milk and, as its equivalents in food value, a large plate of potatoes, beans or a dozen other vegetables and food stuffs, the subject took on a new meaning.

Notes and News

WE regret to say that owing to want of time, Mr. Marmaduke Pickthall has been obliged to resign the editorship of the 'Hyderabad Teacher,' but he has very kindly promised to continue to help the magazine.

Admission of Indian students to British Universities.

We are indebted to Mr. Burnett, Principal of the Nizam College, for sending us a copy of the important letter we publish elsewhere regarding the need for an early study of a modern European language on the part of Indian students who intend to proceed to the British Universities for further study. At present the number of students who take up modern European languages for their examinations in India is very small, but we hope that in view of the importance which is now being attached to these languages in Great Britain, such Indian students as wish to join British Universities will make it a point to equip themselves with a knowledge of at least one modern European language before they leave India. In our opinion, it is necessary that they should make an early start by taking up a modern European language for their High School course. We find that French is already included as an Additional Language in the Hyderabad H. S. L. C. course. We trust that German will also be added to the list and that facilities for a study of these languages will be provided in some of the important High schools in Hyderabad. We shall be glad to supply further information to students interested in this matter.

THE HYDERABAD TEACHER

CONTENTS

PAGES

NOTES AND NEWS 87

ADVANTAGES OF PHYSICAL EDUCATION BY C. H. GOODWIN, B.P.E., GENERAL SECRETARY, Y. M. C. A., HYDERABAD-SECUNDERABAD 96

WORDS BY PROFESSOR E. E. SPEIGHT, B.A. 101

THE CO-OPERATION OF PARENTS AND TEACHERS BY THE REV. FATHER PAUL RYAN, RECTOR, ALL SAINTS' INSTITUTION 110

THE DALTON LABORATORY PLAN AT ARMENITOLA GOVERNMENT HIGH SCHOOL, DACCA BY G. BHATTACHARYA, PROFESSOR, TRAINING COLLEGE, DECCA . . 114

THE SECOND HYDERABAD SCOUT MASTERS' TRAINING CAMP BY G. S. P. 125

ENGLISH SPELLING BY V. V. HARDIKAR, HEAD-MASTER, V. V. HIGH SCHOOL 131

THE HYDERABAD TEACHERS' ASSOCIATION BRANCH REPORTS FOR THE LAST QUARTER OF 1335 F. . 135

COPY OF A LETTER NO. EDN. S. 8911, DATED THE 18TH MAY 1926, A.D. FROM THE JOINT SECRETARY TO THE HIGH COMMISSIONER FOR INDIA, EDUCATION DEPARTMENT, TO THE VICE-CHANCELLORS OF ALL INDIAN UNIVERSITIES . 142

EXTRACTS 146

Hyderabad Teacher

ADVERTISEMENT RATES.

Space	Whole year	6 months	Per issue
	Rs. A. P.	Rs. A. P.	Rs. A. P.
Full page	10 0 0	5 8 0	3 0 0
Half page . ..	5 0 0	2 12 0	1 8 0
Quarter page ..	2 8 0	1 6 0	0 12 0
Per line	0 10 0	0 8 0	0 6 0

SUBSCRIPTION RATES.

O.S. R. 3 including postage for the Nizam's Dominions annually.
B.G. Rs. 3 do do Birtish India annually.
O.S.12 AS. excluding postage for the Nizam's Dominions per single coppy
B. G. 12 AS. do do British India do

The Most Reliable and Economical House for all kinds of Sporting Outfit—Cricket, Football, Hockey, Tennis, Badminton, etc.

Indoor as well as Outdoor games.

Large stocks afford a special chance for your selection.

Regutting and Repairs—a speciality. Highly recommended by the Physical Director, His Exalted Highness the Nizam's Government.

Trial Solicited.

Satisfaction guaranteed.

HYDERABAD SPORTS HOUSE,

RESIDENCY ROAD,

Hyderabad (Deccan.)

Regtd. Asafia No. 47.

Vol. I.] Bahman 1336 Fasli. / December 1926 A.D. [No. 3.

Under the Patronage of
Nawab Masood Jung Bahadur, B.A., (Oxon.),
Director of Public Instruction

The Hyderabad Teacher

Quarterly Magazine of The Teachers' Association,

Hyderabad-Deccan

S. ALI AKBAR, B. A., (Cantab.), *Editor.*
FATHER PAUL RYAN, O. F. M., *Joint Editor.*

HYDERABAD-DECCAN
GOVERNMENT CENTRAL PRESS
1926

رجسٹری شدہ پتہ سرکار عالی نمبر ۴۳

زیر سرپرستی عالیجناب نواب مسعود جنگ بہادر

حیدرآباد ٹیچر

انجمن اساتذۂ حیدرآباد دکن کا سہ ماہی رسالہ

مرتبہ

سید ندیم الحسن تاثیر رضوی بی۔ اے (عثمانیہ)

سید ولایت علی بی۔ اے (عثمانیہ)

اعظم اسٹیم پریس چارمینار حیدرآباد میں طبع ہو کر دفتر انجمن اساتذہ واقع رہنمائی تعلیمات سے شائع ہوا

غایات

(۱) طبقۂ اساتذہ کے احساس معلمی کو بیدار کرنا۔
(۲) طبقۂ اساتذہ کے مخصوص انفرادی تجربات معلمی کو شائع کرنا۔
(۳) فن معلمی پر نفسیاتی حیثیت سے نقد و نظر۔
(۴) انجمن اساتذہ کے مفید مضامین کی اشاعت۔
(۵) انجمن اساتذہ کے مقاصد اغراض کو ملک کے طول و عرض میں مکمل طور پر پھیلانا

اصول

(ا) رسالہ کا نام "حیدرآباد ٹیچر" ہوگا اور ہر سہ ماہی پر دفتر انجمن اساتذہ بلدہ سے شائع ہوگا
(ب) رسالہ کی سالانہ قیمت بہ تفصیل ذیل ہوگی:-
(۱) اندرون و بیرون ممالک محروسہ سرکار عالی ۳ روپیہ معہ محصول ڈاک سالانہ (سکہ رائج)
(۲) " " " ۱۲ر علاوہ محصول ڈاک فی پرچہ (" ")
(ج) رسالہ نصف انگریزی و نصف اردو ہوگا جس میں حسب صوابدید تغیر بھی ہوسکیگا۔
(د) صرف وہی مضامین درج ہوسکیں گے جو تعلیم و تعلم سے متعلق ہوں اور جن میں ملک کے مفاد تعلیمی کے لحاظ سے ندرت اور جدت ہو۔
(و) اشتہارات کا نرخ حسب تفصیل اشاعت ہوا رہے گا۔
(ز) جملہ مضامین و مراسلت دفتر کے پتہ سے ہونی چاہیئے۔

فہرست مضامین

جلد (۱) | ماہ اردی بہشت ۱۳۳۶ف مطابق مارچ ۱۹۲۷ء | نمبر (۴)

نمبر سلسلہ	مضمون	صاحب مضمون	صفحہ
۱	خطبۂ گراں مایہ	مہاراجہ سر کشن پرشاد بہادر یمین السلطنۃ	۱
۲	آل انڈیا فنڈریشن آف ٹیچرس	جناب مولوی سید علی اکبر صاحب بی۔اے (کنٹب) صدر مہتمم تعلیمات بلدہ	۲
۳	کانفرنس		
۳	ڈسپلین یا ضبط	مولوی محمد عبدالنور صاحب صدیقی	۴
۴	طلبہ کی کامیابی	مولوی حسام الدین صاحب (فاضل)	۲۱
۵	ارتقائے عمل تعلیم	از مسٹر گنیش چند بی۔اے۔بی۔ٹی۔	۳۴
۶	مخاطبات	مدیر	۴۴
۷	متفرقات	״	۴۸
۸	تنقید و تبصرہ	״	۵۲

ہندوستان کوآپریٹو انشورنس کمپنی لمٹیڈ

(صدر دفتر کلکتہ)

خالص ہندوستانی بیمہ کمپنی

سرمایہ زائد از ۸۰،۰۰،۰۰۰ روپیہ۔ جدید کاروبار (بابتہ ۱۹۲۵ء) ۶۰،۰۰،۰۰۰ روپیہ (بابتہ ۱۹۲۶ء) زائد از

آخری منافعہ بحالہ (بابتہ ۱۹۲۲ء) ۷۵ روپیہ فی ہزار آئندہ منافعہ (بابتہ ۱۹۲۷ء) اسمیں ایک معتدبہ رقم کی توقع کیجاسکتی ہے۔

توسیع بالذات بابتہ ادائی قسط بیمہ، قرض، قیمت بازگشت اقساط، وتجدید پالیسی منقضی شدہ وغیرہ کے متعلق فیاضانہ شرائط۔ شرح قسط بیمہ (یا منافعہ) کافی کم رکھا گیا ہے اور شرح بلا منافعہ تقریباً سب سے کم ہے۔ لہذا

"ہندوستان" میں ہی اپنی زندگی کا بیمہ کروا کر اپنی ذات اور خاندان کی کفالت سے مطمئن ہو رہیے۔

سب ایجنسی کیلئے درخواست مطلوب ہیں۔ ماہانہ تنخواہ (۵۰ سے ۱۵۰ تک۔ بہترین شرائط گارنٹی شدہ کاروبار کے لئے۔

تفصیلی معلومات کیلئے مندرجۂ ذیل پتہ پر دریافت فرمائیے۔

یس۔ جی۔ نائیڈو۔ ناراین آشرم (ترپ بازار حیدرآباد دکن)

نرخ اشتہارات حیدرآباد یچر حسب ذیل ہے۔

مقدار	سال بھر	۶ ماہ	فی اشاعت
پورا صفحہ	۵۰	۳۰	۸
نصف "	۳۰	۱۸	۵
ربع "	۱۸	۱۲	۳
فی سطر	۱۰	۶	۱۲

ملکت سرکار عالی

کا

تاریخی وجیاگرفیکل اٹلس اردو

اس اٹلس میں ملکت سرکار عالی اور اس کے جملہ اضلاع ونیز پائیگاہوں اور سمستانات وملکت براڑ کے نقشہ جات نہایت صحت کیساتھ طبع ہوئے ہیں اور ہر نقشہ کے محاذی پورے صفحہ پر اس کے متعلقہ جغرافی معلومات بالتفصیل درج کئے گئے ہیں ناظرین اٹلس ہذا کو آیندہ ہر ایک حصہ ملکت کے ضروری جغرافی حالات معلوم کرنے کیلئے کسی مزید جغرافیہ کے ملاحظہ کی ضرورت داعی نہ ہوگی یہ پہلا موقع ہے کہ اس اہتمام کے ساتھ ہمارے ملک کا اٹلس طبع ہوکر پیش ناظرین ہو رہا ہے۔

توقع ہے کہ ملکت کے قدردان اصحاب اور مدارس کے طلبا و مدرسین اس نادر تحفہ کے طلب کرنے میں عجلت سے کام لیں گے تاکہ موجودہ نسخے ختم ہونے پر انہیں طبع ثانی کا انتظار نہ کرنا پڑے۔ اس اٹلس کی قیمت صرف (عہ) ایک روپیہ چار آنہ سکہ عثمانیہ ہے۔

المشتہر

سید عبدالقادر تاجر کتب و پبلشر چار مینار حیدرآباد دکن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

خطبۂ گرانمایہ

[نہایت فخر و مسرت کے ساتھ سریمین السلطنۃ مہاراجہ بہادر کا وہ پُر مغز خطبہ گرامی ذیل صفحات ہذا کیا جاتا ہے جو مدرسۂ فوقانیہ چادر گھاٹ کے جلسۂ تقسیم انعامات میں ۲۴ فروردی سنہ ۱۳۳۶ف کو عزت افزائے سامعین و حاضرین ہوا، اس ملک کی خوش نصیبی میں کیا کلام ہے جبکہ پُر مغز اور روشن خیال صدر اعظم ہمدردی اور تعلیمی بصیرت ہمارے تعلیمی مستقبل کی کفیل اور ضامن ہو]

مسٹر پکھتال اور حاضرین!

میرے لئے یہ نہایت مسرت دہ موقع ہے کہ میں ملک کے اس قدیم ترین مدرسہ فوقانیہ کے جلسۂ تقسیم انعامات میں آج شریک ہوں۔ گورنمنٹ ہائی اسکول کی اس سرگزشت ترقی کو جس کا مسٹر پکھتال نے اپنی تقریر میں بالاختصار ذکر کیا ہے۔ سننے کے بعد اس کے مستقبل کے متعلق میری یہ توقع بیجا نہ ہوگی کہ وہ نہایت شاندار ہوگا۔ یعنی اعلیٰ پیمانہ پر ایک کامیاب کالج انتظامات دارالاقامہ کے ساتھ قائم ہوگا جس میں نواب مسعود جنگ بہا

کے عام تجربہ تعلیم و خاص تجربہ طریقہ تعلیم جاپان کے قیمتی اور عملی مشورے بھی اپنا حصہ رکھیں گے، اس محل پر ایک اشارہ بیجا نہ ہوگا کہ سرکار ہر شخص سے جس پر سرکار کا روپیہ بنظر مفاد ملک تجربہ حاصل کرنے کے لئے صرف ہوا ہے۔ عملی خدمت کی بھی توقع رکھتی ہے۔

سالہائے گزشتہ کے تعلیمی نتائج کو معلوم کرتے ہوئے مجھے بڑی خوشی ہوئی کہ باوجود چند درچند مشکلات اور موانعات کے مدرسہ کی تدریجی ترقی نہایت اطمینان بخش ہے۔ اس بنا پر میں یہ ضرور کہوں گا کہ معلمین اور متعلمین کی دلچسپی اور سرگرمی لائق تحسین ہے۔

میں ہر طرح سے ان تمام تحریکات اور تجاویز سے ہمدردی رکھتا ہوں جو اس مدرسہ کی واجبی ضروریات کی تکمیل سے متعلق ہوں۔ اور مالی مشکلات کی میرے نزدیک چنداں اہمیت پچھلے تجربہ کی بنا پر اس لئے نہیں ہے کہ اس مبارک دورِ عثمانی میں یقیناً آپ سب کو معلوم ہے کہ تعلیمات کا موازنہ دس لاکھ روپیہ سے شاید تقریباً ستر لاکھ تک پہنچ گیا ہے۔ اور بوجوہ احسن ابھی ترقی پذیر ہے۔ ہمارے وزیر مالیہ نواب حیدر نواز جنگ کا یہ عقیدہ کہ فینانس تعلیم کی ایک کنیز ہے۔ صورت حال کو اور بھی اطمینان بخش بناتا ہے۔ اس موقع پر طلبہ اور اساتذہ کو یہ مشورہ دیتا ہوں کہ وہ صرف درسی نصاب کی تکمیل اور کھیل کود میں شہرت حاصل کرنے کو اپنا نصب العین قرار نہ دیں بلکہ اس بات کا ہمیشہ خیال رکھیں کہ جسمانی۔ ذہنی۔ اخلاقی اور روحانی نشو و نما تعلیم کا مقصد حقیقی ہے۔ یہ ظاہر ہے کہ اس مقصد کے حاصل کرنے کے لئے نظام تعلیم ایسا ہونا چاہئے کہ ابتدا ہی سے ہر طالب علم کی انفرادی کمزوری، اس کی ذہنی خصوصیات اور رجحانات ارباب تعلیم و تربیت کے مدنظر رہیں۔

میں جہاں تک خیال کرتا ہوں۔ ایسی تعلیم کے لئے جیسی کچھ سہولتیں درکار ہیں وہ بالفعل ہمارے ملک کے نظام تعلیم میں خاطر خواہ موجود نہیں ہیں۔ اور ان کا فراہم کرنا بھی بعض وجوہ سے نہایت دشوار گزار تعلیمی اور انتظامی مراحل کو طے کرنا ہے

پھر بھی اہالیان تعلیم اور اساتذہ اپنی اجتماعی کوشش اور دلچسپی سے وہ ماحول پیدا کر سکتے ہیں جو تعلیمی اغراض کے مقصد حقیقی کا اصل پیش خیمہ بن سکے۔

ایک ایسے ماحول اور فضا کا ابھی سے پیدا کرنا جس میں طلبہ کی جسمانی، ذہنی اور اخلاقی کمزوریوں کا بحد ممکنہ علاج ہو سکے۔ اسی وقت ممکن ہے جبکہ یہ بات طلبہ کے ذہن نشین ہوتی رہے کہ وہ ملک و ملت۔ مالک اور مذہب (یعنے عام انسانی برادری باہمی عزت ہمدردی اور رواداری) کے مقدس فرائض کی انجام دہی کے ذمہ دار بننے والے ہیں۔ اور ساتھ ہی طلبہ اور اساتذہ اس اعلیٰ جدوجہد میں ایک دوسرے کی واجبی اور حقیقی امداد میں باہمی دلچسپی لیتے رہیں۔

تعلیم وہی ہے جو ہر ایک انسان کی طبعی خصوصیات کو اس طرح اُبھارے اور عملی جامہ پہنائے کہ وہ انفرادی طور پر خود اس کے لئے اور اجتماعی طور پر اُس کے ملک و ملت کے لئے مفید ثابت ہو۔

کسی طالب علم کے ذہن نشین یہ بات ہرگز نہ ہونی چاہئے کہ تعلیم کا منشا اور منتہا معاش کے صرف ایک محدود دائرے میں جیسے ملازمت ہے کامیابی حاصل کرنی ہے۔ حقیقی معنوں میں تعلیم یافتہ وہی ہے جو ہر قسم کی محنت و مشقت کو اصول معاش کا باوقار ذریعہ سمجھے۔

ہونہار ہیں وہ نوجوان جن کے دلوں میں حصول معاش کے باوقار ذرایع پیدا کرنے اور ان کو وسعت دینے کی امنگیں ہوں اور خوش نصیب ہے وہ ملک جہاں ایسے نوجوان پیدا ہوں۔

خوش نصیب ہیں وہ طلبہ جو مدرسہ کی تعلیمی جدوجہد میں بہ کامیابی مشغول ہیں۔ اس موقع پر مجھ کو اپنے زمانہ طالب علمی مدرسۂ عالیہ کا ایک خوشگوار واقعہ یاد آیا کہ میرے شفیق استاد مسٹر کرٹن نے کہا تھا کہ مدرسہ کی لائف ایک ایسی لائف

ہوتی ہے کہ جس کے گزر جانے کے بعد حسرت و آرزو بڑے بوڑھوں کو بھی ہوتی ہے کہ پھر زمانہ طالب علمی عود کر آئے۔ اور مدرسہ کے فضا و ماحول پھر نصیب ہوں حقیقت میں مدرسہ کی طالب علمی کا زمانہ ایک ایسا خوشگوار خواب ہے۔ جس کی تعبیر بعد فراغ تعلیم کاروباری زندگی میں نمایاں ہوتی ہے۔

آخر میں مسٹر پچھتال اور ان عہدہ داروں کی دلچسپی پر جن کا مسٹر پچھتال نے ذکر کیا ہے اظہار خوشنودی کرتا ہوں۔ اور طالب علموں کے لئے دعائے توفیق نیک پر اپنی تقریر ختم کرتا ہوں۔

آل انڈیا فیڈریشن آف ٹیچرس کانفرنس کا دوسرا سالانہ جلسہ

از جناب مولوی سید علی اکبر صاحب بی اے (کینٹب)
صدر مہتمم تعلیمات بلدہ

آل انڈیا فیڈریشن آف ٹیچرز ایسوسیشن (ہندوستان کی حدیقہ اساتذہ کی انجمن) ۱۹۲۵ء میں قائم ہوئی۔ اس انجمن کے دو اہم مقاصد ہیں۔ اولاً یہ کہ ہندوستان کے مختلف انجمنہائے اساتذہ کے کام میں اجتماعی عمل پیدا کرے۔ ثانیاً یہ کہ بین الاقوامی انجمن ہائے اساتذہ میں ہندوستان کے لئے ایک ذریعۂ نیابت قرار پا سکے۔ انجمن مذکور کا دوسرا سالانہ جلسہ پٹنہ میں بمقام دہلیر سینٹ ۲۹ اور ۳۰ دسمبر ۱۹۲۶ء کو منعقد ہوا اور تمام حصص ہندوستان کے مندوبین نے اس میں شرکت کی۔

کانفرنس نہایت کامیاب رہی۔ جس کے لیے جمعیت کے سرگرم معتمد مسٹر کھتری صدر پرتمی ناتھ ہائی اسکول کانپور و مدیر رسالہ "ایجوکیشن" قابل مبارک باد ہیں۔ کانفرنس کی صدارت جامعہ میسور کے پروفیسر مسٹر واڈیا نے کی۔ مسٹر سین پرنسپل بی۔ ان کالج پٹنہ نے اپنے خطبۂ استقبالیہ میں خاص کر چار امور پر حاضرین کی توجہ مبذول کی:۔

(۱) انھوں نے استاد کے فرائض پر بحث کی۔ اور کہا کہ استاد کا مطمح نظر یہ ہونا چاہئے کہ بچوں کے فطری قواء کو نشو و نمو دے (۲) نظام تعلیم میں اس امر کا انتظام کیا جائے کہ طلبا زندگی کی حقیقی ضروریات کی تربیت حاصل کریں۔ اور اختتام تعلیم پر معاش پیدا کرنے کی صلاحیت ان میں پیدا ہو جائے۔ (۳) ہم کو نظام تعلیم قومی کی ضرورت ہے جس میں ہمارے قومی خصوصیات و اغراض پوری طرح ملحوظ رہیں اور اس کے ساتھ ان عالمگیر قوتوں کا بھی لحاظ رکھا جائے جو بین الاقوامی حیثیت رکھتی ہیں۔ (۴) آخر میں مسٹر سین نے اساتذہ سے اپیل کی کہ وہ ہندوستان کی قدیم روایات کے مطابق ایثار سے کام لیں اور محض معاوضہ کی خاطر کام نہ کریں۔ لیکن اس کے ساتھ ہی مسٹر سین نے اس امر کی جانب توجہ دلائی کہ اساتذہ کے ذمہ ایک بہت بڑا قومی کام ہے جس کے مدنظر یہ ضروری ہے کہ اون کو مالی مشکلات سے نجات دلائی جائے۔ نیز ان کے لئے ایک ایسا ماحول پیدا کیا جائے۔ جس میں وہ اپنے فرائض کو باحسن وجوہ انجام دے سکیں۔ مسٹر سین نے اعداد و شمار کے ذریعہ سے بتایا کہ انگلستان میں تنخواہوں کے اضافہ کے ذریعہ سے اساتذہ کے مشکلات کو کیونکر کم کیا گیا۔ اور ہندوستان میں بھی اس نظیر پر عمل کرنے کے لئے زور دیا۔

پروفیسر واڈیا صدر کانفرنس نے اپنے پر مغز خطبۂ صدارت میں اکثر ان مسائل پر بحث کی جو ہندوستان کے ماہرین تعلیم کو آجکل اپنی طرف متوجہ کئے ہوئے ہیں لیکن ایک خیال جو پورے خطبہ پر حاوی تھا وہ قومی اتحاد کا خیال تھا۔ پروفیسر صاحب موصوف

نے فرمایا کہ ہندوستان متعدد اختلافاتِ تہذیب، مذہب اور روایات سے پُر ہے۔ اور اس کے لئے ایک ایسے نظامِ تعلیم کی ضرورت ہے جو اتفاق و اتحاد پیدا کرے۔ ہندوستان میں جو اتحاد کا جدید احساس پیدا ہو گیا ہے۔ وہ مغربی تہذیب اور انگریزی تعلیم کا نتیجہ ہے۔ اس احساس کو بہر طور قائم رکھنا چاہئے۔ ہم کو ہر قسم کی تنگ نظری نظر انداز کر دینا چاہئے۔ اور مختلف تہذیبوں سے فائدہ اٹھانا چاہئے۔ تہذیب کا جذبہ قوم کی رُوحِ رواں ہے اور ہم کو بلا لحاظ ملک و ملت اس کو اختیار کرنا چاہئے ہمارے ملک سے فرقہ بندی اُسی وقت دُور ہو سکتی ہے جبکہ تہذیب (کلچر) یہاں غالب آجائے۔

وہ اشخاص جن کو ہندوستان کی فلاح و بہبود کا حقیقی احساس ہے پروفیسر واڈیا کے اس خیال سے اتفاق کریں گے کہ قومی اتحاد کا تقاضا یہ ہے کہ کسی خاص فرقہ کی تہذیب (کلچر) کے بجائے ایک ایسی تہذیب کو نشو و نما دیجائے۔ جو مختلف فرقوں میں مشترک اور وسیع النظری پر مبنی ہو۔ مگر اس کے بعد پروفیسر واڈیا نے قومی اتحاد کی بنا پر دیسی زبان کو ذریعہ تعلیم بنانے کی جو مخالفت کی ہے وہ غور طلب ہے اوں کا استدلال یہ تھا کہ ہندوستان میں متعدد زبانیں ہیں۔ اور بغیر ایک مشترکہ زبان کے قومیت پیدا نہیں ہو سکتی۔ غیر ملکی انگریزی زبان ہی کو جس نے ڈیڑھ سو برس کے عرصہ میں اس ملک میں مضبوط جڑ پکڑ لی ہے۔ مشترکہ زبان قرار دیا جا سکتا ہے۔ ممکن ہے کہ ہندی شمالی ہندوستان کی مشترکہ زبان ہو۔ لیکن جنوبی ہند کے باشندوں کے لئے وہ ایک اجنبی زبان ہے۔ بلکہ ان کے لئے اس کا حصول انگریزی سے زیادہ مشکل ہے۔ پروفیسر واڈیا کا یہ خیال حقیقت پر مبنی نہیں ہے۔ جنوبی ہند کی زبانیں اس میں شک نہیں کہ ہندی سے مختلف ہیں لیکن وہ ہندی سے ایسی مختلف نہیں ہیں جیسی کہ انگریزی سے ہیں۔ مگر یہاں قابلِ غور نکتہ یہ ہے کہ

پروفیسر واڈیا کو دیسی زبانوں کے ذریعۂ تعلیم بنائے جانے کے متعلق سراسر غلط فہمی ہوئی ہے۔ اس تحریک کا منشا یہ نہیں ہے کہ کسی خاص دیسی زبان کو تمام ہندوستان میں ذریعۂ تعلیم قرار دیا جائے بلکہ اس کی غرض و غایت یہ ہے کہ ہندوستان کے مختلف حصص کے باشندوں کو اُن کی مادری زبان میں تعلیم دی جائے۔ خواہ وہ زبان ہندی ہو یا کنڑی۔ مرہٹی ہو یا بنگالی۔ تاوقتیکہ ایسا نہ کیا جائے تعلیم نہ تو اصولی ہو سکتی ہے اور نہ قومی۔ اب رہا اتحاد کا وہ احساس جس کا باعث انگریزی زبان ہوئی ہے۔ تو وہ نصاب تعلیم میں انگریزی کو صرف بحیثیت زبان کے قائم رکھ کر باقی رکھا جا سکتا ہے۔ اگر انگریزی کو ہندوستان کی مشترکہ زبان قرار دینے کے سوائے چارہ نہیں ہے تو اس سے لازم نہیں آتا کہ اس کو ذریعۂ تعلیم ہی کی حیثیت سے جاری رکھا جائے۔

قومی اتحاد کی بنا پر پروفیسر واڈیا نے مذہبی تعلیم کی بھی مخالفت کی۔ صدر صاحب صوف نے فرمایا کہ ہندوستان میں سب سے بڑی ضرورت اس امر کی ہے کہ ہر ایک ہندوستانی یہ محسوس کرے کہ وہ بجائے کسی خاص فرقہ کا فرد ہونے کے ہندوستان کا فرد ہے۔ اگر مختلف مذاہب کے فروعات کی تعلیم دی جائے گی تو یہ ضرورت پوری نہیں ہو سکتی۔ علاوہ بریں مذہب ایک ایسا نازک مبحث ہے کہ مدارس میں اس کی تعلیم خطرہ سے خالی نہیں ہے۔ پس مناسب ہوگا کہ بچے کی مذہبی تعلیم اس کی ماں پر چھوڑ دی جائے۔

ہر شخص اعتراف کرے گا کہ ہندوستان کے مدارس میں مذہبی تعلیم قومی اور روحانی نقطہ نظر سے بہت کچھ نزاکت رکھتی ہے۔ لیکن یہ امر بہت مشکوک ہے کہ آیا ماں بہ نسبت مدرسہ کی تعلیم کے گھر پر بہتر تعلیم دے سکتی ہے خصوصاً ہندوستان میں جہاں تعلیم نسواں اسقدر پستی میں ہے۔ اگر مذہبی تعلیم کو مدارس میں ایسے اساتذہ کے حوالہ کیا جائے جو تعصب سے بری ہوں اور بچوں کو انکا

مذہب سکھانے کے ساتھ ان کے دلوں میں دیگر مذاہب کا وقار پیدا کریں تو قومی اتحاد میں اس سے خلل واقع ہونے کی کوئی وجہ نہیں۔ یہ امر دلچسپی سے خالی نہیں ہے کہ مذہبی تعلیم پر پروفیسر واڈیا کے خیالات کی توثیق کانفرنس نے نہیں کی۔ چنانچہ منجملہ دیگر تجاویز کے کانفرنس میں یہ قرارداد منظور ہوئی کہ اسکولوں اور کالجوں میں مذہبی تعلیم کا انتظام ہونا چاہیے۔

پروفیسر واڈیا نے موجودہ نظام تعلیم کے نقائص پر بھی بحث کی اور ان کے ارتفاع کے لئے قیمتی مشورہ دیا۔ ان کی رائے میں موجودہ نظام تعلیم کا بنیادی نقص یہ ہے کہ ہندوستانی ذہن اور ہندوستانی زندگی کے خصوصیات کا اس میں لحاظ نہیں رکھا گیا ہے۔ اس کا نتیجہ یہ ہے کہ ایک طرف تو تعلیم یافتہ ہندوستانی جمہور سے بالکل الگ ہوگئے ہیں۔ اور دوسری طرف اول الذکر جدید آزاد خیالی کو گذشتہ زمانہ کی قدامت پسندی سے جس سے وہ اپنے کو علیحدہ نہیں کر سکتے تطبیق نہیں دے سکتے۔ بعد ازاں پروفیسر واڈیا نے فرمایا کہ ہندوستان میں معلم اور متعلم کے مابین وہ روابط نہیں ہیں جو ہونے چاہئیں تعلیم یافتہ نوجوانوں کی بیکاری کے مسئلہ کے متعلق جناب صدر نے فرمایا کہ اس مسئلہ کے حل کے لئے صنعتی و پیشہ کی تعلیم کی ضرورت ہے لیکن اس کیساتھ یونیورسٹی
اس امر پر زور دیا کہ مدارس کی تعلیم کا مقصد طلبہ میں (کلچر) تہذیب کا پیدا کرنا ہے نہ کہ حصول معاش کے لئے ان کو طیار کرنا صاحب موصوف نے اسی پر افسوس ظاہر کیا کہ ہر قسم کے طلبہ یونیورسٹی میں داخل ہوجاتے ہیں۔ اور فرمایا کہ صرف ان ہی طلبہ کو اعلیٰ تعلیم حاصل کرنی چاہیے۔ جن کو اس کا ذوق ہے۔

سلسلہ تقریر کو جاری رکھتے ہوئے پروفیسر واڈیا نے فرمایا کہ موجودہ نظام تعلیم کے نقائص رفع کرنے میں تین مسائل درپیش ہوتے ہیں (۱) اولاً استاد کی معاشی حالت: اساتذہ کو مالی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ انکی خانگی ضروریات

پورا کرنا کافی نہیں ہے۔ انکو کتابیں خریدنے کی بھی استطاعت ہونی چاہیئے۔ جس کے بغیر وہ علمی مضامین میں کامل نہیں ہو سکتے اور نہ اپنے پیشہ کے فرائض کو باحسن وجوہ انجام دے سکتے ہیں (۲) دوسرا مسئلہ پیشۂ معلمی کے لئے موزوں افراد کی فراہمی کا ہے عموماً لوگ اس پیشے کو اسی وقت اختیار کرتے ہیں جب دوسرے ذرائع معاش کو اپنے لئے مسدود پاتے ہیں ایسے اشخاص میں اس جوش اور ولولہ کی کمی ہوتی ہے جو اس پیشہ کیلئے ضروری ہے پس اساتذہ کے انتخاب میں شدید احتیاط کی ضرورت ہے۔ (۳) تیسرا مسئلہ اساتذہ کی ٹریننگ (تربیت) کا ہے۔ آن ٹرینڈ (غیر تربیت یافتہ) اساتذہ نہیں جانتے کہ ان سے کیا توقعات وابستہ ہیں۔ یہ مطمح نظر کہ امتحانات مقصد نہیں بلکہ ذریعہ حصول مقصد قرار پائیں۔ اسوقت پورا ہو سکتا ہے جبکہ موزوں اساتذہ جنھوں نے معقول تربیت حاصل کی ہو مہیا کئے جائیں۔

آخر میں سٹر واڈیا نے ملک کی تعلیم کی اصلاح کیلئے حسب ذیل تجاویز پیش کیں

(۱) طلباء کو ان کے رجحان اور استعداد کے مطابق تعلیم اور تربیت دیجائے۔

(۲) طلباء کو دستی کام سکھانے کا کافی انتظام کیا جائے تاکہ اگر ایک طرف انکی جاہ طلبی جسکی وجہ سے وہ اس کام سے نفرت کرتے ہیں زائل ہو تو دوسری جانب محنت کا وقار ان کے دلوں میں قایم ہو جائے۔

(۳) ہندوستانی طلبہ کا وہ میلان جو محض کتابی مطالعہ کی طرف ہے۔ دور کیا جائے اور اُن کے ذہن کی نشوونما کے ساتھ جسمانی نشوونما کو بھی ملحوظ رکھا جائے۔

(۴) طلبہ کو حفظان صحت کی تعلیم دیجائے جس کے ساتھ بالغ طلبہ کو مزید ضروری امور سے بھی باخبر کیا جائے۔

منجملہ دیگر اہم تجاویز کے جو جلسہ میں قرار دادوں کی شکل میں منظور ہوئیں۔ حسب ذیل قابل ذکر ہیں:۔

(۱) اس کانفرنس کی رائے ہے کہ ایک وسیع پروگرام کے تحت پختہ عمروں کی تعلیم کا انتظام کیا جائے۔

اس تجویز کے پیش کرنے کی عزت مجھے حاصل ہوئی۔ میں نے پختہ عمروں کی تعلیم کے فوائد بتائے۔ اور مسٹر بنرجی (مالیر کوٹلہ پنجاب) نے اس کی تائید کرتے ہوئے پنجاب میں اس بارے میں جو کام ہو رہا ہے۔ اسکی تفصیل بیان کی۔

(۲) کانفرنس ہذا ٹیچرز رجسٹریشن کونسل انگلینڈ کے اصول کی تائید کرتی ہے اور مختلف صوبہ جات اور ریاستوں کی حکومتوں سے استدعا کرتی ہے کہ ہندوستان میں بھی اس قسم کی ایک کونسل کے قیام کی جلد تدابیر اختیار کی جائیں۔

اس قرارداد کو پیش کرتے ہوئے مسٹر کھتری بی۔ اے۔ ال۔ ٹی صدر پرتھی ناتھ ہائی اسکول کانپور نے فرمایا کہ اگر قانوناً اساتذہ کی رجسٹری کا انتظام ہو جائے تو ان کے مرتبہ اور وقار میں معتدبہ اضافہ ہو جائیگا۔ مختلف طبقوں کے اساتذہ کے مفاد باہم بہت کچھ مشترک ہیں اور مثل اساتذۂ انگلستان کے ہندوستان کے اساتذہ کو بھی اپنی تنظیم کرنی چاہئے تاکہ ان تمام امور کی نسبت جو ان کے پیشہ سے متعلق ہیں، ان کو اپنی رائے کے اظہار کا موقعہ اور مسلمہ حق حاصل ہو۔ پس اس امر کی ضرورت ہے کہ اُنکے پاس پیشۂ معلمی کو انجام دینے کی اہلیت رکھنے والوں کا ایک رجسٹر ہو۔ مسٹر کھتری نے اعتراف کیا کہ ہندوستان میں ٹرینڈ اساتذہ کی کمی ایسی تنظیم میں سدِ راہ ہے۔ لیکن انھوں نے فرمایا کہ تجربہ کو کافی ٹریننگ قرار دیکر اس مشکل کو دور کیا جا سکتا ہے۔

(۳) مدارس ثانویہ کی انتظامی کمیٹیوں کی ترکیب کے متعلق کلکتہ یونیورسٹی نے جو قواعد منظور کئے ہیں انکی یہ کانفرنس تائید کرتی ہے اور ہندوستان کے دوسرے حصوں میں اسکی ترویج کی سفارش کرتی ہے۔

رائے صاحب سری رام داس گوسوامی (بنگال) اس قرارداد کے محرک تھے،

صاحب موصوف نے فرمایا کہ اساتذہ اور انتظامی کمیٹیوں کے مابین آئے دن جھگڑے پیدا ہوتے رہتے ہیں۔ جن میں اوّل الذکر کو بالعموم نقصان پہونچتا ہے، شکست اُٹھانی پڑتی ہے۔ بنا بریں بنگال کی انجمن اساتذہ کے توجہ دلانے پر کلکتہ یونیورسٹی نے مدارس کے لئے ایک ضابطہ بنایا ہے۔ جس کی رو سے ہر ایک غیر سرکاری مدرسہ کی انتظامی کمیٹی میں چند ایسے اراکین کا ہونا ضروری ہے۔ جو مدرسین، طلبہ اور سرپرستوں کے منتخبہ ہوں۔

(۴) مرکزی اور صوبہ جاتی مجالس وضع قوانین میں مدرسین کو حق نیابت دیا جائے۔

(۵) جن اساتذہ کی مُدت ملازمت تین سال یا اس سے متجاوز ہو انکو امتحانات معلمی میں خانگی طور پر شرکت کی اجازت دیجائے۔

اس کے علاوہ حسب ذیل امور کے متعلق بھی تجاویز منظور ہوئیں:-

ا۔ بوائے اسکاؤٹنگ (طلیعہ) کی اشاعت و ترقی کیلئے ممکنہ کوشش کیجائے۔

ب۔ سرکاری و غیر سرکاری مدارس کے اساتذہ کے تنخواہوں اور دیگر شرائط ملازمت کی عدم مساوات کو دور کیا جائے۔

ج۔ مدارس کے تسلیم کرنے کے لئے ایک یہ شرط بھی لگائی جائے کہ معلم اور انتظامی کمیٹی کے مابین ایک صریح معاہدۂ ملازمت ہوا کرے۔

د۔ صوبجات کی انجمن ہائے اساتذہ کو چاہیئے کہ اساتذہ کی معاشی حالت کو دریافت کریں۔

ر۔ ہر مدرسہ میں ایسا انتظام کیا جائے کہ اساتذہ کو باہمی تبادلہ

خیالات اور معلومات کو بڑھانے کا موقع ملے۔

سر محمد فخر الدین صاحب وزیر تعلیمات بہار و اڑیسہ کانفرنس کی پہلی نشست میں تشریف فرما تھے۔ اور ایک مختصر تقریر میں انہوں نے وعدہ فرمایا کہ کانفرنس کی تجاویز پر خاص توجہ فرمائینگے۔ خصوصاً اسوجہ سے کہ یہ قرار دادیں ہندوستان کے تمام حصص کے اساتذہ کی متحدہ مشورہ پر مبنی ہیں۔

کانفرنس کا دوسرا دن لکچروں کے لئے وقف کیا گیا تھا چونکہ پروفیسر واڈیا کسی خاص ضرورت سے شب گذشتہ پٹنہ سے چلے گئے تھے۔ اس لئے پروفیسر سی شادری صدر آل انڈیا فیڈریشن آف ٹیچرز ایسوسی شن نے صدارت کی کرسی کو رونق بخشی۔ پروفیسر صاحب موصوف نے ۱۹۲۶ء میں ہندوستان کی تعلیمی حالت" کے عنوان سے ایک نہایت دلچسپ اور سبق آموز تقریر کی انہوں نے فرمایا کہ مثل سالگذشتہ ۱۹۲۶ء میں بھی پنجاب کی کارگزاری بہترین رہی۔ پختہ عمروں کی تعلیم اور تعلیم نسواں صوبہ مذکور میں بیحد ترقی کر رہی ہے۔ اور دوسرے صوبجات کے لئے پنجاب نے ایک اور عمدہ نظیر جو قائم کی ہے وہ یہ ہے کہ صوبہ کے غیر ترقی یافتہ مقامات میں تعلیمی امداد خاص طور پر دیجاتی ہے۔ پروفیسر سی شادری نے سر جارج انڈرسن ناظم تعلیمات پنجاب کی کارگزاری کی توصیف کرتے ہوئے یہ رائے ظاہر فرمائی کہ اگر موجودہ رفتار ترقی جاری رہے تو دس سال کے عرصہ میں پنجاب میں کوئی ناخواندہ شخص باقی نہ رہے گا۔ بہار و اڑیسہ اور ممالک متحدہ کی نسبت پروفیسر سی شادری نے بیان کیا کہ ان ہر دو صوبجات میں خواندہ اشخاص کی تعداد کم ہے لیکن اضافہ کی کوشش کیجارہی ہے۔ اور کلکتہ یونیورسٹی کی وائس چانسلری کی خدمت کیلئے سر جادوناتھ سرکار کے منتخب ہونے پر اس وجہ سے اظہار طمانیت کیا کہ ان کا تعلق پیشہ معلمی سے ہے۔ سلسلہ تقریر کو جاری رکھتے ہوئے پروفیسر صاحب موصوف نے فرمایا کہ صوبہ مدراس میں جدید اندھیرا یونیورسٹی نے تلنگی کو ذریعہ تعلیم

قرار دینے کا تصفیہ نہیں کیا ہے۔ بڑودہ میں بھی گجراتی کو ذریعہ تعلیم قرار دینے کی نسبت غور کیا جا رہا ہے۔ کسی دیسی زبان کو ذریعہ تعلیم قرار دینے میں بہت غور و احتیاط کی ضرورت ہے۔ اور اس وقت تک یہ طریقہ اختیار نہ کرنا چاہیے۔ جبتک کہ اس زبان میں تصانیف کا کافی ذخیرہ مہیا نہو جائے۔ اس بارے میں پروفیسر سی شاوری دارالترجمہ جامعہ عثمانیہ کی کارگزاری کا اعتراف کیا، حکومت سرکار نظام نے تعلیمات اور آثار قدیمہ کے سررشتہ جات کے متعلق جو فیاضانہ پالیسی اختیار کی ہے جناب موصوف نے اسکی توصیف کی۔ عثمانیہ یونیورسٹی کا ذکر کرتے ہوئے صاحب موصوف نے فرمایا کہ نہ معلوم یہ دعویٰ کہاں تک صحیح ہے۔ کہ یہ تجربہ بہت کامیاب ہوا ہے۔ بحیثیت ممتحن کے مجھے تجربہ ہوا ہے کہ انگریزی کا معیار دوسری یونیورسٹیوں کے مقابلہ میں گرا ہوا ہے۔ لیکن اس کے ساتھ میں نے قانون اور تاریخ کے ممتحنین کو یہ کہتے سنا ہے کہ عثمانیہ یونیورسٹی کے طلبہ کو قانون اور تاریخ پر بہ نسبت دیگر یونیورسٹیوں کے طلبہ زیادہ عبور حاصل ہے۔ قابل مقرر نے صوبہ بمبئی کا ذکر کرتے ہوئے افسوس ظاہر کیا کہ بمبئی یونیورسٹی کی اصلاح کیلئے جو رپورٹ مرتب ہوئی ہے۔ اس پر ہنوز کوئی کارروائی نہیں کیگئی۔ اور انہوں نے ابتدائی تعلیم کے متعلق حکومت بمبئی کے تساہل پر بھی تاسف کیا۔

مسٹر ماتھر ہیڈ ماسٹر جانکی پرشاد اے ایس ہائی اسکول خورجہ نے مدرسہ مذکور میں ڈالٹن طریقہ تعلیم کے مطابق جو کام ہو رہا ہے۔ اُس پر ایک تقریر کی صاحب موصوف نے فرمایا کہ ڈالٹن طریقہ تعلیم کی وجہ سے مدرسہ بہت ترقی کر رہا ہے گو ابتداء میں طلبہ آزادی کا برا استعمال کرتے تھے۔ اور اپنے وقت کو بھی ضائع کرتے تھے لیکن ذمہ داری کے احساس نے انہیں درست کر دیا ہے۔ اور بجائے سالانہ امتحان سے دو ایک ماہ پیشتر تک غافل رہنے کے جیسا کہ وہ پہلے کیا کرتے تھے اب وہ

روزانہ اپنا کام خاکہ کے مطابق شوق سے انجام دیتے ہیں۔ اس کے ساتھ جب اساتذہ پر یہ فرض عائد ہو گیا کہ وہ ہر لڑکے کی فرداً فرداً نگرانی کریں تو وہ ایسے طریقے اور وسائل دریافت کرنے لگے جس سے وقت اور محنت میں کفایت ہو۔ مزید براں وہ یہ بھی محسوس کرنے لگے کہ طلبہ کے ساتھ اُن کے روابط بڑھتے اور زیادہ خوشگوار ہوتے جا رہے ہیں۔

تختۂ سیاہ کے استعمال اور پنجاب کی تعلیمی حالت پر بھی تقریریں ہوئیں

نمائش تعلیمی

کانفرنس کے موقعہ پر ایک نمائش تعلیمی بھی بمقام بہار بمشمل کالج پٹنہ ترتیب دی گئی تھی جس کا افتتاح سر محمد فخر الدین صاحب وزیر تعلیمات بہار و اوڑیسہ نے ۲۸ ڈسمبر کو فرمایا، نمائش بہت مختصر پیمانہ پر ترتیب دی گئی تھی اور اس میں زیادہ تر معمولی نقشہ جات ڈرائنگ کے نمونے مختلف چارٹ اور چوبی و گلی نمونے تھے جو شمالی ہند کے چند مدارس کے طلبہ کے تیار کئے ہوئے تھے۔ بہرحال ایک بنیاد ڈالدی گئی ہے اور امید کیجاتی ہے کہ آیندہ کانفرنس کی طرح نمائش بھی تمامی ہند کا مسئلہ قرار پا جائے گی۔

ڈسپلن یا ضبط

(از محمد عبد النور صاحب صدیقی بی۔ اے صدر مدرس مدرسہ سلطانیہ شاہگنج)

یہ اصول مانا ہوا ہے کہ پڑھاتے وقت "آسان سے مشکل کی طرف رجوع کیا جائے"

مگر اس مقصد کے حاصل کرنے میں سب سے پہلے ہمیں اس چیز پر غور کرنا چاہتے جو اہم ترین ہے یعنے جماعت میں نظم کا قائم رکھنا، جبتک ضبط قائم نہو، تعلیم دینا ممکن ہی نہیں۔ یہ دونوں اُمور لازم و ملزوم ہیں۔ ضبط محض تعلیم کے لئے نہ کہ ضبط کے واسطے تعلیم۔ تعلیم مقصد ہے اور ضبط اُس کے حصول کا ذریعہ۔ جن لوگوں نے اس میدان میں سب سے پہلے قدم رکھا ہو۔ انہیں بہتیری دشواریاں پیش آتی ہیں تاہم پست ہمت نہونا چاہئے۔ کیونکہ مدرسین کو یہ چیزیں عموماً تکلیف دینے والی ہوتی ہیں بعض مدرسین کی شخصیت کچھ ایسی واقع ہوئی ہے کہ گویا وہ ماں کے پیٹ سے نظم قائم رکھنے کیلئے پیدا کئے گئے ہیں۔ انکے لئے یہ امر چنداں تکلیف دہ نہیں مگر اُن مدرسین کیلئے یہ ٹیڑھی کھیر ہے جو ارادہ کے قوی نہیں ہوتے۔ اور یہ ایک ایسا ہنر ہے جسے حاصل کرنا پڑتا ہے بشرطیکہ صحیح اُصول پر کاربند رہکر محنت سے کام کیا جائے۔

یہ امر مسلّمہ ہے کہ اچھا ضبط مدرسین کیلئے لازمی ہے جس کے بغیر اُمید نہیں کہ وہ اپنے فرائض کو بوجہ احسن انجام دیسکے، بادی النظر میں ضبط، خاموشی یا سکوت کا مترادف سمجھا جاتا ہے یعنے لڑکے خاموش اور باترتیب ہوں اور مدرس کیطرف بظاہر آنکھیں لگائے ہوں۔ یہ ضبط کا ہرگز منشا نہیں ہے بلکہ وہ اس سے بھی برتر اور بالاچیز ہے یعنے ظاہری سکوت اور توجہ کے علاوہ طلبہ میں مدرس کے مجوزہ طریقہ پر ذہنی تحریک بھی ہو۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ اس مقصد کو کسطرح حاصل کیا جاسکتا ہے پڑھانے والا چند اصول پر عمل کرکے ضرور فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ مگر ضروری چیز مدرس کی شخصیت ہے۔ جسکا اظہار مختلف طریقہ پر جماعت میں ہوتا رہتا ہے۔ یہ زیادہ تر حرکات وسکنات اور مدرس کے آداب پر منحصر ہے۔ مدرس کی عملی زندگی لفظی پند ونصائح سے زیادہ مفید ہے۔ جو شخص اپنے نفس پر قابو نہ رکھ سکے۔ وہ ہرگز دوسرے پر بھی اپنا اثر قائم نہیں رکھ سکتا۔ استاد بچے کیلئے ایک آئینہ ہے جس میں وہ اپنے

دیکھتے ہیں۔ اس لئے استاد کے آئینہ دل کا یہ کام ہے کہ وہ طلبا کے خط و خال کو صاف اور واضح طور پر ظاہر کرے استاد اپنی شخصیت کو جسطرح پیش کرے گا ویسے ہی بچے بھی اس کی تقلید کریں گے۔ اُن کی عدم پابندی یا دیر حاضری کی پرواخت کرنے والے زیادہ تر استاد ہی ہیں۔ اگر استاد پابند نہیں تو بچے بھی پابند نہ ہونگے۔ جب پڑھانیوالا لاپروائی یا کاہلی سے کام کرے تو پڑھنے والے بھی کاہل اور لاپروا بن جائیں گے۔ کسی نے سچ کہا ہے "جیسا استاد ویسا شاگرد" غرضکہ اچھا ضبط قائم رکھنے کے لئے اچھی شخصیت درکار ہے۔ اگر کسی کو پہلی مرتبہ جماعت میں پڑھانے کیلئے کھڑا کر دیا جائے اور وہ اچھی شخصیت والا ہو تو بلاشبہ نظم قائم رکھنے میں کافی مدد ملے گی۔ ورنہ بچوں کو جس ڈھب پر لگایا جائیگا وہ اسی طرح کچھ عرصہ بعد کام کرسکیں گے جیسی زمین کی تیاری ہوگی فصل بھی ویسی ہی ہوگی۔ لہذا نظم کا تمام دارومدار مدرس کی شخصیت پر ہے۔ اگر کوئی دلچسپ بات بچوں سے بیان کیجائے تو عموماً وہ سننے کیلئے آمادہ پائے جائیں گے۔ ورنہ روکھی پھیکی صورت میں ایک انگڑائی لے گا تو دوسرا ناخن کترتا ہوا پایا جائیگا۔ تیسرا ہی ہی کی آواز کرے گا۔ غرض کہ کوئی نہ کوئی صورت اپنی مصروفیت کی وہ نکال لیں گے۔ اُصول تدریس کی اولین شرط یہ ہے کہ استاد اچھی طرح مطالعہ کرکے جائے نیز یہ معلوم کرے کہ کونسی بات کس طریقہ پر سمجھائی جائے کہ فوراً دل میں اتر جائے اور طالب علم دشواری محسوس نہ کرسکے جہاں یہ بات طلبار کو معلوم ہوگئی کہ مدرس صاحب ہماری تشفی نہیں کرسکتے۔ تو ضبط میں یقینی خلل واقع ہوگا۔ اور بعید نہیں کہ کوئی ذہین طالب علم اپنی ذکاوت اور خداداد شوخی سے مدرس صاحب کی اس کوتاہی کو جماعت پر واضح کر دینے میں کامیاب ہوجائے۔

جماعت میں مدرس کو ہمیشہ یہ توقع نہ رکھنی چاہئے کہ ہر طالب علم شروع سے

اخیر تک ہمہ تن متوجہ رہیگا۔ بسا اوقات مختلف اسباب کے باعث ابتدا سے انتہا تک لڑکے متوجہ نہیں رہتے ہیں۔ اور اُن سے متوجہ رہنے کیلئے کہنا پڑتا ہے مگر توجہ کوئی ایسی چیز نہیں ہے جو پہلے سے اُن کے پاس رکھی ہوئی ہو اور وہ طلب کرنے پر پیش کر دیں۔ طلبا میں متوجہ رہنے کی عادت ڈالنا ایک مستقل سبق ہے جو مدرس دلچسپ طریقۂ تعلیم کے ذریعہ سے بچوں کو سکھائے جیسے کہ اور چیزیں سکھائی جاتی ہیں۔ اس سے یہ نہ سمجھا جائے کہ لڑکے بدنظمی کو پسند کرتے ہیں۔ یہ واقعہ ہے کہ وہ ہمیشہ مائل بہ حرکت رہتے ہیں۔ مگر اسکا کوئی نہ کوئی مقصد ضرور ہوتا ہے۔ جو بادی النظر میں محسوس نہیں کیا جاتا کیونکہ یہ تو بطور کلیے کے کہا جا سکتا ہے کہ بچے کا کوئی کام بلا مقصد نہیں ہوتا۔ پس مدرس اس سے مطلع ہو کر انہیں کوئی ایسا کام بتائے جو بطور علاج بالمثل ان کے مقصد کے موافق ہو۔ جس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ کامل سکوت و دلچسپی کے ساتھ وہ متوجہ رہیں گے۔ نہ صرف یہی بلکہ کافی ذہنی تحریک کا ثبوت بھی ملے گا۔ اسلئے بچوں کو خاصا کام دیا جائے اور خاصی تبدیلی اُن کے مشاغل میں ہو تاکہ اُکتا نہ جائیں اور انہیں کبھی سست نہ رکھا جائے ورنہ بقول کسی کے "شیطان انہیں بہکائے گا"۔ اور ظاہر ہے کہ پڑھانے والے کے لئے صاف ہار رکھی ہوئی ہے۔ مدرس کوئی نہ کوئی چیز ہر وقت ایسی رکھے کہ لڑکے متوجہ رہیں۔ عدم توجہی مثل خوردہ مرض فالج کے ہے جو مدرس کی تمام محنت نیز غایت درس کو غارت کر دیتی ہے یا مثل اس بیل کے ہے جو ناقص طریقے پر تیار کی ہوئی زمین سے اُگ کر سارے کھیت کا ستیاناس کر ڈالتی ہے۔ مصروفیت کا یہ مطلب نہیں کہ صبح سے لے کر شام تک کام ہی کام ہو اور کوئی وقفہ۔ آرام و تفریح کے لئے نہ دیا جائے۔ وقفہ ہو اور ضرور ہو مگر موقع اور محل سے۔ کیونکہ کسل دور کرنے اور دل بہلانے کی جگہ بازی گاہ ہے نہ کہ جماعت۔

ضبط قائم رکھنے کے لئے آنکھ۔ آواز۔ کان اور حرکات وسکنات سے استاد کو مدد مل سکتی ہے کان ہی کو لو جو کم سے کم ایسے تیز ہوں کہ معمولی سی سی" کی آواز سن سکیں۔ جو ابتدا میں معمولی معلوم ہوتی ہے مگر انتہائی شور و شغب کا پیش خیمہ ہوتی ہے۔ اور یہی بات عدم توجہی کی ابتدا ہے۔ جس کا سدباب اسی وقت ہونا چاہیے تاکہ بعد کو پیش آنے والی مہیب صورت سے اطمینان ہو جائے۔ ساتھ ہی یہ جتا دینا بھی ضروری ہے کہ بہت سی باتیں ایسی ہوتی ہیں کہ جنھیں نہ سننا مدرس کی عین دانشمندی ہے، ایسا بھی وقت ہوتا ہے کہ استاد بہرا بن جائے اور سنی کو ان سنی کر دے۔ اسی کا نام چشم پوشی ہے جو استاد کیلئے ضروری ہے لیکن یہ تجربہ ہی سکھائے گا۔ کہ کب بچوں کی معمولی سی بات کی گرفت کرے اور کب سنی ان سنی کر دے۔

جماعت میں بعض استادوں کا طریقۂ کار سخت اور بیحد خشک ہوتا ہے حالانکہ زندہ دلی، اور خندہ پیشانی کی بھی ضرورت ہے۔ اس کے لئے مدرس اپنے حرکات وسکنات سے مدد لے سکتا ہے۔ جو بچوں کے حق میں مسرت بخش ہوتے ہیں مگر یاد رہے کہ یہ کم ہوں، معنی خیز ہوں اور سلیقے کے ساتھ کئے جائیں اور علمی مذاق لئے ہوئے ہوں ورنہ طلبا مضحکہ اڑائیں گے جس سے ضبط اصلا باقی نہ رہے گا۔

اچھا نظم قائم رکھنے کے لئے ہمیشہ حکم دینے کی ضرورت نہیں پڑتی۔ بار بار حکم دینا حکم کی وقعت کو کھو دینا ہے۔ جماعت میں تحکم کی ضرورت ہے لیکن حکومت ایسی ہو کہ مدرس کے احکام اور مطالب جنبش مژہ، نظر اور معمولی اشارے سے سمجھ لئے جائیں اور زبان ہلانے کی ضرورت نہ ہو۔ زبانی حکم دینے سے پیشتر یہ غور کر لیا جائے کہ حکم واجبی ہو جسکی تعمیل کرنا ممکن اور مفید ہو۔ اس لئے زبانی حکم حتی الوسع بہت ہی کم ہوں اور ان کا بار بار اعادہ نہ کیا جائے ورنہ بے توجہی سے کام کیا جائے گا۔

احکام کی زیادتی اور کثرت سے جماعت میں سکوت تو قائم ہو جائیگا۔ مگر اس طریقہ سے ضبط نہ پیدا ہو سکے گا۔

طلبا کو متوجہ کرنے کیلئے مدرس ہرگز التجا یا درخواست نہ کرے۔ بعض مدرسین کو یہ کہتے ہوئے سنا گیا ہے۔ بھئی خاموش رہو خدا کے واسطے سنو وغیرہ۔ یہ غلطی ہے۔ اسکا مطلب یہ ہوگا کہ مدرس اپنی کمزوری کا اعتراف کر رہا ہے۔ طلبا رٹھیٹ ہو جائیں گے یہ بھی غلطی ہے کہ استاد بار بار تحکم جتائے۔ بہتر صورت یہ ہے کہ کوئی معیار ضبط کا قائم کیا جائے اور جماعت میں جب تک معیار کے مطابق ضبط قایم نہ ہو پڑھائی شروع نہ کیجائے خصوصاً ابتدی کے لئے یہ ایک فاش غلطی ہے کہ دھمکی دیکر ضبط قائم کرنے کی کوشش کرے۔ دھمکیوں کی ہرگز ضرورت نہیں ہے اور اس سے احتراز کرنا ایک باکمال مدرس کے لئے نہایت ضروری ہے اور حقیقت یہ ہے کہ مدرسی خود ایک کمال ہے اور یہ کمال بغیر سعی بلیغ کے حاصل نہیں ہو سکتا ہے۔ کوئی مدرسہ کیوں نہو۔ یہ یاد رہے کہ ہر لڑکے میں چند خوبیاں ضرور ہونگی۔ بشرطیکہ اُن سے مدد لینے کی کوشش کیجائے۔ اگر ان خوبیوں سے فائدہ اٹھایا جائے تو ہرگز طلبا کو دھمکیوں کا نشانہ بنانے کی ضرورت نہوگی۔ دھمکیوں کے ذریعہ سے ظاہری ضبط تو قائم ہو جاتا ہے لیکن ایسے ضبط کی کچھ قدر و قیمت نہیں ہوتی۔

ہمدردی ایک ایسی چیز ہے جس سے ضبط قائم رکھنے میں کافی مدد ملتی ہے اگر چھوٹے لڑکے پڑھانے کو ملیں تو بلا ہمدردی، شفقت اور ملائمت کے غالباً ان سے کچھ کام نہ لے سکینگے۔ اگر کوئی طالب علم اپنے کام کو اچھی طرح انجام نہیں دے رہا ہے تو مدرس فوراً ہی اُسے الزام نہ دے اور نہ ایک دم الجھ پڑے۔ ورنہ لڑکے کے دل میں جو عزت مدرس کی ہے وہ باقی نہ رہے گی اور بچوں کے دل میں جب تک استاد کی وقعت نہوگی ضبط بھی قایم نہ رہ سکے گا۔ اس کے ساتھ ہی ہمیشہ مدرس طلبا کی محنت

اور قابلیت کی تعریف کرتا رہے ورنہ لڑکے پست ہمت ہوجائیں گے۔ آخر میں یہ ضروری ہے کہ بپابندی ضبط قائم رکھا جائے ایسا نہو کہ ایک دم سارا زور لگا دیا جائے یا ایک روز سختی اور دوسرے روز نرمی کیجائے ضبط کا ہمیشہ ایک ہی معیار ہونا چاہئے تاکہ اسی کے مطابق ہر روز عمل ہوا کرے۔ یہ یاد رہے کہ غیر معمولی واقعات اور شرارتوں کی صورت میں کوئی نہ کوئی سزا محفوظ رکھی جائے۔ اگر آج معمولی سے معاملہ میں مدرس اپنے پورے اقتدار اور سزاؤں کا کام میں لائے تو کل سخت خلاف ورزی کے موقع پر کیا کیا جائے گا۔ استاد تو ظاہر کرے کہ اس کا اقتدار محدود نہیں ہے اور اسکی سزائیں ایک سے ایک بڑی اور ختم نہونے والی ہیں۔ مگر ضبط کے معاملہ میں جوں جوں مدرس کا تجربہ بڑھتا جائے گا بہتیرے نکات اور باریکیوں کا احساس ہوتا جائیگا اور استاد یہ معلوم کرے گا کہ نظم کا قایم رکھنا زیادہ تر بچوں کی فطرت سے واقف ہونے پر منحصر ہے اور جس کو استاد اپنے تجربے، بچوں کے ماحول، مدرسے کے انتظام اور سزا کے طریقے سے معلوم کرسکتا ہے۔ مگر جو کچھ اوپر لکھا گیا ہے ذہن نشین کرکے کام شروع کرنے کیلئے کافی ہے۔ اگر ان امور کو استاد پیش نظر رکھے تو اسکی مشکلات بہت جلد آسان ہوجائیں گی اور وہ محسوس کریگا کہ بلا ضبط کے جماعت میں پتہ بھی ہل نہیں سکتا ہے۔ اور اگر ایکمرتبہ مدرس کی شخصیت کی محبت، وقعت اور رعب بچوں کے دل میں جاگزین ہوگیا تو پھر کوئی شے ضبط جماعت میں خلل انداز نہیں ہوسکتی۔

(۲۰)

طلبہ کی کامیابی

از جناب مولوی حسام الدین صاحب (فاضل)

پیوستہ

حفاظت صحت دنیا کی ہر لذت بخش نعمت، مال و منال اور ہر قسم کی راحت بیشک سرمایۂ زندگی ہے اور علم و کمال کی تحصیل، عبادت و اطاعت کی تکمیل، بلاشبہ سرچشمۂ حیات ابدی مگر ان سب کا دار و مدار ایک حد تک صحت و تندرستی پر ہے ؎

معدہ چو کج گشت و شکم در دخاست　　سود ندارد ہمہ اسباب راست

اگر صحت و عافیت نہو تو نعمت نعمت ہے نہ راحت راحت۔ حالتِ بیماری میں حصولِ علم تو درکنار اگر پڑھا ہوا نسیاً منسیاً ہوا تو بسا غنیمت۔ عبادت و اطاعت رہی ایک طرف اگر شکوہ و شکایت زبان پر جاری نہو تو عین کرامت۔ یوں تو دماغی محنت اور صحت میں کچھ عداوت ہی سی پائی جاتی ہے اگر اپنے ہاتھوں خرابی صحت کے دوسرے اسباب بھی پیدا کئے جائیں تو اور بھی ستم ہے پس طلبہ کا فرض ہے کہ تندرستی بہر حال مقدم رکھیں اور اسکو خراب کرنے والے افعال و حرکات سے بالکل کنارہ کش ہوں۔

طلبہ کیلئے حفاظت صحت چند امور کی نگہداشت میں مضمر ہے۔

(۱) **ورزش جسمانی** جس کے مفید صحت ہونے سے کوئی انکار نہیں کر سکتا مگر افسوس ہے کہ طالب علموں کو اس فائدہ مند چیز سے لمس نہیں، بعضوں نے تو اسے تضیع اوقات خیال کر لیا ہے۔ مدارس میں ورزش جسمانی کا جو انتظام ہے بعض طالب علم بادل ناخواستہ

اسکو انجام دے لیتے ہیں اثر یہ ہوتا ہے کہ خاطر خواہ فائدہ نہیں اٹھا سکتے۔
جسطرح ورزش مفید ہے اسی طرح اسکا بے وقت انجام پانا صحت کے لئے سخت مضر ہے بعض طلبہ وقت مقررہ سے دو ایک گھنٹہ پہلے ہی مدرسہ آجاتے اور کھیل کود میں مشغول ہو جاتے ہیں حالانکہ شکم سیری کی حالت میں دوڑنا سخت نقصان کا باعث ہے ورزش جسمانی سے کنارہ کشی یا بے اعتدالی کا نتیجہ ہے کہ طلبہ کے چہروں پر رونق و تازگی بہت کم پائی جاتی ہے۔ بچپن میں ضعیفی کا سا حال ہے اور جوانی میں بڑھاپے کی کیفیت۔ پڑھتے ہیں یاد رکھنے کی قوت نہیں محنت کرنی چاہتے ہیں مگر دل و دماغ میں طاقت نہیں انکا محنت و مشقت سے پڑھنا بیمار پڑنا ہے اور سرسری طور پر تعلیم پانا ناکام رہنا۔

(۲) **سحر خیزی** صحت کے لئے نہایت ضروری ہے کہ قادر مطلق نے صبح کے وقت عجیب تاثیر رکھی ہے اس فرحت بخش وقت کا لمحہ لمحہ دل و دماغ کو تازہ رکھنے میں اپنا آپ نظیر ہے جو کام بھی اسوقت کیا جاتا ہے اچھے اصول پر انجام پاتا ہے مطالعہ کیلئے یہ بہترین وقت ہے مگر بعض طلبہ پر افسوس ہے کہ انہیں ایسے سہانے وقت میں عبادت سے مطلب ہے نہ نظارۂ قدرت سے۔ کتب بینی سے سروکار ہے نہ ورزش جسمانی سے ہاں خواب غفلت ہے اور بستر راحت ؎

ترسم نرسی بہ کعبہ اے اعرابی کیں رہ کہ تو میروی بہ ترکستان است

جو طالب علم محنتی اور تحصیل کمال کے مستحق ہیں ان میں سے بھی بہت کم ہیں جو اصول سے کام کرتے ہوں یہ آدھی آدھی بلکہ پچھلی رات تک علمی مشغلہ میں سرگرم رہا کرتے ہیں۔ نیند آرہی ہے مگر مطالعہ جاری ہے غنودگی سے آنکھیں بند ہیں مگر کتاب ہاتھ سے نہیں چھوٹتی ایک ایک صفحہ میں کئی کئی سطریں بسبب غلبۂ خواب کے ہی جاتی رہ گئیں۔ دماغ متشنج ہے اعضاء مضمحل ہوئے جارہے ہیں صحت پر برا اثر پڑ رہا ہے مگر

علمی محنت جاری ہے اور امتحان کی تیاری۔ نتیجہ یہ کہ اگر رات کے گیارہ بجے آرام فرماتے اور علی الصباح بیدار ہوتے تو جتنا کام جس خوبی سے انجام پاتا اسکا عشر عشیر بھی متذکرہ محنت سے تکمیل نہ پاسکا بلکہ منفعت رہی ایک طرف رأس المال ہی میں گھاٹا آیا کہ رات کے دو بجے جو سوے تو دن کے ۹ بجے بیدار ہوئے۔ ماں باپ کچھ کہہ نہیں سکتے کیونکہ عزیز بچہ بڑی رات تک شوق علم میں جاگا ہے طالب علم خود بھی اپنی محنت پر نازاں ہے مگر اس محنت کے صلہ میں کامیابی ملنا مشکل ہے۔ رات اسطرح بسر ہوئی اور دن بھر بھی طبیعت کی سستی سے کسی کام میں دلچسپی نہ رہی، اگر کسی طالب علم نے زیادہ محنت سے کام لیا اور باوجود رات میں دیر تک جاگنے کے علی الصباح بیدار ہونے کی عادت کرلی تو بھی نقصان سے بچ نہ سکا اسلئے کہ کچھ عرصہ تک اسطرح ناقابل برداشت محنت کرنے سے صحت برقرار نہ رہ سکی اور بیماری کا طویل سلسلہ قایم ہوگیا۔ کامیابی تو کامیابی امتحان کی شرکت تک میسر نہ ہوسکی۔ نیند صحت کے لئے نہایت ضروری چیز ہے یہ ہوسکتا ہے کہ بغیر کھانے پینے کے انسان سات دن بلکہ اس سے بھی زیادہ زندہ رہ سکتا ہے۔ مگر یہ ممکن نہیں کہ وہ ایک ہفتہ تک جاگتا رہے اور اسے موت نہ آئے اسلئے پانچ چھ گھنٹے ضرور سونا چاہئے کہ نیند صحت سے کامیابی ہے اگر ابتدائے زمانہ میں زیادہ جاگا کروگے تو آگے چلکر محنت نہ کرسکوگے۔ تاریخ شاہد ہے کہ جن جن مشاہیر قوم نے کمخوابی کو اپنا طریق کار بنایا ہے انمیں سے اکثر ایسے ملیں گے کہ کچھ ہی عرصہ کے بعد اُن کے قویٰ ضعیف ہوگئے طبیعت میں اضمحلال پیدا ہوگیا اور وہ اپنے مفروضہ کاروبار کو حسب منشا انجام نہ دیسکے۔

پس ایسا ہی علم کے طلب کرنے والو زیادہ بیدار رہکر اپنی صحت خراب نہ کرلو اور بجائے اسکے کہ رات کو زیادہ دیر تک جاگ کر صبح میں سوتے رہو بہتر یہ ہے کہ دس گیارہ بجے سو جاؤ اور چار پانچ بجے بیدار ہو جاؤ صبح کے وقت کا پڑھنا تمہارے

آدھی رات میں پڑھنے سے زیادہ مفید ہوگا کہ نیند پوری ہونے اور راحت پانے کی وجہ سے طبیعت چست و چالاک رہتی ہے غذا کا بوجھ کم ہو جاتا ہے ہوا میں پاکیزگی و صفائی اور دل و دماغ میں فرحت و تازگی رہتی ہے اسوقت کا مطالعہ اور اسباق کا اعادہ بیحد فائدہ مند ہے۔

(۳) **تمباکو سے احتراز** کسی چراغ کی لو پر سفید سے سفید کاغذ رکھا جائے دم بھر میں دھوئیں سے کالا ہو جائیگا۔ گھر کی تمام دیواریں سفید براق ہو سکتی ہیں مگر باورچیخانہ کی دیواروں سے سیاہی دور کرنا کارے دارد ریل گاڑی مختلف رنگوں سے رنگی جا سکتی ہے مگر انجن سیاہی کا ٹھیکہ دار ہے اسلئے کہ اسکو دھوئیں سے سابقہ رہا کرتا ہے یہی حال ہے اُن طلبہ کے دل و جگر کا جنہوں نے سگریٹ نوشی کو جزو تعلیم یا واجب العمل فیشن سمجھ رکھا ہے۔ خدا خوب جانتا ہے کہ تمباکو نوشی سے کتنے ہونہار دماغوں میں نامعلوم آگ لگ چکی ہے اور کتنے طالب علموں کے دل و جگر اس چھپی ہوئی چنگاری سے غیر محسوس طور پر جلا کے خاک سیاہ کر دئے ہیں کسی شاعر نے تو یہ کہا ہے کہ ع

میں چپکے چپکے جلتا ہوں لیکن دھواں نہیں

مگر یہاں دھواں بھی ہے اور جلنا بھی۔ جو خوش قسمت طالب علم اس جگر سوز عادت سے محفوظ ہیں۔ اُن پر طعن و تشنیع کیجاتی ہے دلسوز مضحکہ اُڑایا جاتا ہے بیچاروں کو سگریٹ نہ سہی خون کے گھونٹ ضرور پینے پڑتے ہیں۔ ہر بڑی جماعت کے طالب علم وقعت میں اپنے مختاتی درجہ کے طالب علموں سے بڑھے رہتے ہوئے ہونی چاہئیں مگر سگریٹ نوشی کی منطق نرالی ہے کہ جیسے جیسے مدارج علمیہ بڑھتے جاتے ہیں سگریٹ نوشی میں بھی ترقی ہوتی جاتی ہے۔ افسوس کا مقام ہے کہ جماعتِ صغیر کا بدنصیب طالب علم چھپ چھپکر بیڑی یا سگریٹ پیتا ہے تو فسٹ فارم کا طالب علم مدرسہ میں سگریٹ اپنی جیب میں لئے ہوئے آتا ہے تھرڈ فارم کا طالب علم اپنے استاد صاحب کو آتے ہوئے دیکھکر سگریٹ ہاتھ میں سے

پھینکدیتا ہے مگر میٹرک کا لڑکا اپنے منہ کا سگریٹ بائیں ہاتھ میں لیکر دائیں ہاتھ سے مدرس صاحب کو سلام بجا لاتا ہے۔

دوستو! اگر تمھیں صحت و تندرستی مقصود ہے اور علمی کامیابی مطلوب ہے تو اس بری عادت کو فوراً ترک کردو اگر اب ترکِ عادت کی مشقت اٹھانے میں کوتاہی کی تو آئندہ اس کے پیدا کردہ مصائب کے سبب ناقابل برداشت تکلیفوں سے دوچار ہونا پڑیگا۔ بعض طالب علم کہا کرتے ہیں کہ ایک وقت نفخ شکم ہوا تھا ڈاکٹر نے اس مرض کی دوا سگریٹ نوشی تجویز کی تھی بس عادت ہوگئی۔ مگر انھیں یاد نہیں کہ ع

عذر نامقبول ثابت میکند تقصیر را

شاید کسی نیم حکیم نے انہیں یہ علاج بتایا ہو۔ بیمار کو تو وہی دوا کرنی چاہئے جو اسکی صحت کی ذمہ دار ہو اگر کوئی دوا ایسی ہو کہ ایک مرض کیلئے تو مفید ہے مگر دوسرے امراضِ سخت میں مبتلا کردیتی ہے تو کوئی ایسی دوا ہرگز نہ کھائیگا۔ ڈاکٹروں کے متعدد اقوال ہیں کہ تمباکو کا استعمال صحت کیلئے سخت نقصان دہ ہے مانا کہ پیٹ پھولا تھا سگریٹ جیسی مجرب دوا مشخص ہوئی تو کیا بیماری میں جو دوائیں کھائی دیا جاتی ہیں وہ صحت کے بعد بھی زیر استعمال رہا کرتی ہیں۔ ہرگز نہیں وہ ادھر مزاج اچھا ہوا اور دوا ترک کردی گئی۔ مگر ع خوئے بد را بہانہ بسیار۔

عزیزو۔ یہ کمال نہیں ہے کہ تم نے سگریٹ کا دھواں اپنے منہ سے زلف جاناں کی طرح پیچ و تاب کھاتا ہوا نکالا اور دل و دماغ کو دھواں دھار کرلیا بلکہ کمال یہ ہے کہ آپ کے منہ سے گفتگو کے وقت ایسے پرمغز مضامین نکلیں جن سے سامعین کے دل و دماغ تازہ ہوں اور حاسدین پیچ و تاب کھاکر رہ جائیں۔ بہادری یہ نہیں ہے کہ تم نے سگریٹ کا دھواں اپنی ناک کی راہ سے نکالا یا اُس کو لقمۂ تر کی طرح نگل گئے۔ لیا جوانمردی یہ ہے کہ بیجا غصہ کو پی جاؤ اور علمی بدشوقی کو اپنے دل سے نکال باہر کرو۔

(۴) خورونوش میں احتیاط۔ کسی حوض کے خراب پانی کو دور کر دینے سے حوض پاک وصاف ہو جاتا ہے تیکن کسی نل کے ذریعہ اسمیں غلیظ پانی جمع ہو رہا ہے تو حوض کا خالی کرنا بے سود ہے جبتک غلیظ پانی کی آمد کو نہ روکا جائے۔ اسی طرح انسان اپنے آپکو جسمانی بیماریوں سے پاک وصاف کرنے کے ساتھ ساتھ یہ اہتمام بھی کرے کہ بیماری پیدا کرنے والی چیزوں کو قطعاً ترک کر دے۔ بعض طلبہ میں بازاری چیزیں کھانے پینے کی بھی بری عادت رہا کرتی ہے۔ طالب علم کو ان بُرائیوں کے لئے عمدہ نمونہ بننا چاہئے تاکہ جاہل ان کی نظیر نہ لینے پائیں۔ کیا یہ پسندیدہ امر ہے کہ بے احتیاطی سے پکی ہوئیں اور بدنظمی سے رکھی ہوئیں مضرِ صحت اشیا بر سرِ راہ خریدی جائیں اور وہیں کھڑے کھڑے یا چلتے پھرتے اُنکو کھا لیا جائے اگر انسان اور تعلیم یافتہ انسان بھی جانوروں کی سی بدتمیزی اختیار کرے تو تہذیب و شایستگی کو کہاں ڈھونڈا جائے۔

علم آدمیت است و جوانمردی و ادب ورنہ دوپی بصورت انسان مصوّری

بازاری چیزوں کے ساتھ یہ رغبت اور گھر کی یہ حالت کہ غریب ماں نے یا ماما نے حتی المقدور احتیاط سے پکایا اور لذیذ پکایا مگر صاحبزادے کے سامنے کھانا آیا اور انہوں نے کسی نہ کسی چیز پر کچھ نہ کچھ عیب لگایا پھر یا تو شروع سے آخر تک نہایت آزردگی کے ساتھ کھاتے رہے یا غصے ہو کر مدرسہ آنے کو اٹھ کھڑے ہوئے اور بھوکے پیاسے مکتب پہونچے اور شریک درس ہو گئے مگر غم و غصہ اپنا اثر کئے بغیر نہیں رہا ہے۔ بروقت کھانا نہ کھانا، اور دماغی محنت کرنا صحت کو برباد کر رہا ہے ان کا کھانا ان کے علیق سرپرست مدرسہ روانہ کر دیتے ہیں یا غریب باپ خود لئے ہوئے آتا ہے مگر طالب علم کا غصہ ابھی کم نہیں ہوا ہے گھر کا کھانا یا تو واپس ہوا یا ناپسند ہی رہا۔ کبھی اسطرح بھوکے رہے کبھی اسطرح بے احتیاطی سے تناول کیا کہ بدہضمی سے حالت خراب ہو گئی غرض تندرستی پر بہر طور مصیبت رہی۔ ہونہار طالب علمو!

اگر تمھیں تندرستی کی کچھ قدر ہے اور کامیابی مطلوب تو بازاری چیزوں سے ضرور پرہیز کیا کرو اور جو کچھ گھر میں ہو وقت پر خوشی خوشی کھا لیا کرو۔

(۵) دور اندیشی ایک پرندہ باوجود پر پرواز رکھنے کے صیاد کے قفس میں گرفتار ہے ایک مچھلی دریائے زخار کی تیراک ہونے پر بھی کسی ماہی گیر کے جال میں مضطرب و بیقرار۔ اُس کی گرفتاری قابل رحم ہے نہ اِس کی بے قراری کیونکہ ہر دو نے دور اندیشی نہ کرنے کی سزا پائی ہے اگر انجام بینی سے کام لیا جاتا، حرص و طمع سے احتراز کیا جاتا تو ان کی جان جوکھوں نہ ہوتی۔ ایک غریب کسان جسے کھانے کو بھی برابر میسر نہیں غلّہ کی ایک کافی مقدار زمین میں بو رہا ہے، اس کے اس فعل پر بیوقوف ہنسیں گے کہ خود نہ کھا کر غلّہ خاک میں ملا رہا ہے مگر عقلمندوں کے پاس اس کا یہ فعل قابل تحسین ہے کہ دور اندیشی پر مبنی ہے۔ سمجھدار بیمار تلخ دوا طبیب خاطر پی لیتا ہے اور لذیذ لذیذ غذائیں بھی خوشی خوشی سے ترک کر دیتا ہے کیونکہ جانتا ہے کہ داروے تلخ کا انجام صحت ہے اور چند روزہ پرہیز میں برسوں کی عافیت۔ مدرسہ آنے والے طلبہ پر کھلاڑی اور آوارہ بچے ہنستے ہیں کہ یہ کیا کم عقلی ہے کہ دن بھر مدرسہ میں مقید بیٹھے رہیں استادوں کی جھڑکیاں سنیں تعلیم پانے کی ناگوار آفتیں جھیلیں۔ مگر ہونہار طالب علم کے پاس انکی خرافات کا ایک ہی معقول جواب ہے کہ تم لوگ کوتاہ اندیش اور موجودہ لذت لہو و لعب کے دلدادہ ہو اور چند روزہ سطحی خوشی پر آئندہ زندگی کی حقیقی راحت کو قربان کر رہے ہو۔ ہم دور بینی سے کام لینے والے ہیں کچھ عرصہ تک طالب علمی کی محنت اُٹھائیں گے ہمیشہ عزت کے ساتھ زندگی بسر کرینگے۔

غرض دور اندیشی ہر کام میں ضروری ہے کہ ع

مرد آخر بین مبارک بندہ ایست

جسطرح تحصیل علم دور اندیشی پر موقوف ہے اسی طرح اثنائے تعلیم میں بھی انجام بینی کی

سخت ضرورت ہے۔ ایک طالب علم سبق پڑھتا ہے مگر اس کو یاد نہیں کرتا، آموخت کے اعادہ کی طرف اس کی توجہ نہیں۔ یہ سمجھا ہوا ہے کہ امتحان کو ابھی زمانہ باقی ہے قریب امتحان خوب یاد کرلوں گا۔ مگر اسکو یہ معلوم نہیں کہ لیل و نہار ایک حالت پر نہیں رہتے، صحت و بے فکری پائدار چیز نہیں کیا خبر کہ کل کیا ہونے والا ہے کبھی ایسا بھی ہوا ہے کہ عین امتحان کے قریب بدقسمتی سے کوئی طالب علم بیمار ہوگیا اگرچہ امتحان سے کچھ دن پہلے صحت حاصل ہوگئی مگر کچھ یاد نہ تھا کیونکہ جس مدت میں محنت کے ساتھ یاد کرنے کی ٹھہرائی تھی وہ تو بیماری میں گزر گئی۔ بعض طالب علم آسان آسان مضامین تو ذہن نشین رکھتے ہیں مشکل مضمونوں کے متعلق انکا خیال رہتا ہے کہ آئندہ ان پر کافی غور کرلیں گے یا کیا ضرور ہے کہ امتحان میں انہی مسائل کے متعلق سوالات آئیں۔ سو، اتفاق سے کبھی انہیں غور و فکر کی فرصت ہی نہیں ملسکتی اور ایسا بھی ہوتا ہے کہ امتحان میں اسی قسم کے سوالات آجاتے ہیں اور یہ ناکام رہجاتے ہیں۔ وہ طلبہ جن کے گھر پر خانگی استاد مقرر رہتے ہیں انہیں بھی بسا اوقات یہ خبط رہتا ہے مدرسہ میں کوئی بات سمجھ میں نہ آئے تو پروا نہیں گھر پر سمجھ لیں گے۔ کبھی اس کے برعکس نکلیں گے خانگی استاد سے تعلیم دل لگا کر نہیں پاتے، یہ دور اندیشی سے بعید ہے بہترین طریقہ یہ ہے کہ ہر ایک سبق کو متعلقہ استاد سے خاص محنت و جانکاہی کے ساتھ یہ سمجھکر پڑھ لینا چاہئے کہ گویا اس کے بعد ہمیں کوئی پڑھانے یا سمجھانے والا ہی نہیں اور یہ خیال رکھنا چاہئے کہ گویا کل ہی امتحان ہے اور جو کچھ بھی پڑھا ہے امتحان میں بیان کرنا ہے نیز مشکل مضامین کو یہ سمجھکر اچھی طرح یاد کرلینا چاہئے کہ امتحان صرف انہی کے متعلق ہوگا فوقانی درجہ کے طلبہ کو اختیاری مضامین لینے میں بھی دور اندیشی کی سخت ضرورت ہے ہر مضمون پر کافی غور کرلینے اور اپنی طبیعت کا رجحان دیکھنے کے بعد انتخاب کرنا چاہئے بعض دفعہ ایسا بھی ہوتا ہے کہ طالب علم کوئی ایک مضمون انتخاب کرلیتا ہے چند دن بعد

کسی وجہ سے اس کے عوض دوسرا مضمون لینے پر مجبور ہو جاتا ہے جس سے کچھ عرصہ تک محنت رائگاں جاتی ہے اگر پہلے ہی سوچ سمجھ کے کام کیا جاتا تو یہ نقصان نہ ہوتا بعض طلبہ صرف اُسی مضمون میں محنت شاقہ سے کام لیتے ہیں جس سے ان کو فطرتاً دلچسپی ہے یا ان کے لئے مشکل معلوم ہوتا ہے اور دوسرے مضامین میں ناقص رہکر نقصان اٹھاتے ہیں، سزاوار ہے کہ ہر مضمون میں دشواری و آسانی کا لحاظ رکھتے ہوئے اسطرح کی کم و بیش محنت کیجائے کہ تمام مضامین میں کامیابی کے اعلیٰ نشانات حاصل ہوسکیں کیونکہ کبھی آسان مضمون بے توجہی کے باعث دشوار سا ہو جاتا ہے اور محنت و خاص توجہ کیوجہ سے مشکل امور میں آسانی پیدا ہو جاتی ہے جن طلبہ سے مضمون نگاری کا کام لیا جاتا ہے انمیں اکثر اپنی سہولت کے مدنظر یہ کرتے ہوئے پائے گئے کہ عنوان مقررہ کے متعلق کسی کتاب میں مضامین دیکھے اور بعینہٖ نقل کرکے مضمون نگار بن گئے حالانکہ یہ علمی قابلیت کیلئے زہر قاتل ہے اسلئے کہ دماغ کاہل اور ہمیشہ نقل کرنے کا عادی بن جاتا ہے ایسے طلبہ بڑے لیئق بھی ہو جائیں گے مگر مضمون نگاری میں ہمیشہ دوسرے مصنفین کے محتاج رہیں گے نقل و اصل میں زمین و آسمان کا فرق ہے۔ اپنی محنت سے کمائی ہوئی معمولی چیز اور دوسروں کی نعمتوں سے زیادہ لذت بخش ہے۔ اپنا لکھا ہوا مضمون اگرچہ ناقص ہی کیوں نہو پرائے بہترین مضامین سے بہت زیادہ قابل قدر ہے اوروں کے چبائے ہوئے نوالے چبانا غیر تمندوں کا کام نہیں اس کے سوا چوری بہرحال چوری ہے خواہ مال و دولت چرائی جائے یا شعر و عبارت۔

امتحان کے متعلق بھی چند باتیں دور اندیشی پر مبنی ہیں جنکا بیان کر دینا ضروری ہے۔ اکثر طلبہ امتحان کے قریب زمانہ میں ضرورت سے زیادہ محنت اٹھاتے ہیں بعض تو ادھر صبح میں امتحان ہے اور رات بھر پڑھتے رہتے ہیں سمجھتے تو یہ ہیں

کہ اسطرح سے خوب یاد ہوگا مگر جاگنے اور محنت شاقہ برداشت کرنے سے امتحان گاہ میں مزاج کی حالت نادرست اور طبیعت سُست ہوجاتی ہے۔ جوابات کی صحیح طور پر ادائی تو ایک طرف، سوالات امتحان تک سمجھ میں آ نہیں سکتے۔ نتیجہ جو کچھ ہوگا ظاہر ہے اسلئے طلبہ کو چاہئے کہ امتحان کے قریب بھی اعتدال کے ساتھ محنت کریں اور بہتر ہے کہ جس رات کی صبح میں امتحان دینا ہے خوب نیند لے لیں تاکہ دماغ کو آرام آرام ملے، دل مطمئن رہے اور جوابات حسن وخوبی سے ادا ہوسکیں۔

پرچۂ سوالات ملنے کے بعد بعض طالب علم سلسلہ وار جوابات لکھنے لگتے ہیں۔ کبھی ایک دو سوالات کے جوابات سوچنے ہی میں آدھے سے زیادہ وقت صرف ہوجاتا ہے اور قلتِ وقت کیوجہ سے یا تو مابقی سوالات اچھی طرح حل نہیں ہوسکتے یا تمام وقت انہیں سوالات کے جوابات لکھنے میں صرف ہوجاتا ہے جو بخوبی یاد تھے۔ عمدہ طریقہ یہ ہے کہ پرچہ لیتے ہی پہلے پہل خوب غور کرلو۔ پھر وقت اور اپنے قوت حافظہ کے لحاظ سے جوابات اسطرح قلم بند کرتے جاؤ کہ جو زیادہ یاد ہو پہلے ادا کیا جائے اور یہی ترتیب آخر تک قائم رہے، یہ بھی ملحوظ رکھو کہ تمام سوالات نظر سے گزر سکیں تاکہ بعد میں اسطرح پچتانے کی نوبت نہ آئے کہ فلاں سوال کا خیال ہی نہ رہا اور جواب لکھنے سے پیشتر ہر ایک سوال کو شروع سے آخر تک پڑھنے کے بعد غور کرلو کہ ممتحن کا اس قسم کے سوال سے کیا منشا ہے۔ بعض طالب علم ذہانت یا بلادت سے سوال کے ابتدائی دو چار لفظ پڑھتے ہی جواب لکھنے لگتے ہیں جو انکی دانست میں تو صحیح مگر درحقیقت غلط رہتا ہے۔

بعض طلبہ یہ بات قابل فخر سمجھتے ہیں کہ امتحان گاہ میں وقت ختم ہونیسے پہلے پرچہ لکھا اور دیدیا، حالانکہ لیاقت کا کام یہ نہیں ہے، اکثر ایسے مغرور طلبہ ناکام رہجاتے ہیں، امتحان گاہ میں ختم وقت سے پہلے پرچہ دیدینا کمال نہیں بلکہ آخر وقت تک

غور فکر کے ساتھ لکھتے رہنا اور اپنے لکھے ہوئے پر نظر ثانی کر لینا عین لیاقت و دور اندیشی ہے۔

امتحان گاہ میں اپنے ساتھیوں سے اشارۃً یا صراحتہً کچھ پوچھنا اور کسی قسم کی باتوں میں مشغول ہونا سخت کوتاہ اندیشی ہے اور اپنے سے کچھ پوچھنے والے طالب علم کو جواب دینا اور بھی کم عقلی۔ وہ دوست دوست نہیں جو امتحان گاہ میں اپنے دوست کی کچھ امداد کرے بلکہ وہ اپنا اور اپنے دوست کا خاصہ دشمن ہے۔

ممتحنین کے نام معلوم کرنے کا خیال یا قبل از قبل سوالات سے آگاہ ہونیکی فکر طلبہ کیلئے حقیقی ناکامی ہے اور خلاف انجام بینی ع

چرا کارے کند عاقل کہ باز آید پشیمانی

دل لگا کر پڑھو محنت سے یاد کرو غور و فکر سے جوابات دو یقیناً کامیاب رہوگے

بعض طلبہ میں بے موقع مزاح کی عادت شدت سے جاگزیں ہوگئی ہے جو دور اندیشی کے سراسر خلاف ہے کہ عامیانہ مزاح کا نتیجہ اکثر و بیشتر برا ہی نکلتا ہے، ظرافت و خوشطبعی بری چیز نہیں مگر اسوقت کہ راستی و راست کرداری پر مبنی ہے اور منشا صرف تفریح طبع ہو نہ یہ کہ مزاح نبرد و سلاح کی نوبت لائے اور دل کو فرحت ہونے کی عوض باہمی جنگ و جدل چھڑ جائے۔ حالت یہ ہے کہ جسطرح مختلف مضامین شریک نصاب رہتے ہیں اس لئے مزاح کے مضمون کو بھی طلبہ نے اپنے تعلیمی کورس میں داخل کر لیا ہے فرق یہ ہے کہ کسی مضمون کا سبق روزانہ ایک گھنٹہ ہوتا ہے تو کسی کا ہفتہ میں دو گھنٹے مگر دلگی کا مضمون ایسا دلچسپ و نفع بخش سمجھ لیا گیا ہے کہ ہر گھنٹے میں کئی کئی بار اس سبق کو جاری رکھا جاتا ہے دوسرے اوقات میں بھی جب کبھی موقع ملے اس سبق کی تکرار پر تکرار کیجاتی ہے۔

پیدل چلتے ہوئے طالب علم کے قریب سے سیکل سوار طالب علم گزرتا ہے دونو

گہری دوستی ہے یہ دوست کو دیکھتے ہی اسطرح محبت سے ملاقات کرتا ہے کہ بجائے سلام و مصافحہ کے اُسکی سیکل کو اس بے ترتیبی سے حرکت دیتا ہے کہ سیکل سوار دوست سنبھل نہیں سکتا اور زمین پر سمیت سیکل کے گر پڑتا ہے؛ پھر تو ایک دوسرے پر ٹوٹ پڑتے ہیں گرتے ہیں پھر ہنستے ہوئے اُٹھ کھڑے ہوتے ہیں۔ مزاح کا یہ ایک ابتدائی باب ختم ہوا ہے ابھی پوری کتاب باقی ہے جو شام تک حسب موقع ختم ہوتی رہیگی اور دوسرے دن پھر نئے اصول پر اسکا دورہ کیا جائیگا۔

ایک طالب علم اپنی دھن میں راستہ طے کر رہا ہے یا مطالعہ میں منہمک ہے کہ پیچھے سے اسکا دوست جو خود بھی طالب علم ہے آتا ہے اور اسکی جیب میں سے دستی یا قلم یا جو کچھ بھی بن پڑے آہستہ سے نکال لیتا اور بھاگ جاتا ہے، مالک مال نے اگر معلوم کر لیا تو دوست نے قہقہہ لگایا اور اس کام کو مزاح ٹھہرا دیا ورنہ "خانۂ دوستاں بروب و در دشمناں مکوب" پر عمل ہے اور دوست کی ملوکہ اشیاء اپنی جیب میں غرض ایسے بہتیرے حرکات ہوتے ہیں جو نہ صرف دور اندیشی سے بعید بلکہ طالب علم میں سخت رکاوٹیں پیدا کرنے والے ہیں۔ بات بات پر قہقہہ لگانا طلبہ نے اپنا شعار بنا رکھا ہے۔ ایک دوسرے پر چشمک زنی اور طعن و تشنیع کی عادت کر لی گئی ہے۔ جماعت میں کسی نے استاد سے سوال کیا تو اس کے لفظ لفظ پر ریمارک ہونے لگے مضحکہ اڑایا جانے لگا۔ اگر کبھی موقع ملگیا تو ہاتھا پائی کے وسیلہ سے مزاح جاری رکھی جاتی ہے یہ نہو سکے تو زبانی غپ شپ کے ذریعہ ورنہ اشاروں ہی کے وسیلے سے تکمیل ظرافت کر لی جاتی ہے۔

میرے شفیق طالب علمو! میں نے ایسے طلبہ بھی دیکھے ہیں جو ایکدوسرے کے بڑے گہرے دوست تھے مگر باہمی مزاح اور صرف مزاح کا یہ اثر ہوا کہ ان میں سخت دشمنی پیدا ہو گئی یا تو انکی نزدیک آپس کی گفتگو درس و تدریس سے زیادہ عزیز تھی

یا یہ حالت ہوئی کہ تین سال کا طویل عرصہ گزرا مگر باوجود ہم مدرسہ و ہم سبق ہونے کے ایک نے دوسرے سے کسی قسم کی کوئی بات چیت نہ کی اور خدا جانے کب تک یہ تنفر باقی رہے گا۔ اُس محبت کا بھی اور اس عداوت کا بھی جو اثر تعلیم پر پڑا ہوگا ظاہر ہے۔

دور اندیشی کا مضمون ناقص رہجائیگا اگر یہ ظاہر نہ کیا جائے کہ اپنی پیدائش اور کارخانۂ قدرت کے متعلق بھی ضرور غور کر لیا کرو یہ کوتاہ بینی ہے کہ چند روزہ زندگی ہی کیلئے ہم اپنے آپ کو وقف کر دیں اور آخرت کے منکر یا اس سے بے پروا رہیں۔ مرجانا یقینی ہے اور دنیا کو چھوڑنا لابدی۔ مذہبی اوامر و نواہی کی پابندی ہمیشہ مفید ثابت ہوتی رہی ہے اگرچہ ہماری ناعاقبت اندیشی نے انکی خاطر خواہ قدر و منزلت نہ کی ہو عقل سلیم جن جن چیزوں کو پسندیدگی کی نگاہ سے دیکھتی ہے مذہبی زندگی مع شئی زائد ان سب کی تکمیل ہے پس دنیا کے ساتھ آخرت کی فکر بھی ضروری ہے اور تن پروری کے ساتھ ساتھ روحانی اصلاح بھی لازمی۔

رُباعی از فاضل

دنیا کا جو امتحان دینا چاہا — تیاری میں مشغول رہے صبح و مسا
کچھ یاد ہے امتحان دینے والو — ہے حشر کا امتحان بھی ہونیوالا

ارتقائے عملی تعلیم

(از مسٹر گنیش چند بی۔ اے۔ بی ٹی)

(پیوستہ)

تنظیم

انگلستان اور امریکہ کے قدیم معلمین کا خیال تھا کہ مدرسہ کی تعلیم پر خارجی اسباب مثلاً انتظام مدرسہ، عمارت سازوسامان وغیرہ کا کوئی اثر نہیں ہوتا۔ لیکن موجودہ ماہرین تعلیم متفق ہیں کہ خارجی اسباب ارتقاء تعلیم میں نمایاں حصہ لیتے ہیں اور متعلم نیز طرز تعلیم دونوں انکے دائرۂ اثر سے باہر نہیں ہو سکتے۔ یوں تو خارجی اسباب کی ایک طویل فہرست مرتب کیجا سکتی ہے۔ مگر انتظام مدرسہ وضبط جماعت کو جو نمایاں فوقیت سب پر حاصل ہے وہ اس امر کی مقتضی ہے کہ سب سے پہلے اس ضروری جزو پر تبصرہ کیا جائے۔

ضبط جماعت

انگلستان کے ایک مدرسہ میں طلباء سے سوال کیا گیا کہ تم مدرسین کی اطاعت کیوں کرتے ہو۔ بعضوں نے جواب دیا کہ مدرسین ہم سے زیادہ قوی ہیں اگر ہم انکی اطاعت نہ کریں تو سخت سزا بھگتنی پڑے۔ بعضوں کا جس میں زیادہ تعداد اناث کی تھی یہ جواب تھا کہ مدرس کی اطاعت مانوس ہونیکی وجہ سے کیجاتی ہے۔ تیسرے گروہ نے جسکی تعداد پہلے اور دوسرے گروہ سے مقابلتاً بہت زیادہ تھی یہ جواب دیا کہ ہماری نظروں میں مدرس کی وقعت بہت زیادہ ہے۔ اسکی اعلیٰ قابلیت ہم کو اطاعت پر مجبور کرتی ہے۔ اس تحریر کو مدنظر رکھتے ہوئے ماننا پڑتا ہے کہ اولاً ہماری سوسائٹی کی نوعیت، ثانیاً مدرس کی شخصیت طلباء کو

اطاعت پر مائل کرتی ہے۔

سوسائٹی یا ماحول کی نوعیت

بچہ صغر سنی سے اطاعت کا سبق سیکھتا ہے والدین۔ اتالیق اور رشتہ دار اُسکو دنیا کے چند مقررہ قوانین کی پابندی پر چلاتے ہیں۔ یہ امر مسلمہ ہے کہ ہر انسان کے لیئے اُسکا ماحول زبردست اتالیق ہے۔ جو سب کی آنکھوں سے اوجھل لیکن ہر لمحہ اپنا درس جاری رکھتا ہے، بچہ مدرسہ میں داخل ہوتا ہے تو اپنے آپکو گھر سے بالکل مختلف ایک دوسرے ماحول کی آغوش میں پاتا ہے۔ مدرسہ کی عمارت ہم جماعت طلبا کی سوسائٹی۔ مدرس و صدر مدرس کی نگرانی چال چلن کا معائنہ غرض مدرسہ کے تمام قوانین کی پابندی اُسپر لازم آتی ہے۔

مدرس کی ذاتی شخصیت

مدرسہ میں طلبا کا بیشتر وقت مدرس کے ساتھ صرف رہا ہے اگرچہ ایسے مدرسین کی تعداد کم ہے جو ہر اعتبار سے بہترین ضابط ثابت رہے ہوں لیکن اُن اساتذہ کی تعداد بھی زیادہ نہیں جو ضبط جماعت کے عام اصولوں سے واقفیت تامہ رکھتے ہوئے بھی جماعت پر ضبط قائم نہیں رکھ سکتے۔ البتہ ایسے مدرسین کی تعداد زیادہ پائی جاتی ہے جو ابتداءً ضابط جماعت ثابت نہیں ہوتے لیکن ٹریننگ کالج کی تعلیم یا کچھ عرصہ کے ذاتی تجربہ کے بعد جماعت میں خاطر خواہ نظم قائم رکھ سکتے ہیں۔ ضبط جماعت کیلئے مدرس میں چند خصوصیات کا ہونا لازمی ہے۔ اگر مدرس اپنے متعلقہ مضمون پر پورا حاوی ہو۔ طلبا کو جماعت میں مشغول رکھنے کا گر اُسے یاد ہو۔ ہر طالب علم پر کافی نگرانی رکھتا ہو۔ مناسب ہدایات نافذ کرنا اور طلبا کو اُن کا پابند بنانا آتا ہو تو ضبط جماعت میں اُسے زیادہ دقت پیش نہ آئیگی۔

ضبط جماعت کی تاریخ

یوں تو مصلحین تعلیم میں ہمیشہ اختلاف آراء ہوتا چلا آیا ہے۔ مگر ضبط جماعت کی تاریخ میں باعتبار اصول تعلیم تین دور خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ ہر زمانہ میں ماہرین تعلیم نے اپنے مخصوص نظریہ کو ایک مہتم بالشان صورت

ملک کے سامنے پیش کیا ہے اور اپنے زمانہ کے ارباب حل وعقد کے یہ ذہن نشین کرانے میں پورا پورا زور لگایا ہے کہ جو نظیر وہ پیش کرتے ہیں ارتقائے تعلیم کیلئے ضروری ہی نہیں بلکہ ناگزیر ہے۔ فلسفیانہ دلائل ونتائج سے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ جو اصول موضوعہ ان کی فکر وتحصیل کا نتیجہ ہے اُن کے بغیر تعلیم مکمل نہیں ہو سکتی۔ ہم ہر زمانہ کے مخصوصین تعلیم کے نظریات اصلی صورت میں پیش کرتے ہوئے مختصر تنقید کے ساتھ یہ واضح کرنے کی کوشش کریں گے کہ موجودہ زمانے میں ہمارے ملک کے لئے کونسے اصول قابل عمل ہیں۔

ایک زمانہ وہ تھا جبکہ مدرس صرف چھڑی کو خاطی کی سزا کا ذریعہ سمجھتا تھا معلمین اسے اپنا زرین اصول تصور کرتے تھے کہ چھڑی ہاتھ سے گئی اور طالب علم بربا ہو گیا۔ اُن طلباء کی اطاعت بعینہٖ سرکس کے شیر کی اطاعت کے مانند تھی جو منیجر کی چھڑی کے اشارہ پر تعمیل احکام کرتا ہے۔ باقاعدہ مدارس میں یہ سزا متروک ہو گئی ہے صرف صدر مدرس شاذ و نادر مواقع پر چھڑی کا استعمال کرتا ہے۔ البتہ بعض مدارس میں تقریباً ہر روز ایک وقت معینہ پر صدر مدرس کے روبرو طلباء کی ایک قطار سزا کے لئے جاتی ہے یہ بھی نہایت بدنما طریقہ ہے۔

اس کے بعد اس خیال کا دور آیا کہ صرف چھڑی کا استعمال طلباء کو اصلی ہدایت پر مجبور نہیں کرتا بلکہ صحیح معنوں میں کامیاب مدرس وہ ہے جس کے اشارے طلباء کام کریں۔ اسمیں شک نہیں کہ بعض اوقات ضبط جماعت کیلئے یہ سزا ناگزیر ہوتی ہے۔ لیکن مدرس اپنا مقصد دوسرے ذرائع سے بھی پورا کر سکتا ہے جو غیر مؤثر اور بدنما نہ ہوں۔ مدعیان نظریۂ ہذا نے یہ بھی بتایا کہ چھڑی کا استعمال نہ صرف مدرس میں بے رحمی پیدا کرتا ہے بلکہ طلباء اس سزا کے عادی ہونے کے بعد بے حس ہو جاتے ہیں اور غیرت جو سزا کا اصلی مقصد ہے مفقود ہو جاتی ہے۔ پس اس گروہ کے

قول کے مطابق مدرس طلباء کے ساتھ ایسا سلوک کرے کہ وہ خود بخود اُس سے مانوس ہو جائیں ایک کامیاب مدرس کے لئے ضبط جماعت کا قیام اور ایسا سلوک متضاد نہیں

اس گروہ نے ایک اور امر بھی کافی روشنی ڈالی ہے کہ بمقابلۂ سزا کے جزا بہتر ہے۔ یعنی طلباء کو حسن کارگزاری کے صلہ میں انعامات دئیے جائیں۔ ہمارے مدارس میں تقسیم انعامات کا طریقہ عیب سے خالی نہیں ہے۔ ضمناً یہ بیان کر دینا ضروری ہے کہ تقسیم انعامات کا طریقہ جس سے طلباء میں باہمی رنجش و بدمزگی پیدا ہونے کا اندیشہ ہے لائق حذر ہے۔ مفید ترین اصول یہ ہو سکتا ہے کہ انعامات مخصوص ہونے کے بجائے عام ہوں یعنی ہر کامیاب طالب علم کو اسکی کارگزاری کے اعتبار سے انعام دیا جائے خواہ انعام کی نوعیت کیسی ہی ہو۔

تیسرے گروہ کے مخصوصین تعلیم کا قول ہے کہ موجودہ زمانہ ہم کو اصول جمہوریت کی تعلیم دیتا ہے لہذا طلباء کو ہر قسم کی پابندی سے آزاد کیا جائے اور اُن کو مدرسہ میں اپنے قوانین آپ وضع کرنے کی تعلیم دیجائے۔ وہ ضبط مدرسہ جو بہ تخویف ہو کمزور اور عارضی ہے۔ مدرس کا بار بار یہ کہنا کہ فلاں کام نہ کرو اسکی کمزوری کی دلیل ہے اور مدرس کا اپنی عام شخصیت سے طلباء کو مرعوب کرنے کی کوشش کرنا ناجائز دباؤ ڈالنے کے مترادف ہے پس اُن کا خیال ہے کہ موجودہ زمانہ میں جبکہ ہم جمہوریت کا دم بھرتے ہیں۔ مدرسہ جو آیندہ دنیا کا چھوٹا سا نمونہ ہے لازماً جمہوریت کے رنگ میں رنگا ہوا ہوتا ہے۔ اس گروہ کے ایک معلم نے نظریہ مذکور کو عملی جامہ پہنانے کی غرض سے ایک دفعہ طلباء پر اپنے مافی الضمیر کا اظہار کیا۔ وہ آزادی کی خوشخبری سے اسقدر محظوظ ہوئے کہ ایک جری طالبعلم نے جوش مسرت میں ایک خوبصورت گلدان جو منبر پر رکھا ہوا تھا زمین پر پٹک دیا معلم مذکور نے فوراً اپنی طلائی گھڑی پیش کر دی اور کہا کہ اگر وہ چاہے تو اسے بھی

اپنے تصرف میں لاسکتا ہے۔ طالب علم کے چہرہ پر ندامت کے آثار نمودار ہو گئے اور وہ عاجزانہ عفو تقصیر کا طالب ہوا۔

ناظرین یقیناً مدعیان نظریہ ہذا کے متذکرۂ بالا اقوال پر محو حیرت ہونگے اگرچہ سیاسی اعتبار سے اصول جمہوریت نہایت اچھا اصول ہے۔ مگر مدرسہ میں اس کا اجرا قابل عمل ہوسکتا ہے یا نہیں۔ یہ ایک سوال ہے جو غور طلب ہے۔ مدرس کی ذاتی شخصیت کی مخالفت میں بہت کچھ کہا جاسکتا ہے اور ضبط جماعت کے قیام میں اُس سے کام لینا حریت و آزادی کے قانون کے مطابق ایک جرم قرار دیا جاسکتا ہے ہم نظریہ ہذا پر مختصر تنقید کرتے ہوئے یہ واضح کریں گے کہ مدعیان نظریہ ہذا کے یہ اقوال ہمارے لئے کہاں تک مفید نتائج پیدا کرسکتے ہیں۔

یہ امر کہ طالب علم پر مدرس کی شخصیت کا اثر نہ ہونا ممکن ہے۔ کنڈرگارٹن و مانٹیسوری طریقۂ تعلیم میں جو موجودہ زمانہ میں مرغوب ترین طریقہ سمجھا جاتا ہے مدرس بظاہر پس پردہ نظر آتا ہے۔ لیکن فی الحقیقت وہ متعلم کو اپنی تجاویز اور طرز گفتگو سے متاثر کرتا ہے۔ یہ بات تو مشاہدے میں آچکی ہے کہ کنڈرگارٹن اور مانٹیسوری کے مدرسین ضدی طلباء کو اپنی طرف توجہ دلاکر راہ راست پر لے آتے ہیں۔ مدرس اگر چاہے بھی کہ حتی الوسع اسکی شخصیت بالواسطہ رہے تو طالب علم کو متاثر کئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ لیکن اہم ترین نکتہ یہ ہے کہ لازماً مدرس کی شخصیت طالب العلم کے لئے خارجی دباؤ کی صورت اختیار کرے۔ بالواسطہ رہنمائی سے طلباء کی آزادی مسمار نہیں ہوسکتی۔

اصول جمہوریت یہ امر قرین قیاس ہے کہ انگلستان اور امریکہ جیسے ترقی یافتہ ممالک کے مدارس میں اصول جمہوریت کا تجربہ کامیاب ثابت ہوا ہے لیکن اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ یہ اصول ہندوستان میں بھی مفید نتائج پیدا کرے۔ ان

ممالک کی فضا اور ہے۔ ہر شخص جمہوریت کے گیت گاتا ہے۔ مدرسہ کی ننھی جانیں بھی اس سے متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکیں۔ عرف عام میں جمہوریت آزادی کے مترادف سمجھی جاتی ہے۔ لیکن یہ وہ آزادی ہے جسمیں ہر شخص کو خاص قوانین کا جکڑ قوم بحیثیت مجموعی وضع کرتی ہے شخصی سلطنت کے مقابلہ میں زیادہ پابند ہونا پڑتا ہے۔ ہمارا یہ مطلب نہیں کہ ہندوستانیوں میں اس قسم کی صلاحیت ہی نہیں۔ بلکہ حقیقت یہ ہے کہ دوسرے ممالک کو اصول جمہوریت کی بدولت شاہراہ ترقی پر گامزن دیکھ کر ہندوستان میں بھی لوگوں کا میلان طبع اسطرف ہو چلا ہے۔ اس پر ہمیں زیادہ بحث کرنے کی ضرورت نہیں۔ طلباء کی تو اور بات ہے اگر کسی مدرسہ کے مدرسین، ناظم تعلیمات کی خدمت میں یہ درخواست پیش کریں کہ وہ بغیر کسی صدر مدرس کے مدرسہ کا انتظام خوش اسلوبی سے کرلیں گے تو گو یہ درخواست بہ طیب خاطر منظور کیجا سکتی ہے مگر مشاہدہ یہ کہتا ہے کہ اکثر مدارس صدر مدرس کے ہوتے ہوئے بھی باہمی بغض و نفاق کا شکار ہیں۔ لہٰذا طلباء سے ایسی توقع رکھنی گو ناممکن نہیں لیکن قبل از وقت ضرور ہے۔

اس مختصر تمہید کے بعد یہ سوال کہ طلباء کو مدرسہ میں آزادی کا احساس کرانا مناسب ہے یا نہیں بآسانی حل ہو سکتا ہے۔ ضبط مدرسہ کی حد تک یورپ و امریکہ کے اصول ہندوستان میں بآسانی عمل میں لائے جا سکتے ہیں۔ نیز اُن کو اپنا انتظام آپ کرنے کا طریقہ بھی سکھایا جا سکتا ہے۔ مدرسین نے مشاہدہ کیا ہوگا کہ جماعت میں بعض طلباء جنکی تعداد بہت کم ہوتی ہے ایسے رہیں گے جو فطرتاً اپنے ساتھیوں پر اثر قائم رکھ سکتے ہیں۔ ایسے ہی طلباء کا مانیٹری (مشیر) کے عہدہ کے لئے انتخاب ہوتا ہے۔ یہ بات عموماً دیکھنے میں آئی ہے کہ جو طلباء پابند ضبط ہوتے ہیں انکی تعلیمی حالت اچھی نہیں ہوتی۔ اسی طرح جو طلباء تعلیم میں اچھے ہوتے ہیں وہ پابند ضبط نہیں ہوتے۔ علاوہ ازیں بعض طلباء میں فطرتاً اُس کا مادہ زیادہ ہوتا ہے اور اسی سے

وہ جماعت میں ہر دلعزیز بن جاتے ہیں اور جماعت کو اپنی اس غیر معمولی خوبی سے اپنا گرویدہ بنا لیتے ہیں، دنیا کی بعض بڑی ہستیاں مثلاً نپولین۔ سکندر اعظم آلیور کرامویل وغیرہ بھی اس خوبی سے متصف رہیں، ہر شخص اُن سے بہت جلد مانوس ہو جاتا تھا اسی وجہ سے وہ اپنی سپاہ کو تابع فرمان بنائے رہتے تھے۔ اس سے یہ بات پایہ ثبوت کو پہونچتی ہے کہ حلم و خوش اخلاقی بہ نسبت خارجی دباؤ یا خوف سزا کے بہتر ذریعہ ضبط جماعت کا ہے پس صدر مدرس اور مدرسین کا فرض اولین یہ ہے کہ وہ اس قسم کے طلباء کا انتخاب کرکے انکو طلباء کے ذاتی انتظام کا رکن رکین بنائیں۔

دوسرا سوال یہ ہے کہ کن مواقع پر طلباء کو ان اختیارات کے استفادہ کا موقعہ عطا کرنا مناسب ہوگا۔ مدرس کی عدم موجودگی میں طلباء کی حاضری لیتے ہیں اور مدرس کی مصروفیت کی صورت میں وقتاً فوقتاً امداد دیتے ہیں عموماً مانیٹر (مشیر) سے اب یہی امداد لیجاتی ہے۔ مگر مدرس کی عدم نگرانی، بے پروائی اور مانیٹر پر زائد از ضرورت انحصار اسکو دلیر بنا دیتا ہے۔ اور وہ جماعت میں اپنے اختیار کو بُری طرح کام میں لاتا ہے لیکن اگر نگرانی بہتر ہو اور طلباء کو انتظامی قابلیت پیدا کرنے کی باضابطہ تربیت دیجائے تو وہ مدرسہ کے لیے بہترین معاون و مددگار ثابت ہو سکتے ہیں۔

تجربہ نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ طلباء مدرسہ کی مختلف انجمنوں کے معتمد و نائب صدر کی حیثیت سے نہایت کامیاب نکلے ہیں لیکن انمیں بھی مدرسین کی کم از کم سطحی نگرانی ضروری ہے۔ ساتھ ہی ساتھ اور مدارس میں جہاں بورڈنگ ہاؤس (دارالاقامہ) قایم ہیں انکو انجمنیں قایم کرنے، اُن کے لئے سہولتیں بہم پہنچانے، انکے اخلاق کی نگرانی کرنے، انکو شہری گشت لگانے اور تضیع اوقات سے بچانے کیلئے طلباء کے

طبقہ سے چند ذمہ دار ہستیوں کا انتخاب کرکے ان سے کام لیا جائے۔ اور بلحاظ مراتب مدرسہ میں ان طلباء کیلئے چند مراعات ملحوظ رکھے جائیں۔ لیکن ایک مہتمم جو طبقۂ مدرسین سے ہوتا ہے، اس امر کی دیکھ بھال کرتا رہتا ہے کہ وہ اپنے اختیارات کو مناسب طریقہ سے کام میں لا رہے ہیں یا نہیں۔

حصول اختیارات و جائز استعمال اختیارات کے متعلق انگلستان اور امریکہ میں نہایت دلچسپ تجربے کئے گئے ہیں۔ اور اکثر کامیاب ثابت ہوئے ہیں۔ چونکہ مدرسہ میں بعض طلباء ایسے ہوتے ہیں۔ جو خراب بازاری حرکات چوری اور دوسری بری عادتوں کے عادی ہو جاتے ہیں۔ اور مدرسہ میں وہ مرض متعدی کی طرح اسکو پھیلاتے ہیں۔ اس لئے مدرس کا اہم ترین فریضہ ہے کہ ان شکایات پر پوری توجہ کرے چنانچہ ایک مدرسہ میں مدرس نے چند شریف طلباء کو طلب کرکے انکو چند کام تفویض کئے۔ جنمیں ایک یہ بھی تھا کہ جماعت میں چور طلباء کو معلوم کریں چونکہ طلباء ہی طلباء سے زیادہ واقف ہوتے ہیں۔ اسلئے یہ سعی نہایت کامیاب ثابت ہوئی۔

اسی طرح ایک انگریزی مثل کے مطابق "تمثیل تعلیم سے بہتر ہوتی ہے" ایک مدرس نے ابتداءً بیحد تلقین کی کہ طلباء کا فریضہ ہے کہ وہ بنی نوع انسان سے ہمدردی کرسکیں۔ لیکن جب اسکی گفتگو غیر موثر رہی۔ تو ایسے طلباء میں سے ایک کے والد کے سر سے ایک بوجھ خود اتار دیا جبکہ اکثر طلباء مدرسہ سے چھٹی کے بعد باہر نکل رہے تھے۔ یہ عمل طلباء کو اسقدر پسند آیا کہ نہ صرف مدرس ان میں ہر دلعزیز ہو گیا بلکہ اکثر طلباء نے مدرس کی تقلید کی۔ یہ احساس کارگر ہونے کے لئے ضروری ہے کہ مدرس ضرور اسمیں حصہ لے۔

ارتقاء عمل ضبط مدرسہ کی بہترین نظائر اسکو منگ (طلبیہ) اور مدرسہ میں سوشیل

سروس لیگ (صحبتی انجمن) کا قیام ہے۔ ہر دو تحریکات ہمارے مذکورہ اصول کو واضح کر دیتی ہیں۔ اسکوٹنگ (طلبیہ) کے مختلف پہلوؤں پر اس عنوان کے ضمن میں بحث کرنا بے موقعہ ہے۔ لیکن یہ بتلا دینا ضروری ہے کہ اسکوٹنگ (طلبیہ) ایک ایسا کھیل ہے جس میں مدرسین طلباء کے ساتھ رہکر اپنی وقتی ذمہ داریوں کو نہایت خوش اسلوبی سے تقسیم کر لیتے ہیں۔ مدرس بالواسطہ ضبط قائم رکھتا ہے۔ لیکن طلباء اپنی حد تک ضبط کے آزاد رہتے ہیں۔ تقریباً یہی کیفیت (گو کہ اسقدر نہیں) مدرسہ کی تفریح یا مدرسہ کی بازیگاہ کی بھی رہتی ہے۔ جس میں مدرسین اور طلباء ایک مساوی اور آزاد ماحول میں باہمی طور پر کام کرتے دکھلائی دیتے ہیں۔

سوشیل سروس (صحبتی اجتماع) خود اسکوٹنگ (طلبیہ) کے مختلف مقاصد میں سے ایک مقصد ہے۔ ایسے (طلباء میلوں) نمائشوں اور دیگر خاص مواقع پر منجانب مدرسہ عوام کی مدد کرتے ہیں یا ایسی صورت میں جبکہ مدرسہ کی بے حرمتی ہوتی ہو۔ یہ باقاعدہ جماعت اپنا کام دکھلاتی ہے۔ لیکن ایسی جماعت سے نسبت آزادانہ طریقہ ضبط جماعت کے مفاد اسطرح حاصل ہوتا ہے کہ مدرسہ کیلئے طلباء ہی میں مدرسہ کی محبت پیدا ہوتی ہے۔ جو عموماً مدارس کے سالانہ صحبتی اجتماع میں طلباء سے غیر معمولی طریقہ پر نمایاں ہوتی ہے۔ اور یہ فی الحقیقت ایک موروثی تحفہ ہے جو مادر مدرسہ اپنے بچہ کو دیتی ہے

یہ سوال کیا جا سکتا ہے کہ آزادانہ ضبط جماعت کی مذکورہ مثالیں زیادہ تر ایسی ہیں جو مدرسہ کی چار دیواری سے غیر متعلق ہیں، جماعت کی حد تک اس کے عمل کے چند خاص صورتوں کے علاوہ جن کا وضوح اوپر کر دیا گیا ہے یہ طریقہ فی الحال کارگر نہیں ہو سکتا۔ تمام مدرسین میں ضبط جماعت کی صلاحیت مساوی نہیں ہوتی۔ اور گو کہ تجربہ اور تعلیم سے یہ قوت ضرور ترقی پاتی ہے۔ لیکن زیادہ تر یہ خوبی باطنی

اور پیدا ایشی ہے۔ مدرس میں جسقدر ضبط جماعت کا مادہ زیادہ ہوگا۔ اسیقدر زیادہ وہ طلباء کو آزاد رہنے کا موقعہ دیسکتا ہے۔ کیونکہ ضابط مدرس کے لئے (جنکی تعداد عموماً بہت کم ہے) ضبط جماعت، مداری کی چھڑی ہے جسکو وہ بروقت ضرورت کام میں لاتا ہے۔ وہ جب چاہے طلبار کو آزادی کا اختیار دے اور جب چاہے یہ تبلادے کہ یہ آزادی سوشیل قیود کی تعلیم ہے۔ لیکن ایسے مدرس کیلئے جسکو ضبط جماعت کا گر بخوبی یاد نہیں اسطریقہ سے آزادی کا اختیار دینا لازماً خطرناک ہے۔ کیونکہ ایک دفعہ آزاد کرنے کے بعد وہ طلبار پر کافی ضبط قائم نہیں رکھ سکتا۔

بالآخر یہ واضح کرنا ضروری ہے کہ تعلیم طلباء کو دینا کیسے رہنے سہنے، اور سوسائٹی سے ملنے جلنے کی تعلیم ہے اور خود سوسائٹی مختلف قسموں کی قیود سے آزاد نہیں ہے پس اسکی تعلیم کی بہترین ابتدار مدرسہ میں ہی ہوسکتی ہے۔ مدرسین کا فرض یہ ہے کہ نہ تو طلباء کو خوف سزا سے اس قدر خائف کردیں کہ ان کی جدت، تازگی اور جولانی طبع جو ان ہونہار پودوں کی ممیز خصوصیت ہوتی ہے زائل ہوجائے۔ اور نہ ان کو اتنی آزادی کے مواقع دیئے جائیں۔ کہ ان کی قوار عملی کو غلط راستے پر ڈال دیتے تعلیم جو ان کی مدرسہ میں شرکت کی غایت ہے مفقود ہوجائے۔ بلکہ مدرس کو چاہئے کہ تلطف و خوش اخلاقی سے طلبار کے دل میں انس و ہر دلعزیزی پیدا کرے۔ جو اسکو ایک کامیاب مدرس بنانے میں مدد دیسکے۔

پس دور ثانی کے ماہرین کی رائے اسی سے ہے۔ اور دور آخر کے ماہرین کا خیال جنہ خاص صورتوں میں جنکا ذکر قبل کردیا گیا ہے قابل عمل ہے۔

مخاطبات

انجمن اساتذہ ستقر بلدہ کا دوسرا سالانہ جلسہ جو امرداد ۱۳۲۶ف میں منعقد ہونے والا تھا چند ناگزیر اسباب کی بنا پر آیندہ آوز تک ملتوی کر دیا گیا ہے۔

ہمارے رسالہ کے شعبہ انگریزی کے جائنٹ ایڈیٹر ریورنڈ فادر پال ایف رائن ریکٹر آل نیٹس اسٹیٹیوشن کی غیر متوقع واپسی وطن پر ہم کو بیحد افسوس ہے فادر رائن انجمن اساتذہ بلدہ کے ایک نہایت سرگرم کارکن تھے اور اپنے اخلاق حمیدہ و اوصاف پسندیدہ کی وجہ سے وہ بیحد ہر دلعزیز رہے ہیں چنانچہ ان کی واپسی پر بتاریخ ۱۲ر فروری ۲۷ء مرکزی انتظامی کمیٹی انجمن اساتذہ بلدہ نے حسب ذیل رزولیشن منظور کیا۔

"اراکین مرکزی انتظامی کمیٹی انجمن اساتذہ بلدہ کو یہ معلوم ہو کر سخت افسوس ہوا کہ ریورنڈ فادر پال رائن انگلستان کو واپس جا رہے ہیں۔ اراکین مذکور صاحب موصوف کی قیمتی جذبات کو جو انہوں نے اس انجمن کیلئے خصوصاً اور حیدرآباد میں تعلیم کے متعلق عموماً انجام دہی ہیں نہایت قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں"۔

کتاریخ ۲۶ر مارچ ۲۷ء مطابق ۲۱ر اردی بہشت ۱۳۲۶ف محبوب کالج سکندرآباد کا سالانہ جلسہ تقسیم انعامات زیر صدارت جناب صاحب عالیشان بہادر بمقام سکندرآباد منعقد ہوا۔ بعد تقسیم انعامات صدر جلسہ جناب سر ولیم بارٹن صاحب بہادر نے ایک نہایت مفید اور پر مغز تقریر فرمائی۔

آپ نے فرمایا کہ کسی مدرسہ میں طلبہ کی تعداد کا اسقدر بڑھ جانا جس سے کافی

نگرانی مشکل ہو جائے کچھ مستحسن نہیں ہے۔ بلکہ ایسی صورتوں میں طبقات تحتانیہ و وسطانیہ کو مستقل طور پر علیحدہ علیحدہ نگرانی میں رکھنا چاہیئے۔ تاکہ نظم میں بے ترتیبی نہ پیدا ہونے پائے۔ آپ نے یہ بھی فرمایا کہ اساتذہ کا فرض صرف اسی پر تمام نہیں ہو جاتا کہ وہ محض تعلیم کی تکمیل کرادیں بلکہ بڑی ضرورت اس امر کی ہے کہ طلبا میں غور و فکر اور علمی تحقیق و کاوش کا مادہ پیدا کیا جائے جس سے وہ بعد فراغت تعلیم بھی اپنے علمی مذاق کو قائم رکھ سکیں۔ مدارس میں فنی تعلیم کے متعلق آپ نے فرمایا کہ مجھے افسوس ہے کہ مدارس میں عموماً ادبی تعلیم پر زور دیا جاتا ہے۔ اور یہی چیز قابل توجہ سمجھی جاتی ہے حالانکہ فنی تعلیم کا دیا جانا طلبہ کی آئندہ زندگی کیلئے بیحد ضروری ہے۔ اور ادبی تعلیم کے ساتھ ساتھ فنی تعلیم پر بھی خاص توجہ کیجانی بہت اہم ہے۔ سب سے اہم اور دلچسپ حقیقت جسکا اظہار سفیر صدر نے فرمایا وہ اساتذہ کے مشاہرات کے متعلق ہے۔ آپ نے فرمایا کہ عموماً اساتذہ سے یہ توقع رکھی جاتی اور یہ مطالبہ کیا جاتا ہے کہ وہ اپنے مشاہرات میں ایثار سے کام لیں۔ اور بلا لحاظ مفاد ذاتی زحمت اٹھائیں حالانکہ کوئی وجہ نہیں کہ جبکہ دوسرے سررشتہ جات کے ملازمین سے ایسی توقع نہیں کیجاتی تو طبقہ اساتذہ سے یہ امید کیجائے۔ علی الخصوص جبکہ وہ قومی نسل کو طیار کرنیکا اہم اور اعلیٰ کام انجام دے رہے ہوں۔ آپ نے فرمایا کہ اسی خیال کے مدنظر میں نے محبوب کالج کے رقم امداد کو چھ ہزار سے دس ہزار کر دیا ہے۔ تاکہ اساتذہ کی تنخواہوں میں معقول و مناسب اضافہ کیا جاسکے۔ اس تقریر کے بعد جلسہ کا اختتام عمل میں آیا۔

نوٹ :- یہ امر باعث مسرت ہے کہ سر ولیم بارٹن صاحب بہادر نہ صرف محبوب کالج بلکہ سکندرآباد و رزیڈنسی کی جملہ تعلیمی کاموں کی طرف خاص دلچسپی کا اظہار فرما کر پوری فراخدلی سے مالی امداد عطا فرما رہے ہیں جو وہاں کی تعلیمی ترقی کیلئے ایک عمدہ مستقبل کا ضامن ہے۔

طلبائے دارالعلوم کی سیر "الیورا" کے عنوان سے ایک دلچسپ اور مفید مضمون اشاعت ہذا میں شائع ہونے والا تھا مگر کسی گنجایش کی وجہ سے درج ہونے سے رہ گیا۔ آئندہ اشاعت میں نذر ناظرین ہوگا۔

امپیریل ایجوکیشن کانفرنس یعنی کل سلطنت برطانیہ کی تعلیمی کانفرنس کا انعقاد بمقام لندن ۲۰ جون سے ۸ جولائی ۱۹۲۷ء تک عمل میں آنے والا ہے۔ کانفرنس مذکور ہر تین سال کے بعد منعقد ہوتی ہے جسمیں برٹش امپائر کے تمام حصص سے ماہرین تعلیم مجتمع ہو جاتے ہیں۔ کانفرنس کی انتظامی تشکیل میں نوآبادیات اور ہندوستان کے نامبین کو بھی شرکت کا موقعہ دیا گیا ہے۔ سال حال پرنس آف ویلز بھی بوقت افتتاح تشریف لائینگے جو امور کہ کانفرنس کے روبرو غرض بحث و تمحیص آنے والے ہیں ان کے پانچ عنوانات کر دئے گئے ہیں۔ عنوان اول میں طلبہ کی عملی زندگی کو رکھا گیا ہے جس میں فنی تعلیم کو خاص دخل ہوگا۔ عنوان دوم میں ممالک منطقہ حارہ کے مختص تعلیمی معاملات کو رکھا گیا ہے۔ جہاں مختلف فرقے آباد ہوتے ہیں۔ عنوان سوم زراعت پیشہ طبقہ کی تعلیم کے لئے مخصوص ہے۔ عنوان چہارم تعلیم کے نظریات و ترقیات جدیدہ سے متعلق ہے اور عنوان پنجم کو تعلیمی تنظیم کے وسیع مسائل کیلئے مخصوص کیا گیا ہے۔ ترقیات جدیدہ کے ضمن میں مدارس کیلئے سینما وغیرہ کے استعمال پر بحث کیگئی۔

کانفرنس مذکور میں ریاست حیدرآباد کی نیابت کیلئے سرکار عالی نے جناب مولوی محمد حسین صاحب بی اے (آکسن) نائب ناظم تعلیمات اور جناب مولوی سید علی اکبر صاحب بی اے (کینٹ) صدر مہتمم تعلیمات بلدہ کا انتخاب کیا ہے۔

اتھلیٹک ایسوسی ایشن کے آخری مقابلے بتاریخ ۲۴ اسفندار ۱۳۰۶ف مطابق ۱۴ مارچ ۱۹۲۷ء ہوئے تمام مقابلوں میں دارالعلوم اور گورنمنٹ ہائی اسکول کی رسہ کشی کا مقابلہ اور محمد امیر طالب علم انجینرنگ اسکول کی پول جمپ قابل دید تھی۔ دارالعلوم اور گورنمنٹ ہائی اسکول کے مقابلہ کو دیکھکر اکثر حضرات نے دو تین سال قبل کے نارمل اسکول اور عثمانیہ کالج کے مقابلہ کو یاد کیا جسمیں رسہ تقریباً تین منٹ تک رکا رہا تھا۔ اس سال جناب مولوی سید محمد ہادی صاحب معتمد اتھلیٹک ایسوسی ایشن و صدر مہتمم ورزش جسمانی نے اساتذہ حضرات کیلئے سو گز کی دوڑ اور کرکٹ کی گیند پھینکنے کا انتظام کیا تھا۔ جس میں صاحب موصوف نے خود بھی حصہ لیا۔ ان ہر دو مقابلوں میں مولوی عبدالمجید صاحب مدرس مدرسۂ عالیہ اول رہے۔ عالیجناب ناظم صاحب بہادر تعلیمات کی جانب سے عصرانہ کا انتظام کیا گیا تھا۔ شام کے ساڑھے پانچ بجے تک تمام مقابلے ختم ہو گئے۔ ناظم صاحب ورزش جسمانی نے انگریزی میں گزشتہ سال کی رپورٹ سنائی اور اس کے ساتھ ساتھ اسپورٹس کی اہمیت کیجانب توجہ دلائی۔ مسٹر ڈیورنڈ نے کامیاب طلباء کو انعامات تقسیم کئے۔

تقریباً چوبیس انعامات جن میں ایک نقرئی شیلڈ سترہ نقرئی کپ اور چھ نقرئی تمغے تھے تقسیم کئے گئے۔ عثمانیہ یونیورسٹی کالج نے (۳۶) پائنٹ بنائے اور ڈویژنل چام پین شپ کی شیلڈ حاصل کی۔ نظام کالج کا نمبر دوسرا رہا۔ مدارس فوقانیہ کی چام پین شپ کی شیلڈ چادرگھاٹ ہائی اسکول نے اور مدارس وسطانیہ کی میتھوڈسٹ پائنیر اسکول نے اور مدارس تحتانیہ کی فوقانیہ چادرگھاٹ نے حاصل کی۔ شیر علی طالب علم نظام کالج کو بہترین کھلاڑی ہونے کے صلہ میں ایک بڑا نقرئی کپ دیا گیا۔

آخر میں اعلیحضرت بندگان عالی اور شہزادگان والاتبار کیلئے نعرہ ہائے مسرت بلند کئے گئے۔ مسٹر لافرنی نے اپنے فوجی سپاہیوں سے اور مسٹر سیون نے اسکاؤٹس

(طلیعہ) سے انتظامات میں بے حد مدد ملی۔ سال حال کے اسپورٹس نہایت کامیاب ہے جس کیلئے جناب مولوی سید محمد ہادی صاحب اور اُن کے مددگار حضرات مبارکباد کے مستحق ہیں۔

متفرقات

حیدرآباد کی تعلیمی حالت گزشتہ ڈسمبر میں بمقام پٹنہ آل انڈیا ٹیچرس کانفرنس منعقد ہوئی تھی۔ اسمیں مولوی سید علی اکبر صاحب بی۔ اے (کینٹب) صدر مہتمم تعلیمات بلدہ نے "حیدرآباد کی تعلیمی حالت" پر تقریر فرمائی۔ جو اشاعت ہذا کے انگریزی حصہ میں درج ہے۔ اسی تقریر میں صاحب موصوف نے حسب ذیل چار اُمور کی جانب خاص توجہ دلائی۔ (۱) عثمانیہ یونیورسٹی کے قیام کے باعث ریاست حیدرآباد میں تعلیم کا ایک جدید دور شروع ہوا ہے۔ زبان اردو ریاست میں سرکاری زبان ہونے کے علاوہ عام طور پر بولی اور سمجھی جاتی ہے۔ اور اسکو ذریعۂ تعلیم قرار دینے سے طلبا، کو تحصیل علم میں ایک گنا سہولت پیدا ہوگئی ہے جو ہندوستان کی دوسری یونیورسٹیوں کے طلباء کو حاصل نہیں ہے۔ اسکے ساتھ انگریزی کے معیار کو بھی بلند کرنے کی کوشش کیجارہی ہے (۲) حیدرآباد کے نظام تعلیم کی ایک اور خصوصیت یہ ہے کہ گورنمنٹ تعلیم طلباء کی مادری زبان میں دیجاتی ہے۔ لیکن برخلاف ہندوستان کے اکثر دیگر حصص کے ہمارے ہاں زبان کے لحاظ سے جداگانہ مدارس قائم نہیں کئے گئے ہیں کیونکہ اگر ایسا کیا جاتا تو مختلف مذاہب کے طلباء کو آپس کے میل جول کا موقع نہیں ملسکتا۔ اور فرقہ واری احساسات کے بڑھنے کا اندیشہ ہوتا ہے۔ اس خطرہ سے طلباء کو محفوظ رکھنے کی غرض سے

مقامی حالات کے اعتبار سے پرائمری مدرسہ میں اردو اور تلنگی یا اردو اور مرہٹی یا اردو اور کنڑی کی متقابل جماعتیں قائم کیگئی ہیں۔ ہندو لڑکے عام طور پر اردو زبان دوم کے طور پر سیکھتے ہیں۔ اور مسلمان طلباء کو ان کے وطن کی زبان کے لحاظ سے تلنگی مرہٹی یا کنڑی پڑھنے کی ترغیب دیجاتی ہے۔ (۳) سرکاری مدارس کے دوش بدوش تمام ریاست میں خانگی مدارس بھی موجود ہیں۔ پہلے سررشتہ تعلیمات کو خانگی مدارس سے کوئی تعلق نہ تھا حتیٰ کہ سررشتہ کی سالانہ رپورٹ کے لئے مدارس مذکور کے متعلق صحیح اعداد و شمار کو حاصل کرنے میں بھی مشکل پڑتی تھی۔ تعلیم اور حفظان صحت کے اعتبار سے خانگی مدارس کی حالت نہایت ناقابل اطمینان تھی۔ ان تمام خامیوں کے مدنظر جس کا ریاست کے بچوں کی دماغی و جسمانی حالات پر برا اثر پڑ رہا تھا۔ گورنمنٹ نے ایک گشتی جاری کی جس میں تمام موجودہ مدارس خانگی کے منتظمین کو ہدایت دیگئی کہ وہ ان مدارس کو رجسٹرڈ کروالیں اور اس کے ساتھ اس امر کی تاکید کیگئی کہ جدید مدارس خانگی بغیر اجازت سررشتہ تعلیمات نہ کھولے جائیں۔ افسوس ہے کہ اندرون نیز بیرون ریاست اس گشتی کے غلط معنی سمجھے گئے۔ اور اس پر حاشیے چڑھائے گئے۔ حالانکہ اس کا منشاء یہ نہیں ہے۔ کہ خانگی مدارس کی تعلیم میں رخنے ڈالے جائیں۔ بلکہ یہ ہے کہ ایسے مدارس صحیح اصول پر کام کریں۔ چنانچہ افسران معائنہ کنندہ کو سختی سے احکام دئے گئے ہیں کہ وہ خانگی مدارس کی ہر ممکنہ مدد کریں اور رضاب کے بارے میں خانگی مدارس کو اب بھی آزادی حاصل ہے۔ البتہ وہ ایسی تعلیم نہیں دے سکتے جو حکومت سے متنفر اور ریاست کے مختلف فرقوں میں اختلاف پیدا کرے۔ (۴) مما لک محروسۂ سرکار عالی میں اساتذہ کیلئے سرکار نے جو تنخواہیں مقرر کی ہیں۔ وہ ہندوستان کے دیگر حصص کے مدرسین کی تنخواہوں کے مقابلہ میں کم نہیں ہیں۔ اور جیسے سررشتہ

تعلیمات میں تنخواہیں معقول ہوگئی ہیں۔ ایسے اساتذہ کی فراہمی میں سہولت ہوگئی ہے جو باعتبار قابلیت علمی پیشہ مدرسی کے اہل ہونے کے علاوہ طلبار پر اچھا اخلاقی اثر بھی ڈال سکیں۔

اشاعت کے انگریزی حصہ میں مسٹر ہوگلے مددگار مدرسہ تعلیم المعلمین اورنگ آباد کا ایک مضمون "ضبط جماعت" پر شائع کیا گیا ہے جس کا ضروری اقتباس ذیل میں درج ہے۔ جماعت کے انتظام کا انحصار تین امور پر ہے۔ (ا) ضبط (ب) تدریس (ج) تنظیم

(ا) ضبط جماعت کا ضبط مدرس کی شخصیت پر منحصر ہے مگر ضبط کے معنی یہ نہیں ہیں۔ کہ طلبار جماعت میں تصویر کی طرح خاموش بیٹھے رہیں۔ بچوں کے ساتھ مدرس کا برتاؤ شفقت اور خندہ پیشانی کا ہونا چاہیئے نیز طلبہ کو جسمانی سزا دینے کا موقع ہی نہ آنے دیا جائے اور اگر کبھی جسمانی سزا کے سوا چارہ نہ ہو تو ایسی سزا بروقت اور حالات کا لحاظ کر کے دینی چاہیئے۔ مدرس صرف آنکھوں کے ذریعہ سے جماعت میں ضبط قائم رکھ سکتا ہے۔ طلبار فطرتاً مدرس کے نیک اخلاق کی تقلید کرتے ہیں چنانچہ مدرس کو ستودہ صفات سے متصف ہونا چاہیئے۔ ضبط جماعت کی بہترین دلیل یہ ہے کہ پاس ادب کے ساتھ ساتھ طلبار مدرس میں اُنس رہے۔

(ب) تدریس مدرس کی کامیابی موزون تمہید، باقاعدہ ترتیب اسباق، اور ذاتی سعی طلبار پر منحصر ہے۔ مدرس کے معلومات وافر و تازہ ہوں۔ البتہ وہ جماعت میں صرف طلبار کی رہنمائی کرے۔ طلبار کی دلچسپی مدرس کی کامیابی تعلیم کا معیار ہے۔ سبق دلچسپ بنانے کے ذرائع موزون قصے، تصاویر، توضیحات اور نمونہ جات ہیں۔

(ج) تنظیم (ا) اصول حفظان صحت۔ جماعت کا کمرہ کشادہ روشن اور ہوادار ہونا چاہیئے ڈسک موزون ہوں اور تختۂ سیاہ جماعت میں مناسب مقام پر رکھا جائے۔ ان طلبار

کی نشست کا خاص اہتمام ہونا چاہیئے جس کو ثقل سماعت یا ضعف بصارت کی شکایت ہے (۲) تختۂ اوقات تعلیم کی ترتیب میں اس امر کا مناسب لحاظ ہونا چاہیئے کہ طلبا کو علی التواتر مشکل اور دقیق اسباق کا سامنا نہو۔ تعلیمی گھنٹے مختصر ہونے چاہئیں خصوصاً چھوٹے بچوں کیلئے۔ (۳) اطاعت وضبط کی تعلیم کیلئے مانیٹر کا تقرر لازمی ہے۔ جماعت کے چند جزئی انتظامات کی ذمہ داری اس پر عائد کیجائے۔ ہر ماہ مانیٹر تبدیل کیا جائے۔ تاکہ دیگر مستحق طلبا اس سے محروم نہ رہیں۔ ڈریل اور کھیل میں بھی باقاعدگی ملحوظ رکھی جائے۔

انجمن اساتذہ صوبہ گلبرگہ کے اجلاس سوم کی رپورٹ موصول ہوئی ہے اجلاس مذکور بمقام رائچور زیر صدارت مولوی سید محمد حسین صاحب بی۔ اے (آکسن) نائب ناظم تعلیمات ماہ امرداد ۱۳۳۵ف میں منعقد ہوا جس کے ساتھ ایک نمائش تعلیمی بھی تھی۔ انجمن مذکور کی مقبولیت اور ترقی اس کے بیدار مغز میر مجلس مولوی سجاد مرزا صاحب صدر مہتمم تعلیمات صوبہ گلبرگہ شریف اور اس کے جوشیلے معتمد مولوی محمد عبدالسلام صاحب منشی فاضل کی انتھک کوشش اور دلچسپی کا نتیجہ ہے مولوی سید احمد رضا صاحب واسطی صدر مجلس استقبالیہ کا خطبہ نہایت جامع اور مفید ہے نیز اجلاس ہذا کے جملہ تحریکات وتقریرات سے معلوم ہوتا ہے کہ صوبہ گلبرگہ پوری طرح اپنی تعلیمی ضرورتوں سے باخبر ہو کر بتدریج ہر قسم کی اصلاح وترقی کر رہا ہے۔ سب سے اہم مسئلہ جسکو روئداد کا خلاصۃ الباب کہنا چاہیئے مدارس خانگی اور اسکی متعلقہ گشتی کی بحث ہے۔ جس میں کامل اتحاد واتفاق کے ساتھ مخالفین ومعترضین کو تشفی بخش جواب دیا گیا ہے۔ جو اس امر کا پرمسرت ثبوت ہے۔ کہ ملکت کے تعلیمی مسائل پر غور وفکر کرنے والے کافی تعداد میں پیدا ہو گئے ہیں۔ بہتر ہوگا اگر اس قسم کی تمام انجمنیں ایک ہی

سلسلہ میں مربوط ہو کر اپنا ایک مرکز قائم کر کے کام کریں تاکہ مرکزی طور پر مزید تنظیم اور فائدہ پیدا ہو جائے۔ روئداد نہایت دلچسپ اور قابل دید ہے۔ اور بقیمت (عہ) معتمد صاحب انجمن اساتذہ گلبرگہ سے مل سکتی ہے۔

مدرسہ فوقانیہ عثمانیہ نلگنڈہ کی پہلی سالگرہ اور تقسیم انعامات و اسناد کے سالانہ جلسہ کی کارروائی بجانب دفتر انجمن اساتذہ مستقر مذکور وصول ہوئی ہے۔ جلسہ مذکور بتاریخ ۹ فروردی ۳۶ف زیر صدارت نواب مرزا یار جنگ بہادر ممبر مجلس عدالت العالیہ منعقد ہوا اور ایک کثیر مجمع کی موجودگی میں جس میں جملہ مقامی عہدہ داروں نے حصہ لیا تھا بہ کامیابی اختتام کو پہونچا۔ نماز مغرب تک اسپورٹس (ورزشی کھیلوں) اور اسکاوٹ بوائز (طلباے طلیعہ) کے کرتبوں کا سلسلہ رہا بعد نماز مغرب قرارت و حمد و نعت اور بھجن خوانی عمل میں آئی ازاں بعد دو کمسن طلبہ نے سرکاری تعلیم کی اہمیت اور خانگی تعلیم کی مہملیت پر بطور محاکمہ ایک مکالمہ کیا جو بہت دلچسپ تھا پھر مولوی احمد عبدالعزیز صاحب مولوی فاضل صدر مدرس نے مدرسہ کی رپورٹ سنائی ازاں بعد جناب صدر محترم نے اپنی تقریر میں طلبہ کو قیمتی پند و نصائح فرمائے اور تقسیم انعامات کے بعد جلسہ برخاست ہوا۔ جلسہ مذکور میں اسکاوٹ (طلیعہ) اور ڈرل کا کام حاضرین نے بہت پسند کیا مولوی حیدر علی صاحب اسکاوٹ ماسٹر (افسر طلیعہ) کی حاضرین نے بہت تعریف کی اور مدرسہ کی جانب سے ایک تقریبی تمغہ بھی صاحب موصوف کو عطا کیا گیا۔

ہم جلسہ کی کامیابی اور عمدہ تنظیم نیز ارباب کار کی روشن خیالی اور حالات زمانہ سے باخبری پر بہ خلوص ان کو نیز انجمن اساتذہ مستقر نلگنڈہ کو مبارکباد دیتے ہیں

مدرسہ وسطانیہ انگریزی تعلقہ سریاپیٹ ضلع نلگنڈہ کی جلسہ اسپورٹس کی کارروائی وصول ہوئی ہے جلسہ مذکور مولوی غلام نیر دانی صاحب ایم۔ اے ناظم آثار قدیمہ ملک سرکار عالی کے زیر صدارت ۱۴ بہمن ۱۳۳۶ف کو منعقد ہوا اور مولوی نصیر احمد صاحب منشی فاضل تحصیلدار و ڈاکٹر نرجن مدلیار صاحب کی کوششوں اور توجہ سے بہت کامیاب رہا۔ جناب مرزا صاحب موصوف کی طرف سے جن کی علمی و عملی قابلیت ماشاء اللہ مسلمہ ہے طلبہ کو نقری تمغہ جات تقسیم کئے گئے اور جناب صدر کی فاضلانہ تقریر کے بعد جلسہ ختم ہوا۔

تنقید و تبصرہ

مجلہ عثمانیہ اول توجس تاریخ سے انجمن اتحاد و کلیہ جامعہ عثمانیہ کا افتتاح ہوا ایک ایسے رسالہ کی ضرورت محسوس کیجارہی تھی جو حقیقی معنوں میں طلبار کا سچا ترجمان اور اس کے خیالات کا آرگن ہو۔ مگر اس بیت العمل میں دو چار سال گزر گئے کہ آیا پرچہ کو بالکلیہ طلبار کے حوالہ کیا جائے یا وہ اساتذہ حضرات کے قبضہ قدرت میں رہے مگر بحمدہ بہت سی کشمکش کے بعد مولوی عبدالرحمن خانصاحب صدر کلیہ کی منصف مزاج اور جمہوریت پسند طبیعت نے بہت جلد خوشگوار تصفیہ کر دیا اور اب اس عظیم الشان دارالعلوم کے رسالہ کا پہلا نمبر "مجلہ عثمانیہ" کے نام سے دنیا کے سامنے آیا ہے جو تقریباً ۲۰۰ صفحات پر مشتمل ہے جن میں سے ۱۸۲ اردو کے حرف ۴۲ صفحات انگریزی کے حصہ میں آئے ہیں۔ انگریزی حصہ کے آغاز پر شہریار دکن خلد اللہ ملکہ کی تصویر زیب رسالہ ہے۔ اردو کا حصہ بیحد قابل ستائش ہے حضرت استاد سلیم کی نظم پڑھتے ہوئے حب وطن کے جذبات موج زن ہوتے ہیں۔ نظم کے لفظ لفظ سے صداقت سچی ہمدردی ٹپکتی ہے ہمیں قوی امید ہے کہ دکن کے ہونہار

طلبا، حرف خوانی یا وزن یا الفاظ کی چند بندش کی خاطر نہیں بلکہ اسکی اصلی روح اور اس کے پیغام کو بار بار پڑھکر اس کے ایک ایک لفظ پر عمل کرینگے۔

بدر صاحب کی نظم بھی کچھ کم نہیں۔ ابھی سے اس میں آنے والے زمانہ استادی کی جھلکیاں دکھائی دے رہی ہیں۔ مولوی حبیب اللہ صاحب رشدی کے مضمون کی شان سے یہ پتہ چلتا ہے کہ یہ ایک زبردست سلسلہ کی ابتدار ہے جو آگے چل کر کتابی شکل اختیار کر سکتا ہے۔

افسانہ والا مضمون بھی کافی دلچسپ ہے جو موجودہ افسانہ نویس حضرات کے لئے کافی ممد و معاون ہے۔

میر حسن الدین صاحب کا مضمون ہر کس و ناکس کی سمجھ سے باہر ہے مگر فلسفی حضرات اس کی خوب داد دینگے۔ مضمون سے صاحب مضمون کی کاوش طبع کا پتہ چلتا ہے۔ عم اللہ کرے زور قلم اور زیادہ۔

مولوی عطیہ اللہ خانصاحب کے مضمون کے متعلق کچھ کہنا تحصیل حاصل ہے صاحب موصوف جیسے کہنہ مشق اساتذہ کا وجود بیحد غنیمت ہے۔

افسوس ہے کہ انگریزی حصہ ایک حد تک اردو حصہ کا لحاظ کرتے ہوئے مایوس کن ہے۔ گو ایڈیٹر صاحب حصہ انگریزی نے اسکی توضیح فرمادی ہے مگر اس پر بھی ہمیں مسٹر اسپیٹ اور مسٹر فضل حق سے امید ہے کہ وہ آئندہ نمبر میں اسکی کافی تلافی فرمادیں گے۔ انگریزی حصہ میں ڈاکٹر عبداللطیف صاحب کا غالب والا تنقیدی مضمون بھی قابل ذکر ہے۔ اچھا ہوتا اگر صاحب موصوف کے مضمون کا اردو ترجمہ بھی ساتھ ساتھ شائع ہوتا تاکہ نرے اردو دان حضرات کو بھی اس سے بہرہ ور ہونے کا موقعہ ملتا۔

اگر خود صاحب موصوف ان اصولوں پر جو وضع کیے گئے ہیں اپنا قیمتی

وقت صرف فرما کر غالب کی شرح کی طرف توجہ کریں تو زیادہ مناسب ہوگا اور اس کے ساتھ ساتھ وہ اپنی نوعیت کی واحد کوشش ہوگی جو طرز جدید کے زیور سے آراستہ ہوگی۔ کالج کی سرگرمیوں اور دلچسپیوں کیلئے آخر میں کافی جگہ دی گئی ہے جو کالج کے دور افتادہ قدیم طلبار کے احیائے جذبات کیلئے اچھی چیز ہے۔

رسالہ کے دیکھنے سے یہ پتہ نہیں چلتا کہ آیا وہ سہ ماہی ہے یا ماہانہ۔

ہمیں ڈاکٹر نظام الدین صاحب جیسے مادر وطن کے سپوٹ اور مسٹر اسپیٹ جیسے لائق پروفیسر سے قوی امید ہے کہ وہ رسالہ کے موجودہ میعار کو نہ صرف برقرار رکھنے بلکہ اس کو مزید جلا دینے کی کوشش کرینگے غرض کہ عام طور پر طلبائے کلیہ کی یہ پہلی کوشش اس قابل ہے کہ ذی علم حضرات اسکی قدر کریں۔

رسالہ کی قیمت طلبائے قدیم کیلئے (۴) اور دیگر حضرات معاونین کیلئے (۸) سکہ عثمانیہ سالانہ رکھی گئی ہے اور رسالہ ہذا مولوی عبدالجلیل صاحب بی۔ اے منیجر رسالہ (محلہ عثمانیہ) عثمانیہ کالج سے دستیاب ہو سکتا ہے۔

جامعہ جامعہ ملیہ رسالۂ مذکور رسالہ "معارف" اعظمگڈھ کے بعد دوسرا رسالہ ہے جو نہایت قابل اور مخلص دماغوں کی قلم فرسائی اور کوشش کا نتیجہ ہے۔

دفتر جامعہ ملیہ دہلی سے نمونہ مل سکتا ہے۔

المعلم رسالۂ المعلم پہلے مولوی سید محمد حسین صاحب سابق صدر مہتمم تعلیمات صوبہ سیدک (حال نائب ناظم تعلیمات) کی ادارت سے شائع ہوتا تھا اب مولوی سجاد مرزا صاحب صدر مہتمم تعلیمات گلبرگہ کی ادارت اور مولوی عظمت اللہ خانصاحب مددگار ناظم تعلیمات کی شرکت میں شائع ہو رہا ہے۔ یہ پہلا رسالہ ہے

جسنے طبقۂ معلمین کی رہبری کا بیڑا اٹھایا اور اب بھی اسیطرح انجام دہی فرائض میں مصروف و مشغول ہے
مولوی عظمۃ اللہ خانصاحب جیسے قابل مضمون نگار کا نام خود رسالہ کے مضامین
کے ارفع و اعلیٰ ہونیکا کافی ثبوت ہے مولوی صاحب موصوف کے زور قلم اور انوکھے
ہندی وزنون میں سخن سنجی سے ہر کس و ناکس واقف ہے۔
یہ پہلا رسالہ ہے جسمیں معاشی اصول کیساتھ ساتھ ملکی و صنعتی ترقی کا لحاظ کرتے ہوئے
دیسی کاغذ استعمال کیا گیا جسکے لئے مولوی محمد حسین صاحب بانی رسالہ خاص طور پر قابل مبارکباد ہیں
یہ ماہانہ رسالہ قیمت (۱۲ آنے) دفتر المعلم سیف آباد سے مل سکتا ہے۔

سالنامہ آصفیہ یا صحیفہ ڈائرکٹری | ڈائرکٹری بھی مہذب ممالک کا وہ طریقہ ہے
جس کے ذریعہ سے ملک کے موجودہ اور تازہ ترین اندرونی و بیرونی تعلقات
اور مفید امکانات و ذرائع سے پبلک بیک وقت واقف کرادیجا سکے سالنامہ
مذکور ملک کے مشہور روزنامہ "صحیفہ" کے مدیر سید اکبر علی صاحب نے کافی محنت
سے مرتب فرمایا ہے۔ جیسا کہ کتاب کے دیباچہ سے ظاہر ہوتا ہے سالنامہ مذکور
میں ریاست کے متعلق جملہ ضروری معلومات کو فراہم کردیا ہے اور حتی الامکان نہایت
صحت کے ساتھ اعداد و شمار کے خاکے اور مختلف ضروری نقشہ جات درج کئے ہیں
اور ملک کی ایک عمدہ خدمت انجام دی ہے ایک امر البتہ غیر ضروری ہے جسکی وجہ سے
ضخامت اور اسی نسبت سے قیمت میں غالباً اضافہ ہوگیا ہے یعنی مڈل کے نتیجہ کی
طویل اشاعت اس صورت میں جبکہ میٹرک کی کامیابی کو ملازمت کا معیار قرار دیا گیا ہے
غیر ضروری تھی۔ بہرحال یہ کتاب ان اشخاص کے لئے جو ریاست کے متعلق کوئی
معلومات نہ رکھنے کے باوجود بھی مدعی معلومات ہیں ایک شمع ہدایت کا کام دے سکتی ہے
پتہ: صحیفہ پریس قیمت (۴ عہ) مجلد

---

evelopments in the future, and if several schools adopt this system, we can arrange for inter-school matches also. I am certain this will create a very healthy spirit among the boys and a real interest in spelling, with the improvement of which half of our difficulties in the teaching of English will disappear.

I have also adopted this method for popularising the study of English idioms, and I think it can be used with great advantage in lower classes for making boys give English synonyms for different words in their English textbooks.

HYDERABAD (DECCAN),
15th March 1927.

I have the honour etc.,
G. S. P.

this work, otherwise it will degenerate into mere fun or mere routine work.

Another point is that I do not allow the word to be spelt out orally as it is bowled. The batsman and the bowler have both got to write it down in their notebooks and then read out what they have written. At the same time, the other boys in the class do not keep quiet and remain passive spectators as the 'Tamasha' goes on. They too have got to write down the words as they are bowled, and have to correct them as they are spelt out from the platform. At the end, the aggregate number of the mistakes of a team is compared with that of the other; and although this has nothing to do with the 'score' of a team, it has its own stimulus for the weaker team to try and get fewer mistakes the next time. The game and the team spirit are thus utilised for spelling work.

